हिन्दी घर

कलचर पर हर तरह की किताबें मिलने का एक बड़ा केन्द्र—पाठक हिन्दी, उर्दू, अंग्रेज़ी की अपनी मन-पसन्द किताबों के लिये हमें लिखें।

हमारी नई किताबें

महात्मा गाँन्धी की वसीयत

(हिन्दी और उर्दू में)
लेखक—गान्धीवाद के माने जाने
विद्वान : [illegible] श्री मंजर अली साख्ता
सफ़े 225, क़ीमत दो रुपया

—:०:—

गाँन्धी बाबा

(बच्चों के लिये बहुत दिलचस्प किताब)
लेखिका—क़ुदसिया जैदी
भूमिका—पन्डित जवाहरलाल नेहरू
मोटा काग़ज़, मोटा टाइप, बहुत-सी रंगीन तसवीरें
दाम दो रुपया

—:०:—

पंडित सुन्दरलाल जी की लिखी किताबें

गीता और क़ुरान

275 सफ़े, दाम ढाई रुपया

हिन्दू मुसलिम एकता

100 सफ़े, दाम बारह आने

महात्मा गाँन्धी के बलिदान से सबक़

क़ीमत बारह आने

पंजाब हमें क्या सिखाता है

क़ीमत चार आने

बंगाल और उससे सबक़

क़ीमत दो आने

हिन्दुस्तानी कलचर सोसायटी

145 मुट्ठीगंज इलहबद

ھندی گھر

کلچر پر ھر طرح کی کتابیں ملنے کا ایک بڑا کیندر—پاٹھک ھندی' اردو' انگریزی کی من پسند کتابوں کے لئے ھمیں لکھیں۔

ھماری نئی کتابیں

مہاتما گاندھی کی وصیت

(ھندی اور اردو میں)
لیکھک—گاندھی واد کے مانے جانے
ودوان: مو،کیه شری منظر علی سوختہ
صفحے 225' قیمت دو روپیہ

—:o:—

گاندھی بابا

(بچوں کے لئے بہت دلچسپ کتاب)
لیکھکا—قدسیہ زیدی
بھومکا—پنڈت جواھر لال نہرو
موٹا کاغذ' موٹا ٹائپ' بہت سی رنگین تصویریں
دام دو روپیہ

—:o:—

پنڈت سندرلال جی کی لکھی کتابیں

گیتا اور قران

275 صفحے' دام ڈھائی روپیہ

ھندو مسلم ایکتا

100 صفحے دام بارہ آنے

مہاتما گاندھی کے بلیدان سے سبق

قیمت بارہ آنے

پنجاب ھمیں کیا سکھاتا ھے

قیمت چار آنے

بنگال اور اُس سے سبق

قیمت دو آنے۔

ھندستانی کلچر سوسائٹی

145' مٹھی گنج الہ آباد

Printed and Published by Suresh Ramabhai, at the Naya Hind Press, 145, Mutthiganj, Allahabad.

सांस्कृतिक साहित्य

سانسکرتک ساهتیہ

हज़रत मोहम्मद और इसलाम

लेखक—पण्डित सुन्दरलाल, मूल्य—तीन रुपया

इसलाम के पैग़म्बर के सम्बन्ध में भारतीय भाषाओं में इस से सुन्दर कोई दूसरी पुस्तक नहीं

हज़रत ईसा और ईसाई धर्म

लेखक—पन्डित सुन्दरलाल, मूल्य—डेढ़ रुपया

महात्मा ज़रथुश्त्र और ईरानी संस्कृति

लेखक—विश्वम्भरनाथ पांडे, क़ीमत—दो रुपया

यहूदी धर्म और सामी संकृति

लेखक—विश्वम्भरनाथ पांडे, क़ीमत—दो रुपया

प्राचीन मिस्र की सभ्यता और संकृति

लेखक—विश्वम्भरनाथ पांडे, क़ीमत—दो रुपया

सुमेर बाबुल और असुरिया की ाचीन संकृति

लेखक—विश्वम्भरनाथ पांडे, क़ीमत—दो रुपया

प्रचीन यूननी सभ्यत और संकृति.

लेखक—विश्वम्भरनाथ पांडे, क़ीमत—दो रुपया

गंगा से गोमती तक

(प्रगतिशील कहानी संग्रह)

लेखक—श्री मुजीब रिज़वी, क़ीमत—दो रुपया

आग और आँसू

(भावपूर्न सामाजिक कहानियाँ)

लेखक—डाक्टर अख़्तर हुसेन रायपुरी, क़ीमत—डेढ़ रुपया

क़ुरान और धर्मिक मतभेद

लेखक—मौलाना अबुलकलाम आज़ाद, क़ीमत—डेढ़ रुपया

झंकर

(प्रगतिशील कविताओं का संग्रह)

लेखक—रघुपति सहाय फ़िराक़, क़ीमत—तीन रुपया

حضرت محمد اور اِسلام

لیکھک—پنڈت سندر لال، مولیہ—تین روپیہ

اِسلام کے پیغمبر کے سمبندھ میں بھارتیہ بھاشاؤں میں اِس سے سندر کوئی دوسری پستک نہیں

حضرت عیسیٰ اور عیسائی دھرم

لیکھک—پنڈت سندر لال، مولیہ—ڈیڑھ روپیہ

مہاتما زر تھستر اور ایرانی سنسکرتی

لیکھک—وشومبھر ناتھ پانڈے، قیمت—دو روپیہ

یہودی دھرم اور سامی سنسکرتی

لیکھک وشومبھر ناتھ پانڈے، قیمت—دو روپیہ

پراچین مصر کی سبھیتا اور سنسکرتی

لیکھک—وشومبھر ناتھ پانڈے، قیمت—دو روپیہ

سمیر بابل اور اسوریا کی پراچین سنسکرتی

لیکھک—وشومبھر ناتھ پانڈے، قیمت—دو روپیہ

پراچین یونانی سبھیتا اور سنسکرتی

لیکھک—وشومبھر ناتھ پانڈے، قیمت—دو روپیہ

گنگا سے گومتی تک

(پرگتی شیل کہانی سنگرہ)

لیکھک—شری مجیب رضوی، قیمت—دو روپیہ

آگ اور انسو

(بھاؤپورن سماجک کہانیاں)

لیکھک—ڈاکٹر اختر حسین رائے پوری، قیمت—ڈیڑھ روپیہ

قرآن اور دھارمک مت بھید

لیکھک—مولانا ابوکلام آزاد، قیمت—ڈیڑھ روپیہ

جھنکار

(پرگتی شیل کویتاؤں کا سنگرہ)

لیکھک—رگھوپتی سہائے فراق، قیمت—تین روپیہ

मिलने का पता ملنے کا پتہ

हिन्दुस्तानी कलचर सोसायटी هندستانی کلچر سوسائٹی

145 मुट्ठीगंज, इलहबद 145 مٹھی گنج، الہ آباد

नए-नए रास्ते खुलने की आशा है. आकाश के दूसरे गोलों के साथ हमारा सम्बन्ध मानव उन्नति के मार्ग पर एक बहुत बड़ा सीमा चिन्ह है. मानव समाज की इससे बहुत बड़ी आर्थिक और नैतिक काया पलट हो सकती है.

एक ख़ास मज़ाक़ की बात इस बनावटी चाँद के सम्बन्ध में यह हुई कि हीरोशिमा और नागासाकी के बमों द्वारा इन्सानी बरबादी से जिन लोगों के अंतःकरन (ज़मीरों) को चोट नहीं लगी थी, जो लाखों बन्दरों और सुअरों को हर साल अपने साइन्सी तजरबों के लिए तड़पा-तड़पा कर मारते रहते हैं, रूसी सैटिलाइट की एक कुतिया की मौत का ख़याल करके ही उनके दिल पिघल गए और उनकी छातियों से दूध टपक पड़ा !

हम सोवियत रूस को, दुनिया को और दुनिया की जनता को इस नई ईजाद के लिए दिल से बधाई देते हैं.

15-11-57 —सुन्दरलाल

نئے نئے راستے کھلنے کی آشا ہے ۔ آکاش کے دوسرے گولوں کے ساتھ ہمارا سمبندھ مانو اُنتی کے مارگ پر ایک بہت بڑا سیما چنھ ہے ۔ مانو سماج کی اِس سے بہت بڑی آرتھک اور نیتک کایاپلٹ ہو سکتی ہے ۔

ایک خاص مذاق کی بات اِس بناوٹی چاند کے سمبندھ میں یہ ہوئی کہ ھیروشما اور ناگا ساکی کے بموں دوارا انسانی بربادی سے جن لوگوں کے انتہ کرن (ضمیروں) کو چوٹ نہیں لگی تھی، جو لاکھوں بندروں اور سوروں کو ہر سال اپنے سائنسی تجربوں کے لئے تڑپا کر مارتے رہتے ہیں، روسی سیٹیلائٹ کی ایک کتیا کی موت کا خیال کر کے ہی اُن کے دل پگھل گئے اور اُن کی چھاتیوں سے دودھ ٹپک پڑا ۔

ہم سوویت روس کو، دنیا کو اور دنیا کی جنتا کو اِس نئی ایجاد کے لئے دل سے بدھائی دیتے ہیں ۔

—سندر لال ۔ 15. 11. 57

में वह कहीं अधिक सहायक है. इस रास्ते में और गाँधी जी के बताए हुए रास्ते में समन्वय भी हो सकता है और हमारे और दुनियाँ दोनों के लिए हितकर हो सकता है. पर हमारे लिए इस समय सबसे बड़ी जरूरत यही है कि हम राजनैतिक, नैतिक, आर्थिक, औद्योगिक और सामाजिक सब मामलों में पहले अपने अन्दर निगाह डालें और देश की करोड़ों ग़रीब जनता, उसकी आवश्यकताओं और अपने आदर्शों को निगाह में रखते हुए अपने आगे का रास्ता तय करें और विश्वास के साथ उस पर चलें.

रूस का बनावटी चाँद

पिछले कुछ सप्ताह से दुनिया भर के लोगों की निगाहें सोवियत रूस के दोनों सेटिलाइट की तरफ़ जा रही हैं जिन्हें लोग बनावटी चाँद भी कहते हैं. दुनिया भर के अख़बारों में जितनी चरचा इन बनावटी चाँदों की हुई है उतनी शायद ही कभी किसी और चीज़ की हुई हो. इस घटना के हमें दो ख़ास नतीजे मालूम होते हैं. पहला यह कि दुनिया को युद्ध से बचाने और शान्ति क़ायम रखने में इससे बहुत बड़ी मदद मिल सकती है. दुनिया ने देख लिया कि साइन्सी उन्नति की दौड़ में रूस दूसरे सब देशों से कहीं आगे निकल गया. रूस की इस ईजाद ने साबित कर दिया कि यह ज़माना जनता का ज़माना है और साइन्सी और दिमाग़ी दौड़ में भी कोई साम्राज्य वादी देश साम्यवादी या समाजवादी देशों से अन्त में बाज़ी नहीं ले जा सकता. दूसरे देशों के अन्दरूनी मामलों में बार-बार दख़ल देने वाले साम्राज्य वादी देशों के ग़लत मनसूबों को भी इससे काफ़ी धक्का पहुँचा है. यह भी ज़ाहिर है कि इस तरह के ग़लत मनसूबे अभी ख़त्म नहीं हुए हैं. हाल में अमरीका और इंगलैन्ड की तरफ़ से जो ख़बर निकली है कि वह पचास और छोटे बड़े राष्ट्रों को अपने साथ मिलाकर कम्युनिस्ट देशों और ख़ासकर रूस के ख़िलाफ़ एक नया मोर्चा खड़ा करना चाहते हैं, वह ख़ासी अफ़सोसनाक है. ज़ाहिर है कि दुनिया के दोनों प्रधान अखाड़ों में एक दूसरे को मिटाने की घातक इच्छा अभी मिटी नहीं है. पर हमें विश्वास है कि दुनिया के छोटे-छोटे और पिछड़े हुए देश इस बात को समझते जा रहे हैं और समझेंगे कि इस तरह की गुट्टों में शामिल होना उनके अपने लिए कितना घातक और दुनिया के लिए कितना ख़तरनाक है. कुल मिलाकर हमें विश्वास है कि रूस की इस नई ईजाद का असर—जिसका युद्ध विद्या के साथ भी गहरा सम्बन्ध है—दुनिया की शान्ति के लिए अच्छा ही होगा.

दूसरा बड़ा नतीजा रूस की इस नई ईजाद का यह होगा कि दुनिया की जनता, उसकी आर्थिक उन्नति, उसके स्वास्थ्य, उसके फैलाव और उसकी ख़ुशहाली के लिए अब

میں وہ کہیں بہتر اور عام جنتا کے لئے کہیں ادھک ہتکر ہے۔ وشو شانتی کے قایم کرنے میں بھی امریکی راستے کے مقابلے میں وہ کہیں ادھک سہائک ہے۔ اس راستے میں اور گاندھی جی کے بتائے ہوئے راستے میں سمنوے بھی ہو سکتا ہے اور ہمارے اور دنیا دونوں کے لئے ہتکر ہو سکتا ہے۔ پر ہمارے لئے اِس سمے سب سے بڑی ضرورت یہی ہے کہ ہم راجنیتک، نیتک، آرتھک، ادیوگک اور ساماجک سب معاملوں میں پہلے اپنے اندر نگاہ ڈالیں اور دیش کی کروڑوں غریب جنتا' اس کی اوشکتاؤں اور اپنے آدرشوں کو نگاہ میں رکھتے ہوئے اپنے آگے کا راستہ طے کریں اور وشواس کے ساتھ اس پر چلیں۔

روس کا بناوٹی چاند

پچھلے کچھ سپتاہ سے دنیا بھر کے لوگوں کی نگاہیں سوویت روس کے دونوں سیٹیلائٹ کی طرف جا رہی ہیں جنہیں لوگ بناوٹی چاند بھی کہتے ہیں۔ دنیا بھر کے اخباروں میں جتنی چرچا اِن بناوٹی چاندوں کی ہوئی ہے اتنی شاید ہی کبھی کسی اور چیز کی ہوئی ہو۔ اِس گھٹنا کے ہمیں دو خاص نتیجے معلوم ہوتے ہیں۔ پہلا یہ کہ دنیا کو یدھ سے بچانے اور شانتی قایم رکھنے میں اِس سے بہت بڑی مدد مل سکتی ہے۔ دنیا نے دیکھ لیا کہ سائنسی اُنتی کی دوڑ میں روس دوسرے سب دیشوں سے کہیں آگے نکل گیا۔ روس کی ایجاد نے یہ ثابت کر دیا کہ یہ زمانہ جنتا کا زمانہ ہے اور سائنسی اور دماغی دوڑ میں بھی کوئی سامراج وادی دیش سامیہ وادی یا سماج وادی دیشوں سے انت میں بازی نہیں لے جا سکتا۔ دوسرے دیشوں کے اندرونی معاملوں میں بار بار دخل دینے والے سامراج وادی دیشوں کے غلط منصوبوں کو بھی اِس سے کافی دھکا پہنچا ہے۔ یہ بھی ظاہر ہے کہ اِس طرح کے غلط منصوبے ابھی ختم نہیں ہوئے ہیں۔ حال میں امریکہ اور انگلینڈ کی طرف سے جو خبر نکلی ہے کہ وہ پچاس اور چھوٹے بڑے راشٹروں کو اپنے ساتھ ملا کر کمیونسٹ دیشوں اور خاص کر روس کے خلاف ایک نیا مورچہ کھڑا کرنا چاہتے ہیں' وہ خاصی افسوسناک ہے۔ ظاہر ہے کہ دنیا کے دونوں پردھان اکھاڑوں میں ایک دوسرے کو مٹانے کی گھاتک اِچھا ابھی مٹی نہیں ہے۔ پر ہمیں وشواس ہے کہ دنیا کے چھوٹے چھوٹے اور پچھڑے ہوئے دیش اِس بات کو سمجھتے جا رہے ہیں اور سمجھیں گے کہ اِس طرح کی گٹوں میں شامل ہونا اُن کے لئے کتنا گھاتک اور دنیا کے لئے کتنا خطرناک ہے۔ کل ملا کر ہمیں وشواس ہے کہ روس کی اِس نئی ایجاد کا اثر—جس کا یدھ ودیا کے ساتھ بھی گہرا سمبندھ ہے—دنیا کی شانتی کے لئے اچھا ہی ہوگا۔

دوسرا بڑا نتیجہ روس کی اِس نئی ایجاد کا یہ ہوگا کہ دنیا کی جنتا' اس کی آرتھک اُنتی' اس کے سواستھ' اس کے پھیلاؤ اور اس کی خوشحالی کے لئے اب

खड़ा कर दिया. हाल में रूस से मदद के समझौते की खबरें छपी हैं. हमारी राय इस बारे में साफ़ है. सबसे पहले यह कि न हम यह चाहते हैं और न इसकी ज़रूरत मानते हैं कि भारत किसी भी दूसरे देश के सामने इस बात के लिए हाथ पसारे, या किसी-से-किसी रूप में करज़ा ले. दूसरे यह कि अगर किसी से मदद लेनी ही हो तो वह बजाय दान या नक़द क़रज़े के केवल माल के आदान प्रदान के रूप में होनी चाहिए और वह भी अपनी हैसियत और अपनी बिसात देखकर. चीन की आर्थिक कठिनाइयाँ आज से दस बरस पहले हमारी आजकल की कठिनाइयों से कम नहीं थीं. पर चीन ने किसी साम्राज्यवादी देश के सामने हाथ नहीं पसारा. अपनी औद्योगिक (सनअती) उन्नति के लिए चीन ने केवल रूस से थोड़ी बहुत मदद ली है, और वह मदद भी, जहाँ तक हमें मालूम है' केवल इस रूप में थी कि तीन अरब अमरीकी डालर की क़ीमत का माल, मशीनें इत्यादि, जिसकी चीन को ज़रूरत थी और रूस दे सकता था, रूस चीन को पाँच बरस के अन्दर पाँच क़िस्तों में दे, और उतनी ही क़ीमत का माल, ऐसा जिसकी रूस को ज़रूरत है और चीन दे सकता है, कच्चा माल इत्यादि, चीन रूस को दस साल के अन्दर दस क़िस्तों में दे, और इस लेन देन में रूस का जो रुपया कुछ दिनों अटका रहे उसके लिए एक फ़ीसदी सालाना सूद के हिसाब से उतना ही अधिक माल चीन अपने यहाँ से रूस जाने वाले माल में बढ़ा दे, और बस. तीसरे हमारी साफ़ राय यह भी है कि इस तरह की अगर कोई मदद लेनी ही हो तो हमें साम्राज्यवादी देशों के बजाय जहाँ तक हो सके कम्युनिस्ट या ग़ैर साम्राज्यवादी देशों की मदद का अधिक स्वागत करना चाहिए. इस निगाह से यदि रूस से भारत का इस तरह का समझौता हमें अमरीका या इंगलैन्ड की मदद से बेनिजाज़ कर सके तो उस दरजे तक हम उसे ग़नीमत समझते हैं.

असली इलाज

लेकिन अन्त में हम फिर दुहरा देना चाहते हैं कि देश के जिन दुखों की ऊपर के ख़त में चरचा की गयी है उनका असली इलाज हमारा इन सब बातों में महात्मा गाँधी के बताए हुए रास्ते को ठीक-ठीक समझना और उस पर अमल करना ही हो सकता है. इंगलैन्ड और अमरीका के पूँजी-वादी रास्तों की नक़ल, जो हम इस समय कर रहे हैं, हमारे इन दुखों को और अधिक बढ़ा देगी. रूस और चीन का कम्युनिस्ट रास्ता भी एक रास्ता हो सकता है और है. अंग्रेज़ी या अमरीकी रास्ते के मुक़ाबले में वह कहीं बेहतर और आम जनता के लिए कहीं अधिक हितकर है. विश्व-शान्ति के क़ायम करने में भी अमरीकी रास्ते के मुक़ाबले

کھڑا کردیا ۔ حال میں روس سے مدد کے سمجھوتے کی خبریں چھپی ہیں ۔ ہماری رائے اِس بارے میں صاف ہے ۔ سب سے پہلے یہ کہ نہ ہم یہ چاہتے ہیں اور نہ اِس کی ضرورت مانتے ہیں کہ بھارت کسی بھی دوسرے دیش کے سامنے اِس بات کے لیئے ہاتھ پسارے، یا کسی سے کسی روپ میں قرضہ لے ۔ دوسرے یہ کہ اگر کسی سے مدد لینی ہی ہو تو وہ بجائے دان یا نقد قرضے کے کیول مال کے آدان پردان کے روپ میں ہونی چاہیئے اور وہ بھی اپنی حیثیت اور اپنی بساط دیکھ کر ۔ چین کی آرتھک کٹھنائیاں آج سے دس برس پہلے ہماری آجکل کی کٹھنائیوں سے کم نہیں تھیں ۔ پر چین نے کسی سامراج وادی دیش کے سامنے ہاتھ نہیں پسارا ۔ اپنی اودیوگک (صنعتی) اُنتی کے لیئے چین نے کیول روس سے تھوڑی بہت مدد لی ہے ۔ اور وہ مدد بھی ' جہاں تک ہمیں معلوم ہے' کیول اِس روپ میں تھی کہ تین ارب امریکی ڈالر کی قیمت کا مال ' مشینیں اتیادی' جس کی چین کو ضرورت تھی اور روس دے سکتا تھا' روس چین کو پانچ برس کے اندر پانچ قسطوں میں دے' اور اتنی ہی قیمت کا مال' ایسا جس کی روس کو ضرورت ہے اور چین دے سکتا ہے' کچا مال اتیادی' چین روس کو دس سال کے اندر دس قسطوں میں دے' اور اِس لین دین میں روس کا جو روپیہ کچھ دنوں اٹکا رہے اُس کے لیئے ایک فیصدی سالانہ سود کے حساب سے اتنا ہی ادھک مال چین اپنے یہاں سے روس جانے والے مال میں بڑھا دے' اور بس ۔ تیسرے ہماری صاف رائے یہ بھی ہے کہ اِس طرح کی اگر کوئی مدد لینی ہی ہو تو ہمیں سامراج وادی دیشوں کے بجائے جہاں تک ہوسکے کمیونسٹ یا غیر سامراج وادی دیشوں کی مدد کا ادھک سواگت کرنا چاہیئے ۔ اِس نگاہ سے یدی روس سے بھارت کا اِس طرح کا سمجھوتہ ہمیں امریکہ یا انگلینڈ کی مدد سے بے نیاز کرسکے تو اُس درجے تک ہم اُسے غنیمت سمجھتے ہیں ۔

اصلی علاج

لیکن انت میں ہم پھر دوہرا دینا چاہتے ہیں کہ دیش کے جن دکھوں کی اوپر کے خط میں چرچا کی گئی ہے اُن کا اصلی علاج ہمارا اِن سب باتوں میں مہاتما گاندھی کے بتائے ہوئے راستے کو ٹھیک ٹھیک سمجھنا اور اُس پر عمل کرنا ہی ہو سکتا ہے ۔ انگلینڈ اور امریکہ کے پونجی وادی راستوں کی نقل' جو ہم اِس سمے کر رہے ہیں' ہمارے اِن دکھوں کو اور ادھک بڑھا دیگی ۔ روس اور چین کا کمیونسٹ راستہ بھی ایک راستہ ہو سکتا ہے اور ہے ۔ انگریزی یا امریکی راستے کے مقابلے

तिजोरियों और बंकों में जमा हैं, सच्ची सफलता का अन्दाज़ा उस हालत से करना चाहिये जिसमें देश के सब से नीचे के लोग, सब से ग़रीब लोग रहते हैं. पूँजीपति की अर्थनीति की कसौटी इसके ठीक उल्टी है. हमारे आजकल के शासक जैसे भी हो सके देश की कुल औद्योगिक (सनअती) उपज और देश का कुल धन बढ़ाने की चिंता में हैं. देश के लाखों और करोड़ों ग़रीबों, मज़दूरों, किसानों और दस्तकारों को ऊपर उठाना उनके लिये इतने अधिक महत्व की और इतनी जल्दी की चीज़ नहीं है. यह ग़लत आर्थिक नीति ही हमारे इस समय के अधिकतर दुक्खों का कारण है. हमें पूरा विश्वास है कि अगर इस मामले में हम गांधी जी के बताए रास्ते पर चले होते या अब भी चलें तो हमें बाहर के किसी देश से एक पैसा भी भीख या क़र्ज़ माँगने की ज़रूरत नहीं है. इस बारे में गांधी जी के विचार और कम्युनिस्ट विचार, कई बातों में अलग अलग होते हुए भी, बहुत दरजे तक मिलते हुए हैं. पर रोना यही है कि हमारी आज की आर्थिक नीति न गांधी वादी है और न मार्क्सवादी. हमारी आजकल की आर्थिक नीति शुद्ध पूँजीवादी है, जो अन्त में साम्राज्यवाद की तरफ़ ले जाए बग़ैर नहीं रह सकती. अभी से जब कि प्रान्त प्रान्त में हमारे लाखों बुनकर भूखे मर रहे हैं और गांव गांव के कोल्हू पट पड़े हुए हैं, हमें अपनी मिलों के कपड़े और मिलों की चीनी बेचने के लिये देश के बाहर मन्डियों की तलाश रहती है. हम बार बार कह चुके हैं कि देश की जनता के हित में यह नीति ग़लत और बरबादकुन है.

अपनी इस ग़लत आर्थिक नीति के कारण दूसरे देशों के सामने हाथ पसारने ने हमारे अन्तर्राष्ट्रीय सम्बन्धों में भी पेचीदगियां पैदा कर दी हैं. श्री के० के० कृष्णमचारी ने अमरीका में और दूसरे साम्राज्यवादी, देशों में जिस तरह की गिरी हुई बातें कहीं उन पर देश और पार्लिमेंट के अन्दर काफ़ी ले दे मच चुकी है. श्री कृष्णमचारी ने भारत की अन्तर्राष्ट्रीय स्थिति को अमरीका में ग़लत चित्रित किया और अपने देश को लजाया इसमें कोई सन्देह नहीं हो सकता. "न्युयार्क टाइम्स" के सम्वाददाता ने श्री कृष्णमचारी की तरदीद की. जिस तरह तरदीद की है वह कृष्णमचारी को इस विषय में गुनहगार ठहराने के लिये काफ़ी है. हमारे प्रधान मन्त्री को उनका बचाव इसलिये करना पड़ता है कि बदक़िस्मती से प्रधान मन्त्री की राय में देश के बढ़ने के लिये बाहर से पैसा आना ज़रूरी है और श्री कृष्णमचारी ने जैसे भी बन पड़े पैसा लाने की कोशिश में कसर नहीं उठा रखी.

एक दूसरी पेचीदगी हमारी इस ग़लत चाल ने यह पैदा कर दी कि उसने हमें मदद देने वालों में रूस और अमरीका को फिर एकबार प्रतिस्पर्धी (रक़ीबों) के रूप में लाकर

تجوریوں اور بنکوں میں جمع هیں، سچی سپھلتا کا اندازہ اُس حالت سے کرنا چاهئے جس میں دیش کے سب سے نیچے کے لوگ، سب سے غریب لوگ رهتے هیں. پونجی پتی کے ارتھ نیتی کی کسوٹی اِس کے ٹھیک الٹی هے. همارے آج کل کے شاسک جیسے بھی هوسکے دیش کی کل ادیوگک (صنعتی) اُپج اور دیش کا کل دھن بڑھانے کی چنتا میں هیں. دیش کے لاکھوں اور کروڑوں غریبوں، مزدوروں، کسانوں اور دستکاروں کو اوپر اٹھانا اُن کے لئے اِتنی ادھک مہتو کی اور اِتنی جلدی کی چیز نہیں هے. یہ غلط آرتھک نیتی هی همارے اِس سمے کے ادھک تر دکھوں کا کارن هے. همیں پورا وشواس هے کہ اگر اِس معاملے میں هم گاندھی جی کے بتائے راستے پر چلے هوتے یا اب بھی چلیں تو همیں باهر کے کسی دیش سے ایک پیسہ بھی بھیک یا قرض مانگنے کی ضرورت نہیں هے. اِس بارے میں گاندھی جی کا وچار اور کمیونسٹ وچار، کئی باتوں میں الگ الگ هوتے هوئے بھی، بہت درجے تک ملتے هوئے هیں. پر رونا یہی هے کہ هماری آج کی ارتھک نیتی نہ گاندھی وادی هے اور نہ مارکس وادی. هماری آجکل کی ارتھک نیتی شدھ پونجی وادی هے، جو انت میں سامراجیہ واد کی طرف لے جائے بغیر نہیں رہ سکتی. ابھی سے جب کہ پرانت پرانت میں همارے لاکھوں بنکر بھوکے مر رهے هیں اور گاؤں گاؤں کے کولھو پٹ پڑے هوئے هیں، همیں اپنی ملوں کے کپڑے اور ملوں کی چینی بیچنے کے لئے دیش کے باهر منڈیوں کی تلاش رهتی هے. هم بار بار کہہ چکے کہ دیش کی جنتا کے هت میں یہ نیتی غلط اور برباد کن هے.

اپنی اِس غلط ارتھک نیتی کے کارن دوسرے دیشوں کے سامنے هاتھ پسارنے نے همارے انتر راشٹریہ سمبندھوں میں بھی پیچیدگیاں پیدا کردی هیں. شری کے. کے. کرشنامچاری نے امریکہ میں اور دوسرے سامراجیہ وادی دیشوں میں جس طرح کی گری هوئی باتیں کہیں اُن پر دیش اور پارلیمنٹ کے اندر کافی لے دے مچ چکی هے. شری کرشنامچاری نے بھارت کی انتر راشٹریہ اِستھتی کو امریکہ میں غلط چترت کیا اور اپنے دیش کو لجایا اِس میں کوئی سندیہ نہیں هوسکتا. "نیویارک ٹائمس" کے سمواددا تانے شری کرشنامچاری کی تردید کی. جس طرح تردید کی هے وہ شری کرشنامچاری کو اِس وشے میں گنہگار ٹھہرانے کے لئے کافی هے. همارے پردھان منتری کو اُن کا بچاؤ اِس لئے کرنا پڑتا هے کہ بدقسمتی سے پردھان منتری کی رائے میں دیش کے بڑھنے کے لئے باهر سے پیسہ آنا ضروری هے اور شری کرشنامچاری نے جیسے بھی بن پڑے پیسہ لانے کی کوشش میں کسر نہیں اٹھارکھی.

ایک دوسری پیچیدگی هماری اِس غلط چال نے یہ پیدا کردی کہ اُس نے همیں مدد دینے والوں میں روس اور امریکہ کو پھر ایک بار پرتی اسپردھی (رقیبوں) کے روپ میں لاکر

तरफ़ अन्दर की यह खिंच-घसीट और बरबादकुन शक्तियों दोनों के बीच से देश की नाव को सफलता पूर्वक लेकर लेजा सकने वाला आदमी हमें अभी दूसरा दिखाई नहीं देता. जवाहरलाल जी की देशभक्ति, सचाई और बहादुरी में भी किसी को सन्देह नहीं हो सकता.

देश के दुखों का मूल कारण

देश के इस समय के उन दुखों का जिनकी ऊपर के खत में चरचा है मूल कारण हमें यह दिखाई देता है कि देश के और कांग्रेस के अनेक बड़े बड़े नेताओं को शायद कभी भी महात्मा गांधी के आर्थिक (माली), औद्योगिक (सनअती), और एक दरजे तक नैतिक (इखलाक़ी) सिद्धान्तों में विश्वास नहीं हुआ. देश के इस समय के अधिकतर नेता अंगरेज़ी तालीम की उपज हैं, और अनेक अच्छाइयां रखते हुए भी और बरसों महात्मा गांधी के नज़दीक रहते हुए भी, पच्छमी तालीम के ग़लत असर से ऊपर नहीं उठ सके.

बाहर से पैसे की मदद और हमारी आर्थिक नीति

पिछले अगस्त के महीने में तोक्यो के अन्दर हम एक दिन एक अमरीकी दोस्त से बातें कर रहे थे. हम उनसे कह रहे थे कि एशियाई देशों की इच्छा और उनके हित के विरुद्ध अमरीका का एशियाई देशों के उद्योग धन्धों में अपनी पूँजी लगाना और इस तरह उन देशों के अन्दर के मामलों में जबरदस्ती दखल देना बड़ी ग़लत चीज़ और आर्थिक साम्राज्यवाद (इकानामिक इम्पीरियलीज़म) की जड़ है, इत्यादि. हमारे अमरीकी दोस्त ने तुरन्त उलट कर हमें जवाब दिया, उनके शब्द हमें अब तक याद हैं—"you cannot say that. Your own......has been going on his knees requesting U. S. A. to invest money in India and promising them all sorts of concessions, no nationalisation or socialisation for fifty years and so forth."

अर्थात्—"आप यह नहीं कह सकते. आपका अपना ......घुटनों के बल अमरीका से प्रार्थना करता रहा है कि अमरीका भारत में अपनी पूँजी लगावे, और इसके बदले में अमरीका से हर तरह की रिआयतों का वादा करता रहा है, जैसे यह कि भारत सरकार पचास साल तक ऐसे उद्योगों को जिनमें अमरीका की पूँजी लगी होगी राष्ट्र की या समाज की सम्पत्ति नहीं बनाएगी, इत्यादि."

महात्मा गांधी का उसूल था और हमें विश्वास है कि वह सोलह आने ठीक था कि किसी भी देश की आर्थिक सफलता का अन्दाज़ा उन धनराशियों से नहीं करना चाहिये जो वहां के बड़े बड़े लोगों और अमीरों की

طرف اندر کی یہ کھینچ گھسیٹ اور بربادکن شکتیاں دونوں کے بیچ سے دیش کی ناؤ کو سپھلتا پوروک لے کر لے جا سکنے والا آدمی ہمیں ابھی دوسرا دکھائی نہیں دیتا۔ جواہر لال جی کی دیش بھکتی، سچائی اور بہادری میں بھی کسی کو سندیہہ نہیں ہو سکتا۔

دیش کے دکھوں کا مول کارن

دیش کے اِس سمے کے اُن دکھوں کا جن کی اُوپر کے خط میں چرچا ہے مول کارن ہمیں یہ دکھائی دیتا ہے کہ دیش کے کانگریس کے انیک بڑے بڑے نیتاؤں کو شاید کبھی بھی مہاتما گاندھی کے آرتھک (مالی)، ادیوگک (صنعتی)، اور ایک درجے تک نیتک (اخلاقی) سدھانتوں میں وشواس نہیں ہوا۔ دیش کے اِس سمے کے ادھکتر نیتا انگریزی تعلیم کی اپج ہیں، اور انیک اچھائیاں رکھتے ہوئے بھی اور برسوں مہاتما گاندھی کے نزدیک رہتے ہوئے بھی، پچھمی تعلیم کے غلط اثر سے اُوپر نہیں اُٹھ سکے۔

باہر سے پیسے کی مدد اور ہماری ارتھک نیتی

پچھلے اگست کے مہینے میں توکیو کے اندر ہم ایک دن ایک امریکی دوست سے باتیں کر رہے تھے۔ ہم اُن سے کہہ رہے تھے کہ ایشیائی دیشوں کی اِچھا اور اُن کے ہت کے ورودھ امریکہ کا ایشیائی دیشوں کے ادیوگ دھندوں میں اپنی پونجی لگانا اور اِس طرح اُن دیشوں کے اندر کے معاملوں میں زبردستی دخل دینا بڑی غلط چیز اور ارتھک سامراجواد (اکانومک امپیریل ازم) کی جڑ ہے، اِتیادی۔ ہمارے امریکی دوست نے تُرنت اُلٹ کر ہمیں جواب دیا، اُن کے شبد ہمیں اب تک یاد ہیں—"You cannot say that. Your own......has been going on his knees requesting U. S. A. to invest money in India and promising them all sorts of concessions, no nationalisation or socialisation for fifty years and so forth."

ارتھات—"آپ یہ نہیں کہہ سکتے۔ آپ کا اپنا...گھٹنوں کے بل امریکہ سے پرارتھنا کرتا رہا ہے کہ امریکہ بھارت میں اپنی پونجی لگاوے، اور اِس کے بدلے میں امریکہ سے ہر طرح کی رعایتوں کا وعدہ کرتا رہا ہے، جیسے یہ کہ بھارت سرکار پچاس سال تک ایسے ادیوگوں کو جن میں امریکہ کی پونجی لگی ہوگی راشٹر کی یا سماج کی سمپتی نہیں بنائے گی، اِتیادی۔"

مہاتما گاندھی کا اصول تھا اور ہمیں وشواس ہے کہ وہ سولہ آنے ٹھیک تھا کہ کسی بھی دیش کی آرتھک سپھلتا کا اندازہ اُن دھن راشیوں سے نہیں کرنا چاہئے جو وہاں کے بڑے بڑے لوگوں اور امیروں کی

देश की पीछे घसीट शक्तियाँ

दूसरी ओर देश में अभी तक इस तरह की पीछे घसीटने वाली शक्तियों का भी ज़ोर ख़त्म नहीं हुआ है जो अगर क़ाबू पाजाएं तो देश को रसातल में पहुँचाए बिना नहीं रह सकतीं. इन्हीं शक्तियों ने महात्मा गांधी की जान ली. पंजाब के "हिन्दी रक्षा आन्दोलन" पर हम अपने विचार प्रगट कर चुके हैं. यह ग़लत आन्दोलन अधिकतर इसी तरह की शक्तियों का कारनामा है.

हाल में पंजाब हिन्दी रक्षा आन्दोलन के दो मुख्य कार्यकर्ता दिल्ली में हमारे एक प्रतिष्ठित मित्र से मिलने आए. हमारे मित्र ने उनसे इस आन्दोलन की निरर्थकता पर बातें कीं. इस पर उन दोनों में से एक ने बड़ी संजीदगी के साथ कहा—"मुख्य प्रश्न हमारे सामने हिन्दी का नहीं है, मुख्य प्रश्न जवाहरलाल और जवाहरलाल की सरकार को गिराना है." यह भी एक खुली बात है कि इस आन्दोलन में पंजाब भर के अन्दर और कहीं कहीं पंजाब से बाहर भी पंडित जवाहरलाल नेहरू को हिन्दुओं का विरोधी दर्शा कर जनता की नज़रों में गिराने की काफ़ी कोशिश की गई है.

देश को पीछे घसीटने वाली और बरबादी के गड्ढे में गिराने वाली ये शक्तियां जगह जगह और भी तरह तरह के रूप धारण करती रहती हैं.

पंजाब के इस ग़लत हिन्दी आन्दोलन से देश को और ख़ासकर हिन्दी को कितना नुक़सान पहुंचा है इसका कुछ अन्दाज़ा इस एक बात से लगाया जा सकता है कि हमारी पार्लिमेंट के अठासी मेम्बरों ने सरकार को यह नोटिस दे दिया है कि सन् 1990 से पहले हिन्दी को अंग्रेज़ी का स्थान देने की बात न की जावे. श्री राजगोपालाचारी जैसे अनेक नेताओं ने तो यह साफ़ कह दिया है कि अंगरेज़ी की जगह हिन्दी को अगर कभी भी सरकारी अन्तर्प्रादेशीय भाषा बनाने की कोशिश की गई तो बलकान की तरह देश के टुकड़े टुकड़े हो जावेंगे. पंजाब के नादान हिन्दी प्रेमियों और उनके मददगारों ने राष्ट्र भाषा की हैसियत से हिन्दी को ख़त्म कर देने में अपनी तरफ़ से कोई कोशिश उठा नहीं रखी.

पं० जवाहरलाल नेहरू और उनकी सरकार

इन नाज़ुक हालात में वर्तमान शासन के अन्दर अनेक दोषों के होते हुए भी—और वह दोष बड़े गहरे दोष हैं—हमें पंडित जवाहरलाल नेहरू का अस्तित्व और देश के शासन की बाग का उनके हाथों में होना बहुत ही ग़नीमत मालूम होता है. कई बातों में हमारा उनका गहरा मतभेद है. पर एक तरफ़ नाज़ुक अन्तर्राष्ट्रीय स्थिति और दूसरी

دیش کی پیچھے گھسیٹ شکتیاں

دوسری اور دیش میں ابھی تک اس طرح کے پیچھے گھسیٹنے والی شکتیوں کا زور بھی ختم نہیں ہوا ہے جو اگر قابو پا جائیں تو دیش کو رساتل میں پہنچائے بنا نہیں رہ سکتیں۔ انہیں شکتیوں نے مہاتما گاندھی کی جان لی۔ پنجاب کے "ہندی رکشا آندولن" پر ہم وچار پرگٹ کر چکے ہیں۔ یہ غلط آندولن ادھکتر اسی طرح کی شکتیوں کا کارنامہ ہے۔

حال میں پنجاب ہندی رکشا آندولن کے دو مکھیہ کاریہ کرتا دلی میں ہمارے ایک پرتشٹھت متر سے ملنے آئے۔ ہمارے متر نے ان سے اس آندولن کی نررتھکتا پر باتیں کیں۔ اس پر ان دونوں میں سے ایک نے بڑی سنجیدگی کے ساتھ کہا—"مکھیہ پرشن ہمارے سامنے ہندی کا نہیں ہے، مکھیہ پرشن جواہر لال اور جواہر لال کی سرکار کو گرانا ہے۔" یہ بھی ایک کھلی بات ہے کہ اس آندولن میں پنجاب بھر کے اندر اور کہیں کہیں پنجاب سے باہر بھی پنڈت جواہر لال نہرو کو ہندوؤں کا ویرودھی درشا کر جنتا کی نظروں میں گرانے کی کافی کوشش کی گئی ہے۔

دیش کو پیچھے گھسیٹنے والی اور بربادی کے گڑھے میں گرانے والی یہ شکتیاں جگہ جگہ اور بھی طرح طرح کے روپ دھارن کرتی رہتی ہیں۔

پنجاب کے اس غلط آندولن سے دیش کو اور خاص کر ہندی کو کتنا نقصان پہنچا ہے اس کا کچھ اندازہ اس ایک بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ ہماری پارلیمنٹ کے اٹھاسی ممبروں نے سرکار کو یہ نوٹس دے دیا ہے کہ سن 1990 سے پہلے ہندی کو انگریزی کا استھان دینے کی بات نہ کی جاوے۔ شری راج گوپالاچاری جیسے انیک نیتاؤں نے تو یہ صاف کہہ دیا ہے کہ انگریزی کی جگہ ہندی کو اگر کبھی بھی سرکاری انتر پردیشیہ بھاشا بنانے کی کوشش کی گئی تو بلقان کی طرح دیش کے ٹکڑے ہو جاویں گے۔ پنجاب کے نادان ہندی پریمیوں اور ان کے مددگاروں نے راشٹر بھاشا کی حیثیت سے ہندی کو ختم کر دینے میں اپنی طرف سے کوئی کوشش اٹھا نہیں رکھی۔

پنڈت جواہر لال نہرو اور ان کی سرکار

ان نازک حالات میں ورتمان شاسن کے اندر انیک دوشوں کے ہوتے ہوئے بھی—اور وہ دوش بڑے گہرے دوش ہیں—ہمیں پنڈت جواہر لال نہرو کا استتو اور دیش کے شاسن کی باگ کا ان کے ہاتھوں میں ہونا بہت ہی غنیمت معلوم ہوتا ہے۔ کئی باتوں میں ہمارا ان کا گہرا متبھید ہے۔ پر ایک طرف نازک انترراشٹریہ استھتی اور دوسری

है, न कि उस का .खयाल करना और अपने दिल पर .खराब नक़्श (असर) डालना और दिल को मैला करना."

देश के दिल की आवाज़

ज़ाहिर है ऊपर की हर बात हर अंश में ठीक नहीं कही जा सकती. कहीं कहीं अत्युक्ति (मुबालगा) की मात्रा भी साफ़ है. लेकिन इस में भी शक नहीं कि जिन मित्र ने यह .खत लिखा है उनके यह दिल की आवाज़ है. एक वह ही नहीं, लगभग ये ही या इसी तरह की बातें आज लाखों देश वासियों की ज़बान पर हैं. इसमें कोई शक नहीं कि यह आवाज़ इस समय देश के दिल की आवाज़ है.

दिल्ली में हमने भारत सरकार के एक ऊँचे और ज़िम्मेदार कर्मचारी को यह .खत पढ़कर सुनाया. उन्होंने बड़े ध्यान के साथ सुना. उनका चेहरा कुछ गम्भीर मालूम हुआ. हमने समझा शायद उन्हें यह बातें अच्छी नहीं लगीं. हमने झिझकते हुए कहा:—"इन बातों में कुछ सचाई तो अवश्य है." उन्होंने तुरन्त उसी गम्भीरता के साथ जवाब दिया:—"जी नहीं! कुछ सचाई नहीं, पूरी सचाई है, इसमें जो लिखा है वह बिलकुल सच है." हमारी उनकी इस पर देर तक बातें होती रहीं.

अंग्रेज़ी की एक कहावत है—'जनता की आवाज़ भगवान की आवाज़ होती है.' इसी से मिलती हुई उर्दू की एक कहावत है—'आवाज़-ए-.खल्क़ को नक़्क़ारए .खुदा समझो.' इसमें कोई शक नहीं कि ऊपर के .खत की बातों में एक बहुत बड़ा अंश सचाई का है.

आज की कांगरेस

बयालीस बरस हमने अपने नाचीज़ ढंग से कांगरेस की सेवा की है और काफ़ी नज़दीक से तन्मय होकर की है. कांगरेस का देश पर बहुत बड़ा अहसान है. हमारे दिल में अब भी कांगरेस का बड़ा आदर है. कांगरेस और कांगरेस सरकार दोनों में इस समय भी काफ़ी ऐसे लोग हैं जिनसे बढ़कर आदमी देश में मिलना कठिन है. पर इसमें भी सन्देह नहीं कि कांगरेस संस्था आज़ादी मिलने के बाद से तेज़ी के साथ नीचे को जा रही है. काँगरेसी नेताओं, धारा सभाओं और पार्लिमेंट के कांगरेसी मेम्बरों और कांगरेसी मिनिस्ट्रों में आज काफ़ी तादाद ऐसे लोगों की है जो देश की आज़ादी के संग्राम के दिनों में शायद कहीं दिखाई भी न देते थे. काफ़ी मिनिस्टर ऐसे हैं जिन्हें हमारे जैसे लोग पहचानते भी नहीं, जो सन् 1947 के बाद कांगरेसी बने हैं, और आज कांगरेस के बड़े से बड़े मशविरों में उनकी आवाज़ सुनी जाती है.

ہے' نہ کہ اُس کا خیال کرنا اور اپنے دل پر خراب' نقش (اثر) ڈالنا اور دل کو میلا کرنا ۔"

دیش کے دل کی آواز

ظاہر ہے اُوپر کی ہر بات ہر انش میں ٹھیک نہیں کہی جا سکتی ۔ کہیں کہیں اتیشیوکتی (مبالغہ) کی ماترا بھی صاف ہے ۔ لیکن اِس میں بھی شک نہیں کہ جن متر نے یہ خط لکھا ہے اُن کے یہ دل کی آواز ہے ۔ ایک وہ ہی نہیں' لگ بھگ یہ ہی یا اِسی طرح کی باتیں آج لاکھوں دیش واسیوں کی زبان پر ہیں ۔ اِس میں کوئی شک نہیں کہ یہ آواز اِس سمے دیش کے دل کی آواز ہے ۔

دلی میں ہم نے بھارت سرکار کے ایک اُونچے اور ذمہ دار کرمچاری کو یہ خط پڑھ کر سنایا ۔ اُنہوں نے بڑے دھیان کے ساتھ سنا ۔ اُن کا چہرہ کچھ گمبھیر معلوم ہوا ۔ ہم نے سمجھا شاید اُنہیں یہ باتیں اچھی نہیں لگیں ۔ ہم نے جھجھکتے ہوئے کہا:—"اِن باتوں میں کچھ سچائی تو اوشیہ ہے ۔" اُنہوں نے ترنت اُسی گمبھیرتا کے ساتھ جواب دیا :—"جی نہیں ! کچھ سچائی نہیں' پوری سچائی ہے' اِس میں جو لکھا ہے وہ بالکل سچ ہے ۔" ہماری اُن کی اِس پر دیر تک باتیں ہوتی رہیں ۔

انگریزی کی ایک کہاوت ہے—'جنتا کی آواز بھگوان کی آواز ہوتی ہے'؛ اِسی سے ملتی جلتی اُردو کی ایک کہاوت ہے—'آوازِ خلق کو نقارۂ خدا سمجھو' اِس میں کوئی شک نہیں کہ اُوپر کے خط کی باتوں میں ایک بہت بڑا انش سچائی کا ہے ۔

آج کی کانگریس

بیالیس برس ہم نے اپنے ناچیز ڈھنگ سے کانگریس کی سیوا کی ہے اور کافی نزدیک سے تنمے ہو کر کی ہے ۔ کانگریس کا دیش پر بہت بڑا احسان ہے ۔ ہمارے دل میں اب بھی کانگریس کا بڑا آدر ہے ۔ کانگریس اور کانگریس سرکار دونوں میں اِس سمے بھی کافی ایسے لوگ ہیں جن سے بڑھ کر آدمی دیش میں ملنا کٹھن ہے ۔ پر اِس میں بھی سندیہہ نہیں کہ کانگریس سنستھا آزادی ملنے کے بعد سے تیزی کے ساتھ نیچے کو جا رہی ہے ۔ کانگریسی نیتاؤں' دھارا سبھاؤں اور پارلیمنٹ کے کانگریسی ممبروں اور کانگریسی منسٹروں میں آج کافی تعداد ایسے لوگوں کی ہے جو دیش کی آزادی کے سنگرام کے دنوں میں شاید کہیں دکھائی بھی نہ دیتے تھے ۔ کافی منسٹر ایسے ہیں جنہیں ہمارے جیسے لوگ پہچانتے بھی نہیں ہیں جو سن 1947 کے بعد کانگریسی بنے ہیں' اور آج کانگریس کے بڑے سے بڑے مشوروں میں اُن کی آواز سنی جاتی ہے ۔

के चलाने के पहले उसके लिये बुनियाद मज़बूत बनानी थी, यानी होशियार, क़ाबिल, मोतबिर (विश्वसनीय) लोग जिम्मेदार बनाने थे, और हुकूमत का डर होना चाहिये था, न कि इस .क़द्र आज़ादी दे दी कि हर शख़्स अपने फ़रायज़ (कर्तव्यों) को भूल बैठा और मन माना जो चाहा सो कर रहा है. कोई पुरसाँ हाल नहीं. दफ़्तरों की अजीबो .ग़रीब हालत है. किसी के काम करने से मतलब नहीं. समा ख़राशी (कान खाना) और गोलबाज़ी (पार्टीबन्दी), फ़िरक़ाबन्दी से .फ़ुरसत नहीं. मालूम नहीं यह हुकूमत इस तरह कब तक और कैसे चलेगी. लोगों के दिलों में डर, तहज़ीब, प्रेम, आजज़ी (नम्रता) जैसी चीज़ें रह नहीं गई हैं. नई रोशनी के लोग और लड़के सिर्फ़ इसी धुन में रहते हैं कि किस तरह दूसरे की आँखों में धूल झोंकें और ज़ियादह से ज़ियादह फ़ायदा उठावें. सिवाय इसके कुछ नहीं कहा जाता—.ख़ुदा हाफ़िज़ ! बाहर चाहे हिन्दुस्तान की कुछ भी .क़द्र हो या नाम हो, अन्दरूनी हालत तो बदतर ही नज़र आती है. ऐसा मालूम होता है कि हिन्दुस्तान मग़रबी (पच्छमी) चका चौंध में आ गया है और उसका दिलदादा (प्रेमी) हो गया, जो कि निशान बरबादी और ज़वाल (पतन) का है. हमारे देश में भी कारख़ानेजात बकसरत खुलते जा रहे हैं जिसकी वजह से दस्तकारी का ज़वाल और बेरोज़गारी बढ़ती जा रही है. एजुकेशन का बुरा हाल है. वह दिन बदिन एक्सपेन्सिव (.ख़र्चीली) और बेसूद (निरर्थक) सी हो गई है. ज़माने के बदलने से या रविश (गति) से हर चीज़ और तौर तरीक़ में बेहतरी की सूरत पैदा करनी थी. इस नए पैसे ने ज़िन्दगी अलग तल्ख़ (कड़वी) करदी. बाज़ारों में जल्द कोई चीज़ मिलती नहीं, इसका बदल पुराने पैसे में अनपढ़ और ग़रीब दुकानदार जानते नहीं, और होशियार लोगों ने अपनी कमाई की सूरत निकाल ली. चाहिये तो यह था कि ज़िन्दगी की रविश (चाल) बिलकुल सादा और पाक हो, दिलों में नेकी, हमदर्दी, सेवा का भाव पैदा हो, न कि सिनेमा और तरीक़ तालीम व .क़ायदे कानून उलझन पैदा करने वाले बनाकर लोगों को और नई जेनरेशन (नसल) के आदर्श को गिरा दिया. क्या यही हमारी चुनीदह (चुनी हुई) हुकूमत का शेवा (तरीक़ा) है ? ऐसी डेमाक्रेसी से तो .ग़ुलामी बदरजहाँ बेहतर थी ! ख़ैर, कहाँ तक कहा जावे. और आप पर तो सब रोशन है. मेरा कहना सूरज को चिराग़ दिखाना है. लेकिन सिर्फ़ यही है कि आप से दिल का बोझ कुछ हलका करने को जी चाह उठता है. फिर भी सोचता हूँ कि जो कुछ हो रहा है मालिक (ईश्वर) की मौज (इच्छा) से ही है. इसमें आगे चलकर कुछ फ़ायदा मक़सूद (उद्दिष्ट) होगा. शिकवा शिकायत करना बेकार है. ख़राब चीज़ की तरफ़ से आँख हटा लेना ही बेहतर

کسی اسکیم کے چلانے سے پہلے اُس کے لئے بنیاد مضبوط بنانی تھی ۔ یعنی ہوشیار، قابل، معتبر (وشواسنیہ) لوگ ذمہ دار بنانے تھے ۔ اور حکومت کا ڈر ہونا چاہئے تھا، نہ کہ اِس قدر آزادی دے دی کہ ہر شخص اپنے فرائض (کرتویوں) کو بھول بیٹھا اور من مانا جو چاہا سو کر رہا ہے ۔ کوئی پرساں حال نہیں ۔ دفتروں کی عجیب و غریب حالت ہے ۔ کسی کو کام کرنے سے مطلب نہیں ۔ سمع خراشی (کان کھانا) اور غول بازی (پارٹی بازی)، فرقہ بندی سے فرصت نہیں ۔ نہ معلوم یہ حکومت اِس طرح کب تک اور کیسے چلے گی ۔ لوگوں کے دلوں میں ڈر، تہذیب، پریم، عاجزی (نمرتا) جیسی چیزیں رہ نہیں گئی ہیں ۔ نئی روشنی کے لوگ اور لڑکے صرف اِسی دھن میں رہتے ہیں کہ کس طرح دوسرے کی آنکھوں میں دھول جھونکیں اور زیادہ سے زیادہ فائدہ اُٹھاویں ۔ سوائے اِس کے کچھ نہیں کہا جاتا—خدا حافظ ! باہر چاہے ہندستان کی کچھ بھی قدر ہو یا نام ہو، اندرونی حالت تو بدتر ہی نظر آتی ہے ۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہندستان مغربی (پچھمی) چکاچوندھ میں آگیا ہے اور اُس کا دلدادہ (پریمی) ہو گیا ہے، جو نشان بربادی اور زوال (پتن) کا ہے ۔ ہمارے دیش میں بھی کارخانے جات بکثرت کھلتے جا رہے ہیں جس کی وجہ سے دستکاری کا زوال اور بےروزگاری بڑھتی جا رہی ہے ۔ ایجوکیشن کا برا حال ہے ۔ وہ دن بدن ایکسپینسو (خرچیلی) اور بےسود (نررتھک) سی ہو گئی ہے ۔ زمانہ کے بدلنے سے روش (گتی) سے ہر چیز اور طور طریقے میں بہتری کی صورت پیدا کرنی تھی ۔ اِس نئے پیسے نے زندگی الگ تلخ (کڑوی) کر دی ۔ بازاروں میں جلد کوئی چیز ملتی نہیں ۔ اِس کا بدل پرانے پیسے میں ان پڑھ اور پرانے دوکاندار جانتے نہیں، اور ہوشیار لوگوں نے اپنی کمائی کی صورت نکال لی ۔ چاہئے تو یہ تھا کہ روش (چال) بالکل سادہ اور پاک ہو، دلوں میں نیکی، ہمدردی، سیوا کا بھاؤ پیدا ہو ۔ نہ کہ سنیما اور طریقے تعلیم، قاعدے قانون اُلجھن پیدا کرنے والے بنا کر لوگوں کو اور نئی جنریشن (نسل) کے آدرش کو گرا دیا ۔ کیا یہی ہماری چنیدہ (چنی ہوئی) حکومت کا شیوا (طریقہ) ہے ۔ ایسی ڈیمو کریسی سے تو غلامی بدرجہا بہتر تھی ! خیر، کہاں تک کہا جاوے ۔ اور آپ پر تو سب روشن ہے ۔ میرا کہنا سورج کو چراغ دکھانا ہے ۔ لیکن صرف یہی ہے کہ آپ سے دل کا بوجھ کچھ ہلکا کرنے کو جی چاہ اُٹھتا ہے ۔ پھر بھی سوچتا ہوں کہ جو کچھ ہو رہا ہے مالک (ایشور) کی موج (اِچھا) سے ہی ہے ۔ اِسی میں آگے چل کر ضرور کچھ فائدہ مقصود (اُدِّشٹ) ہوگا ۔ شکوہ شکایت بیکار ہے ۔ خراب چیز کی طرف سے آنکھ ہٹا لینا ہی بہتر

हमारी राय

ہماری رائے

देश की हालत पर एक .खत

देश और सरकार के एक सच्चे हितचिन्तक, नेक, ईमानदार, समझदार, ग़ैर जानिबदार, और तजरबेकार मित्र का हमारे पास एक .खत आया है. "नया हिन्द" के भी वह शुरू से प्रेमी रहे हैं. उस खत का एक हिस्सा, उन्हीं शब्दों में हम नीचे दे रहे हैं. कमानों के अन्दर के शब्द हमारे हैं. वह लिखते हैं—

"ज़माना कुछ ऐसा .खराब आगया है कि इनसान .खुदग़रज होता जा रहा है. सेवा भाव और प्रेम भाव बिलकुल नेस्त नाबूद होते जा रहे हैं. हरेक अपने कारबार में मश.गूल और परेशान है. मँहगाई और टैक्स बढ़ते जा रहे हैं जिसकी वजह से ज़िन्दगी वबाले जान बन गई है. अगर कोई ईमानदारी, नेकनीयती से रहना चाहे भी तो हज़ार मुशकिलों और मुसीबतों का सामना करना पड़ता है. बेईमानी, रिश्वतखोरी, दग़ाबाज़ी और झूट का बोल बाला है, जिसकी ज़िम्मेदार हमारी मौजूदा हकूमत और कारकुनों का गिरा हुआ कैरेक्टर है. पब्लिक पर इस क़दर टैक्स लगा दिये हैं कि जिनका असर बेचारी मिडिल क्लास पर पड़ रहा है और वह पिसी जा रही है, और पूँजी वाले या धन्धा करने वाले अपनी चालाकी और ऐयारी से .खुश और मालामाल हैं और बेईमानी का मौक़ा मिल रहा है, जो रुपया हकूमत इकट्ठा कर रही है या आमदनी बढ़ा रही है वह बिलकुल बेतरतीबी और बेहूदा तौर से बरबाद हो रहा है. या यह कहो कि चन्द चालाक और ग़द्दार लोगों की जेबों में जा रहा है. यह फ़र्स्ट और सेकेण्ड फ़ाइव इयर प्लेन्स सिर्फ़ काग़ज़ी घोड़े हैं या दुनिया की आँखों में धूल झोंकी जा रही है. देखना तो यह है कि जिस .क़दर रुपया .खर्च हो रहा है क्या वाक़ई हुआ भी है और काम भी उसके एवज़ हुआ है? लेकिन इसकी ग़रज़ किसको है? यह सर दर्द मोल कौन ले? जो हो रहा है होने दो! किसी स्कीम

دیش کی حالت پر ایک خط

دیش اور سرکار کے ایک سچے ہت چنتک، نیک، ایماندار، سمجھدار، غیر جانب دار، اور تجربہ‌کار متر کا ہمارے پاس ایک خط آیا ہے۔ "نیا ہند" کے بھی وہ شروع سے پریمی رہے ہیں۔ اس خط کا ایک حصہ، انہیں کے شبدوں میں ہم نیچے دے رہے ہیں۔ کمانوں کے اندر کے شبد ہمارے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں —

"زمانہ کچھ ایسا خراب ہو گیا ہے کہ انسان خود غرض ہوتا جا رہا ہے۔ سیوا بھاؤ اور پریم بھاؤ بالکل نیست نابود ہوتے جا رہے ہیں۔ ہر ایک اپنے کاربار میں مشغول اور پریشان ہے۔ مہنگائی اور ٹیکس بڑھتے جا رہے ہیں جس کی وجہ سے زندگی وبال جان ہو گئی ہے۔ اگر کوئی ایمانداری، نیک نیتی سے رہنا چاہے بھی تو ہزار مشکلوں اور مصیبتوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ بے ایمانی، رشوت خوری، دغابازی اور جھوٹ کا بول بالا ہے۔ جس کی ذمہ دار ہماری موجودہ حکومت اور کارکنوں کا گرا ہوا کیریکٹر ہے۔ پبلک پر اس قدر ٹیکس لگا دیئے ہیں کہ جس کا اثر بے چاری مڈل کلاس پر پڑ رہا ہے اور وہ پسی جا رہی ہے، اور پونجی والے یا دھندا کرنے والے اپنی چالاکی اور عیاری سے خوش اور مالا مال ہیں، اور بے ایمانی کا موقع مل رہا ہے۔ جو روپیہ حکومت اکٹھا کر رہی ہے یا آمدنی بڑھا رہی ہے وہ بالکل بے ترتیبی اور بیہودہ طور سے برباد ہو رہا ہے۔ یا یہ کہو کہ چند چالاک اور غدار لوگوں کی جیبوں میں جا رہا ہے۔ یہ فرسٹ اور سیکنڈ فائیو ایئر پلین صرف کاغذی گھوڑے ہیں یا دنیا کی آنکھوں میں دھول جھونکی جا رہی ہے۔ دیکھنا تو یہ ہے کہ جس قدر روپیہ خرچ ہو رہا ہے کیا واقعی ہوا بھی ہے اور کام بھی اس کے عوض ہوا ہے؟ لیکن نہ اس کی غرض کسی کو ہے؟ یہ سر درد کون مول لے؟ جو ہو رہا ہے ہونے دو!

18 हिस्सों में तक़सीम कर दिया गया है ताकि मज़मून आसानी से समझ में आ सकें. इन जिल्दों में गान्धी जी की ज़िन्दगी की फ़िलासफ़ी, उनके जीवन दर्शन की झाँकी हमें देखने को मिलती है. इनसे हमें सबक़ मिलता है कि जिस रास्ते चलकर आज पच्छिम ज़िन्दगी और मौत का खेल खेल रहा है उससे हिन्दुस्तान को कैसे बचाया जा सकता है और ख़ुद पच्छिम इस ख़ुदकुशी से कैसे अपने को बचा सकता है ?

पहली जिल्द के पहले हिस्से में स्वराज, समाजवाद और साम्यवाद की चर्चा है. दूसरे में इस बात की चर्चा है कि जो श्रम करे वही खाने का हक़दार है. तीसरे में आर्थिक बराबरी का सिद्धान्त पेश किया गया है. चौथे में पैदायशी अमीरों को बताया गया है कि उनकी जायदाद उनके पास महज़ थाती या धरोहर की शक्ल में है, वे उसके मालिक नहीं हैं.

दूसरी जिल्द के पहले हिस्से में मशीनरी और उद्योगवाद की चरचा है. इसमें यह दिखाया गया है कि ज़िन्दगी में मशीनों की मुनासिब जगह क्या है. दूसरे में स्वदेशी की विवेचना की गई है. तीसरे में उत्पादन के स्वरूप पर तफ़सील में बहस की गई है. चौथे में गाँव के उद्योग धन्धों की मुल्क के आर्थिक निज़ाम में मुनासिब जगह आँकी गई है. पाँचवें में खादी के बुनियादी पहलू और विकेन्द्रित उद्योगवाद में उसकी महत्ता को दिखाया गया है. छठवें में दूसरे हाथ के धन्धों का ज़िक्र किया गया है और सातवें में नुमाइशों को किस ढंग से करना चाहिये इस पर विचार किया है.

तीसरी जिल्द के पहले हिस्से में काम और मज़दूरी की चरचा है कि किस तरह मज़दूर के शोषण को ख़त्म किया जा सकता है ? दूसरे में मज़दूरी की दर पर बहस की गई है कि कम-से-कम मज़दूरी कितनी होनी चाहिये उतनी कि जिससे पेट भरा जा सके और इनसान-इनसान की तरह रह सके. तीसरे में किसानों और मज़दूरों के संगठन पर प्रकाश डाला गया है. चौथे में अहमदाबाद की मशहूर हड़ताल पर रोशनी डाली गई है जिसके नेता ख़ुद गान्धी जी थे. पाँचवें में हड़ताल और पिकेटिंग की चरचा है. छाँठवें में किसानों और ज़मींदारों की चरचा है. साँतवें में औद्योगिक विवादों को किस तरह शान्ति से सुलझाया जा सकता है इसके उसूल समझाये गये हैं.

श्री खेर ने बड़ी मेहनत के साथ इन जिल्दों का सम्पादन किया है. हम नवजीवन पब्लिशिंग हाउस को इतने उपयोगी प्रकाशन के लिये बधाई देते हैं. हमारी दरख़ास्त है कि राजनीति और मज़दूरों की तहरीक में दिलचस्पी लेने वाले हर कार्यकर्त्ता और देश भक्त देशवासियों को इन जिल्दों का गम्भीर अध्ययन करना चाहिए. छपाई सफ़ाई सब बहुत अच्छा है.

—वि० ना० पांडे.

18 حصوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے تاکہ مضمون آسانی سے سمجھ میں آ سکیں۔ اِن جلدوں میں گاندھی جی کی زندگی کی فلاسفی، اُن کے جیون درشن کی جھانکی ہمیں دیکھنے کو ملتی ہے۔ اِن سے ہمیں سبق ملتا ہے کہ جس راستے پر چل کر آج پچھم زندگی اور موت کا کھیل کھیل رہا ہے اُس سے ہندستان کو کیسے بچایا جا سکتا ہے اور خود اِس خودکشی سے کیسے اپنے کو بچا سکتا ہے ؟

پہلی جلد کے پہلے حصے میں سوراج، سماج واد اور سامیہ واد کی چرچا ہے۔ دوسرے میں اِس بات کی چرچا ہے کہ جو شرم کرے وہی کھانے کا حقدار ہے۔ تیسرے میں آرتھک برابری کا سدھانت پیش کیا گیا ہے۔ چوتھے میں پیدائشی امیروں کو بتایا گیا ہے کہ اُن کی جائیداد اُن کے پاس محض تھاتی یا دھروھر کی شکل میں ہے، وے اُس کے مالک نہیں ہیں۔

دوسری جلد کے پہلے حصے میں مشینری اور ادیوگ واد کی چرچا ہے۔ اِس میں یہ دکھایا گیا ہے کہ زندگی میں مشینوں کی مناسب جگہ کیا ہے۔ دوسرے میں سودیشی کی وویچنا کی گئی ہے۔ تیسرے میں اُتپادن کے سوروپ پر تفصیل میں بحث کی گئی ہے۔ چوتھے میں گاؤں کے ادیوگ دھندوں کی ملک کے آرتھک نظام میں مناسب جگہ آنکی گئی ہے۔ پانچویں میں کھادی کے بنیادی پہلو اور وکیندرت ادیوگ واد میں اُس کی مہتتا کو دکھایا گیا ہے۔ چھٹویں میں دوسرے ہاتھ کے دھندوں کا ذکر کیا گیا ہے اور ساتویں میں نمائشوں کو کس ڈھنگ سے کرنا چاہئے اِس پر وچار کیا گیا ہے۔

تیسری جلد کے پہلے حصے میں کام اور مزدوری کی چرچا ہے کہ کس طرح مزدور کی شوشن کو ختم کیا جا سکتا ہے ؟ دوسرے میں مزدوری کے در پر بحث کی گئی ہے کہ کم سے کم مزدوری کتنی ہونی چاہئے، اتنی کہ جس سے پیٹ بھرا جا سکے اور اِنسان اِنسان کی طرح رہ سکے۔ تیسرے میں کسانوں اور مزدوروں کے سنگٹھن پر پرکاش ڈالا گیا ہے۔ چوتھے میں احمدآباد کی مشہور ہڑتال پر روشنی ڈالی گئی ہے جس کے نیتا خود گاندھی جی تھے۔ پانچویں میں ہڑتال اور پکیٹنگ کی چرچا ہے۔ چھٹویں میں کسانوں اور زمینداروں کی چرچا ہے۔ ساتویں میں اُدیوگک دِیوادوں کو کس طرح شانتی سے سلجھایا جا سکتا ہے اِس کے اُصول سمجھائے گئے ہیں۔

شری کھیر نے بڑی محنت کے ساتھ اِن جلدوں کا سمپادن کیا ہے۔ ہم نوجیون پبلشنگ ہاؤس کو اِتنے اُپیوگی پرکاشن کے لئے بدھائی دیتے ہیں۔ ہماری درخواست ہے کہ راج نیتی اور مزدوروں کی تحریک میں دلچسپی لینے والے ہر کاریہ کرتا اور دیش بھکت دیشواسیوں کو اِن جلدوں کا گمبھیر ادھیّن کرنا چاہئے۔ چھپائی صفائی سب بہت عمدہ ہے۔

—وی۔ نا۔ پانڈے۔

कुछ किताबें



کچھ کتابیں

ECONOMIC AND INDUSTIAL LIFE AND RELATIGNS, VOLS. (i), (ii) AND (iii)

ज़िन्दगी के आर्थिक (इक़्तसादी) और औद्योगिक पहलुओं और कारखाने के मालिकों और मज़दूरों के आपसी सम्बन्धों पर महात्मा गान्धी के लेखों, ख़तों, तक़रीरों, उपदेशों और बातचीतों का संग्रह (मजमुआ). संग्रहकार और सम्पादक—वी० बी० खेर; शाया करने वाले नवजीवन पब्लिशिंग हाउस अहमदाबाद; तीनों जिल्दों के दाम आठ रुपया.

महात्मा गान्धी न सिर्फ़ मुल्क के सियासी नेता थे बल्कि नई बुनियादों पर दुनिया की तामीर करने की तालीम देने वाले भी थे. पच्छिम ने यूरोप और अमरीका के मुल्कों और रियासतों में इस दरजे कारख़ाने बनाये और इन कारख़ानों की पैदावार को इस क़दर यकजाई (केन्द्रित) कर दिया कि मुल्कों की दौलत चन्द पूँजीपतियों के हाथों में इकट्ठा हो गई और अमीरों और ग़रीबों के बीच की खाई इतनी गहरी और चौड़ी हो गई और वह नफ़रत और आपसी कशमकश से इतनी भर गई कि उसने पच्छिमी सभ्यता और तहज़ीब की बुनियादों को ही जड़ से खोखला कर दिया. अमीर बेहद अमीर हो गये और ग़रीब बेहद ग़रीब हो गये. ग़रीबों के पेट ख़ाली हो गये और अमीरों की पेटियाँ भर गईं. पच्छिम ने उसका एक ही हल निकाला और वह हिंसात्मक समाजवाद. गान्धी जी ने तजवीज़ की कि इस हल के नतीजे में हम दो ख़ौफ़नाक जंग देख चुके हैं और तीसरे जंग की जिस पैमाने पर तैयारियाँ हो रही हैं उससे मर्ज़ और मरीज़ दोनों ही ख़त्म हो जायेंगे. मर्ज़ को ठीक करने के लिए गान्धी जी का नुसख़ा था—अहिंसात्मक सोशलीज़्म. इसे कैसे दुनियाँ में क़ायम किया जाय, समाज को कैसे इस तरफ़ लाया जाय, लालच को कैसे त्याग में बदला जाय, नफ़रत के दरिया को कैसे मुहब्बत के सरचश्मे में बदला जाय, किन बुनियादों पर मज़दूरों का संगठन किया जाय, अमीरों और ग़रीबों के फ़र्क़ को मिटाकर कैसे समाज में बराबरी के रुतबे को क़ायम किया जाय, उत्पादन का किस तरह विकेन्द्रीकरण किया जाय और दुनिया की तहज़ीब को किस तरह हिंसा की बुनियादों से हटाकर अहिंसा की बुनियादों पर क़ायम किया जाय—इसकी तफ़सील आपको इन तीन जिल्दों के क़रीब आठ सौ सफ़ों में देखने को मिलेगी. इन जिल्दों को

ECONOMIC AND INDUSTRIAL LIFE AND RELATIONS, Vols. (i) (ii) AND (iii)

زندگی کے ارتھک (اقتصادی) اور اودیوگک پہلوؤں اور کارخانے کے مالکوں اور مزدوروں کے آپسی سمبندھوں پر مہاتما گاندھی کے لیکھوں، خطوں، تقریروں، اُپدیشوں اور بات چیتوں کا سنگرہ (مجموعہ)۔ سنگرہ کار اور سمپادک—وی۔ بی۔ کھیر؛ شائع کرنے والے نوجیون پبلشنگ ہاؤس احمدآباد؛ تینوں جلدوں کے دام آٹھ روپئے۔

مہاتما گاندھی نہ صرف ملک کے سیاسی نیتا تھے بلکہ نئی بنیادوں پر دنیا کی تعمیر کرنے کی تعلیم دینے والے بھی تھے۔ پچھم نے یورپ اور امریکہ کے ملکوں اور ریاستوں میں اِس درجے کارخانے بنائے اور اِن کارخانوں کی پیداوار کو اِس قدر یکجائی (کیندرت) کر دیا کہ ملکوں کی دولت چند پونجی پتیوں کے ہاتھوں میں اکٹھا ہو گئی اور امیروں اور غریبوں کے بیچ کی کھائی اتنی گہری اور چوڑی ہو گئی اور وہ نفرت اور آپسی کشمکش سے اتنی بھر گئی کہ اُس نے پچھمی سبھیتا اور تہذیب کی بنیادوں کو ہی جڑ سے کھوکھلا کر دیا۔ امیر بے حد امیر ہو گئے اور غریب بے حد غریب ہو گئے۔ غریبوں کے پیٹ خالی ہو گئے اور امیروں کی پیٹیاں بھر گئیں۔ پچھم نے اِس کا ایک ہی حل نکالا اور وہ ہنساتمک سماجواد۔ گاندھی جی نے تجویز کی کہ اِس حل کے نتیجے میں ہم دو خوفناک جنگ دیکھ چکے ہیں اور تیسرے جنگ کی جس پیمانے پر تیاریاں ہو رہی ہیں اُس سے مرض اور مریض دونوں ہی ختم ہو جائیں گے۔ مرض کو ٹھیک کرنے کے لئے گاندھی جی کا نسخہ تھا—اہنساتمک سوشلزم۔ اسے کیسے دنیا میں قایم کیا جائے، سماج کو کیسے اِس طرف لایا جائے، لالچ کو کیسے تیاگ میں بدلا جائے، نفرت کے دریا کو کیسے محبت کے سرچشمے میں بدلا جائے، اِن بنیادوں پر مزدوروں کا سنگٹھن کیا جائے، امیروں اور غریبوں کے فرق کو مٹا کر کیسے سماج میں برابری کے رتبے کو قایم کیا جائے، اُتپادن کا کس طرح وکیندریکرن کیا جائے اور دنیا کی تہذیب کو کس طرح ہنسا کی بنیادوں سے ہٹا کر اہنسا کی بنیادوں پر قایم کیا جائے—اِس کی تفصیل آپ کو اِن تین جلدوں کے قریب آٹھ سو صفحوں میں دیکھنے کو ملے گی۔ اِن جلدوں کو

इन टोपियों के इस्तेमाल का भी अजीब हाल होता है. कोई इनको किसी के खौफ़ से लगाता है तो कोई इनका उप्योग स्वार्थी लोभ से करता है. कोई किसी पालिसी से लगाता है तो कोई रयाकारी से. लिहाजा सियासी टोपी एक शुबहे की चीज हो कर रह गई है और "अविश्वास" की छाप उसपर लग गई है इसलिये उसकी पोजीशन किसी हाल में साफ़ नहीं रही.

यह टोपियाँ और झन्डियाँ प्रचार तो अपना अधिक रखती हैं समाचार से भी अधिक, परन्तु सर रहते हुए भी अगर इज्ज़त न पा सकें तो 'अचरज'.

लाखों मनुष्य रंग बिरंगे लेबिल लगाये हुये हैं अपने सरों पर, लेकिन हमारी नज़र और अनुभव में कितने ही वह सर है कि जो बे लेबिल हैं और ज्यादा आनरेबिल .

اِن ٹوپیوں کے استعمال کا بھی عجیب حال ہوتا ھے ۔ کوئی اِن کو کسی کے خوف سے لگاتا ھے تو کوئی اِن کا اپیوگ ذاتی لوبھ سے کرتا ھے ۔ کوئی کسی پالیسی سے لگاتا ھے تو کوئی ریاکاری سے ۔ لہذا سیاسی ٹوپی ایک شبہ کی چیز ہوکر رہ گئی ھے اور 'اوشواس' کسی حال میں چھاپ اُس پر لگ گئی ھے اِس لئے اُس کی پوزیشن کسی حال میں صاف نہیں رہی ۔

یہ ٹوپیاں اور جھنڈیاں پرچار تو اپنا ادھک رکھتی ھیں سماچار سے بھی ادھک' پرنتو سر پر رہتے ہوئے بھی اگر عزت نہ پاسکیں تو 'اچرج' ۔

لاکھوں منشیہ رنگ برنگ لیبل لگائے ہوئے ھیں اپنے سروں پر' لیکن ھماری نظر اور انوبھو میں کتنے ھیں وہ سر کہ جو بے لیبل ھیں زیادہ آنرایبل ھیں ۔

दिमागों के अन्दर सियासी खिचड़ी पकती रहती है और सरपोश ढँका रहता है खोपड़ी की देगची पर—बाज भूखे और नदीदे अधपकी ही खा जाते हैं ढकनी खोलकर, और बाज जली भी नहीं छोड़ते वे सबेरे होकर, जिसके नतीजे में या तो उनके पेट में दर्द उठने लगता है या बद-हजमी हो जाती है. यह सियासी बदहजमी समाजी जिन्दगी के लिये निहायत खतरनाक है जिसका खमयाजा बुरी तरह भुगतना पड़ता है न केवल उस एक व्यक्ति को बल्कि सारी देगची को.

यह 'सरपोश' क़ौम-फ़रोश भी साबित होते हैं बाज-बाज समय. क़ौम-फ़रोशी का सौदा सूदमन्द साबित होता है इनके लिये, इसलिये वह टोपियाँ अपनी रंगीन कमाई से आलीशान कोठियाँ बनाती हैं बक़ीया अपनी ज़िन्दगी ऐश आराम से गुज़ारने के लिये—आज हमारी नजर में बहुत सी ऐसी टोपियाँ भी हैं और इनकी बनाई हुई कोठियाँ भी.

यह रंग-बिरंग की टोपियाँ जैसे किशतियाँ हों रंगीन बादबान वाली और चल रही हों जीवन के समुन्दर पर विचार धाराओं के सहारे सहारे.

या जैसे यह टोपियाँ साइज में जैसे कमरशियल लिफ़ाफ़े, पर रंग में गोया सियासी इशारे.

यह टोपियाँ अपने-अपने रंग में सन्देश लिये फिरती हैं इधर से उधर.

हर टोपी नीति रखती है अपनी-अपनी और पैग़ाम अपना अपना. इसलिये यह कहना ठीक है कि हर टोपी प्रचारक भी है और प्रकाशक भी, मगर क्योंकि इनके रंग पक्के और वचन सच्चे नहीं इसलिये मार खा जाती हैं सियासत के मैदान में और आ गिरती हैं अन्त में सत्य के चरणों में.

दिमाग़ी भावनाओं का असर टोपियों पर अवश्य पड़ता है. इसी का यह कारण होता है कि बाज टोपियाँ काली, बाज पीली और बाज लाल या सुफ़ेद नजर आती हैं. ऊपर से जो भी उनके रंग हों पर भीतर से अकसर काली होती हैं और तास्सुब के उन पर जाले होते हैं. इसलिये जो कुछ वह देखती हैं जालेदार आंखों से.

जब किसी पार्टी का पार्टी से और नीति का नीति से विरोध होता है तो उसका आप से लाज़मी तौर पर विचार बदलता है—ख्याल पलटता है. विचार और ख्याल बदलता है तो मार्ग भी बदलता है और मार्क भी. ऐसी ही हालत में सर टोपियाँ बदलते हैं और टोपियाँ सर बदलती हैं. बाज टोपियाँ "फ़िट सिर" न मिलने के कारण उड़ती फिरती हैं हवा में या अटकी रह जाती हैं मुअल्लक़ फ़िज़ा में.

دماغوں کے اندر سیاسی کھچڑی پکتی رہتی ہے اور سرپوش ڈھکا رہتا ہے کھوپڑی کی دیگچی پر— بعض بھوکے اور ندیدے ادھ پکی ہی کھاجاتے ہیں ڈھکنی کھول کر' اور بعض جلی بھی نہیں چھوڑتے وہ سویرے ہوکر' جس کے نتیجے میں یا تو اُن کے پیٹ میں درد اُٹھنے لگتا ہے یا بدہضمی ہوجاتی ہے - یہ سیاسی بدہضمی سماجی زندگی کے لئے نہایت خطرناک ہے جس کا خمیازہ بری طرح بھگتنا پڑتا ہے نہ کیول اُس ایک ویکتی کو بلکہ ساری دیگچی کو.

یہ 'سرپوش' قوم فروش بھی ثابت ہوتے ہیں بعض بعض سمئے . قوم فروشی کا سودا سودمند ثابت ہوتا ہے اِن کے لئے. اِس لئے وہ ٹوپیاں اپنی رنگین کمائی سے عالیشان کوٹھیاں بناتی ہیں بقیہ اپنی زندگی عیش آرام سے گزارنے کے لئے— آج ہماری نظر میں بہت سی ایسی ٹوپیاں بھی ہیں اور اُن کی بنائی ہوئی کوٹھیاں بھی .

یہ رنگ برنگ کی ٹوپیاں جیسے کشتیاں ہوں رنگین بادبان والی اور چل رہی ہوں جیون کے سمندر پر وچار دھاراؤں کے سہارے سہارے .

یا جیسے یہ ٹوپیاں سائز میں جیسے کمرشل لفافے' پر رنگ میں گویا سیاسی اشارے .

یہ ٹوپیاں اپنے اپنے رنگ میں سندیش لئے پھرتی ہیں اِدھر سے اُدھر .

ہر ٹوپی نیتی رکھتی ہے اپنی اپنی اور پیغام اپنا اپنا . اِسلئے یہ کہنا ٹھیک ہے کہ ہر ٹوپی پرچارک بھی ہے اور پرکاشک بھی' مگر کیونکہ اِن کے رنگ پکے اور وچن سچے نہیں اِس لئے مار کھاجاتی ہیں سیاست کے میدان میں اور آ گرتی ہیں انت میں ستیہ کے چرنوں میں .

دماغی بھاؤناؤں کا اثر ٹوپیوں پر اوشیہ پڑتا ہے .سی کا یہ کارن ہوتا ہے کہ بعض ٹوپیاں کالی' بعض پیلی اور بعض لال یا سفید نظرآتی ہیں. اوپر سے جو بھی اُن کے رنگ ہوں پر بھیتر سے اکثر کالی ہوتی ہیں اور تعصب کے اُن پر جالے ہوتے ہیں . اِس لئے جو کچھ وہ دیکھتی ہیں جالے دار آنکھوں سے .

جب کسی پارٹی کا پارٹی سے اور نیتی کا نیتی سے ورودھ ہوتاہے تو اسکی آپ سے لازمی طور پر وچار بدلتا ہے . خیال پلٹتا ہے . وچار اور خیال بدلتا ہے تو مارگ بھی اور مارک بھی . ایسی ہی حالت میں سر ٹوپیاں بدلتے ہیں اور ٹوپیاں سر بدلتی ہیں . بعض ٹوپیاں" فٹ سر" نہ ملنے کے کارن اُڑتی پھرتی ہیں ہوا میں یا اٹکی رہ جاتی ہیں معلق فضا میں .

इन्तिक़ाम का भाव यह रखती हैं अपने चाव में.
तलवार की काट यह रखती हैं अपनी धार में.
जिदाल क़िताल में खून की नदियाँ यह बहाती हैं.
अमन आशती में सुलह के फरहरे यह उड़ाती हैं.
दरगाह की कलसी पर हिलाल का परचम यह लहराती हैं.
बजरंगबलि की छतर पर हनुमान का निशान यह उड़ाती हैं.
शासन के भवन पर इठला इठला के यह चलती हैं.
जनसंघ के संगठन से अखन्ड अखन्ड यह पुकारती हैं.
दलित के मन मन से दमन दमन यह चिल्लाती हैं.
सुर्ख़ फ़ौज के मोर्चे से नारा इंक़लाब का यह लगाती हैं.
एकता के संगम पे गङ्गा जमनी राग यह आलापती हैं.
प्रेम के मन्दिर पे धार्मिक भाव यह जगाती हैं.
पीपल के दरख़्त पे हिन्दू मुसलिम फ़िसाद यह कराती हैं.

यदि 'विश्व शान्ति' के अन्दोलन इनके दम से चलते है तो 'विश्व युद्ध' के हंगामों में झंडे इनके लहराते हैं.

यह सब कुछ सही; इनकी तमाम रंगीनियाँ, दिलचस्पियाँ और ख़ूबसूरतियाँ अपनी जगह पर, लेकिन इसतक़लाल नहीं होता इनके मिज़ाज में. धैर्य नहीं होता इनके स्वाभाव में—हवा का रुख़ देखकर यह अपना रुख़ फेरती हैं और फ़िज़ा का रङ्ग भांप कर यह अपना रंग बदलती हैं. कितनी तलव्वन मिज़ाज होती हैं यह और कितनी हवा परस्त !

झंडियों और टोपियों का एक दूसरे से ऐसा ही सम्बन्ध है जैसे हर रंग को रंग से निसबत, लेकिन जब हवा साथ नहीं देती समय का तो हम देखते हैं रंग बिरंग की टोपयाँ उड़ती फिरती हैं पवन में या जलती नज़र आती हैं अग्नि में.

जैसे किसी राज का सिक्का चालू रहता है राज भर में, इसी प्रकार राज-रंग की टोपियाँ परछाईं होती हैं राज-चलन की. जैसे किसी खोट के कारण या किसी नीति के अनुसार सिक्का टकसाल बाहर हो जाता है, वैसे ही टोपियाँ भी यकायक उड़ जाती हैं सरों से और दूसरी आ बैठती हैं उनकी जगह.

टोपियाँ ढक्कन का काम भी देती हैं. इसलिये इनको सरपोश भी कहा जा सकता है. सरपोश बनकर यह बहुत से बड़े-बड़े बेवक़ूफ़ों की ऐब पोशी भी करती हैं और बहुत से शासकों को नई-नई आफ़तों से बचाती हैं उनके पाप ढांककर.

آجکل کے بڑے بڑے سائنسدانوں کا بیان ویدانت کے اصولوں سے بہت جاتا ہے۔ مثال کے لئے سرجے۔ جینس کی' دی مسٹیریس یونی ورس' اور ڈاکٹر الیکسس کیرل کی' مین دی ان نون' پڑھنے یوگ کتابیں ہیں۔ سر جے۔ جینس لکھتا ہے کہ:—" آجکل کی سائنس اِسی نتیجے پر پہنچ رہی ہے کہ دنیا کی سب چیزوں کا وجود ایک انادی اور اننت آتما کے من کے اندر ہے" "دنیا کی گھٹنائیں گھٹت نہیں ہوتیں؛ کیول ہم اُنہیں گھٹت ہوتے ہوئے دیکھتے ہیں۔ پلیٹو (افلاطون) کہتا ہے کہ:—ہم 'تھا' کہتے ہیں۔ اور 'ہوگا' کہتے ہیں لیکن سچائی یہ ہے کہ ہمیں کیول' ہیں ہی کہنا چاہیے." اوپر کے سب واکیہ سر جے۔ جینس کی کتاب سے لیئے گئے ہیں۔

ڈاکٹر الیکسس کیرل نے لکھا ہے کہ:—"ہم ابھی تک ایک ایسے سنسار میں ڈوبے ہوئے ہیں جسے بےجان مادے کی سائنسوں نے پیدا کیا ہے۔ یہ سنسار ہماری سمجھ کی غلطی سے پیدا ہوا ہے۔ ہم اپنی اصلی آتما کو نہیں جان پائے اِس لئے یہ دنیا پیدا ہوئی۔ آجکل کے شہروں کے شور و شر کے اندر بھی جو اپنی انتر آتما کی شانتی کو قایم رکھتے ہیں' وہ طرح طرح کی دماغی اور دوسری بیماریوں سے بچے رہتے ہیں۔ جو آتما ایشور کے اندر ڈوب جاتی ہے اُسی کی روشنی کے سامنے موت بھی مسکرا کر رہ جاتی ہے۔"

لیکن آجکل کی سائنس ابھی یہ کہنے کو تیار نہیں ہے کہ وہ انادی اور اننت آتما' وہ ہماری سچی آتما' ہماری انتر آتما' ایشور' وہی ایک آتما سب کے اندر ہے۔ اور وہی سب ہے۔ تتوسی' اہم برہماسمی' اناالحق جیسی سچائیاں ابھی تک سائنس کے سمجھ کے دائرے سے دور ہیں۔ اِسی لئے ابھی سائنس کو اصلیت تک پہنچنے میں دقت پڑ رہی ہے۔

سمے کا گنت انک گنت ہے جس میں جوڑ' باقی اور شونیہ (صفر) سب ہماری کلپنائیں ہیں۔ دیش کا گنت ریکھا گنت ہے' جس میں پائنٹ یعنی نقطہ' لائن' سطح' کونڑ تریکن' دائرہ' سمانانتر سب دارشنک کلپنائیں ہیں۔ اِن میں سے کوئی کہیں اصلی شکل میں دیکھی نہیں جا سکتی۔

अपनी उम्र है , हर एक का जन्म है , हर एक की मौत है और हर एक का बीच का ज़माना है , और यह सब भी दिखावा ही दिखावा है क्योंकि एक दूसरे से अलहदिगी और परिवर्तन की कल्पना ही अन्त में धोखा है, सपना है, माया है .

प्रकृति यानी क़ुदरत के दो पहलू हैं . मूल प्रकृति और दैवी प्रकृति. मूल प्रकृति माद्दा है और दैवी प्रकृति शक्ति है, यह शक्ति बराबर जन्म , मरण , अमल , रद्दे अमल के रूप में काम करती रहती है . इसका चलाने वाला ब्रह्मा कहा जाता है. वही विश्व की आत्मा है . जब एक रचना खिलक़त ख़त्म हो जाती है तो उसकी जगह दूसरी जन्म ले लेती है . ठीक जिस तरह कुछ आदमी मरते हैं तो दूसरे पैदा होते रहते हैं . जो हालत छोटे से छोटे की है वही हालत बड़े से बड़े की भी है . जो छोटे से छोटे पिन्ड में है वही बड़े से बड़े ब्रह्मान्ड में भी है. यह सब सदा बदलती हुई सूरतें आत्मा यानी असल वजूद का केवल एक सपना है.

आशा है कि आइन्स्टाइन की थ्योरी आफ़ रैलेटिविटि और वेदान्त अन्त में एक दूसरे के बहुत निकट दिखाई देंगे. आइन्स्टाइन के सिद्धान्त के ऊपर नए-नए विचारकों की जो किताबें निकल रही हैं उनसे यह बात और भी साफ़ दिखाई दे जाती है.

वास्तव में कोई दो समानान्तर रेखाएं हो ही नहीं सकती, हैं ही नहीं, सब चीज़ें चक्कर काट रही हैं या पेच की चूड़ियों की तरह हरकत कर रही हैं. देश, काल और संसार सब नाशमान हैं, सुषुप्ति या प्रलय में जाकर इन सब का अन्त हो जाता है, पाश्चात्य गणित जो सब से पक्की साइन्स गिनी जाती है, सब से फ़रज़ी अधिक कल्पनाओं के आधार पर चल रहा है. बड़े से बड़े साइन्सदानों में मतभेद हैं, बहसें हैं. एडिंगटन कहता है कि आधे बड़े से बड़े साइन्सदानों का कहना है कि 'ईश्वर' नाम की चीज़ का वजूद है, और बाक़ी आधे बड़े से बड़े साइन्सदानों का कहना है कि 'ईश्वर' का कोई वजूद ही नहीं. इसपर एक और विद्वान जोड़ लिखता है कि इन दोनों का मतलब एक ही है केवल शब्दों का झगड़ा है. सर विलियम ब्रैग कहता है कि:—"हम हर सोमवार; बुधवार और शुक्रवार को एक सिद्धान्त से काम लेते हैं और हर मंगलवार, वीरवार और शनिवार को दूसरे सिद्धान्त से काम लेते हैं."

आइन्स्टाइन के सिद्धान्त के वैज्ञानिक नतीजे कुछ भी निकलें वह सिद्धान्त वेदान्त के बिलकुल निकट और उसके अन्दर शामिल हैं. यह सब जो कुछ हम देखते हैं सापेक्ष है यानी केवल एक दूसरे की मुनासिबत से वजूद रखता है.

اپنی عمر ہے ۔ ہر ایک کا جنم ہے، ہر ایک کی موت ہے اور ہر ایک کا بیچ کا زمانہ ہے اور یہ سب بھی دکھاوا ہی دکھاوا ہے کیونکہ ایک دوسرے سے علیحدگی اور پریورتن کی کلپنا ہی انت میں دھوکا ہے، سپنا ہے، مایا ہے ۔

پرکرتی یعنی قدرت کے دو پہلو ہیں ۔ مول پرکرتی اور اور دیوی پرکرتی ۔ مول پرکرتی مادہ ہے اور دیوی پرکرتی شکتی ہے ۔ یہ شکتی برابر جنم، مرن عمل' ردعمل کے روپ میں کام کرتی رہتی ہے ۔ اِس کا چلانے والا برہما کہا جاتا ہے ۔ وہی وشو کی آتما ہے ۔ جب ایک رچنا (خلقت) ختم ہو جاتی ہے تو اُس کی جگہ دوسری جنم لے لیتی ہے ۔ ٹھیک جس طرح کچھ آدمی مرتے ہیں تو دوسرے پیدا ہوتے رہتے ہیں ۔ جو حالت چھوٹے سے چھوٹے کی ہے وہی حالت بڑے سے بڑے کی بھی ہے ۔ جو چھوٹے سے چھوٹے پانڈ میں ہے وہی بڑے سے بڑے برہمانڈ میں بھی ہے ۔ یہ سب سدا بدلتی ہوئی صورتیں آتما یعنی اصل وجود کا کیول ایک سپنا ہے ۔

آشا ہے کہ آئنسٹائن کی تھیوری آف ریلیٹیوٹی اور ویدانت انت میں ایک دوسرے کے بہت نکٹ دکھائی دیں گے ۔ آئنسٹائن کے سدھانت کے اوپر نئے نئے وچارکوں کی جو کتابیں نکل رہی ہیں اُن سے یہ بات اور بھی صاف دکھائی دے جاتی ہے ۔

واستو میں کوئی دو سمانانتر ریکھائیں ہو ہی نہیں سکتیں، ہیں ہی نہیں ۔ سب چیزیں چکر کاٹ رہی ہیں یا پیچ کی چوڑیوں کی طرح حرکت کر رہی ہیں ۔ دیش کال اور سنسار سب ناشمان ہیں ۔ سوشوپتی یا پرلئے میں جاکر اِن سب کا انت ہوجاتا ہے ۔ پاشچاتیہ گنت جو سب سے پکی سائنس گنی جاتی ہے، سب سے ادھک کلپناؤں کے ادھار پر چل رہی ہے ۔ بڑے سے بڑے سائنسدانوں میں مت بھید ہیں، بحثیں ہیں ۔ ایڈنگٹن کہتا ہے کہ آدھے بڑے سے بڑے سائنسدانوں کا کہنا ہے کہ' ایشور' نام کی چیز کا وجود ہے' اور باقی آدھے بڑے سے بڑے سائنسدانوں کا کہنا ہے کہ' ایشور' کا کوئی وجود ہی نہیں ۔ اِس پر ایک اور ودوان جوڑ لکھتا ہے کہ' اِن دونوں کا مطلب ایک ہی ہے کیول شبدوں کا جھگڑا ہے ۔ سر ولیم بریگ کہتا ہے کہ:— "ہم ہر سوموار' بدھ وار اور شکروار کو ایک سدھانت سے کام لیتے ہیں اور ہر منگل وار' ویر وار اور شنیوار کو دوسرے سدھانت سے کام لیتے ہیں ۔"

آئنسٹائن کے سدھانت کے ویگیانک نتیجے کچھ بھی نکلیں' وہ سدھانت ویدانت کے بالکل نکٹ اور اُسی کے اندر شامل ہے ۔ یہ سب جو کچھ ہم دیکھتے ہیں ساپیکش ہے یعنی کیول ایک دوسرے کی مناسبت سے وجود رکھتا ہے ۔

आजकल योरप में आइंस्टाइन की 'थ्योरी आफ़ रैलेटिविटी' की बहुत चरचा है. मोटे तौर पर इसका अर्थ यह लिया जाता है कि दुनिया की सब चीज़ों का वजूद जिनमें देश, काल और क्रिया भी शामिल हैं, केवल सापेक्ष यानी दूसरी चीज़ों की मुनासिबत से ही है इनका अपना असल वजूद कुछ नहीं. आइन्स्टाइन के इस सिद्धान्त को लेकर योरप में तरह-तरह की चरचाएँ हो रही हैं और बहुत सी किताबें लिखी जा चुकी हैं. कुछ का कहना है कि समय कोई चीज़ नहीं, केवल चौड़ाई, लम्बाई और गहराई की तरह समय भी एक फ़रज़ी दिशा है. कुछ का कहना है कि देश यानी जगह अन्त में जाकर मुड़ जाती है यानी गोल हो जाती है. कुछ का कहना है कि समानान्तर यानी मुतवाज़ी लकीरें अगर काफ़ी दूर तक बढ़ाई जावें तो आख़ीर में मिल जावेंगी. कुछ कहते हैं कि देश, काल और विश्व सब सान्तक यानी फ़ानी और महदूद हैं. कुछ यह भी कहते हैं कि यह विश्व कहीं बढ़ रहा है, कहीं सिकुड़ रहा है और हर सूरत में इसकी शक्ति के क्षीण होने के साथ साथ यह एक दिन नष्ट हो जावेगा, इत्यादि इत्यादि. कुछ का यह भी कहना है कि विश्व की असलीयत को सिवाय बड़े गहरे साइन्सदानों के और कोई समझ ही नहीं सकता.

इस देश का पुराना दर्शन शास्त्र हमेशा से मानता चला आया है कि देश, काल और क्रिया तीनों तीन हैं, फिर भी इनमें से किसी को एक दूसरे से अलग नहीं किया जा सकता और तीनों एक बराबर माया यानी फरेब हैं. इनका वजूद आदमी के सपने से ज़ियादह हैसियत नहीं रखता. जो दुनियाएँ, चाँद, सूरज वग़ैरा हमें दिखाई देते हैं इनके बीच बीच में और इनमें को निकलती हुई और भी दुनियाएँ हैं जो बिलकुल दूसरी ही तरह के माद्दे से बनी हैं. उन दुनियाओं में देश, काल और हरकत के भी और ही अर्थ होते हैं. यह दुनियाएं हमारे जागते समय की दुनियाएँ भी हैं और सपने के समय की दुनियाएँ भी हैं. हमारे नीचे भी हैं और ऊपर भी हैं. यूरोपियन विद्वान फूरनियर डी. एलबे ने इस विषय पर एक बहुत अच्छी किताब 'टू न्यु वर्ल्ड्स' यानी दो नई दुनियाएं लिखी है. उसके अनुसार इनमें से एक दुनिया वह है जो बिना ख़ुर्दबीन के नहीं देखी जा सकती. वह भी करोड़हा करोड़ संखहा संख जन्तुओं की दुनिया है. और दूसरी वह दुनिया है जो बिना दूरबीनों के नहीं देखी जा सकती जिस में अरबों छोटे, बड़े सितारे, सैयारे, चाँद, सूरज और सूरजों के सूरज शामिल हैं.

योरप का विज्ञान आइन्सटाइन के बाद वेदान्त की इस कल्पना की तरफ़ साफ़ बढ़ रहा है कि अन्त में जाकर सब क्रिया या हरकत गोलाकार चक्रों में रह जाती है. इस संसार चक्र का न कोई आदि है और न कोई अन्त, यूँ हर चीज़ की

آجکل یورپ میں آئنسٹائن کی 'تھیوری آف ریلیٹیوٹی' کی بہت چرچا ہے. موٹے طور پر اِس کا ارتھ یہ لیا جاتا ہے کہ دنیا کی سب چیزوں کا وجود' جن میں دیش' کال اور کریا بھی شامل ہیں' کیول ساپیکش یعنی دوسری چیزوں کی مناسبت سے ہی ہے. اِن کا اپنا اصل وجود کچھ نہیں. آئنسٹائن کے اِس سدھانت کو لے کر یورپ میں طرح طرح کی چرچائیں ہو رہی ہیں اور بہت سی کتابیں لکھی جا چکی ہیں. کچھ کا کہنا ہے کہ سمے کوئی چیز نہیں' کیول چوڑائی' لمبائی اور گہرائی کی طرح سمے بھی ایک فرضی دِشا ہے. کچھ کا کہنا ہے کہ دیش یعنی جگہہ انت میں جاکر مُڑ جاتی ہے یعنی گول ہو جاتی ہے. کچھ کا کہنا ہے کہ سمانانتر یعنی متوازی لکیریں اگر کافی دور تک بڑھائی جاویں تو آخر میں مل جاویں گی. کچھ کہتے ہیں کہ دیش' کال اور وشو سب سانتک یعنی فانی اور محدود ہیں. کچھ یہ بھی کہتے ہیں کہ یہ وشو کہیں بڑھ رہا ہے' کہیں سکڑ رہا ہے اور ہر صورت میں اِس کی شکتی کے چھین ہونے کے ساتھ ساتھ یہ ایک دن نشٹ ہو جاوے گا' اتیادی اتیادی. کچھ کا یہ بھی کہنا ہے کہ وشو کی اصلیت کو سوائے بڑے گہرے سائنسدانوں کے اور کوئی سمجھ ہی نہیں سکتا.

اِس دیش کا پرانا درشن شاستر ہمیشہ سے مانتا چلا آیا ہے کہ دیش' کال اور کریائیں تینوں تین ہیں' پھر بھی اِن میں سے کسی ایک دوسرے سے الگ نہیں کیا جا سکتا اور تینوں ایک برابر مایا یعنی فریب ہیں. اِن کا وجود آدمی کے سپنے سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتا. جو دنیائیں' چاند' سورج وغیرہ ہمیں دکھائی دیتے ہیں اِن کے بیچ بیچ میں اور اِن میں کو نکلتی ہوئی اور بھی دنیائیں ہیں جو بالکل دوسرے ہی طرح کے مادے سے بنی ہیں. اُن دنیاؤں میں دیش' کال اور حرکت کے بھی اور ہی ارتھ ہوتے ہیں. یہ دنیائیں ہمارے جاگتے سمے کی دنیائیں بھی ہیں اور سپنے کے سمے کی دنیائیں بھی ہیں. ہمارے نیچے بھی ہیں اور اوپر بھی ہیں. یورپین ودوان فورنیئر ڈی. البے نے اِس وشے پر ایک بہت اچھی کتاب 'ٹو نیو ورلڈس' یعنی دو نئی دنیائیں لکھی ہے. اُس کے انوسار اِن میں سے ایک دنیا وہ ہے جو بنا خوردبین کے نہیں دیکھی جا سکتی. وہ بھی کروڑہا کروڑ سنکھ ہا سنکھ جنتوؤں کی دنیا ہے. اور دوسری وہ دنیا ہے جو بنا دوربینوں کے نہیں دیکھی جا سکتی جس میں اربوں چھوٹے بڑے ستارے' سیارے' چاند' سورج اور سورجوں کے سورج شامل ہیں.

یورپ کا وگیان آئنسٹائن کے بعد ویدانت کی اِس کلپنا کی طرف صاف بڑھ رہا ہے کہ انت میں جا کر سب کریا یا حرکت گولاکار چکروں میں رہ جاتی ہیں. اِس سنسار چکر کا نہ کوئی آدی اور نہ کوئی انت. یوں ہر چیز کی

आईस्टाइन का सिद्धान्त और वेदान्त

डाक्टर भगवानदास

यह दुनिया क्या है ?

आत्मा, रूह यानी 'मैं' क्या हूँ और अनात्मा यानी मादा यानी यह सब जो दिखाई देता है यह क्या है, और इन दोनों में क्या सम्बन्ध है ? यही सवाल दर्शन शास्त्र (फ़लसफ़े) का मुख्य सवाल है और यही सवाल. तेज़ी के साथ साइन्स का मुख्य सवाल होता जा रहा है.

आत्मा और अनात्मा के मेल के दो पहलू हैं. एक पहलू है जिसे हम देश, काल, और क्रिया, यानी मकान, ज़मान और हरकत कहकर बयान करते हैं, और दूसरा पहलू शक्ति के रूप में दिखाई देता है, जिसे हम क्रिया, प्रतिक्रिया और कार्यकारण सम्बन्ध यानी अमल, रद्दे अमल और इल्लत और मालूल का रिश्ता कह सकते हैं. दुनिया में हमारे सारे अनुभव इन्हीं में आ जाते हैं.

जब हमें चीज़ें एक दूसरे के बाद होती मालूम होती हैं तो काल (समय) की कल्पना पैदा होती है. बहुत सी चीज़ों के एक साथ वजूद से देश (जगह) की कल्पना पैदा होती है. चीज़ों के अदलने बदलने से क्रिया (हरकत) की कल्पना पैदा होती है. इन तीनों काल, देश और क्रिया का एक दूसरे के साथ अटूट सम्बन्ध है.

काल (समय) के तीन क्रम हैं भूत, भविष्य और दोनों को मिलाने वाला वर्तमान. देश (जगह) के तीन पाद (क़दम) हैं. ऊपर, नीचे और दोनों को मिलाने वाला बीच. 'वहाँ' भी कह सकते हैं. इन्हीं के रूप लम्बाई, चौड़ाई और गहराई हैं.

क्रिया (हरकत) की तीन दिशाएँ (तीन सिम्त) हैं. इन्हीं को तीन 'प्रकार' भी कह सकते हैं,—आगे, पीछे और गोल चक्कर, दूसरे शब्दों में बढ़ना, सिकुड़ना और सुरीलापन. या वह शक्ति जो सब चीज़ों को मरकज़ की तरफ़ खींचती है, वह जो सबको मरकज़ से दूर फेंकती है, और वह जो चीज़ों को गोलाकार घुमाती है.

यह सब केवल कल्पनाएँ हैं, तसव्वुर हैं, सब ख़ाम-ख़याली हैं. इनका रूप जब बनता है जब इनके साथ किसी द्रव्य, किसी तत्व, किसी तरह के ठोस मादे का सम्बन्ध होता है, तब यह सब कल्पनाएँ हमारी ज़िन्दगी के तजरबे बन जाती हैं.

آئنسٹائن کا سدھانت اور ویدانت

ڈاکٹر بھگوان داس

یہ دنیا کیا ہے ؟

آتما' روح یعنی 'میں' کیا ہوں اور ان آتما یعنی مادہ یعنی یہ سب جو دکھائی دیتا ہے یہ کیا ہے' اور اِن دونوں میں کیا سمبندھ ہے ؟ یہی سوال درشن شاستر (فلسفے) کا مکھیہ سوال ہے اور یہی سوال تیزی کے ساتھ سائنس کا مکھیہ سوال ہوتا جا رہا ہے ۔

آتما اور ان آتما کے میل کے دو پہلو ہیں ۔ ایک پہلو ہے جسے ہم دیش' کال' اور کریا' یعنی مکان' زمان اور حرکت کہہ کر ہم بیان کرتے ہیں' اور دوسرا پہلو شکتی کے روپ میں دکھائی دیتا ہے' جسے ہم کریا' پرتی کریا اور کاریہ کارن سمبندھ یعنی عمل' رد عمل اور علت اور معلول کا رشتہ کہہ سکتے ہیں ۔ دنیا میں ہمارے سارے انوبھو اِنھیں میں آجاتے ہیں ۔

جب ہمیں چیزیں ایک دوسرے کے بعد ہوتی معلوم ہوتی ہیں تو کال (سمے) کی کلپنا پیدا ہوتی ہے ۔ بہت سی چیزوں کے ایک ساتھ وجود سے دیش (جگہ) کی کلپنا پیدا ہوتی ہے ۔ چیزوں کے ادلنے بدلنے سے کریا (حرکت) کی کلپنا پیدا ہوتی ہے ۔ اِن تینوں کال' دیش اور کریا کا ایک دوسرے کے ساتھ اٹوٹ سمبندھ ہے ۔

کال (سمے) کے تین کرم ہیں بھوت' بھوشیہ اور دونوں کو ملانے والا ورتمان ۔ دیش (جگہ) کے تین پاد (قدم) ہیں ۔ اوپر' نیچے اور دونوں کو ملانے والا بیچ ۔ اِنھیں کو پیچھے' آگے اور ملانے والا 'یہاں' بھی کہہ سکتے ہیں ۔ اِنھیں کے روپ لمبائی' چوڑائی اور گہرائی ہیں ۔

کریا (حرکت) کی تین دشائیں (تین سمت) ہیں ۔ اِنھیں کو تین 'پرکار' بھی کہہ سکتے ہیں'— آگے' پیچھے اور گول چکر دوسرے شبدوں میں بڑھنا' سکڑنا اور سریلا پن ۔ یا وہ شکتی جو سب چیزوں کو مرکز کی طرف کھینچتی ہے' وہ جو سب کو مرکز سے دور پھینکتی ہے' اور وہ جو چیزوں کو گولاکار گھماتی ہے ۔

یہ سب کیول کلپنائیں ہیں' تصور ہیں' سب خام خیالی ہیں ۔ اِن کا روپ جب بنتا ہے جب اِن کے ساتھ کسی درویہ' کسی تتو' کسی طرح کے ٹھوس مادے کا سمبندھ ہوتا ہے ۔ تب یہ سب کلپنائیں ہماری زندگی کے تجربے بن جاتی ہیں ۔

चित्रकला और ईरानी और वस्त एशिया की चित्रकला को मिलाकर एक बहुत ही .ख़ूबसूरत चित्रकला के नये ढंग को जनम दिया गया. ईरानी और मध्य एशिया के चितेरों ने भारतीय चित्रकारों के पास बैठकर भारतीय कला के सुन्दर आदर्शों को अपनी कल्पना की उड़ान से और ज़्यादा माँझा और सुन्दर बनाया. दोनों, हिन्दू और मुसलमान, कलाकारों ने इस नई शैली को यकसाँ अपनाया. उस समय के किसी चित्र को देखकर यह कह सकना नामुमकिन है कि अमुक चित्र का बनाने वाला हिन्दू चित्रकार है या मुसलमान चित्रकार. जगह जगह इस नई कला के केन्द्र या मरकज़ क़ायम किये गये. राजपूताना के राजपूत राजाओं, कांगड़ा की रियासतों और मध्य भारत के शासकों ने इस नई चित्रकला को बढ़ावा दिया. इसके अलावा मुख़तलिफ़ सूबों में जहाँ मुग़ल सूबेदार रहते थे या आज़ाद मुसलमान राजाओं ने अपने अपने दरबारों में इस कला को बेहद बढ़ावा दिया. अलग अलग सूबों में और अलग अलग दरबारों में मुक़ामी हालत की वजह से थोड़ा थोड़ा फ़र्क़ इन चित्रकारों की कला में दिखाई देता है लेकिन असली रूह एक ही है. वही सुन्दरता, वही चमक दमक, वही रूमानी अन्दाज़, वही रहस्यवाद—इस नई कला के विविध रूपों में दिखाई देता है और इस कला को एकता को क़ायम रखता है.

संगीत कला

कला में संगीत की एक ख़ास जगह है. यह हर शख़्स जानता है कि मुसलमान संगीतकार और गवइये जिस संगीत का अभ्यास करते हैं वह बिलकुल हिन्दुओं का ही संगीत है. यूँ उत्तर और भारत की संगीत शैली में ऊपरी .फ़र्क़ है; या एक शैली और दूसरी शैली और थोड़ा बहुत अन्तर है लेकिन यह अन्तर मज़हब की वजह से नहीं है. इसकी वजह सिर्फ़ मुक़ामी है. मुसलमानों ने हिन्दू संगीत की महारत हासिल की और नये नये बाजों, नये नये रागों और नई शैलियों से संगीत के दायरे को बढ़ाया. हिन्दुओं ने भी इन नये बाजों और नई राग-रागनियों को खुले दिल से सीखा. हिन्दू उस्तादों के मुसलिम शागिर्द और मुसलिम उस्तादों के हिन्दू शागिर्द एक आम बात थी. उस्ताद और शागिर्दों में अगर हम कोई .फ़र्क़ ढूँढ़ना चाहें तो ढूँढ़ना नामुमकिन है. संगीत और नाच की कला में बड़ी कामयाबी के साथ दोनों कलाओं का मेल जोल बैठाया गया.

लेकिन कल्चरी मेल जोल का कोई बयान उस समय तक पूरा नहीं हो सकता जब तक हम इस बात को न जान लें कि मज़हबी दायरे में हिन्दू मज़हब ने इसलाम पर क्या क्या असरात डाले. हम आगे कभी इस मज़हबी मेल जोल को और इसलाम पर हिन्दू धर्म के असर को बयान करेंगे.

[अंगरेज़ी से तर्जुमा—विश्वम्भरनाथ पांडे]

چترکلا اورایرانی اور وسط ایشیا کی چترکلا کو ملا کر ایک بہت ہی خوبصورت چترکلا کے نئے ڈھنگ کو جنم دیا گیا۔ ایرانی اور مدھیہ ایشیا کے چتیروں نے بھارتیہ چتر کاروں کے پاس بیٹھ کر بھارتیہ چترکلا کے سندر آدرشوں کو اپنی کلپنا کی اڑان سے اور زیادہ مانجھا اور سندر بنایا۔ دونوں ' ہندو اور مسلمان ' کلاکاروں نے اِس نئی شیلی کو یکساں اپنایا۔ اُس سمے کے کسی چتر کو دیکھ کر یہ کہہ سکنا ناممکن ہے کہ امک چتر کا بنانے والا ہندو چترکار ہے یا مسلمان چترکار۔ جگہ جگہ اِس نئی کلا کے کیندر یا مرکز قایم کیئے گئے۔ راجپوتانہ کے راجپوت راجاؤں 'کانگڑا کی ریاستوں اور مدھیہ بھارت کے شاسکوں نے اِس نئی چترکلا کو بڑھاوا دیا۔ اِس کے علاوہ مختلف صوبوں میں جہاں مغل صوبیدار رہتے تھے یا آزاد مسلمان راجاؤں نے اپنے اپنے درباروں میں اِس کلا کو بےحد بڑھاوا دیا۔ الگ الگ صوبوں میں اور الگ الگ درباروں میں مقامی حالت کی وجہ سے تھوڑا تھوڑا فرق اِن چترکاروں کی کلا میں دکھائی دیتا ہے لیکن اصلی روح ایک ہی ہے۔ وہی سندرتا وہی چمک دمک ' وہی رومانی انداز ' وہی رہسواد— اِس نئی کلا کے وودھ روپوں میں دکھائی دیتا ہے اور اس کلا کی ایکتا کو قایم رکھتا ہے۔

سنگیت کلا

کلا میں سنگیت کی ایک خاص جگہ ہے۔ یہ ہر شخص جانتا ہے کہ مسلمان سنگیت کار اور گویئے جس سنگیت کا ابھیاس کرتے ہیں وہ بالکل ہندوؤں کا ہی سنگیت ہے۔ یوں اتر اور بھارت کی سنگیت میں شیلی اوپری فرق ہے یا ایک شیلی اور دوسری شیلی میں تھوڑا بہت انتر ہے لیکن یہ انتر مذہب کی وجہ سے نہیں ہے۔ اُسکی وجہ صرف مقامی ہے۔ مسلمانوں نے ہندو سنگیت کی مہارت حاصل کی اور نئے نئے باجوں' نئے نئے راگوں' نئی شیلیوں سے سنگیت کے دایرے کو بڑھایا۔ ہندوؤں نے بھی اِن نئے باجوں اور نئی راگ راگنیوں کو کھلے دل سے سیکھا۔ ہندو استادوں کے مسلم شاگرد اور مسلم استادوں کے ہندو شاگرد ایک عام بات تھی۔ استاد اور شاگردوں میں اگر آج ہم کوئی فرق ڈھونڈھنا چاہیں تو ڈھونڈھنا ناممکن ہے۔ سنگیت اور ناچ کی میں کلا بڑی کامیابی کے ساتھ دونوں کلاؤں کا میل جول بیٹھ گیا۔

لیکن کلچری میل جول کا کوئی بیان اُس سمے تک پورا نہیں ہوسکتا جب تک ہم اِس بات کو نہ جان لیں کہ مذہبی دائرے میں ہندو مذہب نے اِسلام پر کیا کیا اثرات ڈالے۔ ہم آگے کبھی اِس مذہبی میل جول کو اور اِسلام پر ہندو دھرم کے اثر کو بیان کریں گے۔

[انگریزی سے ترجمہ—وشومبھر ناتھ پانڈے]

हुये थे, यहीं पले थे और यहीं बड़े हुये थे. उनकी रग रग में हिंदुस्तानियत पेवस्त थी फिर उनकी कला पर हिंदुस्तान का असर क्यों न पड़ता, हालाँकि उनके रास्ते में रुकावटें थीं और वे चोटी के कारीगर भी न थे फिर भी उनकी छेनी और हथौड़ी ने उन इमारतों पर हिन्दुस्तान की कला की साफ़ छाप छोड़ी है. इस तरह उस जमाने की मुसलिम इमारतों पर हिन्दुस्तानी कल्चर का गहरा असर दिखाई देता है. हर डिज़ाइन में हिन्दू तर्ज़ ढूँढ लीजिये. यह जोरदार लफ़्ज़ों में कहा जा सकता है कि मुसलमानों को हिन्दुस्तान में रहते रहते ज्यों-ज्यों ज्यादा दिन बीतते गये, त्यों त्यों उनकी कला पर हिन्दुस्तानियत का गहरा पुट चढ़ता गया."

मुग़लों की तामीरी कला

मुग़लों की तामीरी कला के मुताल्लिक़ यहाँ कुछ कहने की जरूरत नहीं. मुग़ल कला का निखार अकबर के जमाने में हुआ. अकबर ने ऊँचे दरजे के एक ख़ास हिन्दुस्तानी आर्ट को जनम दिया. शाहजहाँ का झुकाव ईरानी आर्ट की तरफ़ था. लेकिन शाहजहाँ भी अकबर के आर्ट की रूह को न बदल सका. तामीरी कला के जानने वालों का बयान है कि शाहजहाँ की इमारतों का बाहरी हिस्सा ईरानी तर्ज़ का है लेकिन इमारतों के भीतर ख़ालिस हिन्दुस्तानी कला के ठोस नमूने नजर आते हैं.

अगर हम इस उसूल को मान लें कि कला के ही जरिये किसी मुल्क या क़ौम की आत्मा का पता चलता है तो यह एक बेकाट सचाई है कि मँझले जमाने के भारत की तामीरी कला में एक ही आत्मा और एक ही कल्चर के दर्शन मिलते हैं. पन्द्रहवीं सदी के बाद से हिन्दू या मुसलमानों की बनवाई हुई एक भी इमारत ऐसी न मिलेगी, चाहे वह क़िला हो या महल, मन्दिर हो या मसजिद जिस पर मिली जुली हिन्दुस्तानी कला की छाप न पड़ी हो—ऐसी कला जिसे मुसलमान हुक्मरानों के साये में हिन्दू शिल्पी और संगतराशों ने तरक़्क़ी दी. पन्द्रहवीं सदी में ग्वालियर में राजा मानसिंह के बनवाये हुये महल इस भारतीय मुसलिम कला के सबसे पहले नमूने हैं. जिस तरह मुसलमान शासकों के बनवाये हुये मक़बरों, महलों और मसजिदों पर भारतीय हिन्दू कला की छाप है उसी तरह वृन्दावन के वैष्णव मन्दिरों, हिन्दू राजाओं और साधुओं की समाधियों और छतरियों पर और भारत में फैली हुई बेशुमार हिन्दू इमारतों पर भारतीय मुसलिम कला की यानी मिली-जुली भारतीय कला की छाप है.

चित्रकला

चित्रकला यानी तसवीर साज़ी के दायरे में भी इसी मिली जुली कला के हमें दर्शन मिलते हैं. क़दीम भारतीय

ہوئے تھے، یہیں پلے تھے اور یہیں بڑے ہوئے تھے۔ اُن کی رگ رگ میں ہندستانیت پیوست تھی پھر اُن کی کلا پر ہندستان کا اثر کیوں نہ پڑتا؟ حالانکہ اُن کے راستے میں رکاوٹیں تھیں اور وے چوٹی کے کاریگر بھی نہ تھے پھر بھی اُن کی چھینی اور ہتھوڑیوں نے اُن عمارتوں پر ہندستان کی کلا کی صاف چھاپ چھوڑی ہے۔ اِس طرح اُس زمانے کی مسلم عمارتوں پر ہندستانی کلچر کا گہرا اثر دکھائی دیتا ہے۔ ہر ڈزائن میں ہندو طرز ڈھونڈھ لیجئے۔ یہ زوردار لفظوں میں کہا جا سکتا ہے کہ مسلمانوں کو ہندستان میں رہتےرہتے جیوں جیوں دن بیتتے گئے، تیوں تیوں اُن کی کلا پر ہندستانیت کا گہرا پٹ چڑھتا گیا۔"

مغلوں کی تعمیری کلا

مغلوں کی تعمیری کلا کے متعلق یہاں کچھ کہنے کی ضرورت نہیں۔ مغل کلا کا نکھار اکبر کے زمانے میں ہوا۔ اکبر نے اونچے درجے کے ایک خاص ہندستانی آرٹ کو جنم دیا۔ شاہجہاں کا جھکاؤ ایرانی آرٹ کی طرف تھا۔ لیکن شاہجہاں بھی اکبر کے آرٹ کی روح کو نہ بدل سکا۔ تعمیری کلا کے جاننے والوں کا بیان ہے کہ شاہجہاں کی عمارتوں کا باہری حصہ ایرانی طرز کا ہے لیکن عمارتوں کے بھیتر خالص ہندستانی کلا کے ٹھوس نمونے نظر آتے ہیں۔

اگر ہم اِس اصول کو جان لیں کہ کلا کے ہی ذریعہ کسی ملک یا قوم کی آتما کا پتہ چلتا ہے تو یہ ایک بےکاٹ سچائی ہے کہ مانجھلے زمانے کے بھارت کی تعمیری کلا میں ایک ہی آتما اور ایک ہی کلچر کے درشن ملتے ہیں۔ پندرھویں صدی کے بعد سے ہندو یا مسلمانوں کی بنوائی ہوئی ایک بھی عمارت ایسی نہ ملےگی، چاہے وہ قلعہ ہو یا محل، مندر ہو یا مسجد جس پر ملی جلی ہندستانی کلا کی چھاپ نہ پڑی ہو— ایسی کلا جسے مسلمان حکمرانوں کے سایہ میں ہندو شلپی اور سنگتراشوں نے ترقی دی۔ پندرھویں صدی میں گوالیر کے راجہ مان سنگھ کے بنوائے ہوئے محل اِس بھارتیہ مسلم کلا کے سب سے پہلے نمونے ہیں۔ جس طرح مسلمان شاسکوں کے بنوائے ہوئے مقبروں، محلوں اور مسجدوں پر بھارتیہ ہندو کلا کی چھاپ ہے اُسی طرح ورنداون کے ویشنو مندروں، ہندو راجاؤں اور سادھوؤں کی سمادھیوں اور چھتریوں پر اور بھارت میں پھیلی ہوئی بےشمار ہندو عمارتوں پر بھارتیہ مسلم کلا کی یعنی ملی جلی بھارتیہ کلا کی چھاپ ہے۔

چتر کلا

چتر کلا یعنی تصویر سازی کے دائرے میں بھی اِسی ملی جلی کلا کے ہمیں درشن ملتے ہیں۔ قدیم بھارتیہ

हिन्दुस्तान की कल्चर और इसलाम

हिन्दुस्तान के पुरातत्त्व यानी आर्कियालाजी डिपार्टमेंट के साबिक डाइरेक्टर जनरल सर जान मार्शल ने 'कैम्ब्रिज हिस्ट्री आफ इण्डिया' के भाग तीन के 'मुसलिम ज़माने की इमारतें' नामक अध्याय में लिखा है:—

"जब हिन्दू और मुसलिम तामीरी कला यानी इमारत साज़ी का समन्वय (मेल) हुआ तो मुसलिम तामीरी कला ने हिन्दू तामीरी कला से बहुत कुछ सीखा. हिन्दू फ़लसफ़े को ज़ाहिर करने वाली हिन्दू शकलें, बेल बूटे और नक़्क़ाशी किसी न किसी शक्ल में मुसलिम इमारतों में शामिल कर ली गईं. इस तरह जो हिन्दू चीज़ें मुसलिम इमारतों में ली गईं उनकी तादाद बेशुमार है. मुसलिम आर्ट के ऊपर हिन्दू शैली का यह क़रज़ा तो ठोस और ऊपर दिखाई देता है लेकिन हिन्दुस्तानी मुसलिम आर्ट पर हिन्दू कला की दो बातों ने सबसे ज़्यादा असर डाला और वे दो बातें हैं—इमारतों की मज़बूती और मज़बूती के साथ साथ उनका आलीशान होना. दूसरे मुल्कों में मुसलिम तामीरी कला की कुछ दूसरी ख़ुसूसियतें हैं. यरुसलम में हरे और सुनहले पत्थरों के स्लैब (चौके) फ़र्श पर या कमरों की दीवारों पर लगाये जाते हैं. ईरान में मकानों के टाइल बढ़िया से बढ़िया रंगों में रंगे जाते हैं. स्पेन की मुसलिम तामीरी कला ने अजीबो ग़रीब तर्ज़ पैदा किये लेकिन किसी भी मुल्क में मुसलिम तामीरी कला में इमारतों की मज़बूती और ख़ूबसूरती का उससे बेहतर मेल नहीं बैठाया गया जितना हिन्दुस्तान में. ये दोनों ख़ुसूसियतें हिन्दुस्तान की अपनी हैं और ये ऐसी ख़ुसूसियतें हैं जिनको तामीरी कला में और दूसरी ख़ुसूसियतों से ज़्यादा अहमियत है."

हिन्दुस्तान में पहली मुसलिम इमारत सन 1911 में तामीर हुई. यह 'क़ुव्वतुल इसलाम' नाम की एक मसजिद है जिसे क़ुतुबुद्दीन ऐबक ने तामीर कराया. इस मसजिद के मुताल्लिक सर जान मार्शल लिखते हैं:—

"इस मसजिद को चाहे भीतर से देखिये चाहे बाहर से, यही मालूम होता है कि यह कोई हिन्दू इमारत है. सिर्फ़ पीछे दीवार के पाँच मेहराबों को छोड़कर इस इमारत में एक भी चिह्न ऐसा नहीं है जिससे इसका मुसलमानी होना ज़ाहिर होता हो."

क़ुतुबुद्दीन के दो सौ बरस बाद फ़ीरोज़शाह तुग़लक़ को भी इमारतें बनाने का बेहद शौक़ हुआ. इतिहास लेखक उसके बनवाये हुये शहरों, क़िलों, महलों, मसजिदों और मक़बरों आदि की एक लम्बी फ़ेहरिस्त पेश करते हैं. तुग़लक़ ज़माने के फ़ने तामीर के मुताल्लिक कहा जाता है कि उस पर से हिन्दू असर कम हो गया था. ताहम—

"जिन संगतराशों और मेमारों ने इन तुग़लक़ी इमारतों को तामीर किया वे सब के सब हिन्दुस्तान में पैदा

ہندستان کی کلچر اور اسلام

ہندستان کے پُراتتو یعنی آرکیالاجی ڈیپارٹمنٹ کے سابق ڈائرکٹر سر جان مارشل نے 'کیمبرج ہسٹری آف انڈیا' کے بھاگ تین کے 'مسلم زمانے کی عمارتیں' نامک ادھیائے میں لکھا ہے:—

"جب ہندو اور مسلم تعمیری کلا یعنی عمارت سازی کا سنگم (میل) ہوا تو مسلم تعمیری کلا نے ہندو تعمیری کلا سے بہت کچھ سیکھا۔ ہندو فلسفے کو ظاہر کرنے والی ہندو شکلیں، بیل بوٹے اور نقاشی کسی نہ کسی شکل میں مسلم عمارتوں میں شامل کر لی گئیں۔ اِس طرح جو ہندو چیزیں مسلم عمارتوں میں لی گئیں اُن کی تعداد بےشمار ہے۔ مسلم آرٹ کے اوپر ہندو شیلی کا یہ قرضہ تو ٹھوس اور اوپر دکھائی دیتا ہے لیکن ہندستانی مسلم آرٹ پر ہندو کلا کی دو باتوں نے سب سے زیادہ اثر ڈالا اور وہ دو باتیں ہیں—عمارتوں کی مضبوطی اور مضبوطی کے ساتھ ساتھ اُن کا عالیشان ہونا۔ دوسرے ملکوں میں مسلم تعمیری کلا کی کچھ دوسری خصوصیتیں ہیں۔ یروشلم میں ہرے اور سنہلے پتھروں کے سلیب (چوکے) فرش پر یا کمروں کی دیواروں پر لگائے جاتے ہیں۔ ایران میں مکانوں کے ٹائل بڑھیا سے بڑھیا رنگوں میں رنگے جاتے ہیں۔ اسپین کی مسلم تعمیری کلا نے عجیب و غریب طرز پیدا کئے لیکن کسی بھی ملک میں مسلم تعمیری کلا میں عمارتوں کی مضبوطی اور خوبصورتی کا اِس سے بہتر میل نہیں بیٹھایا گیا جتنا ہندستان میں۔ یہ دونوں خاصیتیں ہندستان کی اپنی ہیں اور یہ ایسی خاصیتیں ہیں جن کی تعمیری کلا میں اور دوسری خاصیتوں سے زیادہ اہمیت ہے۔"

ہندستان میں پہلی مسلم عمارت سن 1191 میں تعمیر ہوئی۔ یہ 'قوۃالاسلام' نام کی ایک مسجد ہے جسے قطب الدین ایبک نے تعمیر کرایا۔ اِس مسجد کے متعلق سر جان مارشل لکھتے ہیں:—

"اِس مسجد کو چاہے بھیتر سے دیکھئے چاہے باہر سے، یہی معلوم ہوتا ہے کہ یہ کوئی ہندو عمارت ہے۔ صرف پیچھے دیوار کے پانچ محرابوں کو چھوڑ کر اِس عمارت میں ایک بھی چنہ ایسا نہیں ہے جس سے اِس کا مسلمانی ہونا ظاہر ہوتا ہو۔"

قطب الدین کے دو سو برس بعد فیروز شاہ تغلق کو بھی عمارتیں بنانے کا بےحد شوق ہوا۔ اتہاس لیکھک اس کے بنائے ہوئے شہروں، قلعوں، محلوں، مسجدوں اور مقبروں آدی کی ایک لمبی فہرست پیش کرتے ہیں۔ تغلق زمانے کے فنِ تعمیر کے متعلق کہا جاتا ہے کہ اُس پر سے ہندو اثر کم ہو گیا تھا۔ تاہم:—

"جن سنگتراشوں اور معماروں نے اِن تغلقی عمارتوں کو تعمیر کیا وہ سب کے سب ہندستان میں پیدا

मुसलमान और सूबाई ज़बानें

यहाँ इसका ज़िक्र कर देना ज़रूरी है कि मुसलमानों ने हिन्दुस्तान की दूसरी सूबाई ज़बानों को तरक्क़ी देने में कोई कसर बाक़ी नहीं उठा रखी पंजाबी, हिन्दी और बंगला की तरक्क़ी का एक बहुत बड़ा सबब यह है कि मुसलमान नवाबों, उमराओं, और मसलमान मुसन्निफ़ों और शायरों ने इन ज़ुबानों को तरक्क़ी देने और माला-माल करने में बहुत बड़ा हिस्सा लिया. आज अगर इन ज़ुबानों को अपनी तरक़्क़ी पर नाज़ है तो उसके लिये हिन्दू और मुसलमान दोनों को बधाई देनी चाहिये। यह भी कहने की ज़रूरत नहीं कि हिन्दू और मुसलमान दोनों का तर्जे अदब और तर्जे सख़ुन यकसाँ था. लोगों के लिये यह बता सकना नामुमकिन है कि अमुक नज़्म किसी मुसलमान की लिखी है या हिन्दू की। पंजाबी और बंगला के हिन्दू और मुसलमान लेखकों का लिखने का तर्ज बिल्कुल एक सा है. उसमें किसी तरह का फ़र्क़ नहीं पाया जाता. दोनों में कल्चर की एक ही धारा दिखाई देती है. बल्कि अगर हिन्दुस्तान के मुसलमान लेखकों और शायरों की रचनाओं और ईरान, तुर्की और मिस्र के शायरों और लेखकों की रचनाओं का मुक़ाबला किया जाय तो साफ़ फ़र्क़ नज़र आयेगा. हिन्दुस्तान के मुसलमानों और बाहर के मुसलमानों की कल्चर, सोचने के तरीक़ों और लिखने के तर्ज़ में बहुत फ़र्क़ है. अंगरेज़ों के आने से पहले मुख़्तलिफ़ सूबों के रहने वाले मुसलमानों ने अपने अपने सूबों की ज़बानें अपना ली थीं. वे उन्हीं में बोलते थे, उन्हीं में लिखते थे और उन्हीं में सोचते थे.

मुसलिम तामीरी कला

कल्चरी या सांस्कृतिक मेल-जोल की यह धारा सिर्फ़ ज़बान और अदब तक ही महदूद नहीं रही. उसका असर फ़लसफ़ा, साइंस, और आर्ट पर भी पड़ा. गणित, ज्योतिष, भूगोल, हिकमत, धर्म शास्त्र वग़ैरह सभी बातों में एक दूसरी की अच्छी बातों का एक दूसरे से सीखा गया. लेकिन दोनों कल्चरों का अज़ीमुश्शान संगम आर्ट के दायरे में हुआ.

मुसलमानों ने हिन्दुस्तान में आने से पहले कला के दायरे में एक नई तरह की कला यानी आर्ट को जनम दिया था. लेकिन जब वे इस मुल्क में आकर बसे, उन्होंने हिन्दुस्तान की कला का ख़ास ख़ास बातों को अपनी कला में शामिल करना शुरू कर दिया. तेरहवीं सदी से लेकर उन्नीसवीं सदी तक मुसलमानों ने जो इमारतें, क़िले और मक़बरे बनाये उनमें इसी एकता और मेल-जोल की तसवीर दिखाई देती है. दोनों कलाओं का संगम साफ़ चमकता हुआ नज़र आता है.

مسلمان اور صوبائی زبانیں

یہاں اُس کا ذکر کر دینا ضروری ھے کہ مسلمانوں نے هندستان کی دوسری صوبائی زبانوں کو ترقی دینے میں کوئی کسر باقی نہیں اٹھا رکھی ۔ پنجابی٬ هندی اور بنگلا کی ترقی کا ایک بہت بڑا سبب یہ ھے کہ مسلمان نوابوں٬ اُمراؤں٬ اور مسلمان مصنفوں اور شاعروں نے اِن زبانوں کو ترقی دینے اور مالا مال کرنے میں بہت بڑا حصہ لیا ۔ آج اگر اِن زبانوں کو اپنی ترقی پر ناز ھے تو اُس کے لئے هندؤں اور مسلمانوں دونوں کو بدھائی دینی چاهئے۔ یہ بھی کہنے کی ضرورت نہیں کہ هندو اور مسلمان دونوں کا طرز ادب اور طرز سخن یکساں تھا۔ لوگوں کے لئے یہ بتا سکنا ناممکن ھے کہ امک نظم کسی مسلمان کی لکھی ھے یا هندو کی ۔ پنجابی اور بنگلا کے هندو اور مسلمان لیکھکوں کا لکھنے کا طرز بالکل ایکسا ھے ۔ اُس میں کسی طرح کا فرق نہیں پایا جاتا ۔ دونوں میں کلچر کی ایک هی دھارا دکھائی دیتی ھے ۔ بلکہ اگر هندستان کے مسلمان لیکھکوں اور شاعروں کی رچناؤں اور ایران٬ ترکی اور مصر کے شاعروں اور لیکھکوں کی رچناؤں کا مقابلہ کیا جائے تو صاف فرق نظر آئیگا ۔ هندستان کے مسلمانوں اور باهر کے مسلمانوں کی کلچر٬ سوچنے کے طریقوں اور لکھنے کے طرز میں بہت فرق ھے ۔ انگریزوں کے آنے سے پہلے مختلف صوبوں کے رهنے والے مسلمانوں نے اپنے اپنے صوبوں کی زبانیں اپنا لی تھیں ۔ وہ اُنہیں میں بولتے تھے٬ اُنہیں میں لکھتے تھے اور اُنہیں میں سوچتے تھے ۔

مسلم تعمیری کلا

کلچری یا سانسکرتک میل جول کی یہ دھارا صرف زبان اور ادب تک هی محدود نہیں رهی ۔ اس کا اثر فلسفہ٬ سائنس اور آرٹ پر بھی پڑا ۔ گنت٬ جیوتش٬ بھوگول٬ حکمت٬ دھرم شاستر وغیرہ سبھی باتوں میں ایک دوسرے کی اچھی باتوں کو ایک دوسرے سے سیکھا گیا ۔ لیکن دونوں کلچروں کا عظیم الشان سنگم آرٹ کے دائرے میں هوا ۔

مسلمانوں نے هندستان میں آنے سے پہلے کلا کے دائرے میں ایک نئی طرح کی کلا یعنی آرٹ کو جنم دیا تھا ۔ لیکن جب وہ اس ملک میں آ کر بسے٬ اُنہوں نے هندستان کی کلا کی خاص خاص باتوں کو اپنی کلا میں شامل کرنا شروع کر دیا ۔ تیرھویں صدی سے لے کر اُنیسویں صدی تک مسلمانوں نے جو عمارتیں٬ قلعے اور مقبرے بنائے اُن میں اِسی ایکتا اور میل جول کی تصویر دکھائی دیتی ھے ۔ دونوں کلاؤں کا سنگم صاف چمکتا هوا نظر آتا ھے ۔

मुसलमान और हिन्दुस्तान की ज़बानें

अगर हम बाहरी बातों को छोड़कर तहज़ीब, तमद्दुन और कल्चर (संस्कृति) पर ग़ौर करें, तो हम देखेंगे कि यहाँ भी उसी तरह का मेल-मिलाप का संगम हुआ है. ज़रा इस बात पर ग़ौर किया जाय कि सच्ची हिन्दुस्तानी कल्चर की तामीर में मुसलमानों ने कितनी क़ुर्बानी की है. ज़बान (भाषा) की ही मिसाल को लीजिये. किसी क़ौम के जज़बातों और उसके ख़यालों को ज़ाहिर करने का सबसे अहम ज़रिया ज़बान ही है. इसलाम की पाक ज़बान अरबी है। जो हमलावर मुसलमान सबसे पहले सिन्ध में आये अरबी उनकी मादरी और वतनी ज़बान थी। हालाँकि पढ़े लिखे लोग ही अरबी की तालीम लेते थे ताहम अरबी हिन्दुस्तान के हर हिस्से में रायज हो गई. मध्य ऐशिया से जो हमलावर यहाँ आये उनकी मादरी ज़बान तुर्की थी. हिन्दुस्तान में मुसलमानों की हुकूमत के आग़ाज़ और ख़ात्मे के वक्त तक सरकारी ज़बान फ़ारसी थी। आज हिन्दुस्तानी मुसलमान इन तीनों ज़ुबानों में से एक भी ज़ुबान नहीं बोलते और न हमलावरों ने ही हारे हुओं पर इन ज़ुबानों को लादा.

इसके बरअक्स मुसलमानों ने हिन्दुस्तान की सूबाई ज़ुबानों को अपना लिया और अपनी भाषाओं के शब्दों और महाविरों से उन्हें सजाया और सँवारा. पँजाब के मुसलमान पंजाबी बोलते हैं, बंगाल के मुसलमान बंगला बोलते हैं, गुजरात के मुसलमान गुजराती और महाराष्ट्र के मुसलमान मराठी बोलते हैं, ग़रज़ यह कि मुसलमान जिस सूबे में रहते हैं उसी सूबे की ज़ुबान बोलते हैं. उस सूबे के हिन्दू और मुसलमान एक ही ज़ुबान में अपने ख़यालातों का इज़हार करते हैं. सिर्फ़ एक ही ज़ुबान रह जाती है और वह है उर्दू. लेकिन उर्दू मुसलमानों की ज़ुबान है ही नहीं. वह हिन्दुस्तान से बाहर किसी भी मुसलिम मुल्क में नहीं बोली जाती. उसे कोई मुसलिम विजेता बाहर से यहाँ नहीं लाया. उर्दू हिन्दी भाषा की ही एक रूप है. उसके ज़्यादातर अलफ़ाज़, उसका व्याकरण सब यहीं से लिया गया. दर असल उर्दू का मूल रूप वह भाषा है जो दिल्ली के आस-पास बोली जाती है और जिसे खड़ी बोली कहते हैं. जब मुसलमान दिल्ली और उसके आस पास के इलाक़े में बस गये तो वे भी खड़ी बोली ही बोलने लगे. वही बाद में अदबी ज़बान बन गई. हिन्दू और मुसलमान दोनों ने इसके अदब को बढ़ाया और सजाया. सच पूछा जाय तो अंग्रेज़ी के प्रचार के पहले उर्दू हिन्दुस्तान की बोलचाल की ज़बान थी

مسلمان اور هندستان کی زبانیں

اگر هم باهری باتوں کو چھوڑ کر 'تہذیب' تمدن اور کلچر (سنسکرتی) پر غور کریں، تو هم دیکھیں گے که یہاں بھی اُسی طرح کا میل ملاپ کا سنگم ہوا ھے ۔ ذرا اِس بات پر غور کیا جائے که سچی هندستانی کلچر کی تعمیر میں مسلمانوں نے کتنی قربانی کی ھے ۔ زبان (بھاشا) کی ھی مثال کو لیجئے۔ کسی قوم کے جذباتوں اور اُس کے خیالوں کو ظاہر کرنے کا سب سے اہم ذریعہ زبان ھی ھے ۔ اِسلام کی پاک زبان عربی ھے ۔ جو حملهآور مسلمان سب سے پہلے سندھ میں آئے عربی اُن کی مادری اور وطنی زبان تھی ۔ حالانکه پڑھے لکھے لوگ ھی عربی کی تعلیم لیتے تھے تاهم عربی هندستان کے هر حصه میں رائج هو گئی ۔ مدھیه ایشیا سے جو حملهآور یہاں آئے اُن کی مادری زبان ترکی تھی ۔ هندستان میں مسلمانوں کی حکومت کے آغاز اور خاتمه کے وقت تک سرکاری زبان فارسی تھی ۔ آج هندستانی مسلمان اِن تینوں زبانوں میں سے ایک بھی زبان نہیں بولتے اور نه حملهآوروں نے ھی هارے هوؤں پر اِن زبانوں کو لادا ۔

اُس کے برعکس مسلمانوں نے هندستان کی صوبائی زبانوں کو اپنا لیا اور اپنی بھاشاؤں کے شبدوں اور محاوروں سے انہیں سجایا اور سنوارا ۔ پنجاب کے مسلمان پنجابی بولتے هیں، بنگال کے مسلمان بنگلا بولتے هیں، گجرات کے مسلمان گجراتی اور مہاراشٹر کے مسلمان مراٹھی بولتے هیں ۔ غرض یه که مسلمان جس صوبے میں رہتے هیں اُس صوبے کی زبان بولتے هیں ۔ اِس صوبے کے هندو اور مسلمان ایک هی زبان میں اپنے خیالوں کا اظہار کرتے هیں ۔ صرف ایک هی زبان رہ جاتی ھے اور وہ ھے اُردو ۔ لیکن اردو مسلمانوں کی زبان ھے هی نہیں ۔ وہ هندستان کے باہر کسی ملک میں نہیں بولی جاتی ۔ اُسے کوئی مسلم وجیتا باہر سے یہاں نہیں لایا ۔ اُردو هندی بھاشا کا هی ایک روپ ھے ۔ اُس کے زیادہتر الفاظ، اُس کا ویاکرن سب یہیں سے لیا گیا ۔ دراصل اردو کا مول روپ وہ بھاشا ھے جو دلی کے آس پاس بولی جاتی ھے اور جسے کھڑی بولی کہتے هیں ۔ جب مسلمان دلی اور اُس کے آس پاس کے علاقے میں بس گئے تو وے بھی کھڑی بولی هی بولنے لگے ۔ وهی بعد میں ادبی زبان بن گئی ۔ هندو اور مسلمان دونوں نے اُس کے ادب کو بڑھایا اور سجایا ۔ سچ پوچھا جائے تو انگریزی کے پرچار کے پہلے اردو هندستان کی بول چال کی زبان تھی ۔

वेद मंत्रों की धुन के साथ सात भाँवरें डालते हैं, मुसलमानों में क़ाज़ी .क़ुरान की आयत पढ़कर निकाह करा देता है. छोटी उम्र में लड़कियों की शादी, विधवा विवाह की रोक, औरतों के ऊपर मर्दों का क़तई हक़ और परदा ये सब बातें हिन्दू और मुसलमानों दोनों में एक सी हैं.

यह सही है कि मज़हबी त्यौहार, व्रत, उपवास और रो.ज़े दोनों के अलग-अलग हैं लेकिन उनके मनाने का ढंग बहुत कुछ एक सा है. मोहर्रम और दशहरा एक तरह से मनाया जाने लगा. शबे बरात और शिवरात्रि, रमज़ान और नवरात्रि, दिवाली और ईद के उत्सव एक ही तरह से होने लगे. इसके अलावा और बहुत से मेले, तीज और त्यौहार पड़ते थे जिनमें हिन्दू और मुसलमान दोनों मिल जुलकर हिस्सा लेते थे. हज़ारों मुसलमान होली खेलते थे और लाखों हिन्दू मुहर्रम मनाते थे. मुसलमानों ने मरने के बाद के क्रिया-करम में बहुत से हिन्दू रिवाज अपना लिये, जैसे तीजा, दसवाँ वग़ैरह. इसके अलावा हामला औरत का पचमाँसा, सतमासा, और बच्चे की पैदायश की छठ, बच्चे की खीर चटाई, सालगिरह, मुण्डन, कनछेदन, हिन्दू-मुसलमान दोनों एक ही तरह से मनाने लगे. ऐसे रस्म-रिवाज, जो ख़ालिस हिन्दू थे, जैसे सती और जौहर का रिवाज, ये भी मुसलमान औरतें अपने ख़ाविन्द के मरने पर करने लगीं. इब्न बतूता मोहम्मद बिन तुग़लक़ और ऐनुलमुल्क की लड़ाई का हाल लिखता है, जिसमें ऐनुलमुल्क के हारने पर इसकी बेगम ने जौहर व्रत करके अपने को जिन्दा जला दिया था. 'ज़ाफ़र नामा' में लिखा है कि भटनैर के सूबेदार कमालुद्दीन की बेगम ने अपने शौहर तैमूर के ख़िलाफ़ लड़ाई में जाते समय जौहर व्रत करके अपने को जला डाला था. अमीर ख़ुसरो ने इस पर लिखा था:—

"चूँ ज़ने हिन्दी कसे दर आशिक़ी दीवाना अस्त,
सोख्तन बर शमा शौहर कारे ओ परवाना अस्त!"

लिबास और पहनावा

किसी भी समाज के अन्दरूनी जज़बात की सबसे नुमायाँ मिसाल उस समाज के लोगों की पोशाक है. इस नुक़्ते नज़र से अगर हम देखें तो हमें पता चलेगा कि किस तरह हिन्दुस्तान के मुसलमानों ने अरब, ईरान और मध्य एशियाई मुल्कों के लिबास और पोशाकों को छोड़कर हिन्दुस्तान के लिबास और पहनावे को .क़ुबूल किया. अरबी अमामा, जुब्बा, रिदा, तहमद; तस्मा, मध्य एशिया का कुर्ता, निमा, मोज़ा सब यहाँ आकर ग़ायब हो गये और उनकी जगह हिन्दू पगड़ी, चिरा, कुरता, अंगरखा, पटका, दुपट्टा, पाजामा और जूते ने ले ली.

وید منتروں کی دھن کے ساتھ سات بھانوریں ڈالتے ہیں، مسلمانوں میں قاضی قرآن کی آیت پڑھ کر نکاح کرا دیتا ہے ۔ چھوٹی عمر میں لڑکیوں کی شادی، ودھوا وواہ کی روک، عورتوں کے اوپر مردوں کا قطعی حق اور پردہ یہ سب باتیں ہندو اور مسلمانوں دونوں میں ایک سی ہیں ۔

یہ صحیح ہے کہ مذہبی تیوہار، ورت، اپواس اور روزے دونوں کے الگ الگ ہیں لیکن ان کے منانے کا ڈھنگ بہت کچھ ایک سا ہے ۔ محرم اور دشہرہ ایک طرح سے منایا جانے لگا ۔ شب‌برات اور شیوراتری، رمضان اور نوراتری، دیوالی اور عید کے اتسو ایک ہی طرح سے ہونے لگے ۔ اس کے علاوہ اور بہت سے میلے، تیج اور تیوہار پڑتے تھے جن میں ہندو اور مسلمان دونوں مل جل کر حصہ لیتے تھے۔ ہزاروں مسلمان ہولی کھیلتے تھے اور لاکھوں ہندو محرم مناتے تھے ۔ مسلمانوں نے مرنے کے بعد کے کریا کرم میں بہت سے ہندو رواج اپنا لئے، جیسے تیجا، دسواں وغیرہ ۔ اس کے علاوہ حاملہ عورت کا پچ ماسا، ست ماسا، اور بچے کی پیدائش کی چھٹ، بچے کی کھیر چٹائی، سال گرہ، مونڈن، کن چھیدن، ہندو مسلمان دونوں ایک ہی طرح سے منانے لگے ۔ ایسے رسم رواج جو خالص ہندو تھے جیسے ستی اور جوہر کا رواج، یہ بھی مسلمان عورتیں اپنے خاوند کے مرنے پر کرنے لگیں ۔ ابن بطوطہ محمد بن تغلق اور عین‌الملک کی لڑائی کا حال لکھتا ہے، جس میں عین‌الملک کے ہارنے پر اس کی بیگم نے جوہر برت کر کے اپنے کو زندہ جلا دیا تھا ۔ 'جعفر نامہ' میں لکھا ہے کہ بھٹنیر کے صوبیدار کمال‌الدین کی بیگم نے اپنے شوہر تیمور کے خلاف لڑائی میں جاتے سمے جوہر برت کر کے اپنے کو جلا ڈالا تھا ۔ امیر خسرو نے اس پر لکھا تھا:—

"چوں زن ہندی کسے در عاشقی دیوانہ است،
سوختن بر شمع شوہر کار او پروانہ است !"

لباس اور پہناوا

کسی بھی سماج کے اندرونی جذبات کی سب سے نمایاں مثال اس سماج کے لوگوں کی پوشاک ہے ۔ اس نقطۂ نظر سے اگر ہم دیکھیں تو ہمیں پتہ چلیگا کہ کس طرح ہندوستان کے مسلمانوں نے عرب، ایران اور مدھیہ ایشیائی ملکوں کے لباس اور پوشاکوں کو چھوڑ کر ہندوستان کے لباس اور پہناوے کو قبول کیا ۔ عربی عمامہ، جبہ، ردا، تہمد؛ تسمہ، مدھیہ ایشیا کا دلہ، نیما، موزہ سب یہاں آ کر غیب ہو گئے اور ان کی جگہ ہندو پگڑی، چیرا، کرتا، انگرکھا، پٹکا، دوپٹہ، پاجامہ اور جوتے نے لے لی ۔

एशिया की जिन और दूसरी मुसलमान क़ौमों ने हिन्दुस्तान पर हमला करके यहाँ राज क़ायम किया और जिनकी औलादों ने क़रीब पाँच सौ बरस यहाँ हुकूमत की उन सबका आज पता तक नहीं चलता. मुसलमान हुक्मरानों ने न तो अपने क़ौमी ग़ुरूर की परवाह की और न अपने ख़ून को पाक बनाये रखने की. उन्होंने हिन्दुस्तान के क़ौमी समुन्दर में अपने आपको मिला दिया. मुसलिम हुकूमत के ज़माने में जिन क़ौमों, फ़िरक़ों, क़बीलों और ख़ानदानों की धूम थी आज न उनका चर्चा है और न कोई उन्हें जानता है. वे सब रल-मिलकर एक हो गये. यह काम कोई एक दो दिनों में नहीं हुआ, सैकड़ों बरसों तक साथ साथ रहने का यह नतीजा है. इसी मुल्क में हमेशा हमेशा के लिये बस जाने की ख़्वाहिश, आपसी शादी-ब्याह, मज़हब में तब्दीली, अपने वतन से किसी तरह का कोई ताल्लुक़ न रखना, वग़ैरह ऐसी बातें थीं, जिनकी वजह से मुसलमान क़ौमी लिहाज़ से बिलकुल हिन्दुस्तानी बन गये. हिन्दू और मुसलमानों का मज़हब बेशक जुदा जुदा है मगर रङ्ग एक है, रूप एक है, शक्ल एक है और क़ौम एक है.

हिन्दुस्तान के मुसलमानों ने अपने हिन्दू भाइयों ही की तरह अपना समाजी निज़ाम क़ायम किया. बाहर के मुसलमानों में जात-पाँत नहीं मगर यहाँ के मुसलमानों ने हिन्दुओं ही की तरह अपनी अलग-अलग बिरादरियाँ बना ली हैं. सय्यदों का रुतबा बिरहमनों की तरह, मुग़ल और पठानों का क्षत्रियों या राजपूतों की तरह, शेख़ बनियों की तरह और बुनकर और दूसरे पेशे वालों का शूद्रों की तरह समझा जाने लगा. ये फ़र्क़ न सिर्फ़ काम धन्धों और रुपये-पैसे की वजह से हो गये बल्कि हिन्दुओं की तरह मुसलमानों की ये बिरादरियाँ पैदाइशी हो गईं. ऊँची बिरादरी के मुसलमानों में एक ग़ुरूर पैदा हो गया.

कलचरी मेल जोल का संगम

हर समाज के संगठन में औरत की एक ख़ास जगह है. इस मामले में अरबों, तुर्कों और हिन्दुओं में बहुत फ़र्क़ है. लेकिन हिन्दुस्तान के मुसलमानों ने अरबों और तुर्कों के तरीक़े को नहीं बरता. मुसलमान औरतों ने अपनी हिन्दू बहिनों का ही चलन अपनाया. साज-सिंगार, पहनावा, गहने और ज़ेवर, मिलने-जुलने और रोज़मर्रा के बरताव की बातों में उन्होंने हिन्दू बहिनों का तरीक़ा बरतना शुरू किया. मुसलमानों के शादी-ब्याह बिलकुल हिन्दुओं की तरह ही होने लगे. निसबत, हल्दी, मेंहदी, तेल, मँढवा, बरात, जलवा, कंगन वग़ैरह की रस्में मुसलमानों ने ज्यों की त्यों हिन्दुओं से ले लीं. शादी की रस्म में हिन्दुओं और मुसलमानों में सिर्फ़ एक फ़र्क़ रह गया और वह यह कि हिन्दुओं में हवन कुंड के चारों तरफ़ दूल्हा और दुल्हन

ایشیا کی جن اور دوسری مسلمان قوموں نے ہندستان پر حملہ کر کے یہاں راج قایم کیا اور جن کی اولادوں نے قریب پانچ سو برس یہاں حکومت کی اُن سب کا آج پتہ تک نہیں چلتا ۔ مسلمان حکمرانوں نے نہ تو اپنے قومی غرور کی پرواہ کی اور نہ اپنے خون کو پاک بنائے رکھنے کی ۔ اُنہوں نے ہندستان کے قومی سمندر میں اپنے آپ کو ملا دیا ۔ مسلم حکومت کے زمانے میں جن قوموں، فرقوں، قبیلوں اور خاندانوں کی دھوم تھی آج نہ اُن کا چرچا ہے اور نہ کوئی اُنہیں جانتا ہے ۔ وہ سب رل مل کر ایک ہو گئے ۔ یہ کام کوئی ایک دو دنوں میں نہیں ہوا، سیکڑوں برسوں تک ساتھ ساتھ رہنے کا یہ نتیجہ ہے ۔ اِسی ملک میں ہمیشہ ہمیشہ کے لئے بس جانے کی خواہش، آپسی شادی بیاہ، مذہب میں تبدیلی، اپنے وطن سے کسی طرح کا تعلق نہ رکھنا، وغیرہ ایسی باتیں تھیں، جن کی وجہ سے مسلمان قومی لحاظ سے بالکل ہندستانی بن گئے ۔ ہندو اور مسلمانوں کا مذہب بےشک جدا جدا ہے مگر رنگ ایک ہے، روپ ایک ہے، شکل ایک ہے اور قوم ایک ہے ۔

ہندستان کے مسلمانوں نے اپنے ہندو بھائیوں ہی کی طرح اپنا سماجی نظام قایم کیا ۔ باہر کے مسلمانوں میں جات پانت نہیں مگر یہاں کے مسلمانوں نے ہندؤں ہی کی طرح اپنی الگ الگ برادریاں بنا لی ہیں ۔ سیدوں کا رتبہ برہمنوں کی طرح، مغل اور پٹھانوں کا چھتریوں یا راجپوتوں کی طرح، شیخ بنیوں کی طرح اور بنکر اور دیگر پیشہ والوں کو شودروں کی طرح سمجھا جانے لگا ۔ یہ فرق نہ صرف کام دھندوں اور روپیہ پیسے کی وجہ سے ہو گئے بلکہ ہندؤں کی طرح مسلمانوں کی یہ برادریاں پیدائشی ہو گئیں ۔ اُونچی برادری کے مسلمانوں میں ایک غرور پیدا ہو گیا ۔

کلچری میل جول کا سنگم

ہر سماج کے سنگٹھن میں عورت کی ایک خاص جگہہ ہے ۔ اِس معاملے میں عربوں، ترکوں اور ہندؤں میں بہت فرق ہے ۔ لیکن ہندستان کے مسلمانوں نے عربوں اور ترکوں کے طریقے کو نہیں برتا ۔ مسلمان عورتوں نے اپنی ہندو بہنوں کا ہی چلن اپنایا ۔ ساج سنگار، پہناوا، گہنے اور زیور، ملنے جلنے اور روزمرہ کے برتاؤ کی باتوں میں انہوں نے ہندؤں بہنوں کا طریقہ برتنا شروع کیا ۔ مسلمانوں کے شادی بیاہ بالکل ہندوں کی ہی طرح ہونے لگے ۔ نسبت، ہلدی، مہندی، تیل، منڈوا، برات، جلوا، کنگن وغیرہ کی رسموں مسلمانوں نے جیوں کی تیوں ہندؤں سے لے لیں ۔ شادی کی رسم میں ہندؤں اور مسلمانوں میں صرف ایک فرق رہ گیا اور وہ یہ کہ ہندؤں میں ہون کنڈ کے چاروں طرف دولہا اور دلہن

गाड़ी उनके सामने से तेजी के साथ निकल गई और नज़र से गुम हो गई.

बरफ अब और ज़्यादह तेजी के साथ गिर रहा था. उस बरफ में से ही बच्चों के सवाल का जवाब आता हुआ मालूम पड़ता था. यह बरफ, यह हवा और यह जवाब पश्चिम की तरफ़ से लड़ाई के उस मैदान से आ रहा था जहाँ पिरट नाम के गाँव के क़रीब, अंगूर की टट्टियों में, यही बरफ़ स्वोयान की क़ब्र के ऊपर जमा होता जा रहा था!

گاڑی اُن کے سامنے سے تیزی کے ساتھ نکل گئی اور نظر سے گم ہو گئی۔

برف اب اور زیادہ تیزی کے ساتھ گر رہا تھا۔ اُس برف میں سے ہی بچوں کے سوال کا جواب آتا ہوا معلوم پڑتا تھا۔ یہ برف، یہ ہوا اور یہ جواب پچھم کی طرف سے لڑائی کے اُس میدان سے آ رہا تھا جہاں پرٹ نام کے گاؤں کے قریب، انگور کی ٹٹیوں میں، یہی برف اسٹویان کی قبر کے اوپر جما ہوتا جا رہا تھا!

हिन्दुस्तान की कल्चर और इसलाम

डाक्टर सय्यद महमूद

मुसलमानों पर एक इलज़ाम यह लगाया जाता है कि चूँकि वे हमलावर विदेशियों की हैसियत से इस मुल्क में आये इसलिये वे इस मुल्क के लोगों से बिलकुल अलग-थलग रहे. यह भी इलज़ाम लगाया जाता है कि हिन्दू और मुसलमानों के बीच कोई बात मेल की नहीं है इसलिये इस मुल्क की भलाई बुराई के साथ मुसलमानों का कोई सरोकार नहीं है. यह भी कहा जाता है कि हिन्दुस्तान के मुसलमानों और बाहर के मुसलमानों में सब बातें मिलती जुलती और मेल की हैं. इसलिये बाहर के मुसलमानों के साथ यहाँ के मुसलमानों का खूब निभ सकती है. अब हमें देखना चाहिये कि इस मामले में इतिहास क्या रोशनी डालता है ?

क़ौमों की मिलावट

यह बात सभी क़बूल करेंगे कि थोड़े से लोगों को छोड़कर कौम के लिहाज़ से हिन्दुओं और मुसलमानों में कोई, भेद या फ़र्क़ नहीं है. दोनों की जिस्मानी बनावट, गठन, रंग, रूप, चेहरा-मोहरा बिलकुल यकसाँ है. पुराने हमलावार अरबों तुर्कों, और ईरानियों का आज हिन्दुस्तान में कहीं पता तक नहीं चलता जिन अरब फ़ौजियों ने मोहम्मद बिन क़ासिम की जनरैली में सिन्ध के सूबे पर हमला किया था या जिन अरब खानदानों ने सिन्ध पर सैकड़ों बरसों तक हुकूमत की थी, उनका आज नामोनिशान तक नहीं मिलता. ग़ज़नवी, ग़ोरी, मुग़ल, तुर्क और अफ़ग़ानों के अलावा वस्त (मध्य)

هندستان کی کلچر اور اِسلام

ڈاکٹر سید محمود

مسلمانوں پر ایک الزام یہ لگایا جاتا ہے کہ چونکہ وے حملہ آور ودیشیوں کی حیثیت سے اِس ملک میں آئے اِس لئے وے ملک کے لوگوں سے بالکل الگ تھلگ رہے۔ یہ بھی الزام لگایا جاتا ہے کہ ہندو اور مسلمانوں کے بیچ کوئی بات میل کی نہیں ہے اِس لئے ملک کی بھلائی برائی کے ساتھ مسلمانوں کا کوئی سروکار نہیں ہے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ہندستان کے مسلمانوں اور باہر کے مسلمانوں میں سب باتیں ملتی جلتی اور میل کی ہیں اِس لئے باہر کے مسلمانوں کے ساتھ یہاں کے مسلمانوں کی خوب نبھ سکتی ہے۔ اب ہمیں دیکھنا چاہئے کہ اِس معاملے میں اِتہاس کیا روشنی ڈالتا ہے ؟

قوموں کی ملاوٹ

یہ بات سبھی قبول کریں گے کہ تھوڑے سے لوگوں کو چھوڑ کر قوم کے لحاظ سے ہندوؤں اورمسلمانوں میں کوئی بھید یا فرق نہیں ہے۔ دونوں کی جسمانی بناوٹ، گٹھن، رنگ، روپ، چہرہ مہرہ بالکل یکساں ہے۔ پرانے حملہ آور عربوں، ترکوں، اور ایرانیوں کا آج ہندستان میں پتہ تک نہیں چلتا۔ جن عرب فوجیوں نے محمد بن قاسم کی جنریلی میں سندھ کے صوبے پر حملہ کیا تھا یا جن عرب خاندانوں نے سندھ پر سیکڑوں برسوں تک حکومت کی تھی، اُن کا آج نام و نشان تک نہیں ملتا۔ غزنوی، غوری، مغل، ترک اور افغانستان کے علاوہ وسط (مدھیہ)

अफ़सर रुक गये और हैरान होकर लड़की की तरफ़ देखने लगे.

उनमें से एक अफ़सर ने पूछाः—"तुम्हारा भाई कौन है ?"

रादुलचो ने घबराये हुये जवाब दिया—"स्तोयान भैया ! हमारा भाई स्तोयान !" रादुलचो को इस बात पर अचरज मालूम होता था कि फ़ौजी वरदी पहने हुये कप्तान यह न जानता हो कि स्तोयान उनका भाई है.

अफ़सर ने फिर हैरान होकर पूछाः—"कौन स्तोयान ?"

कीना ने बड़ी दृढ़ता के साथ जवाब दियाः—"वेतरेन गाँव का रहने वाला स्तोयान !"

अफ़सर ने अपने साथी से कुछ कहा और फिर बड़े प्यार के साथ कीना से पूछाः—

"क्या तुम्हारा भाई घुड़सवार फ़ौज में है ?"

बेचारी कीना ने बिना कुछ समझे जवाब दे दियाः—"हाँ, हाँ."

अफ़सर ने कहाः—"बेटी ! वह हमारे साथ नहीं है."

दूसरे अफ़सर ने बच्चों से कहाः—"गाँव को लौट जाओ, नहीं तो तुम यहीं सरदी में जम जाओगे."

यह कहकर दोनों अफ़सर अपने घोड़े को हण्टर लगाते हुये बाक़ी सवारों के पीछे-पीछे चल दिये.

कीना अब चिल्ला रही थी. रादुलचो के टपाटप आंसू गिर रहे थे. दोनों के हाथ और पैर सरदी से ठिठुर रहे थे. उनके गाल नीले पड़ गये थे. सामने गाँव का रास्ता साफ़ दिखाई दे रहा था. पर उस पर अब कोई आदमी या आदम-ज़ाद न था. सब अपने-अपने घर चले गये थे. शाम हो गई थी. अँधेरा बढ़ रहा था. ठन्डी हवा और ज़्यादह काटती हुई मालूम होती थी. केवल दूर फ़ासले पर घुड़सवारों का वह गिरोह एक काले बादल की तरह चला जाता हुआ और गुम होता हुआ नज़र आता था. ठन्डी हवा के साथ सवारों के गाने की आवाज़ भी बच्चों के कानों में पड़ रही थी. कीना और रादुलचो ने अब अपने गाँव की तरफ़ लौटना शुरू किया.

रात होती जा रही थी. दोनों ने अपने-अपने हाथ अपने कपड़ों में छिपा रखे थे. दोनों धीरे-धीरे रोते हुये चले जा रहे थे. उन्हें बार-बार यह ख़याल आ रहा था कि माँ दरवाज़े पर खड़ी हुई भैया की बाट जोह रही होगी.

पहाड़ी के पीछे की तरफ़ से एक और गाड़ी आती हुई दिखाई दी जिसमें तीन घोड़े जुते हुये थे.

कीना ने फिर चिल्लाकर पूछाः—"जनाब ! क्या फ़ौज के कुछ और सिपाही अभी पीछे आ रहे हैं ?"

افسر رک گئے اور حیران ہو کر لڑکی کی طرف دیکھنے لگے .

اُن میں سے ایک افسر نے پوچھا :—"تمہارا بھائی کون ہے ؟"

رادل چو نے گھبرائے ہوئے جواب دیا:—"استویان بھیا ! ہمارا بھائی استویان !" رادل چو کو اِس بات پر اچرج معلوم ہوتا تھا کہ فوجی وردی پہنے ہوئے کپتان یہ نہ جانتا ہو کہ استویان اُن کا بھائی ہے .

افسر نے پھر حیران ہو کر پوچھا—"کون استویان ؟"

کسینا نے بڑی دردھتا کے ساتھ جواب دیا—"ویترین گاؤں کا رہنے والا استویان !"

افسر نے اپنے ساتھی سے کچھ کہا اور پھر بڑے پیار کے ساتھ کینا سے پوچھا:—

"کیا تمہارا بھائی گھڑسوار فوج میں ہے ؟"

بیچاری کینا نے بنا کچھ سمجھے جواب دے دیا:—"ہاں' ہاں ."

افسر نے کہا:—"بیٹی ! وہ ہمارے ساتھ نہیں ہے ."

دوسرے افسر نے بچوں سے کہا:—"گاؤں کو لوٹ جاؤ' نہیں تو تم یہاں سردی میں جم جاؤ گے ."

یہ کہہ کر دونوں افسر اپنے گھوڑوں کو ہنٹر لگاتے ہوئے باقی سواروں کے پیچھے پیچھے چل دیئے .

کینا اب چلا رہی تھی . رادل چو کے ٹپاٹپ آنسو گر رہے تھے . دونوں کے ہاتھ اور پیر سردی سے ٹھٹھر رہے تھے . اُن کے گال نیلے پڑ گئے تھے . سامنے گاؤں کا راستہ صاف دکھائی دے رہا تھا . پر اُس پر اب کوئی آدمی یا آدم زاد تھا . سب اپنے اپنے گھر چلے گئے تھے . شام ہو گئی تھی . اندھیرا بڑھ رہا تھا. ٹھنڈی ہوا اور زیادہ کاٹتی ہوئی معلوم ہوتی تھی . کیول دور فاصلے پر گھوڑ سواروں کا وہ گروہ ایک کالے بادل کی طرح چلا جاتا ہوا اور گم ہوتا ہوا نظر آتا تھا . ٹھنڈی ہوا کے ساتھ سواروں کے گانے کی آواز بھی بچوں کے کانوں میں پڑ رہی تھی . کینا اور رادل چو نے اب اپنے گاؤں کی طرف لوٹنا شروع کیا .

رات ہوتی جا رہی تھی . دونوں نے اپنے اپنے ہاتھ اپنے کپڑوں میں چھپا رکھے تھے . دونوں دھیرے دھیرے روتے ہوئے چلے جا رہے تھے . اُنہیں بار بار یہ خیال آرہا تھا کہ ماں دروازے پر کھڑی ہوئی بھیا کی باٹ جوہ رہی ہوگی .

پہاڑی کے پیچھے کی طرف سے ایک اور گاڑی آتی ہوئی دکھائی دی جن میں تین گھوڑے جتے ہوئے تھے .

کینا نے پھر چلا کر پوچھا:—"جناب ! کیا فوج کے کچھ اور سپاہی ابھی پیچھے آ رہے ہیں ؟"

हुई थी. दो सिपाही उन्हें मोड़ पर आते दिखाई दिये. दोनों के ऊपर काफ़ी बरफ़ जमा हुआ था. बच्चों ने उन्हें देखा. स्तोयान उनमें नहीं था.

कीना ने उन सिपाहियों से पूछा:—"क्यों जी! क्या फ़ौज इधर को आ रही है?"

उनमें से एक ने जवाब दिया—"ऐ लड़की, हमें नहीं मालूम. तुम किसके इन्तज़ार में खड़ी हो?"

रादुलचो ने जवाब दिया:—"अपने भाई के इन्तज़ार में!"

सिपाही थके हुये थे. वे आगे बढ़ गये.

कीना ने फिर दूर तक देखने की कोशिश की. दोनों को सरदी लगने लगी. कीना लड़खड़ाने लगी. रादुलचो को कप-कपी लग गई. पर उनके स्तोयान भैया आने वाले थे, इसलिये वह दोनों भैया का इन्तज़ार करते रहे. उन्हें यह भी ख्याल था कि अगर वह भैया को अपने साथ घर न ले गये तो माँ उन्हें डाँटेगी और रोवेगी.

सामने से एक गाड़ी आई. उसमें दो मुसाफ़िर बैठे हुये थे. दोनों भेड़ की खाल के लम्बे गरम कोट पहने हुये थे. उनके सरों पर ऊँची गरम टोपियाँ थीं. गाड़ी जब दोनों बच्चों के बराबर में आई तो कीना घोड़ों के सामने आकर खड़ी हो गई.

उसने गाड़ी में बैठे हुये मुसाफ़िरों से पूछा:—"जनाब! क्या उधर से कोई फ़ौज आ रही है?"

मुसाफ़िरों में से एक ने जवाब दिया:—"प्यारी लड़की! हमें नहीं मालूम" मुसाफ़िर ने अपनी टोपी को कुछ ऊँचा करके हैरानी के साथ लड़की को देखा. लड़की सरदी से लाल और नीली हो रही थी.

गाड़ी आगे बढ़ी चली गई.

दोनों बच्चे उसी जगह डटे खड़े रहे. घंटों बीत गये. ठंडी पहाड़ी हवा और जियादह तेज़ हो गयी और उनके चेहरों पर थपेड़े देने लगी. उनके कपड़े हवा में उड़ने लगे. बरफ़ भी तेज़ी के साथ गिरता रहा. लेकिन दोनों बच्चे वहाँ से न हटे. उनकी आँखें सड़क के मोड़ पर लगी हुई थीं. वह इन्तज़ार में थे कि कोई और आदमी उधर से आता हुआ दिखाई दे.

यकायक कीना का दिल आशा से उछलने लगा. कुछ घुड़सवार मोड़पर दिखाई दिये जो उन्हीं की तरफ़ आ रहे थे. सवार बहुत से थे. कीना ने सोचा हो सकता है भैया भी इन्हीं में हो. वह टकटकी लगाये उनकी तरफ़ देखती रही. सवार आगे बढ़ते गए और दोनों बच्चों के सामने से जाने लगे. उनके पीछे-पीछे दो अफ़सर मालूम होते थे. कीना ने हाथ उठाकर उन अफ़सरों की तरफ़ इशारा करके रोते हुये कहा:—"कप्तान साहब! क्या मेरा भैया आ रहा है?"

ہوئی تھی۔ دو سپاہی انہیں موڑ پر آتے دکھائی دیئے۔ دونوں کے اوپر کافی برف جمع ہوا تھا۔ بچوں نے انہیں دیکھا۔ استویان اُن میں نہیں تھا۔

کینا نے اُن سپاہیوں سے پوچھا:—"کیوں جی! کیا فوج اِدھر کو آرہی ہے؟"

اُن میں سے ایک نے جواب دیا—"اے لڑکی ہمیں نہیں معلوم، تم کس کے انتظار میں کھڑی ہو؟"

رادلچو نے جواب دیا:—"اپنے بھائی کے انتظار میں!"

سپاہی تھکے ہوئے تھے۔ وہ آگے بڑھ گئے۔

کینا نے پھر دور تک دیکھنے کی کوشش کی۔ دونوں کو سردی لگنے لگی۔ کینا لڑکھڑانے لگی۔ رادلچو کو کپکپی لگ گئی۔ پر اُن کے استویان بھیا آنے والے تھے، اِس لئے وہ دونوں بھیا کا انتظار کرتے رہے۔ انہیں یہ بھی خیال تھا کہ اگر وہ بھیا کو اپنے ساتھ گھر نہ لے گئے تو ماں انہیں ڈانٹیگی اور روئے گی۔

और कुछ देर तक वह संजीदगी और कड़ाई के साथ मुझसे बातें करती रहीं; लेकिन उन्होंने जो कुछ कहा वह मेरी समझ में नहीं आया और वह उठ खड़ी हुई और अपनी ठोड़ी पर उँगलियाँ मारती हुईं कमरे में टहलने लगीं—उनकी घनी भौंहें कभी तन जातीं, कभी ढीली पड़ जातीं.

मेज़ पर जलती हुई मोमबत्ती पिघलती चली जा रही थी और शीशे में उसका अक्स जगमगा रहा था, फ़र्श पर काली-काली परछाइयाँ लोट रही थीं, कोने में मूर्ति के आगे रोशनी जल रही थी और बर्फ़ से ढकी हुई खिड़कियों के शीशों पर चाँदनी ने चाँदी कर दी थी. माँ चारों तरफ़ इस तरह देख रही थीं गोया नङ्गी दीवारों या छत पर कुछ ढूँढ़ रही हों.

"सोने का क्या वक्त है तेरा ?"

"थोड़ी देर और रहने दो मुझे यहाँ !"

"ओ हाँ, आज दिन में भी तो थोड़ा सो लिया है", उन्हें याद आया.

"क्या तुम फिर चली जाना चाहती हो ?" मैं उनसे पूछ बैठा.

"कहाँ ?" वह चौंक सी पड़ीं, और मेरा सिर ऊपर को उठाकर मेरी तरफ़ इतनी देर तक ताकती रहीं कि मेरी आँखों में आँसू आ गये.

"क्या बात है रे ?" उन्होंने पूछा.

"गरदन दुख रही है".

दिल भी दुख रहा था मेरा, क्योंकि यकायक मैं यह समझ गया था कि वह हमारे घर नहीं रहेंगी और फिर चली जायेंगी.

"अपने बाप-सा होता जा रहा है तू", पायदान को ठोकर से एक तरफ़ को हटाते हुए वह बोलीं. "उनके बारे में कुछ बताया है तुझे—तेरी नानी ने ?"

"हाँ".

"वह मैक्सिम को बहुत प्यार करती थीं—बहुत ही ज्यादा. और वह भी उन्हें प्यार करते थे—"

"मैं जानता हूँ."

माँ मोमबत्ती की तरफ़ देखने लगीं और उनकी भौंहें सिकुड़ गईं. फिर उन्होंने उसे बुझा दिया और कहा—"अब ठीक है."

सचमुच इससे हवा में ताज़गी और उम्दगी आ गई, और काली-काली परछाइयाँ ग़ायब हो गईं. जगह-जगह फ़र्श पर तेज़ दूधिया रोशनी बिखर गई और खिड़की के शीशों पर सुनहरे दाने चमक उठे.

اور کچھ دیر تک وہ سنجیدگی اور کڑائی کے ساتھ مجھسے باتیں کرتی رہیں؛ لیکن اُنھوں نے جو کچھ کہا وہ میری سمجھ میں نہیں آیا اور وہ اُٹھ کھڑی ہوئیں اور اپنی ٹھوڑی پر اُنگلیاں مارتی ہوئیں کمرے میں ٹہلنے لگیں—اُن کی گھنی بھونہیں کبھی تن جاتیں، کبھی ڈھیلی پڑ جاتیں۔

میز پر جلتی ہوئی موم بتی پگھلتی چلی جا رہی تھی اور شیشے میں اُس کا عکس جگمگا رہا تھا، فرش پر کالی کالی پرچھائیاں لوٹ رہی تھیں۔ کونے میں مورتی کے آگے روشنی جل رہی تھی اور برف سے ڈھکی ہوئی کھڑکیوں کے شیشوں پر چاندنی نے چاندی کر دی تھی۔ ماں چاروں طرف اِس طرح دیکھ رہی تھیں گویا ننگی دیواروں یا چھت پر کچھ ڈھونڈھ رہی ہوں۔

"سونے کا کیا وقت ہے تیرا ؟"

"تھوڑی دیر اور رہنے دو مجھے یہاں !"

"او ہاں، آج دن میں بھی تو تھوڑا سو لیا ہے،" انھیں یاد آیا۔

"کیا تم پھر چلی جانا چاہتی ہو ؟" میں اُن سے پوچھ بیٹھا۔

"کہاں ؟" وہ چونک سی پڑیں، اور میرا سر اُوپر کو اُٹھا کر میری طرف اِتنی دیر تک تاکتی رہیں کہ میری آنکھوں میں آنسو آ گئے۔

"کیا بات ہے رے ؟" انھوں نے پوچھا۔

"گردن دکھ رہی ہے۔"

دل بھی دکھ رہا تھا میرا، کیونکہ یکایک میں یہ سمجھ گیا تھا کہ وہ ہمارے گھر نہیں رہینگی اور پھر چلی جائیں گی۔

"اپنے باپ-سا ہوتا جا رہا ہے تو۔" پائدان کو ٹھوکر سے ایک طرف کو ہٹاتے ہوئے وہ بولیں—"اُن کے بارے میں کچھ بتایا ہے تجھے—تیری نانی نے۔"

"ہاں۔"

"وہ میکسم کو بہت پیار کرتی تھیں—بہت ہی زیادہ۔

اور وہ بھی انھیں پیار کرتے تھے—"

"میں جانتا ہوں۔"

ماں موم بتی کی طرف دیکھنے لگیں اور اُن کی بھو نہیں سکڑ گئیں۔ پھر اُنھوں نے اُسے بجھا دیا اور کہا—"اب ٹھیک ہے۔"

سچ مچ اِس سے ہوا میں تازگی اور عمدگی آ گئی، اور کالی کالی پرچھائیاں غایب ہو گئیں۔ جگہہ جگہہ فرش پر تیز دودھیا روشنی بکھر گئی اور کھڑکی کے شیشوں پر سنہرے دانے چمک اُٹھے۔

शाम को नाना जी और नानी अपनी मर्ज़ी से उम्दा पोशाक पहनकर 'वेस्पर्स' की दुआ के लिये गिरजाघर चल दिए. नानाजी रंगसाज़ों के मुखिया की अपनी वर्दी में चमचमा रहे थे, जिसके ऊपर रोयेंदार ऊनी लबादा पड़ा हुआ था, और उनकी तोंद शान के साथ बाहर को निकली हुई थी. चुलबुलाहट के साथ उनकी तरफ़ आँखों का इशारा करके नानी मेरी माँ से बोलीं—"ज़रा देख तो बाबू जी को! कितने शानदार लग रहे हैं न?—छोटे से बकरे की तरह फुरतीले". और माँ खिलखिला कर हँस पड़ीं.

जब माँ के कमरे में उनके साथ मैं अकेला रह गया तब वह कोच के ऊपर पालथी मार कर बैठ गईं और अपनी बग़ल की तरफ़ इशारा करती हुई बोलीं—"आ, यहाँ बैठ जा. अच्छा बता कैसा लगता है तुझे यहाँ? अच्छा नहीं लगता, क्यों?"

"कैसा लगता है मुझे यहाँ?" कैसा सवाल था यह! मैंने जवाब दिया—"मैं क्या जानूँ".

"नाना जी पीटते हैं तुझे, क्यों?"

"अब उतना नहीं पीटते!"

"ओह?—अच्छा, अब मुझे अपनी सारी बातें सुना—जो कुछ कहना चाहता हो कह डाल—हाँ, तो?"

नाना जी के बारे में मैं उनसे कुछ नहीं कहना चाहता था. इसलिये मैं उन्हें उस भले आदमी की बातें सुनाने लगा जो ऊपर की कोठरी में रहा करता था और जो किसी को भी अच्छा नहीं लगता था और नाना जी ने जिसे निकाल दिया था. पर मैं समझ गया कि यह बातें उन्हें अच्छी नहीं लग रही थीं, क्योंकि वह बोलीं—"ठीक, और बातें सुना".

उन तीन लड़कों की बात मैंने कही और किस तरह उस कर्नल ने अपने अहाते से मुझे निकाल बाहर किया था, यह भी सुनाया. और यह सब सुनते-सुनते उन्होंने मुझे अपनी बाँहों में और भी कस लिया.

"यह क्या बेहूदा बातें!" उनकी आँखें जल उठीं, और एक मिनट तक फ़र्श की तरफ़ वह चुपचाप ताकती रहीं.

"नाना जी क्यों बिगड़ रहे थे तुमसे?" मैंने पूछा.

"क्योंकि मैंने ग़लती की है, उनके हिसाब से".

"कि उस बच्चे को यहाँ नहीं लाईं तुम—?"

वह गोया आसमान से गिरीं—एकदम चौंक पड़ीं, भौंहें सिकुड़ गईं और अपने होंट काटने लगीं. फिर क़ह-क़हा मारकर हँस पड़ीं और मुझे और भी कसकर चिपटा के बोलीं—"तू तो बड़ा शैतान है रे! देख ख़बरदार, कभी किसी से नहीं कहना यह बात, समझा? कभी मुँह से न निकले—बस, भूल ही जा कि कभी यह बात सुनी थी".

شام کو نانا جی اور نانی اپنی مرضی سے عمدہ پوشاک پہن کر 'ویسپرس' کی دعا کے لئے گرجا گھر چل دیئے۔ نانا جی رنگسازوں کے مکھیا کی اپنی وردی میں چمچما رہے تھے' جس کے اوپر روئیں دار اونی لبادہ پڑا ہوا تھا' اور ان کی توند شان کے ساتھ باہر کو نکلی ہوئی تھی۔ چلبلاہٹ کے ساتھ ان کی طرف آنکھوں کا اشارہ کر کے نانی میری ماں سے بولیں— "ذرا دیکھ تو بابو جی کو! کتنے شاندار لگ رہے ہیں نہ؟— چھوٹے سے بکرے کی طرح پھرتیلے۔" اور ماں کھلکھلا کر ہنس پڑیں۔

جب ماں کے کمرے میں ان کے ساتھ میں اکیلا رہ گیا تب وہ کوچ کے اوپر پالتھی مار کر بیٹھ گئیں اور اپنی بغل کی طرف اشارہ کرتی ہوئی بولیں—"آ' یہاں بیٹھ جا۔ اچھا بتا کیسا لگتا ہے تجھے یہاں؟ اچھا نہیں لگتا' کیوں؟"

"کیسا لگتا ہے مجھے یہاں؟ کیا سوال تھا یہ! میں نے جواب دیا—"میں کیا جانوں۔"

نانا جی پیٹتے ہیں تجھے' کیوں؟"

"اب اتنا نہیں پیٹتے!'

"اوہ؟—اچھا' اب مجھے اپنی ساری باتیں سنا—جو کچھ کہنا چاہتا ہو کہہ ڈال—ہاں' تو؟"

نانا جی کے بارے میں میں ان سے کچھ نہیں کہنا چاہتا تھا۔ اس لئے میں انہیں اس بھلے آدمی کی باتیں سنانے لگا جو اوپر کی کوٹھری میں رہا کرتا تھا اور جو کسی کو بھی اچھا نہیں لگتا تھا اور ناناجی نے جسے نکال دیا تھا۔ پر میں سمجھ گیا کہ یہ باتیں انہیں اچھی نہیں لگ رہی تھیں' کیونکہ وہ بولیں—"ٹھیک' اور باتیں سنا۔"

ان تین لڑکوں کی بات میں نے کہی اور کس طرح اس کرنل نے اپنے احاطے سے مجھے نکال باہر کیا تھا' یہ بھی سنایا۔ اور یہ سب سنتے سنتے انہوں نے مجھے اپنی بانہوں میں اور بھی کس لیا۔

'یہ کیا بیہودہ باتیں!" ان کی آنکھیں جل اٹھیں' اور ایک منٹ تک فرش کی طرف وہ چپ چاپ تاکتی رہیں۔

"نانا جی کیوں بگڑ رہے تھے تم سے؟" میں نے پوچھا۔

"کیونکہ میں نے غلطی کی ہے' ان کے حساب سے۔"

"کہ اس بچے کو یہاں نہیں لائیں تم—؟"

وہ گویا آسمان سے گریں—ایکدم چونک پڑیں' بھونہیں سکڑ گئیں اور اپنے ہونٹ کاٹنے لگیں۔ پھر قہقہہ مار کر ہنس پڑیں اور مجھے اور بھی کس کر چپٹا کے بولیں—"تو تو بڑا شیطان ہے رے! دیکھ خبردار' کبھی کسی سے نہیں کہنا یہ بات' سمجھا؟ کبھی منہ سے نہ نکلے—بس' بھول ہی جا کہ کبھی یہ بات سنی تھی۔"

अब मैं अपने को रोक नहीं सका—मेरे आँसू किसी तरह भी नहीं रुक रहे थे—और मैं तन्दूर पर से नीचे कूद पड़ा और उनके पास दौड़ गया. मेरी आँखों से ख़ुशी के आँसू बह रहे थे—यह देखकर कि इतनी अजीब और गहरी मोहब्बत के साथ नाना-नानी एक दूसरे से गुफ़्तगू कर रहे हैं और मेरे आँसू इसलिये भी बह रहे थे कि उनकी बातें सुनकर मुझे रंज हो रहा था, और इसलिए भी कि मेरी माँ आ गई थीं और फिर आख़िर में इसलिए भी कि उन्होंने मुझे—आँसुओं समेत लेकर अपनी छाती से लगा लिया. उन्होंने मुझे कसकर चिपटा लिया और मेरे साथ ख़ुद भी रोने लगे.

बड़ी धीमी आवाज़ में बुदबुदाते हुए से नाना जी मुझसे कहने लगे—"तो तू यहाँ था, शैतान की दुम ! ले, तेरी माँ फिर आ गई है और अब तो हमेशा तू उसी के पीछे लगा फिरेगा न, क्यों ? और बूढ़े खूसट नाना जी अब जाँय भाड़ में ! है न यही बात ? और नानी ने तो बिलकुल चौपट ही कर दिया है तुझे...सो वह भी नहीं चाहिये अब—क्यों ? धत तेरे की !"

हमें हटाकर वह उठ खड़े हुए और ऊँची आवाज़ में गुस्से के साथ बोले—सबके सब छोड़ते जा रहे हैं हमें—सब मुँह फेरे ले रहे हैं हमारी तरफ़ से,—तो फिर बुला लाओ उसे अब, देर क्यों करती हो ? जल्दी करो !"

नानी बावरचीख़ाने से चली गईं, और नाना जी कोने में जाकर सिर झुकाए खड़े हो गए.

"या ख़ुदाए करीम !" उन्होंने बुदबुदाना शुरू किया "देख—तू तो हमारे दिल की सब जानता है !" और अपने सीने पर उन्होंने एक घूँसा मारा.

यह सब मुझे अच्छा नहीं लगा. असल में ख़ुदा से दुआ करने का उनका तरीक़ा ही मुझे बहुत बुरा लगता था, क्योंकि अपने बनाने वाले के आगे भी गोया वह अपने ही को बड़ा समझते थे.

जब माँ अन्दर आईं तब उनकी लाल पोशाक से सारा बावरचीख़ाना रोशन हो गया, और जब वह मेज़ के आगे नाना जी और नानी के बीच में बैठ गईं तब उनकी पोशाक की चौड़ी-चौड़ी ढीली बाँहें नाना जी और नानी जी के कन्धों पर लहराने लगीं. वह अहिस्ता-अहिस्ता संजीदगी के साथ कुछ सुनाने लगीं, और वे दोनों भी चुपचाप, बीच में दख़ल देने की कोशिश किए बग़ैर, इस तरह मेरी माँ की बात सुनने लगे गोया वही उनकी माँ है और वे उनके बच्चे !

जोश के सबब से मैं इतना थक गया था कि कोच पर बैठे-बैठे ही मुझे गहरी नींद आ गई.

اب میں اپنے کو روک نہیں سکا—میرے آنسو کسی طرح بھی نہیں رک رہے تھے—اور میں تندور پر سے نیچے کود پڑا اور اُن کے پاس دوڑ گیا۔ میری آنکھوں سے خوشی کے آنسو بہہ رہے تھے—یہ دیکھ کر کہ اِتنی عجیب اور گہری محبت کے ساتھ نانا نانی ایک دوسرے سے گفتگو کر رہے ہیں اور میرے آنسو اِس لئے بھی بہہ رہے تھے کہ اُن کی باتیں سن کر مجھے رنج ہو رہا تھا' اور اس لئے بھی کہ میری ماں آگئی تھیں' اور پھر آخیر میں اِس لئے بھی کہ انہوں نے مجھے—آنسوؤں سمیت لیکر اپنی چھاتی سے لگا لیا۔ اُنہوں نے مجھے کس کر چپٹا لیا اور میرے ساتھ خود بھی رونے لگے۔

بڑی دھیمی آواز میں بدبداتے ہوئے سے نانا جی مجھسے کہنے لگے—"تو تو یہاں تھا' شیطان کی دم ! لے تیری ماں پھر آگئی ہے اور اب تو ہمیشہ تو اُسی کے پیچھے لگا پھریگا نہ' کیوں ؟ اور بوڑھے کھوسٹ نانا جی اب جائیں بھاڑ میں ! ہے نہ یہی بات ؟ اور نانی نے تو بالکل چوپٹ ہی کر دیا ہے تجھے......سو وہ بھی نہیں چاہئے اب—کیوں ؟ دھت تیرے کی !"

ہمیں ہٹا کر وہ اُٹھ کھڑے ہوئے اور اونچی آواز میں غصہ کے ساتھ بولے—"سب کے سب چھوڑتے جا رہے ہیں ہمیں—سب منھ پھیرے لے رہے ہیں ہماری طرف سے۔ —تو پھر بلا لاؤ اسے اب' دیر کیوں کرتی ہو ؟ جلدی کرو !"

نانی باورچی خانے سے چلی گئیں' اور نانا جی کونے میں جا کر سر جھکائے کھڑے ہو گئے۔

"یا خدائے کریم !" اُنہوں نے بدبدانا شروع کیا "دیکھ—تو تو ہمارے دل کی سب جانتا ہے !" اور اپنے سینے پر انہوں نے ایک گھونسہ مارا۔

یہ سب مجھے اچھا نہیں لگا۔ اصل میں خدا سے دعا کرنے کا اُن کا طریقہ ہی مجھے بہت برا لگتا تھا' کیونکہ اپنے بنانے والے کے آگے بھی گویا وہ اپنے ہی کو بڑا سمجھتے تھے۔

جب ماں اندر آئیں تب ان کی لال پوشاک سے سارا باورچی خانہ روشن ہو گیا' اور جب وہ میز کے آگے نانا جی اور نانی کے بیچ میں بیٹھ گئیں تب ان کی پوشاک کی چوڑی چوڑی ڈھیلی باہیں نانا جی اور نانی جی کے کندھوں پر لہرانے لگیں۔ وہ آہستہ آہستہ سنجیدگی کے ساتھ کچھ سنانے لگیں' اور وہ دونوں بھی چپ چاپ' بیچ میں دخل دینے کی کوشش کئے بغیر' اِس طرح میری ماں کی بات سننے لگے گویا وہی اُن کی ماں ہے اور وے ان کے بچے !

جوش کے سبب سے میں اِتنا تھک گیا تھا کہ کوچ پر بیٹھے بیٹھے ہی مجھے گہری نیند آ گئی۔

"बाबू जी' माफ़ कर दो उसे! ईसामसीह के लिये, माफ़ कर दो उसे! क्या इस तरह उसे छोड़ ही दोगे बिलकुल? क्या तुम्हारा ख्याल है कि बड़े आदमियों और रईसों के घर ऐसी बातें नहीं होतीं? जानते हो कि औरतें कैसी होती हैं. देखो, माफ़ करदो उसे इस बार! ग़लती किससे नहीं होती बाबू जी?"

नाना जी ने दीवार के सहारे अपनी पीठ टेककर नानी की तरफ़ देखा. और फिर कड़वी हँसी हँसकर—हँसे क्या, रोना भरा था बस हँसी में—वह भुनभुना उठे—"और? फिर इसके बाद? कोई भी है ऐसी ग़लती जो तुम माफ़ न कर दो? क्यों? अगर तुम्हारी चल सके तो सभी को माफ़ी मिल जाया करे…धत् तेरे की."

और नानी के ऊपर झुककर, उनके दोनों कंधे पकड़कर वह उन्हें हिलाने लगे और जल्दी-जल्दी फुसफुसाते हुए बोले—"लेकिन तुम क्यों इतनी परेशान हो? मेरे अन्दर रहम नहीं रह गया है ज़रा भी. देखो न, बिलकुल क़ब्र में पैर लटकाए बैठे हैं हम लोग, फिर भी इस बुढ़ापे में सज़ा ही सज़ा भुगतनी पड़ रही है! न ज़रा भी चैन मिल पाता है न सुख… और न कभी मिलेगा अब…और इसके अलावा…देख लेना तुम!…मरने के पहले भीख माँगने की नौबत आएगी—हाँ भीख!"

नानी ने उनका हाथ अपने हाथ में ले लिया, और उनकी बग़ल में बैठी-बैठी धीरे-धीरे हँसती हुई बोलीं—"अरे, छिः छिः! तो भीख माँगने से घबड़ाते हो तुम? अच्छा मान लो, इस भीख माँगने की ही नौबत आ गई! तुम्हें कुछ नहीं करना पड़ेगा तब, तुम घर में बैठे रहा करना और मैं भीख माँग लाया करूँगी.—हमारा घर तब भी भरा-पूरा रहेगा; इसकी फ़िक्र तुम बिलकुल छोड़ दो!"

वह अचानक क़हक़हा मारकर हँस पड़े और बकरे की तरह अपना सिर हिलाने लगे और फिर उन्होंने नानी की गरदन पकड़कर उन्हें अपने सीने से लगा लिया, बिलकुल ज़रा से और सिकुड़े-सिकुड़ाए से लग रहे थे वह नानी की बग़ल में!

"ओह, कैसी नादान हो तुम," वह बोल उठे "कितनी भोली भाली!—बस, अब तुम्हीं तो एक मेरी रह गई हो! तुम समझती नहीं हो न कुछ, इसीलिये किसी भी बात की घबड़ाहट नहीं होती तुम्हें. लेकिन पीछे तो फिर कर देखो ज़रा—और सोचो तो, कि कितनी मेहनत की है तुमने और मैंने इनके लिये—कैसे-कैसे गुनाह तक किये हैं मैंने इनकी ख़ातिर—लेकिन फिर भी, इतना करने पर भी, आज—"

"بابو جی' معاف کر دو اُسے! عیسیٰ مسیح کے لئے' معاف کر دو اُسے! کیا اِس طرح اُسے چھوڑ ہی دو گے بالکل؟ کیا تمہارا خیال ہے کہ بڑے آدمیوں اور رئیسوں کے گھر ایسی باتیں نہیں ہوتیں؟ جانتے ہو کہ عورتیں کیسی ہوتی ہیں۔ دیکھو' معاف کر دو اُسے اس بار! غلطی کس سے نہیں ہوتی بابو جی؟"

نانا جی نے دیوار کے سہارے اپنی پیٹھ ٹیک کر نانی کی طرف دیکھا۔ اور پھر کڑوی ہنسی ہنسکر— ہنسے کیا' رونا بھرا تھا اُس ہنسی میں— وہ بھنبھنا اُٹھے—"اور؟ پھر اِس کے بعد؟ کوئی بھی ہے ایسی غلطی جو تم معاف نہ کر دو؟ کیوں؟ اگر تمہاری چل سکے تو سبھی کو معافی مل جایا کرے……دھت تیرے کی۔"

اور نانی کے اوپر جھک کر' اُن کے دونوں کندھے پکڑ کر وہ اُنہیں ہلانے لگے اور جلدی جلدی پھسپھساتے ہوئے بولے—"لیکن تم کیوں اِتنی پریشان ہو؟ میرے اندر رحم نہیں رہ گیا ہے ذرا بھی۔ دیکھو نہ' بالکل قبر میں پیر لٹکائے بیٹھے ہیں ہم لوگ' پھر بھی اِس بڑھاپے میں سزا ہی سزا بھگتنی پڑ رہی ہے! نہ ذرا بھی چین مل پاتا ہے نہ سکھ…اور نہ کبھی ملیگا اب…اور اِس کے علاوہ…دیکھ لینا تم…مرنے کے پہلے بھیک مانگنے کی نوبت آئیگی—ہاں بھیک!"

نانی نے اُن کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے لیا' اور اُن کی بغل میں بیٹھی بیٹھی دھیرے دھیرے ہنستی ہوئی بولیں—"ارے' چھی چھی! تو بھیک مانگنے سے گھبراتے ہو تم؟ اچھا مان لو' اِس بھیک مانگنے کی ہی نوبت آگئی! تمہیں کچھ نہیں کرنا پڑیگا تب' تم گھر میں بیٹھے رہا کرنا اور میں بھیک مانگ لایا کرونگی۔—ہمارا گھر تب بھی بھرا پورا رہیگا' اِس کی فکر تم بالکل چھوڑ دو!"

وہ اچانک قہقہہ مار کر ہنس پڑے اور بکرے کی طرح اپنا سر ہلانے لگے۔ اور پھر اُنہوں نے نانی کی گردن پکڑ کر اُنہیں اپنے سینے سے لگا لیا' بالکل ذرا سے اور سکڑے سکڑائے سے لگ رہے تھے وہ نانی کی بغل میں!

"اوہ' کیسی نادان ہو تم۔" وہ بول اُٹھے' "کتنی بھولی بھالی!—بس' اب تمہیں تو ایک میری رہ گئی ہو! تم سمجھتی نہیں ہو نہ کچھ' اِسی لئے کسی بھی بات کی گھبراہٹ نہیں ہوتی تمہیں۔ لیکن پیچھے تو پھر کر دیکھو ذرا—اور سوچو تو' کہ کتنی محنت کی ہے تم نے اور میں نے اِن کے لئے— کیسے کیسے گناہ تک کئے ہیں میں نے اِن کی خاطر—لیکن پھر بھی' اِتنا کرنے پر بھی' آج—"

आँख ही आँख और कान ही कान हैं. मेरे सीने के अन्दर न जाने कैसा होने लगा और मेरी बड़ी ज़बरदस्त ख़्वाहिश हुई कि चीख़ उठूँ.

"लेक्सी तू जा यहाँ से !" नाना जी ने रुखाई के साथ मुझसे कहा ।

"क्यों ?" मेरी माँ ने मुझे फिर अपनी तरफ़ खींचते हुए उनसे पूछा. "नहीं, तू यहाँ से नहीं जाएगा. मैं मना कर रही हूँ." और किसी गुलाबी बादल की तरह उठकर मेरी माँ धीरे-धीरे नाना जी के पीछे जा खड़ी हुईं.

"ज़रा सुनो तो बाबू जी—"

नाना जी उनकी तरफ़ मुड़कर चीख़ उठे—

"चुप रह."

"अपनी ज़बान को क़ाबू में रखिये, बाबू जी." संजीदगी से माँ ने जवाब दिया.

नानी कोच पर से उठ खड़ी हुईं और अपनी उँगली दिखाते हुए उन्हों ने माँ को टोका—"यह क्या' वारवारा ?"

और नाना भी बुड़बुड़ाते हुए बैठ गए—"अच्छा ठैरो तो ज़रा ! मैं यह जानना चाहता हूँ कि किसने—? क्यों ? कौन था वह ?……कैसे हुआ यह सब ?"

और अचानक ऐसी आवाज़ में, जो उनकी नहीं मालूम पड़ती थी, वह गरज उठे—"मेरा मुँह काला कर दिया तूने" वारका !"

"भाग यहाँ से !" नानी मुझसे बोलीं, और मैं बावरचीख़ाने में जा छुपा. ऐसा लग रहा था गोया मेरा दम घुटा जा रहा है. तन्दूरी चूल्हे के ऊपर मैं जा चढ़ा, और बहुत देर तक वहाँ बैठा-बैठा उन लोगों की बात-चीत सुनता रहा, जो बीच के दीवार के बावजूद सुनाई पड़ रही थी. या तो वे सब के सब एक साथ बोलने लगते थे, और या बड़ी देर तक बिल्कुल चुप रहते, गोया सो गये हों. उन लोगों की बातचीत का मज़मून था कोई बच्चा, जो हाल ही में मेरी माँ के पैदा हुआ था और किसी के यहाँ छोड़ दिया गया था. लेकिन मैं यह नहीं समझ सका कि नाना जी की नाराज़ी किस बात पर थी—उनसे बग़ैर पूछे बच्चा पैदा किया गया इस पर या इसलिये कि वह उस बच्चे को नाना जी के यहाँ नहीं लाईं.

बाद को वह बावरचीख़ाने में चले आए. उनके बाल बिखरे हुए थे, चेहरा नीला सा पड़ रहा था, और बेहद थके दिखाई दे रहे थे. उनके पीछे नानी भी आ पहुँचीं, अपने गालों पर बहते हुए आँसुओं को कुरते से पोंछती हुई. नाना जी एक बेंच पर ऊपर पैर करके बैठ गए और अपने हाथ भी उसी पर टेककर कांपते कांपते अपने पीले पड़े हुए होंटों को काटने लगे. और नानी उनके आगे घुटनों के बल झुक गईं और सुकून के साथ लेकिन ज़ोर देकर बोलीं—

آنکھ ہی آنکھ اور کان ہی کان ہیں۔ میرے سینے کے اندر نہ جانے کیسا ہونے لگا اور میری زبردست خواہش ہوئی کہ چیخ اٹھوں۔

"لیکسی' تو جا یہاں سے!" ناناجی نے رکھائی کے ساتھ مجھسے کہا!

"کیوں؟" میری ماں نے مجھے پھر اپنی طرف کھینچتے ہوئے اُن سے پوچھا۔ "نہیں' تو یہاں سے نہیں جائیگا۔ میں منع کر رہی ہوں۔" اور کسی گلابی بادل کی طرح اُٹھ کر میری ماں دھیرے دھیرے نانا جی کے پیچھے جا کھڑی ہوئیں۔

"ذرا سنو تو بابو جی—"

"نانا جی اُن کی طرف مڑ کر چیخ اُٹھے—

"چپ رہ۔"

"اپنی زبان کو قابو میں رکھئیے' بابو جی۔" سنجیدگی سے ماں نے جواب دیا۔

نانی کوچ پر سے اُٹھ کھڑی ہوئیں اور اپنی اُنگلی دکھاتے ہوئے انہوں نے ماں کو ٹوکا—"یہ کیا' واروارا؟"

اور نانا بھی بڑبڑاتے ہوئے بیٹھ گئے—"اچھا ٹھہرو تو ذرا! میں یہ جاننا چاہتا ہوں کہ کسنے—؟ کیوں؟ کون تھا وہ؟... کیسے ہوا یہ سب؟"

اور اچانک ایسی آواز میں' جو اُن کی نہیں معلوم پڑتی تھی' وہ گرج اُٹھے۔ "میرا منھ کالا کر دیا تونے' وارکا!"

"بھاگ یہاں سے!" نانی مجھ سے بولیں' اور میں باورچی خانے میں جا چھپا۔ ایسا لگ رہا تھا گویا میرا دم گھٹا جا رہا ہے۔ تندوری چولہے کے اوپر میں جا چڑھا' اور بہت دیر تک وہاں بیٹھا بیٹھا اُن لوگوں کی بات چیت سنتا رہا' جو بیچ کی دیوار کے باوجود سنائی پڑ رہی تھی۔ یا تو وے سب کے سب ایک ساتھ بولنے لگتے تھے' اور یا بڑی دیر تک بالکل چپ رہتے' گویا سو گئے ہوں۔ اُن لوگوں کی بات چیت کا مضمون تھا کوئی بچہ' جو حال ہی میں میری ماں کے پیدا ہوا تھا اور کسی کے یہاں چھوڑ دیا گیا تھا۔ لیکن میں یہ نہیں سمجھ سکا کہ نانا جی کی ناراضی کس بات پر تھی—اُن سے بغیر پوچھے بچہ پیدا کیا گیا اِس پر یا اِس لئے کہ وہ اُس بچے کو نانا جی کے یہاں نہیں لائیں۔

بعد کو وہ باورچی خانے میں چلے آئے' اُن کے بال بکھرے ہوئے تھے' چہرہ نیلا سا پڑ رہا تھا اور بےحد تھکے ہوئے دکھائی دے رہے تھے۔ اُن کے پیچھے پیچھے نانی بھی آ پہونچیں' اپنے گالوں پر بہتے ہوئے آنسوؤں کو کرتے سے پونچھتی ہوئی۔ نانا جی ایک بینچ پر اوپر پیر کر کے بیٹھ گئے اور اپنے ہاتھ بھی اُسی پر ٹیک کر کانپتے کانپتے اپنے پیلے پڑے ہوئے ہونٹوں کو کاٹنے لگے۔ اور نانی اُن کے آگے گھٹنوں کے بل جھک گئیں اور سکون کے ساتھ لیکن زور دیکر بولیں—

उतार कर वह देहलीज़ के उधर फेंकती जाती थीं और हिक़ारत से अपने लाल-लाल होंट सिकोड़े लगातार बोलती ही चली जा रही थीं—"बोलता क्यों नहीं है तू ? ख़ुशी नहीं हुई तुझे मेरे आने की ? उफ़ ! कैसी गन्दी है यह क़मीज़......"

फिर उन्होंने बतख़ की चरबी से मेरे कान मलने शुरू किये जिससे मुझे तकलीफ़ होने लगी, लेकिन इतनी बढ़िया ख़ुशबू निकल रही थी उनके कपड़ों से उस वक़्त कि तकलीफ़ जितनी हो रही थी उससे कम मालूम हुई.

मैं उनकी आँखों की तरफ़ ताकता हुआ उनसे चिपटता ही चला जा रहा था. ख़ौफ़ के सबब मेरे मुँह से आवाज़ नहीं निकल पा रही थी. और उनके अल्फ़ाज़ के साथ-साथ बीच-बीच में नानी की दुखभरी आवाज़ मेरे कानों तक पहुँच रही थी—"इतनी मनमानी करने लगा है यह...ज़रा किसी की नहीं सुनता. अपने नाना तक से नहीं डरता, ज़रा भी......अरी वारिया ! वारिया !"

"क्यों पैं-पैं कर रही हो माँ, चुप भी रहो. इस तरह बक-बक करके क्या कर लोगी ?"

सभी चीज़ें माँ के सामने छोटी लगने लगी थीं, रहम के क़ाबिल और बूढ़ी ! मैं ख़ुद भी बूढ़ा सा लगने लगा था, नाना जी की तरह बूढ़ा.

अपने घुटनों से मुझे चिपटा कर मेरे बालों पर अपना गरम-गरम, भारी हाथ फेरती हुई वह बोलीं—"किसी कड़े आदमी की देख-भाल में रखने की ज़रूरत है इसे. और अब स्कूल भी तो जाना चाहिये...कुछ सीखना चाहता है कि नहीं ? क्यों रे ?"

"मैं तो सब सीख चुका, जो जानना था."

"और भी थोड़ा-बहुत सीखना बाक़ी है रे !...अरे ! कितनी ताक़त आगई है तुझमें !" और मेरे साथ खेल-तमाशा करते हुए वह अपनी तेज़ मीठी आवाज़ में दिल खोलकर हसने लगीं.

उसी वक़्त नाना जी अन्दर दाख़िल हुए. उनका चेहरा एकदम सफ़ेद पड़ गया था, आँखें लाल हो रही थीं, और ग़ुस्से के मारे वह काँप रहे थे. मेरी माँ ने उन्हें देखते ही मुझे दूर हटा दिया और ऊँची आवाज़ में उनसे पूछा—"तो फिर क्या तय किया आपने बाबू जी ? मुझे नहीं रहने देंगे यहाँ ?"

नाना जी खिड़की के पास खड़े होकर अपनी उँगलियों के नाख़ूनों से शीशे पर जमी बरफ़ ख़ुरचने लगे, और बड़ी देर तक कुछ नहीं बोले. हालत बहुत ही नाज़ुक और तकलीफ़देह थी और, जैसा कि ऐसे संगीन मौक़ों पर मेरे साथ हमेशा होता था, मुझे लग रहा था गोया मेरे जिस्म भर में

اُتار کر وہ دہلیز کے اُدھر پھینکتی جاتی تھیں اور حقارت سے اپنے لال لال ہونٹ سکوڑے لگاتار بولتی ہی چلی جارہی تھیں—"بولتا کیوں نہیں ہے تو ؟ خوشی نہیں ہوئی تجھے میرے آنے کی ؟ اُف ! کیسی گندی ہے یہ قمیض..."

پھر اُنھوں نے بطخ کی چربی سے میرے کان ملنے شروع کئے جس سے مجھے تکلیف ہونے لگی ۔ لیکن اِتنی بڑھیا خوشبو نکل رہی تھی اُن کے کپڑوں سے اُس وقت کہ تکلیف جتنی ہو رہی تھی اُس سے کم معلوم ہوئی ۔

میں اُن آنکھوں کی طرف تاکتا ہوا اُن سے چپٹتا ہی چلا جا رہا تھا۔ خوف کے سبب میرے منھ سے آواز نہیں نکل پا رہی تھی ۔ اور اُن کے الفاظ کے ساتھ ساتھ بیچ بیچ میں نانی کی دکھ بھری آواز میرے کانوں تک پہونچ رہی تھی—"اِتنی من مانی کرنے لگا ہے یہ...ذرا کسی کی نہیں سنتا ۔ اپنے نانا تک سے نہیں ڈرتا، ذرا بھی...اری واریا ! واریا !"

"کیوں پیں پیں کر رہی ہو ماں، چپ بھی رہو۔ اِس طرح بک بک کر کے کیا کر لوگی ؟"

سبھی چیزیں ماں کے سامنے چھوٹی لگنے لگی تھیں، رحم کے قابل اور بوڑھی ! میں خود بھی بوڑھا سا لگنے لگا تھا، نانا جی کی طرح بوڑھا۔

اپنے گھٹنوں سے مجھے چپٹا کر میرے بالوں پر اپنا گرم گرم بھاری ہاتھ پھیرتی ہوئی وہ بولیں—"کسی کڑے آدمی کی دیکھ بھال میں رکھنے کی ضرورت ہے اِسے ۔ اور اب اِسکول بھی تو جانا چاہئے......کچھ سیکھنا چاہتا ہے کہ نہیں ؟ کیوں رے ؟"

"میں تو سب سیکھ چکا، جو جاننا تھا ۔"

"اور بھی تھوڑا بہت سیکھنا باقی ہے رے !...ارے ! کتنی طاقت آگئی ہے تجھ میں !" اور میرے ساتھ کھیل تماشا کرتے ہوئے وہ اپنی تیز میٹھی آواز میں دل کھولکر ھنسنے لگیں ۔

اِسی وقت نانا جی اندر داخل ہوئے ۔ اُن کا چہرہ ایکدم سفید پڑ گیا تھا، آنکھیں لال ہو رہی تھیں، اور غصہ کے مارے وہ کانپ رہے تھے ۔ میری ماں نے اُنھیں دیکھتے ہی مجھے دور ھٹا دیا اور اُونچی آواز میں اُن سے پوچھا—"تو پھر کیا طے کیا اپنے بابو جی ؟ مجھے نہیں رہنے دینگے یہاں ؟"

نانا جی کھڑکی کے پاس کھڑے ہو کر اپنی اُنگلیوں کے ناخونوں سے شیشے پر جمی برف کھرچنے لگے، اور بڑی دیر تک کچھ نہیں بولے ۔ حالت بہت ہی نازک اور تکلیف دہ تھی اور، جیسا کہ ایسے سنگین موقعوں پر میرے ساتھ ھمیشہ ہوتا تھا، مجھے لگ رہا تھا گویا میرے جسم بھر میں

मुझे यक़ीन नहीं आया, और अगर पादरी साहब ही हों तो वह किसी किराएदार के ही यहाँ आए होंगे.

"चल-चल!" कोचवान ने घोड़ों को हाँका, और उनकी पीठ पर कोड़ा फटकारते हुए मौज के साथ फिर सीटी बजाने लगा.

घोड़े मैदान को चीरते हुए दौड़ चले, और मैं खड़ा खड़ा उनकी तरफ़ ताकता रहा, फिर मैंने फाटक बन्द कर दिया. सूने पड़े बावरचीखाने में घुसते ही सबसे पहली आवाज़ मैंने अपनी माँ की सुनी. पास वाले कमरे में अपनी ज़ोरदार आवाज़ में वह कह रहीं थीं—"तो अब चाहते क्या हैं आप? मेरी जान लेंगे?"

अपनी ऊपरी पोशाक बदले बग़ैर ही मैं पिंजड़ों को पटक-पटकाकर दौड़ा हुआ बाहर के बरामदे में आया और नाना जी से टकरा गया. उन्होंने मेरी गरदन दबोच ली और अपनी खूँख्वार सी आँखें मेरे चेहरे पर गाड़ दीं, और बड़ी मुश्किल से एक घूँट सा सटक कर भारी गले से बोले—

"तेरी माँ फिर आ गई है......जा उसके पास...... ठैहरो......!" उन्होंने इतनी ज़ोर से मुझे झकझोर डाला कि मैं मुश्किल से गिरते-गिरते बचा और भीतर के दरवाज़े तक लुढ़कता चला गया. "चला जा......! जा......!"

मैं दरवाज़े से जा टकराया, जिस पर ऊन और मोमजामा चढ़ा हुआ था, लेकिन खटका गिराने में मुझे काफ़ी देर लग गई क्योंकि मेरा हाथ सर्दी से ठिठुरकर बिल्कुल सुन्न हो गया था और घबड़ाहट के मारे काँप रहा था. जब आख़ीर में मैं धीरे से अन्दर घुसा तो बिल्कुल ख़ौफ़ज़दा और अचंभे से भरा हुआ देहलीज़ पर ही रुक गया.

"यह आ गया!" मेरी माँ बोल उठी, "परमात्मा, कितना बड़ा हो गया है यह! क्यों, मुझे पहचानता नहीं है?......यह कैसे कपड़े पहनाए हैं इसे माँ?......और देखो तो, इसके कान बिल्कुल सफ़ेद पड़े जा रहे हैं! बतख़ की चरबी तो लाओ माँ, ज़रा जल्दी से."

कमरे के बीचोंबीच खड़ी वह मेरे ऊपर झुककर मेरी ऊपरी पोशाक उतारने लगीं और मुझे इस तरह उलट पलट कर देखने लगीं गोया मैं कोई गेंद हूँ. उनके लम्बे चौड़े बदन पर एक गरम, मुलायम, ख़ूबसूरत पोशाक थी, मर्दों के पूरे लबादे से बड़ी; और कंधे से लेकर कमर तक उस पर काले काले बटन तिरछी क़तार में टँके हुए थे. पहले कभी मैंने वैसी कोई पोशाक नहीं देखी थी.

उनका चेहरा पहले से छोटा लग रहा था और आँखें पहले से ज़्यादा बड़ी और धँसी हुई थीं; पर उनके बालों का सुनहरापन और भी गहरा हो उठा था. मेरे कपड़े उतार-

مجھے یقین نہیں آیا، اور اگر پادری صاحب ہی ہوں تو وہ کسی کرایہ‌دار کے ہی یہاں آئے ہونگے۔

"چل چل!" کوچوان نے گھوڑوں کو ہانکا، اور اُن کی پیٹھ پر کوڑا پھٹکارتے ہوئے موج کے ساتھ پھر سیٹی بجانے لگا۔

گھوڑے میدان کو چیرتے ہوئے دوڑ چلے، اور میں کھڑا کھڑا اُن کی طرف تاکتا رہا، پھر میں نے پھاٹک بند کر دیا۔ سونے پڑے باورچی خانے میں گھستے ہی سب سے پہلی آواز میں نے اپنی ماں کی سنی۔ پاس والے کمرے میں اپنی زوردار آواز میں وہ کہہ رہی تھیں—"تو اب چاہتے کیا ہیں آپ؟ میری جان لینگے؟"

اپنی اوپری پوشاک بدلے بغیر ہی میں پنجروں کو پٹک پٹکا کر دوڑا ہوا باہر کے برآمدے میں آیا اور نانا جی سے ٹکرا گیا۔ اُنہوں نے میری گردن دبوچ لی اور اپنی خونخوار سی آنکھیں میرے چہرے پر گاڑ دیں، اور مشکل سے ایک گھونٹ سا سٹک کر بھاری گلے سے بولے—

"تیری ماں پھر آگئی ہے...جا اُس کے پاس...ٹھہرو...!" اُنہوں نے اِتنی زور سے مجھے جھکجھور ڈالا کہ میں مشکل سے گرتے گرتے بچا اور بھیتر کے دروازے تک لڑھکتا چلا گیا۔ "چلا جا...! جا...!"

میں دروازے سے جا ٹکرایا، جس پر اون اور موم‌جامہ چڑھا ہوا تھا، لیکن کھٹکا گرانے میں مجھے کافی دیر لگ گئی کیونکہ میرا ہاتھ سردی سے ٹھٹھر کر بالکل سن ہو گیا تھا اور گھبراہٹ کے مارے کانپ رہا تھا۔ جب آخیر میں میں دھیرے سے اندر گھسا تو بالکل خوف زدہ اور اچنبھے سے بھرا ہوا دہلیز پر ہی رک گیا۔

"یہ آگیا!" میری ماں بول اُٹھی، "ہے پرماتما، کتنا بڑا ہو گیا ہے یہ! کیوں، مجھے پہچانتا نہیں ہے؟...یہ کیسے کپڑے پہنائے ہیں اِسے ماں؟...اور دیکھو تو، اِس کے کان بالکل سفید پڑے جا رہے ہیں! بطخ کی چربی تو لاؤ ماں، ذرا جلدی سے۔"

کمرے کے بیچوں بیچ کھڑی وہ میرے اوپر جھک کر میری اوپری پوشاک اُتارنے لگیں اور مجھے اِس طرح اُلٹ پلٹ کر دیکھنے لگیں گویا میں کوئی گیند ہوں۔ اُن کے لمبے چوڑے بدن پر ایک گرم، ملایم، خوبصورت پوشاک تھی، مردوں کے پورے لبادے سے بڑی؛ اور کندھے سے لیکر کمر تک اُس پر کالے کالے بٹن ترچھی قطار میں ٹنکے ہوئے تھے۔ پہلے کبھی میں نے ویسی کوئی پوشاک نہیں دیکھی تھی۔

اُن کا چہرہ پہلے سے چھوٹا لگ رہا تھا اور آنکھیں پہلے سے زیادہ بڑی اور دھنسی ہوئی تھیں، پر اُن کے بالوں کا سنہرا پن اور بھی گہرا ہو اُٹھا تھا۔ میرے کپڑے اُتار

मेरी माँ

श्री गोर्की

एक रोज़ सनीचर के दिन बहुत सबेरे मैं पेत्रोवना के सब्ज़ी के खेत में बुलबुल पकड़ने के लिये जा घुसा. वहाँ मैं बहुत देर तक रहा, क्योंकि वे इतनी तेज़ थीं कि मेरे जाल में फँसती ही नहीं थीं. उनकी ख़ूबसूरती ने मुझे बुरी तरह से लुभा लिया था. चाँदी से चमकते जमे हुए बर्फ़ पर वह फुदकती फिरतीं. और बर्फ़ से ढकी हुई झाड़ियों की डालों पर उड़कर जा बैठती थीं और बर्फ़ का दूधिया बुरादा सा चारों तरफ़ झड़ उठता था. यह सब मुझे इतना लुभावना लग रहा था कि मैं अपनी नाकामयाबी की परेशानी भूल गया. यों भी मैं शिकार के फ़न में उस्ताद नहीं था, क्योंकि दरअसल अपना शिकार पाने से ज़्यादा मुझे उसके पीछे लगे फिरने में मज़ा आता था और सब से ज़्यादा मज़ा चिड़ियों के तौर तरीक़े जानने और उनके बारे में सोचने समझने में मिलता था. बर्फ़ से ढके हुए एक खेत के किनारे अकेले बैठे बैठे, उस बर्फ़ीले दिन के गहरे सन्नाटे में, चिड़ियों की चहचहाहट सुनने में मैं मस्त था कि किसी गाड़ी की घन्टियों की टुनटुनाहट मुझे दूर पर हलकी सी सुनाई दी, किसी पपीहे के दिलसोज़ गीत की तरह.

बर्फ़ पर बैठा बैठा मैं अकड़ सा गया था और मुझे लगा कि मेरे कान बर्फ़ के मारे जम से गये हैं. इसलिये जाल और पिंजड़ों को बटोरकर मैं दीवार पर चढ़ बाग़ीचे में कूद पड़ा और घर आ पहुँचा.❀

सड़क की तरफ़ का फाटक खुला पड़ा था और एक बहुत बड़ा, लम्बा चौड़ा आदमी मौज से सीटी बजाता, एक बड़ी सी बन्द गाड़ी में जुते हुए पसीने से तरबतर तीन घोड़ों की रास पकड़कर अहाते से बाहर लिये जा रहा था. मेरा दिल उछलने लगा.

"किसे लेकर आए थे तुम ?"

उसने मेरी तरफ़ मुड़कर अपनी बाँहों के नीचे से मुझे देखा और कोचवान की गद्दी पर चढ़कर जवाब दिया— "पादरी साहब को."

❀ बचपन में ही वालिद के इन्तक़ाल हो जाने के बाद गोर्की अपनी वालदा के साथ नाना नानी के पास रहने लगा था. उसके नाना रंगरेज़ थे और बड़े अच्छे मिज़ाज के थे. गोर्की की माँ कुछ दिन ही वहाँ रहकर कहीं बाहर चली गई और गोर्की अपनी प्यारी नानी के साये में रहकर पलने लगा.

میری ماں

شری گورکی

ایک روز سنیچر کے دن بہت سویرے میں پیتروونا کے سبزی کے کھیت میں بلبل پکڑنے کے لئے جا گھسا۔ وہاں میں بہت دیر تک رہا، کیونکہ وے اِتنی تیز تھیں کہ میرے جال میں پھنستی ہی نہیں تھیں۔ اُن کی خوبصورتی نے مجھے بری طرح سے لبھا لیا تھا۔ چاندی سے چمکتے جمے ہوئے برف پر وہ پھدکتی پھرتیں، اور برف سے ڈھکی ہوئی جھاڑیوں کی ڈالوں پر اُڑ کر جا بیٹھتی تھیں اور برف کا دودھیا برادہ سا چاروں طرف جھڑ اُٹھتا تھا۔ یہ سب مجھے اِتنا لبھاؤنا لگ رہا تھا کہ میں اپنی ناکامیابی کی پریشانی بھول گیا۔ یوں بھی میں شکار کے فن میں اُستاد نہیں تھا، کیونکہ دراصل اپنا شکار پانے سے زیادہ مجھے اُس کے پیچھے لگے پھرنے میں مزہ آتا تھا اور سب سے زیادہ مزہ چڑیوں کے طور طریقے جاننے اور اُن کے بارے میں سوچنے سمجھنے میں ملتا تھا۔ برف سے ڈھکے ہوئے ایک کھیت کے کنارے بیٹھے بیٹھے، اُس برفیلے دن کے گہرے سناٹے میں، چڑیوں کی چہچہاہٹ سننے میں میں مست تھا کہ کسی گاڑی کی گھنٹیوں کی ٹنٹناہٹ مجھے دور پر ہلکی سی سنائی دی، کسی پپیہے کے دلسوز گیت کی طرح۔

برف پر بیٹھا بیٹھا میں اکڑ سا گیا تھا اور مجھے لگا کہ میرے کان برف کے مارے جم سے گئے ہیں۔ اِس لئے جال اور پنجڑوں کو بٹور کر میں دیوار پر چڑھ باغیچے میں کود پڑا اور گھر آ پہونچا۔❀

سڑک کی طرف کا پھاٹک کھلا پڑا تھا اور ایک بہت بڑا، لمبا چوڑا آدمی موج سے سیٹی بجاتا، ایک بڑی سی بند گاڑی میں جتے ہوئے پسینے سے تربتر تین گھوڑوں کی راس پکڑ کر احاطے سے باہر لئے جا رہا تھا۔ میرا دل اُچھلنے لگا۔

"کسے لیکر آئے تھے تم؟"

اُس نے میری طرف مڑ کر اپنی بانہوں کے نیچے سے مجھے دیکھا اور کوچوان کی گدی پر چڑھکر جواب دیا—"پادری صاحب کو۔"

❀بچپن میں ہی والد کے اِنتقال ہوجانے کے بعد گورکی اپنی والدہ کے ساتھ نانا نانی کے پاس رہنے لگا تھا۔ اُس کے نانا رنگریز تھے اور بڑے اچھے مزاج کے تھے۔ گورکی کی ماں کچھ دن ہی وہاں رہ کر کہیں باہر چلی گئیں اور گورکی اپنی پیاری نانی کے سایہ میں رہ کر پلنے لگا۔

के तौर पर इंगलैन्ड में जो ऐडवर्ड छटे के नाम पर हुकूमत करता था उसने हुक्म दे दिया कि तमाम अंग्रेज़ी क़ौम प्रोटेस्टेंट मज़हब को माने और सारा इंगलिस्तान प्रोटेस्टेंट हो गया. इसके बाद मल्का मेरी तख़्त पर बैठी और गोया किसी ने जादू कर दिया. फ़ौरन तमाम इंगलिस्तान के लोग फिर से रोमन कैथोलिक हो गये. मल्का मरी और पहिया फिर घूम गया. सारा इंगलिस्तान अब ऐंगलीकन मज़हब का मानने वाला हो गया. आजकल हम इस बात के सुनने के बहुत आदी हो गये हैं कि राज्य या बादशाह रिआया के मज़हब में कोई दख़ल नहीं देता. लेकिन हिटलर और उसके वारिस आजकल भी दुनिया को इस तरह की आज़ादी देने को तैयार नहीं हैं. सोलहवीं और सत्तरहवीं सदी में दुनिया के हर मुल्क के अन्दर राज को इससे गहरा ताल्लुक़ होता था कि रिआया किस मज़हब को मानती है. लेकिन हिन्दुस्तान में मुग़ल बादशाहों ने अपनी रिआया के मज़हबी विश्वास में दख़ल नहीं दिया और इस मामले में रिआया को आज़ाद छोड़ दिया था और इस बात में मुग़ल बादशाह अपने ज़माने के लिहाज़ से अपनी एक अलग मिसाल थे. सोलहवीं सदी ईसवी में एक दूसरे के बाद इंगलैन्ड के कई बादशाहों ने ऐक्ट्स आफ़ सुपरीमेसी और एक्ट्स आफ़ यूनिफ़ारमिटी नाम के क़ानून पास करके जबरदस्ती यह हुक्म दे दिया कि इंगलैन्ड के लाखों रोमन कैथोलिक अपने मज़हब को छोड़कर अपने गिरजों में बादशाह के मज़हब यानी प्रोटेस्टेंट मज़हब की लिखी हुई दुआएँ भी पढ़ा करें और हर मज़हबी बात में सब से बड़े पुरोहित पोप के बजाय प्रोटेस्टेन्ट बादशाही हुक्म मानें. इस शाही फ़रमान के न मानने पर हज़ारों रोमन कैथोलिक पादरियों को कड़ी सज़ाएँ दी गईं. इस तरह सन 1562 ईसवी में इंगलैंड में राज की तरफ़ से उन्तालीस मज़हबी उसूलों की एक फ़ेहरिस्त क़ानून की शकल में पास कर दी गई और उनमें से हर उसूल का मानना मुल्क के हर एक आदमी का क़ानूनी फ़र्ज़ बना दिया गया. यह बात भी याद रखनी चाहिये कि उस वक़्त तक इंगलैंड के मुख़्तलिफ़ ज़िलों में पचास फ़ीसदी से लेकर नब्बे फ़ीसदी तक आबादी रोमन कैथोलिक थी. इन सब को जबरदस्ती अपना मज़हब छोड़कर उस वक़्त के बादशाह का मज़हब मानना पड़ा. मुग़ल बादशाहों ने कभी इस तरह के कोई क़ानून जारी नहीं किये. और अपनी रियाया की बहुत बड़ी तादाद को, जो ग़ैर मुसलिम थी, मज़हब के मामले में पूरी तरह आज़ाद रखा. मुसलमानों के लिये भी किसी मुग़ल बादशाह ने या तो इसलाम छोड़कर दूसरा मज़हब अख़्तियार करने वालों को कभी कोई सज़ा दे दी या ज़्यादा से ज़्यादा यह हुक्म दे दिया कि आम रहन सहन में मुसलमान एक ख़ास ऊपरी तरीक़े की पाबन्दी करें, मसलन यह कि लोग शराब न पियें वग़ैरा.

کے طور پر انگلینڈ میں جو ایڈورڈ چھٹے کے نام پر حکومت کرتا تھا اُس نے حکم دے دیا کہ تمام انگریزی قوم پروٹسٹینٹ مذہب کو مانے اور سارا انگلستان پروٹسٹینٹ ہو گیا ۔ اِس کے بعد ملکہ میری تخت پر بیٹھی اور گویا کسی نے جادو کر دیا ۔ فوراً تمام انگلستان کے لوگ پھر سے رومن کیتھولک ہو گئے ۔ ملکہ مری اور پہیا پھر گھوم گیا ۔ سارا انگلستان اب اینگلیکن مذہب کا ماننے والا ہو گیا ۔ آجکل ہم اِس بات کے سننے کے بہت عادی ہو گئے ہیں کہ راج یا بادشاہ رعایا کے مذہب میں کوئی دخل نہیں دیتا ۔ لیکن ہٹلر اور اُس کے وارث آجکل بھی دنیا کو اِس طرح کی آزادی دینے کو تیار نہیں ہیں ۔ سولہویں اور سترھویں صدی میں دنیا کے ہر ملک کے اندر راج کو اِس سے گہرا تعلق ہوتا تھا کہ رعایا کس مذہب کو مانتی ہے ۔ لیکن ہندستان میں مغل بادشاہوں نے اپنی رعایا کے مذہبی وشواس میں دخل نہیں دیا اور اس معاملے میں رعایا کو آزاد چھوڑ دیا تھا اور اِس بات میں مغل بادشاہ اپنے زمانے کے لحاظ سے اپنی ایک الگ مثال تھے ۔ سولہویں صدی عیسوی میں ایک دوسرے کے بعد انگلینڈ کے کئی بادشاہوں نے ایکٹس آف سوپریمیسی اور ایکٹس آف یونیفارمٹی نام کے قانون پاس کر کے زبردستی یہ حکم دے دیا کہ انگلینڈ کے لاکھوں رومن کیتھولک اپنے مذہب کو چھوڑ کر اپنے گرجوں میں بادشاہ کے مذہب یعنی پروٹیسٹینٹ مذہب کی لکھی ہوئی دعائیں ہی پڑھا کریں اور ہر مذہبی بات میں سب سے بڑے پروہت پوپ کے بجائے پروٹیسٹینٹ بادشاہی حکم مانیں ۔ اِس شاہی فرمان کے نہ ماننے پر ہزاروں رومن کیتھولک پادریوں کو کڑی سزائیں دی گئیں ۔ اِس طرح سن 1562 عیسوی میں انگلینڈ میں راج کی طرف سے اُنتالیس مذہبی اصولوں کی ایک فہرست قانون کی شکل میں پاس کر دی گئی اور اُن میں سے ہر اُصول کا ماننا ملک کے ہر ایک آدمی کا قانونی فرض بنا دیا گیا ۔ یہ بات بھی یاد رکھنی چاہئے کہ اُس وقت تک انگلینڈ کے مختلف ضلعوں میں پچاس فیصدی سے لیکر نبے فیصدی تک آبادی رومن کیتھولک تھی ۔ اِن سب کو زبردستی اپنا مذہب چھوڑ کر اُس وقت کے بادشاہ کا مذہب ماننا پڑا ۔ مغل بادشاہوں نے کبھی اِس طرح کے کوئی قانون جاری نہیں کئے ۔ اُور اپنی رعایا کی بہت بڑی تعداد کو، جو غیر مسلم تھی، مذہب کے معاملے میں پوری طرح آزاد رکھا ۔ مسلمانوں کے لئے بھی کسی مغل بادشاہ نے یا تو اِسلام چھوڑ کر دوسرا مذہب اختیار کرنے والوں کو کبھی کوئی سزا دے دی یا زیادہ سے زیادہ یہ حکم دے دیا کہ عام رہن سہن میں مسلمان ایک خاص اُوپری طریقہ کی پابندی کریں، مثلاً یہ کہ لوگ شراب نہ پیئیں، وغیرہ ۔

को मानने से इन्कार कर दिया क्योंकि उस वक्त वह ख़ुद दुनिया भर में सबसे बड़ा हाकिम था. अपने को ख़लीफ़ा का नाइब मानने से कुछ दिनों तक यहाँ के बादशाहों का काम ज़रूर चल गया लेकिन उससे इस बात का कोई क़ायदा न बन पाया कि एक बादशाह के बाद तख़्त का हक़दार कौन और कैसे हो. इस बारे में न कोई क़ानून था और न पुराने बादशाहों के अमल से कोई मदद मिल सकती थी. क़ुदरती नतीजा यह था कि क़रीब क़रीब बादशाहों के मरने के वक्त तख़्त के लिये ख़ासी गरमा गरमी और भाग दौड़ दिखाई देती है. जिस वक्त बाबर मौत के बिस्तर पर पड़ा हुआ था उसका वज़ीर आज़म इस फ़िक्र और साज़िश में लगा हुआ था कि हुमायूँ को किस तरह तख़्त से अलग किया जावे. हुमायूँ की मौत इतनी अचानक हुई और हिन्दुस्तान में मुग़लों की हालत उस वक्त इतनी नाज़ुक थी कि उस वक्त तख़्त के लिये ज्यादा झगड़ा न हो पाया. अकबर की मौत के बाद जहाँगीर तख़्त पर बैठा लेकिन जहाँगीर के सब से बड़े बेटे ख़ुसरो ने अपने बाप के उस हक़ के ख़िलाफ़ हाथ पैर मारे. जहाँगीर की हुकूमत के आख़िरी दिनों में तख़्त के लिये तरह तरह की भद्दी साज़िशें हुईं. जहाँगीर के मरने के वक्त शाहजहाँ दकन में था इसलिये शाहजहाँ के लिये तख़्त को तैयार रखने की ग़रज़ से बदक़िस्मत बुलाक़ी को चुना गया. शाहजहाँ के पहुँचते ही बुलाक़ी मार डाला गया और तख़्त के दूसरे दावेदारों के ख़ून में से अपना रास्ता बनाकर शाहजहाँ बाप के तख़्त पर बैठा. औरंगज़ेब ने शाहजहाँ से बदला चुकाया. उसने शाहजहाँ को क़ैद करके शाहजहाँ की ज़िन्दगी में शाहजहाँ के नाम पर नहीं बल्कि ख़ुद अपने नाम पर बादशाहत करनी शुरू की. इस सबसे ज़ाहिर होता है कि इस ज़माने के बारे में मुसलमानों में जो आम ख़याल था इसी से मिलता जुलता मुग़लों का अमल था. यह बात नहीं थी कि एक बादशाह के बाद दूसरे को गद्दी मिलने का कोई माना हुआ क़ानून या रिवाज रहा हो और किसी ने ज़बरदस्ती बग़ावत करके उसे तोड़ा हो, बल्कि जो कुछ होता था वह एक मामूली चीज़ थी और इसलिये होता था कि इस मामले में कोई ख़ास क़ानून पहले से नहीं था.

यह भी याद रखना ज़रूरी है कि मुग़ल बादशाहों ने रियाया को अपनी मरज़ी के मुताबिक़ आज़ाद ज़िन्दगी बसर करने की बहुत बड़ी आज़ादी दे रखी थी. उसमें बादशाह कोई दख़ल न देता था. यह वह ज़माना था जब यूरप में वे बादशाह भी जो बिल्कुल ख़ुदमुख़्तार थे और वे भी जिनके यहाँ पार्लीमेंट बनी हुई थी, दोनों अपनी अपनी रियाया को साफ़-साफ़ यह हुक्म देते थे कि रियाया इस ख़ास क़िस्म के मज़हबी अक़ीदों (विश्वासों) को माने और उसके ख़िलाफ़ किसी दूसरे अक़ीदों को न माने. मिसाल

کو ماننے سے انکار کر دیا کیونکہ اُس وقت وہ خود دنیا بھر میں سب سے بڑا حاکم تھا ۔ اپنے کو خلیفہ کا نائب ماننے سے کچھ دنوں تک یہاں کے بادشاہوں کا کام ضرور چل گیا لیکن اُس سے اِس بات کا کوئی قاعدہ نہ بن پایا کہ ایک بادشاہ کے بعد تخت کا حقدار کون اور کیسے ہو ۔ اِس بارے میں نہ کوئی قانون تھا اور نہ پرانے بادشاہوں کے عمل سے کوئی مدد مل سکتی تھی ۔ قدرتی نتیجہ یہ تھا کہ قریب قریب بادشاہوں کے مرنے کے وقت تخت کے لئے خاصی گرما گرمی اور بھاگ دوڑ دکھائی دیتی ہے ۔ جس وقت بابر موت کے بستر پر پڑا ہوا تھا اُس کا وزیراعظم اِس فکر اور سازش میں لگا ہوا تھا کہ ہمایوں کو کسی طرح تخت سے الگ کیا جاوے ۔ ہمایوں کی موت اتنی اچانک ہوئی اور ہندستان میں مغلوں کی حالت اُس وقت اتنی نازک تھی کہ اُس وقت تخت کے لئے زیادہ جھگڑا نہ ہو پایا ۔ اکبر کی موت کے بعد جہانگیر تخت پر بیٹھا لیکن جہانگیر کے سب سے بڑے بیٹے خسرو نے اپنے باپ کے اُس حق کے خلاف ہاتھ پیر مارے ۔ جہانگیر کی حکومت کے آخری دنوں میں تخت کے لئے طرح طرح کی بھدی سازشیں ہوئیں ۔ جہانگیر کے مرنے کے وقت شاہ جہاں دکن میں تھا اِس لئے شاہ جہاں کے لئے تخت کو تیار رکھنے کی غرض سے بدقسمت بلاقی کو چنا گیا ۔ شاہجہاں کے پہنچتے ہی بلاقی مار ڈالا گیا اور تخت کے دوسرے دعویداروں کے خون میں سے اپنا راستہ بناکر شاہ جہاں باپ کے تخت پر بیٹھا۔ اورنگزیب نے شاہجہاں سے بدلہ چکایا ۔ اُس نے شاہجہاں کو قید کر کے شاہ جہاں کی زندگی میں شاہ جہاں کے نام پر نہیں بلکہ خود اپنے نام پر بادشاہت کرنی شروع کی ۔ اِس سب سے ظاہر ہوتا ہے کہ اِس زمانے کے بارے میں مسلمانوں میں جو عام خیال تھا اِسی سے ملتا جلتا مغلوں کا عمل تھا ۔ یہ بات نہیں تھی کہ ایک بادشاہ کے بعد دوسرے کو گدی ملنے کا کوئی مانا ہوا قانون یا رواج رہا ہو اور کسی نے زبردستی بغاوت کر کے اسے توڑا ہو، بلکہ جو کچھ ہوتا تھا وہ ایک معمولی چیز تھی اور اِس لئے ہوتا تھا کہ اِس معاملے میں کوئی خاص قانون پہلے سے نہیں تھا ۔

یہ بھی یاد رکھنا ضروری ہے کہ مغل بادشاہوں نے رعایا کو اپنی مرضی کے مطابق آزاد زندگی بسر کرنے کی بہت بڑی آزادی دے رکھی تھی ۔ اُس میں بادشاہ کوئی دخل نہ دیتا تھا ۔ یہ وہ زمانہ تھا جب یورپ میں وے بادشاہ بھی جو بالکل خود مختار تھے اور وے بھی جن کے یہاں پارلیمینٹ بنی ہوئی تھی، دونوں اپنی اپنی رعایا کو صاف صاف یہ حکم دیتے تھے کہ رعایا اِس خاص قسم کے مذہبی عقیدوں (وشواسوں) کو مانے اور اُس کے خلاف کسی دوسرے عقیدوں کو نہ مانے۔ مثال

हैसियत से काम कर रहा हूँ, लेकिन इसलाम उससे क्या चाहता है इसका वह ख़ु.द फैसला करता था. मुग़ल राज में एक ऐसी शख़्सी हुकूमत थी जिसमें उसूल के तौर पर भी और अमली तौर पर भी लोगों को अपनी मरज़ी के मुताबिक़ आज़ाद ज़िन्दगी बसर करने का एक बहुत बड़ा मैदान छूटा हुआ था.

लेकिन इस बारे में एक बात याद रखनी चाहिये. कई बातों में मुग़ल बादशाह के अख़्तयार बँधे हुए थे. फिर भी अगर कोई बादशाह उन हदों से बढ़ जाने का फैसला कर लेता था तो राज के तौर तरीक़ों में पार्लमिन्ट या असेम्बली या कौंसिल जैसी कोई ऐसी चीज़ मौजूद नहीं थी जो बादशाह को ऐसा करने से रोक सके. बादशाह की किसी पालिसी के साथ अपनी नाराज़गी ज़ाहिर करने का रियाया के पास सिर्फ़ एक तरीक़ा था और वह था बग़ावत करने का तरीक़ा. वह तरीक़ा उन दिनों हमेशा ठीक तरीक़ा माना जाता था. मसलन उस ज़माने में इंगलैंड के बादशाह के ख़िलाफ़ इस तरह की बग़ावत एक मज़हबी गुनाह समझा जाता था. हिन्दुस्तान में यह बात नहीं थी. इसके अलावा शुरू शुरू ज़माने के मुसलिम क़ानून में बादशाह के बारे में कोई ऐसा क़ायदा नहीं था कि किसी बादशाह के बाद गद्दी उसके लड़के ही को मिले. शुरू के मुसलमान बादशाहों ने अपने अमल में भी इस तरह का कोई क़ायदा नहीं माना. यह सही है कि शीओं ने इस तरह का दावा किया था और इसी वजह से शीओं और सुन्नियों में फ़र्क़ पड़ गया. मिस्र में ख़लीफ़ा ही मुसलमानों का हाकिम होता था. ख़लीफ़ा को मुसलमान अपने में से चुनते थे. शीओं को छोड़कर क़ुरान या हदीस में किसी ने भी बेटे को बाप की गद्दी पर बैठने के हक़ या उसूल को नहीं माना. यहाँ तक कि बादशाहत के मामले में मुसलमानों में कोई ख़ास क़ानून एक के बाद दूसरे के गद्दी पर बैठने का है ही नहीं. बादशाहत के लिये किसी इनसान का ज़ाती हक़ इसलाम नहीं मानता. इसलाम के मुताबिक़ बादशाहत किसी की ज़ाती मिल्कियत नहीं होती और न किसी की बपौती हो सकती है. क़ुदरती तौर पर तख़्त का कौन हक़दार है और कौन नहीं, इस पर न किसी क़ानून की ज़रूरत थी और न कोई क़ानून माना जा सकता था. हिन्दुस्तान में शुरू के मुसलमान बादशाहों ने इस मुश्किल काम को इस तरह हल किया कि उन्होंने कम से कम कहने के लिये अपने को ख़ुदमुख़्तार बादशाह नहीं माना. वे कहते थे कि हम अपने किसी ज़ाती हक़ से बादशाहत नहीं कर रहे हैं बल्कि उस दूसरे बैठे हुए मुसलिम बादशाह के मुक़र्रर किये हुए अफ़सर या नाइब की हैसियत से काम कर रहे हैं जो अपने को ख़लीफ़ा कहता है. बाबर और उसके बाद के बादशाहों ने इसलिये इस पुरानी फ़र्ज़ी रस्म

حیثیت سے کام کر رہا ہوں، لیکن اِسلام اُس سے کیا چاہتا ہے اِس کا وہ خود فیصلہ کرتا تھا . مغل راج میں ایک ایسی شخصی حکومت تھی جس میں اُصول کے طور پر بھی اور عملی طور پر بھی لوگوں کو اپنی مرضی کے مطابق آزاد زندگی بسر کرنے کا ایک بہت بڑا میدان چھوٹا ہوا تھا .

لیکن اِس بارے میں ایک بات یاد رکھنی چاہئے . کئی باتوں میں مغل بادشاہ کے اختیار بندھے ہوئے تھے . پھر بھی اگر کوئی بادشاہ اُن حدوں سے بڑھ جانے کا فیصلہ کر لیتا تھا تو راج کے طور طریقوں میں پارلیمنٹ یا اسمبلی یا کونسل جیسی کوئی ایسی چیز موجود نہیں تھی جو بادشاہ کو ایسا کرنے سے روک سکے. بادشاہ کی کسی پالیسی کے ساتھ اپنی ناراضگی ظاہر کرنے کا رعایا کے پاس صرف ایک طریقہ تھا اور وہ تھا بغاوت کرنے کا طریقہ . وہ طریقہ اُن دنوں ہمیشہ ٹھیک طریقہ مانا جاتا تھا . مثلاً اُس زمانے میں انگلینڈ کے بادشاہ کے خلاف اِس طرح کی بغاوت ایک مذہبی گناہ سمجھا جاتا تھا . ہندستان میں یہ بات نہیں تھی . اِس کے علاوہ شروع شروع زمانے کے مسلم قانون میں بادشاہ کے بارے میں کوئی ایسا قاعدہ نہیں تھا کہ کسی بادشاہ کے بعد گدی اُس کے لڑکے ہی کو ملے . شروع کے مسلمان بادشاہوں نے اپنے عمل میں بھی اِس طرح کا کوئی قاعدہ نہیں مانا . یہ صحیح ہے کہ شیعوں نے اِس طرح کا دعویٰ کیا تھا اور اِسی وجہ سے شیعوں اور سنیوں میں فرق پڑ گیا . مصر میں خلیفہ ہی مسلمانوں کا حاکم ہوتا تھا . خلیفہ کو مسلمان اپنے میں سے چنتے تھے . شیعوں کو چھوڑ کر قرآن یا حدیث میں کسی نے بھی بیٹے کو باپ کی گدی پر بیٹھنے کے حق یا اُصول کو نہیں مانا . یہاں تک کہ بادشاہت کے معاملے میں مسلمانوں میں کوئی خاص قانون ایک کے بعد دوسرے کے گدی پر بیٹھنے کا ہے ہی نہیں . بادشاہت کے لئے کسی انسان کا ذاتی حق اِسلام نہیں مانتا . اسلام کے مطابق بادشاہت کسی کی ذاتی ملکیت نہیں ہوتی اور نہ کسی کی باپوتی ہو سکتی ہے . قدرتی طور پر تخت کا کون حقدار ہے اور کون نہیں، اِس پر نہ کسی قانون کی ضرورت تھی اور نہ کوئی قانون مانا جا سکتا تھا . ہندستان میں شروع کے مسلمان بادشاہوں نے اِس مشکل کام کو اِس طرح حل کیا کہ اُنہوں نے کم سے کم کہنے کے لئے اپنے کو خودمختار بادشاہ نہیں مانا . وے کہتے تھے کہ ہم اپنے کسی ذاتی حق سے بادشاہت نہیں کر رہے ہیں بلکہ اُس دوسرے بیٹھے ہوئے مسلم بادشاہ کے مقرر کئے ہوئے افسر یا نائب کی حیثیت سے کام کر رہے ہیں جو اپنے کو خلیفہ کہتا ہے . بابر اور اُس کے بعد کے بادشاہوں نے اِس لئے اِس پرانی فرضی رسم

बातों में मुग़ल बादशाह इसलाम के एजेन्टों की तरह भी काम करते थे. यहाँ एक उसूल की बात है. मुग़ल बादशाह और सबसे ज्यादा औरंगजेब, इसलाम के एजेंट से ज्यादा और कुछ न थे. अकबर इस बात के कहने में फ़ख्र करता था कि मेरी फ़तहों से इसलाम के उसूल दूर दूर तक फैलते हैं और इसलाम के पैग़म्बर का हुक्म उन मुल्कों तक पहुँचता है जहाँ पहले कभी पैग़म्बर का नाम भी नहीं सुनाया गया था.

जहाँगीर और शाहजहाँ दोनों अपने को सच्चे दीन के रक्षक मानते थे और दीन के जायज़ हक़ का ख्याल रखते थे. औरंगजेब की सबसे बड़ी ख़ाहिश यह थी कि न सिर्फ़ मुसलमानों बल्कि कम से कम बाहर के रहन सहन में ग़ैर मुसलमानों में भी मुसलिम रहन सहन को बढ़ाया जाय. साथ ही औरंगजेब को भी इस मामले में ईसाइयों के साथ यह रियायत करनी पड़ी थी. उन्हें शराब पीने की इजाज़त दी गई थी जबकि बाक़ी तमाम रियाया के लिये शराब पीना क़ानूनन मना था. लेकिन इसलामी हुकूमत के वे उसूल जो ख़ासकर क़ुरान पर नहीं बल्कि बाद के मुसलिम बादशाहों के रिवाजों और ईरान के ग़ैर मुसलिम बादशाहों की रिवायतों पर ढाल लिये गये थे आसानी से हिन्दुस्तान में न चल सकते थे. एक सवाल यह था कि हिन्दुस्तान दारुल-इसलाम है, या दारुलहरब. दारुलइसलाम के माने हैं मुसलमानों का घर और दारुलहरब के माने हैं मुसलमानों के हमले की जगह. इस तरह के सीधे सादे मामले में भी औरंगजेब जैसे बादशाह के लिये भी उन मुसलिम रिवाजों को जो हिन्दुस्तान के बाहर चलते थे हिन्दुस्तान में जारी करना नामुमकिन था. इससे पहले के हिन्दुस्तान के मुसलिम बादशाहों ने कभी-कभी मुसलिम शरअ या मुसलिम रिवाज के ख़िलाफ़ अमल करने की भी हिम्मत न की थी. मालूम होता है कि इसलाम के हिन्दुस्तान आने के शुरू के दिनों में ही यह बात समझ ली गई थी कि तमाम हिन्दुस्तान का इसलाम का अपनाना नामुमकिन है. यह मामला यहीं पर रह गया और इसकी वजह से हिन्दुस्तान के अन्दर इसलामी क़ानून और इसलामी रिवाज में काफ़ी तब्दीलियाँ करनी पड़ी. इसका क़ुदरती नतीजा यह हुआ कि यह उसूल बिल्कुल ख़त्म हो गया कि हिन्दुस्तान में यहाँ के मुसलमान बादशाह मज़हबे इसलाम के महज़ एजेन्ट बनकर हुकूमत करें.

अब हम फिर यह देखना चाहते हैं कि मुग़लों की हुकूमत का ढंग क्या था. मुग़ल हुकूमत यानी शख्सी हुकूमत यानी एक आदमी की हुकूमत तो थी ही लेकिन वह एक हद के अन्दर ही शख्सी हुकूमत थी. बादशाह आम तौर पर यह दावा करता था कि मैं इसलाम के एक एजेन्ट की

باتوں میں مغل بادشاہ اِسلام کے ایجنٹوں کی طرح بھی کام کرتے تھے. یہاں ایک اُصول کی بات ھے. مغل بادشاہ اور سب سے زیادہ اورنگزیب، اسلام کے ایجنٹ سے زیادہ اورکچھ نہ تھے. اکبر اِس بات کے کہنے میں فخر کرتا تھا کہ میری فتحوں سے اِسلام کے اُصول دور دور تک پھیلتے ھیں اور اِسلام کے پیغمبر کا حکم اُن ملکوں تک پہنچتا ھے جہاں پہلے کبھی پیغمبر کا نام بھی نہیں سنایا گیا تھا .

جہانگیر اور شاہجہاں دونوں اپنے کو سچے دین کے رکشک مانتے تھے اور دین کے جائز حق کا خیال رکھتے تھے . اورنگزیب کی سب سے بڑی خواھش یہ تھی کہ نہ صرف مسلمانوں بلکہ کم سے کم باھر کے رھن سھن میں غیر مسلمانوں میں بھی مسلم رھن سھن کو بڑھایا جائے . ساتھ ھی اورنگزیب کو بھی اِس معاملے میں عیسائیوں کے ساتھ یہ رعایت کرنی پڑی تھی . اُنھیں شراب پینے کی اجازت دے گئی تھی جب کہ باقی تمام رعایا کے لئے شراب پینا قانوناً منع تھا . لیکن اِسلامی حکومت کے وے اُصول جو خاص کر قرآن پر نہیں بلکہ بعد کے مسلم بادشاھوں کے رواجوں اور ایران کے غیر مسلم بادشاھوں کی رعایتوں پر ڈھال لئے گئے تھے آسانی سے ھندستان میں نہ چل سکتے تھے . ایک سوال یہ تھا کہ ھندستان دارالسلام ھے، یا دارالحرب . دارالسلام کے معنے ھیں مسلمانوں کا گھر اور دارالحرب کے معنے ھیں مسلمانوں کے حملے کی جگہہ . اِس طرح کے سیدھے سادے معاملے میں بھی اورنگزیب جیسے بادشاہ کے لئے بھی اُن مسلم رواجوں کو جو ھندستان کے باھر چلتے تھے ھندستان میں جاری کرنا ناممکن تھا . اُس سے پہلے کے ھندستان کے مسلم بادشاھوں نے کبھی کبھی مسلم شرع یا مسلم رواج کے خلاف عمل کرنے کی بھی ھمت نہ کی تھی . معلوم ھوتا ھے کہ اِسلام کے ھندستان آنے کے شروع کے دنوں میں ھی یہ بات سمجھ لی گئی تھی کہ تمام ھندستان کو اِسلام کا اپنانا ناممکن ھے . یہ معاملہ یہیں پر رہ گیا اور اِس کی وجہ سے ھندستان کے اندر اِسلامی قانون اور اِسلامی رواج میں کافی تبدیلیاں کرنی پڑیں . اِس کا قدرتی نتیجہ یہ ھوا کہ یہ اُصول بالکل ختم ھو گیا کہ ھندستان میں یہاں کے مسلمان بادشاہ مذھب اِسلام کے محض ایجنٹ بن کر حکومت کریں .

اب ھم پھر یہ دیکھنا چاھتے ھیں کہ مغلوں کی حکومت کا ڈھنگ کیا تھا . مغل حکومت یعنی شخصی حکومت یعنی ایک آدمی کی حکومت تو تھی ھی لیکن وہ ایک حد کے اندر ھی شخصی حکومت تھی . بادشاہ عام طور پر یہ دعویٰ کرتا تھا کہ میں اِسلام کے ایک ایجنٹ کی

लिया था. सद्रुलसद्र राज का ख़ास आलिम होता था. शायद मुल्क भर में वह शरअ का सब से ज्यादा जानने वाला समझा जाता था और मुमकिन है कि शरअ पर सब से ज्यादा वाक़िफ़ भी वही हो. सब मुग़ल बादशाहों ने शरअ का मतलब ऐलान करने का पूरा हक़ सद्र को दे रखा था. सिर्फ़ अकबर ने यह हक़ अपने हाथ में लिया था कि जब कभी उलमाओं की राय न मिलती थी तो बादशाह आदिल की हैसियत से .खुद उनमें से जिस राय को ठीक समझे उसी पर अमल करे. लेकिन इस ऐलान पर भी अकबर उस वक़्त तक अमल न कर सका जब तक उसने अपने पुराने सद्रुलसद्र को निकालकर उसकी जगह दूसरा सद्र मुक़र्रर न कर लिया. अब्दुल नबी को निकालकर उसकी जगह सद्रजहाँ को मुक़र्रर किया गया. उलमाओं के फ़तवे का ऐलान भी तब तक नहीं हो सका जब तक कि सद्रुलसद्र ने ख़ासकर दस्तख़त नहीं कर दिया. यह एक अजीब सूरत थी. सद्रुलसद्र जब तक सद्रुलसद्र रहता था तब तक सिर्फ़ उसे ही यह ऐलान करने का हक़ था कि शरअ का हुक्म क्या है. लेकिन बादशाह सद्र को मुक़र्रर और बरख़ास्त कर सकता था. वह बादशाह के मातेहत न था पर बादशाह उसे निकाल सकता था. औरंगज़ेब के तख़्त पर बैठने के वक़्त इसकी बहुत अच्छी मिसाल देखने को मिली. सद्रुलसद्र ने शाहजहाँ के जिन्दा रहते हुए औरंगज़ेब को बादशाह क़रार देने से इनकार कर दिया. औरंगज़ेब को उसे बरख़ास्त करके दूसरा सद्र मुक़र्रर करना पड़ा. इस दूसरे सद्र ने पहले ही से यह राय ज़ाहिर कर दी थी कि चूँकि शाहजहाँ क़ैद में होने की वजह से काम करने के क़ाबिल नहीं इसलिये उसके जिन्दा रहते हुए भी औरंगज़ेब के नाम का .खुतबा पढ़ा जा सकता है. इस तरह मुग़ल बादशाहों के लिये अपने किसी काम को ठीक साबित करने के लिये यह लाज़िमी था कि वह कोई न कोई ऐसा आलिम ढूँढ लें जो सद्रुलसद्र बनकर बादशाह के काम को जायज़ क़रार दे सके. औरंगज़ेब के ज़माने में एक और तरह से यह चमक गया कि शरअ के मामले में बादशाह किस तरह दूसरे के मातेहत था. कुछ अफ़सर इस काम के लिये मुक़र्रर किये गये थे जो रियाया को इजाज़त देते थे कि वे अगर बादशाह के ख़िलाफ़ कोई नालिश करना चाहें तो कर सकें. यह अफ़सर वकलाए शरअ कहलाते थे. यह मुक़द्मे बादशाह के ख़िलाफ़ उस तरह के ज़ाती मामलों में दायर किये जा सकते थे जिस तरह कि अंग्रेज़ी क़ानून में पेटन्ट्स-आफ़-राइट के मातेहत दायर किया जाता था. औरंगज़ेब की हुकूमत की पालिसी से इनका कोई ताल्लुक़ नहीं था और न कोई उसके मुताबिक़ मुल्क के राज काज में दख़ल दे सकता था.

मुग़ल सल्तनत मज़हबी सल्तनत तो नहीं थी, लेकिन कई

ا تھا. صدر الصدر راج کا خاص عالم ہوتا تھا. شاید ملک بھر میں وہ شرع کا سب کے زیادہ جاننے والا سمجھا جاتا تھا اور ممکن ھے کہ شرع پر سب سے زیادہ واقف بھی وھی ھو. سب مغل بادشاھوں نے شرع کا مطلب اعلان کرنے کا پورا حق صدر کو دے رکھا تھا. صرف اکبر نے یہ حق اپنے ھاتھ میں لیا تھا کہ جب کبھی علماؤں کی رائے نہ ملتی تھی تو بادشاہ عادل کی حیثیت سے خود اُن میں سے جس رائے کو ٹھیک سمجھے اُسی پر عمل کرے. لیکن اِس اعلان پر بھی اکبر اُس وقت تک، عمل نہ کر سکا جب تک اُس نے اپنے پرانے صدر الصدر کو نکال کر اُس کی جگہہ دوسرا صدر مقرر نہ کر لیا. عبدالنبی کو نکال کر اُس کی جگہہ صدر جہاں کو مقرر کیا گیا. علماؤں کے فتوے کا اعلان بھی تب تک نہیں ھو سکا جب تک کہ صدرالصدر نے خاص کر دستخط نہیں کر دیا. یہ ایک عجیب صورت تھی. صدرالصدر جب تک صدر الصدر رھتا تھا تب تک صرف اُسے ھی یہ اعلان کرنے کا حق تھا کہ شرع کا حکم کیا ھے. لیکن بادشاہ صدر کو مقرر اور برخاست کر سکتا تھا. وہ بادشاہ کے ماتحت نہ تھا پر بادشاہ اُسے نکال سکتا تھا. اورنگزیب کے تخت پر بیٹھنے کے وقت اِس کی بہت اچھی مثال دیکھنے کو ملی. صدر الصدر نے شاہجہاں کے زندہ رھتے ھوئے اورنگزیب کو بادشاہ قرار دینے سے انکار کر دیا. اورنگزیب کو اُسے برخاست کر کے دوسرا صدر مقرر کرنا پڑا. اِس دوسرے صدر نے پہلے ھی سے یہ رائے ظاھر کر دی تھی کہ چونکہ شاہجہاں قید میں ھونے کی وجہ سے کام کرنے کے قابل نہیں اِس لئے اُس کے زندہ رھتے ھوئے بھی اورنگزیب کے نام کا خطبہ پڑھا جا سکتا ھے. اِس طرح مغل بادشاھوں کے لئے اپنے کسی کام کو ٹھیک ثابت کرنے کے لئے یہ لازمی تھا کہ وہ کوئی نہ کوئی ایسا عالم ڈھونڈھ لیں جو صدرالصدر بن کر بادشاہ کے کام کو جائز قرار دے سکے. اورنگزیب کے زمانے میں ایک اور طرح سے یہ چمک گیا کہ شرع کے معاملے میں بادشاہ کس طرح دوسرے کے ماتحت تھا. کچھ افسر اِس کام کے لئے مقرر کئے گئے تھے جو رعایا کو اجازت دیتے تھے کہ وے اگر بادشاہ کے خلاف کوئی نالش کرنا چاھیں تو کر سکیں. یہ افسر وکلاء شرع کہلاتے تھے. یہ مقدمے بادشاہ کے خلاف اُس طرح کے ذاتی معاملوں میں دائر کئے جاسکتے تھے جس طرح کہ انگریزی قانون میں پیٹینٹس آف رائٹ کے ماتحت دائر کیا جاتا تھا. اورنگزیب کی حکومت کی پالسی سے اِن کا کوئی تعلق نہیں تھا اور نہ کوئی اُس کے مطابق ملک کے راج کاج میں دخل دے سکتا تھا.

مغل سلطنت مذھبی سلطنت تو نہیں تھی، لیکن کئی

जान बख्श देने के बजाय उसे क़ाज़ी के पास हुक्म के लिए भेज दिया. औरंगज़ेब का ज़माना मुसलमानों के पूरे ज़ोर का ज़माना था और औरंगज़ेब .ख़ुशी से मुसलमानों के फ़ैसले के आगे सर झुका देता था.

अब यह सवाल पैदा होता है कि मुग़ल राज मज़हबी राज था. मुग़ल राज से पहले के यानी शुरू ज़माने के मुसलिम बादशाहों का अमल चाहे कैसा भी रहा हो मुग़लों की हुकूमत इसलामी या मज़हबी नहीं कही जा सकती. मज़हबी हुकूमत का मतलब यह है कि हुकूमत यानी सरकार पुरोहितों, पादरियों या मुल्लाओं के मातेहत हो. इसलाम ने ईसाई चर्च की तरह कभी मुसलिम मुल्लाओं का इजतमा नहीं खड़ा किया. इसलाम में कभी भी कोई ख़ास पुरोहित यानी मज़हबी रस्में अदा करने कराने वाली कोई ख़ास जमाअत नहीं रही. मज़हबी तौर पर इसलाम में कभी भी कोई ख़ास छोटे बड़े पुरोहित या पादरी नहीं हुए. इसलिये मज़मून में मज़हबी हुकूमत मुसलिम राज में हो ही नहीं सकती थी जबकि किसी को किसी वक़्त भी शरअ का ऐसा मतलब बता देने का हक़ नहीं था जिसमें ग़ल्ती न हो सके. मुसलमानों में ख़लीफ़ा हुए हैं. कभी कभी एक साथ एक से ज़्यादा भी ख़लीफ़ा हुए हैं. लेकिन ख़लीफ़ा उन मानों में मुसलमानों का रूहानी हाकिम नहीं होता था जिन मानों में अभी तक पोप कैथोलिक ईसाइयों का रूहानी हाकिम है. जिस तरह पोप को ईसाई धर्म के मामलों में इस तरह के हुक्म जारी करने का हक़ है जिनका मानना हर ईसाई का फ़र्ज़ है उस तरह ख़लीफ़ा को कभी आम मुसलमानों के लिये हुक्म जारी करने का हक़ हासिल नहीं हुआ. इसलाम अभी तक मज़हबी मामलों में सिर्फ़ एक ही चीज़ को सनद मानता है और वह है रसूल की हदीसों और सहाबा की ज़िन्दगी के वाक़यों की रोशनी में क़ुरान का हुक्म. उसमें सिर्फ़ एक तब्दीली मान ली गई थी. वह यह कि तमाम मुसलिम दुनिया मिलकर जिस चीज़ को जायज़ कह दे वह जायज़ है.

जबकि सब जगह इसलाम की सूरत यह थी तो हिन्दुस्तान में और ख़ासकर मुग़ल हिन्दुस्तान में तो यह और भी ज़्यादा ज़रूरी थी. इस मुल्क में हिन्दुस्तान की आबादी के एक बहुत बड़े हिस्से के साथ इसलाम को शरअ से कोई ताल्लुक़ नहीं था. जिस मुल्क में आबादी के इतने बड़े हिस्से को बड़े-बड़े मामलों में उनके अपने क़ानून के मातेहत छोड़ दिया गया था वहाँ इसलाम की कोई मज़हबी हुकूमत हो ही नहीं सकती थी. इस मामले में औरंगज़ेब ने भी कोई तब्दीली करने की कोशिश नहीं की.

लेकिन एक बात ऐसी थी कि जिस में मुग़ल राज ने एक मज़हबी आलिम के अख़्तियार को बहुत दर्जे तक मान

جان بخش دینے کے بجائے اُسے قاضی کے پاس حکم کے لئے بھیج دیا ۔ اورنگزیب کا زمانہ مسلمانوں کے پورے زور کا زمانہ تھا اور اورنگزیب خوشی سے مسلمانوں کے فیصلے کے آگے سر جھکا دیتا تھا ۔

اب یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ مغل راج مذہبی راج تھا۔ مغل راج سے پہلے کے یعنی شروع زمانے کے مسلم بادشاہوں کا عمل چاہے کیسا بھی رہا ہو مغلوں کی حکومت اِسلامی یا مذہبی نہیں کہی جا سکتی ۔ مذہبی حکومت کا مطلب یہ ہے کہ حکومت یعنی سرکار پروہتوں، پادریوں یا ملاؤں کے ماتحت ہو ۔ اِسلام نے عیسائی چرچ کی طرح کبھی مسلم ملاؤں کا اجتماع نہیں کھڑا کیا ۔ اِسلام میں کبھی بھی کوئی خاص پروہت یعنی مذہبی رسمیں ادا کرنے کرانے والی کوئی خاص جماعت نہیں رہی ۔ مذہبی طور پر اسلام میں کبھی بھی کوئی خاص چھوٹے بڑے پروہت یا پادری نہیں ہوئے ۔ اِس لئے مضمون میں مذہبی حکومت مسلم راج میں ہو ہی نہیں سکتی تھی جب کہ کسی کو کسی وقت بھی شرع کا ایک ایسا مطلب بتا دینے کا حق نہیں تھا جس میں غلطی نہ ہو سکے ۔ مسلمانوں میں خلیفہ ہوئے ہیں ۔ کبھی کبھی ایک ساتھ ایک سے زیادہ بھی خلیفہ ہوئے ہیں ۔ لیکن خلیفہ اُن معنوں میں مسلمانوں کا روحانی حاکم نہیں ہوتا تھا جن معنوں میں ابھی تک پوپ کیتھولک عیسائیوں کا روحانی حاکم ہے ۔ جس طرح پوپ کو عیسائی دھرم کے معاملوں میں اِس طرح کے حکم جاری کرنے کا حق ہے جن کا ماننا ہر عیسائی کا فرض ہے اُس طرح خلیفہ کو کبھی عام مسلمانوں کے لئے حکم جاری کرنے کا حق حاصل نہیں ہوا ۔ اسلام ابھی تک مذہبی معاملوں میں صرف ایک ہی چیز کو سند مانتا ہے اور وہ ہے رسول کی حدیثوں اور صحابہ کی زندگی کے واقعوں کی روشنی میں قرآن کا حکم ۔ اِس میں صرف ایک تبدیلی مان لی گئی تھی ۔ وہ یہ کہ تمام مسلم دنیا مل کر جس چیز کو جائز کہہ دے وہ جائز ہے ۔

جب کہ سب جگہ اسلام کی صورت یہ تھی تو ہندستان میں اور خاص کر مغل ہندستان میں تو یہ اور بھی زیادہ ضروری تھی ۔ اِس ملک میں ہندستان کی آبادی کے ایک بہت بڑے حصے کے ساتھ اِسلام کو شرع سے کوئی تعلق نہیں تھا ۔ جس ملک میں آبادی کے اتنے بڑے حصے کو بڑے بڑے معاملوں میں اُن کے اپنے قانون کے ماتحت چھوڑ دیا گیا تھا وہاں اِسلام کی کوئی مذہبی حکومت ہو ہی نہیں سکتی تھی ۔ اِس معاملے میں اورنگزیب نے بھی کوئی تبدیلی کرنے کی کوشش نہیں کی ۔

لیکن ایک بات ایسی تھی کہ جس میں مغل راج نے ایک مذہبی عالم کے اختیار کو بہت درجے تک مان

किया जाता था कि जो मुसलमान मज़हबी जुर्म करेगा यानी अपने किसी मज़हबी फ़र्ज़ को पूरा नहीं करेगा उसपर ख़ास हालतों में शरअ के मुताबिक़ मुक़दमा नहीं चलाया जायगा. मानना पड़ता है कि मुग़ल बादशाहों ने इस मामले में लोगों को काफ़ी रियायत दे दी थी. बाज़ लोग समझते हैं कि इसकी पहल अकबर ने की थी लेकिन यह ग़लत है. अकबर से पहले अलाउद्दीन और मुहम्मद तुग़लक़ इसी तरह का आज़ाद ढंग अख़्तियार कर चुके थे. अकबर ने ख़ुद अपने सुल्तान, आदिल या इमाम आदिल होने का जो फ़रमान उल्माओं को जमा करके उनसे जारी कराया था जिसके मुताबिक़ उल्माओं की एक दूसरे के ख़िलाफ़ दो रायों में किसी एक को ठीक ऐलान कर देने का अकबर को हक़ मिल गया था, जिसे योरुप वाले ग़ल्ती से "इनफ़ालिएबिलिटि डिक्री" यानी 'बादशाह की मासूमियत का फ़रमान' कहते हैं, वह भी असल में मुसलिम शरअ को बदलने वाली चीज़ नहीं थी बल्कि एक बहुत बड़े दर्जे तक मुसलमानों को तसल्ली देने वाली चीज़ थी. अलाउद्दीन ने यह ऐलान कर दिया था कि "मैं शरअ का क़ानून नहीं जानता और इसलिये जो मेरा दिल कहता है वही करता हूँ" इसके ख़िलाफ़ अकबर का यही कहना था कि मैं जो करता हूँ शरअ के मुताबिक़ करता हूँ. सिर्फ़ शरअ के जानने वाले मुख़्तलिफ़ आलिमों की जो अलग अलग राय एक दूसरे के ख़िलाफ़ मौजूद हैं उनमें से मैं किसी एक राय को चुन लेता हूँ." इसका मतलब यह हुआ कि जहाँ तक उसूल की बात है अकबर ने भी शरअ को बदलने का अख़्तियार अपने हाथ में नहीं लिया. यह दूसरी बात है कि अमल में उसने शरअ के कुछ हुक्मों की परवाह नहीं की और उसका अमल किसी बात में शरअ के ख़िलाफ़ रहा.

औरंगज़ेब ने शरअ के बदलने के इस हक़ से बिलकुल ही हाथ खींच लिया. बार बार देखने में आता है कि औरंगज़ेब न सिर्फ़ दीवानी और फ़ौजदारी के मामले में ही शरै के आलिमों की राय लेता था बल्कि सरकारी टैक्स लगाने के मामले, तिजारत और ब्योपार के क़ायदे क़ानून बनाने में भी वह अक्सर शरअ का हुक्म देखता था. अहमदाबाद में कुछ लोगों ने तार बनाने का काम अपने ही हाथों में ले रखा था. औरंगज़ेब ने आलिमों से सलाह कर इस इजारे को तोड़ दिया और सबको तार बनाने और बेचने की इजाज़त दे दी. एक मर्तबा औरंगज़ेब ने ग़ल्ला वग़ैरा का निर्ख़ बाँध देना चाहा लेकिन जैसे ही उसे मालूम हुआ कि ऐसा शरअ के ख़िलाफ़ है उसने अपनी कोशिश बन्द कर दी. उसे किसी के मुसलमान होने पर ख़ुशी होती थी लेकिन फिर भी एक मर्तबा जब किसी आदमी ने, जिसे क़त्ल के मामले में मौत की सज़ा दी गई थी, मुसलमान हो जाने और जान बख़्शवाने की ख़्वाहिश ज़ाहिर की तो औरंगज़ेब ने उसकी

کیا جاتا تھا کہ جو مسلمان مذہبی جرم کریگا یعنی اپنے کسی مذہبی فرض کو پورا نہیں کرے گا اُس پر خاص حالتوں میں شرع کے مطابق مقدمہ نہیں چلایا جائیگا ۔ ماننا پڑتا ہے کہ مغل بادشاہوں نے اِس معاملے میں لوگوں کو کافی رعایت دے دی تھی ۔ بعض لوگ سمجھتے ہیں کہ اِس کی پہل اکبر نے کی تھی لیکن یہ غلط ہے ۔ اکبر سے پہلے علاؤالدین اور محمد تغلق اِسی طرح کا آزاد ڈھنگ اختیار کر چکے تھے ۔ اکبر نے خود اپنے سلطان عادل یا امام عادل ہونے کا جو فرمان علماؤں کو جمع کر کے اُن سے جاری کرایا تھا جس کے مطابق علماؤں کی ایک دوسرے کے خلاف دو رایوں میں کسی ایک کو ٹھیک اعلان کر دینے کا اکبر کو حق مل گیا تھا' جیسے یورپ والے غلطی سے "اِنفالئیبلیٹی ڈکری" یعنی 'بادشاہ کی معصومیت کا فرمان' کہتے ہیں' وہ بھی اصل میں مسلم شرع کو بدلنے والی چیز نہیں تھی بلکہ ایک بڑے درجے تک مسلمانوں کو تسلی دینے والی چیز تھی ۔ علاؤ الدین نے یہ اعلان کر دیا تھا کہ "میں شرع کا قانون نہیں جانتا اور اِس لئے جو میرا دل کہتا ہے وہی کرتا ہوں ۔" اِس کے خلاف اکبر کا یہی کہنا تھا کہ "میں جو کرتا ہوں شرع کے مطابق کرتا ہوں ۔ صرف شرع کے جاننے والے مختلف عالموں کی دو الگ الگ رائے ایک دوسرے کے خلاف موجود ہیں ان میں سے میں کسی ایک رائے کو چن لیتا ہوں ۔" اِس کا مطلب یہ ہوا کہ جہاں تک اصول کی بات ہے اکبر نے بھی شرع کو بدلنے کا اختیار اپنے ہاتھ میں نہیں لیا ۔ یہ دوسری بات ہے کہ عمل میں اُس نے شرع کے کچھ حکموں کی پرواہ نہیں کی اور اُس کا عمل کسی بات میں شرع کے خلاف رہا ۔

اورنگزیب نے شرع کے بدلنے کے اِس حق سے بالکل ہی ہاتھ کھینچ لیا ۔ بار بار دیکھنے میں آتا ہے کہ اورنگزیب نہ صرف دیوانی اور فوجداری کے معاملے میں ہی شرع کے عالموں کی رائے لیتا تھا بلکہ سرکاری ٹیکس لگانے کے معاملے' تجارت اور بیوپار کے قاعدے قانون بنانے میں بھی وہ اکثر شرع کا حکم دیکھتا تھا ۔ احمدآباد میں کچھ لوگوں نے تار بنانے کا کام اپنے ہی ہاتھوں میں لے رکھا تھا ۔ اورنگزیب نے عالموں سے صلاح کر اِس اجارے کو توڑ دیا اور سب کو تار بنانے اور بیچنے کی اجازت دے دی ۔ ایک مرتبہ اورنگزیب نے غلہ وغیرہ کا نرخ باندھ دینا چاہا لیکن جیسے ہی اُسے معلوم ہوا کہ ایسا شرع کے خلاف ہے اُس نے اپنی کوشش بند کر دی ۔ اُسے کسی کے مسلمان ہونے پر خوشی ہوتی تھی لیکن پھر بھی ایک مرتبہ جب کسی آدمی نے' جسے قتل کے معاملے میں موت کی سزا دی گئی تھی' مسلمان ہو جانے اور جان بخشوانے کی خواہش ظاہر کی تو اورنگزیب نے اُس کی

ज़रूर था लेकिन उसके बनाने में मुग़ल राज का कोई हाथ नहीं था. इन यूरप वालों को कोई मुग़ल क़ानून नहीं मिले क्योंकि मुग़लों ने कभी नये क़ानून बनाये ही नहीं. लिखे हुए क़ानून तो उस ज़माने में इतने ज़्यादा थे कि औरंगज़ेब ने, जो ख़ुद बड़ा आलिम था, यह महसूस किया कि मुसलिम शरअ की पेचीदगियों में से रास्ता मिलना भी कभी कभी मुश्किल हो जाता है. इसलिये औरंगज़ेब ने शरअ के क़ानून को फिर से तरतीब देकर लिखवाया. इस काम में औरंगज़ेब ने बादशाह की हैसियत से अपना कोई अख़्तियार नहीं जताया. "फ़तवए आलमगीरी" नाम की किताब तैयार कराई गई. बहुत से आलिमों ने मिलकर उसे तैयार किया. किताब के नाम के साथ आलमगीरी के नाम से यह नहीं समझना चाहिये कि उसमें कोई आलमगीर का हुक्म शामिल है. हर बात जो किताब में कही गई है उसके लिये किताब लिखने वाले आलिमों ने शरअ की किसी न किसी पुरानी किताब से हवाला दिया है.

मुग़ल ज़माने में ही हिन्दू धर्म शास्त्र की भी कई संस्कृत किताबें तैयार कराई गई, लेकिन इनमें भी किसी बादशाह के हुक्म से कोई बात नहीं लिखी गई. कमलाकर, रघुनन्दन, मित्र मिश्र, नरसिंह और बहुत से छोटे मोटे पंडितों ने धर्मशास्त्र के अलग अलग हिस्सों पर मेहनत की, इन विद्वानों ने हमेशा पुराने शास्त्रों से ही लेकर अपनी राय ज़ाहिर की है. कहीं कहीं इतना ज़रूर किया है कि जहाँ उन्हें पुरानी किताबों में तरह तरह की एक दूसरे के ख़िलाफ़ रायें मिली हैं वहाँ उन्होंने उन्हीं में से किसी एक राय को लेकर अपना एक नया रास्ता बनाया है. इस मामले में हिन्दुओं को एक और रियायत थी जो मुसलमानों को नहीं थी. हिन्दुओं की अपनी कचहरियाँ थीं जो पंचायतें कहलाती थीं. धर्मशास्त्र का मतलब मालूम करने में जहाँ दिक़्क़त होती थी यह पंचायतें उसी पर आख़िरी फ़ैसला देती थीं. आम मुग़ल ज़माने में किसी मुग़ल बादशाह की तरफ़ से इन पंचायतों के रंग रूप, उनके पंचों या उनके काम के ढंग को बदलने या उसमें दख़ल देने की कोशिश नहीं की गई.

फ़ौजदारी का क़ानून यानी जुर्मों की सज़ा देने का क़ानून इसलामी क़ानून था. मामूली तौर पर रियाया और राज और रियाया के ताल्लुक़ इसलामी क़ानून से चलते थे. अकबर ने मुग़ल राज की मज़हबी पालिसी को बदलकर एक ख़ास नई तब्दीली की थी. लेकिन जो तब्दीलियाँ अकबर ने कीं वे भी असल में मुल्क के अमन आमान से ही वास्ता रखती थीं. ऐसे मौक़ों पर आम तौर से राज की तरफ़ से यह ऐलान कर दिया जाता था कि कुछ क़ायदे क़ानून को तोड़ देने पर भी सरकार, ख़ासकर, ग़ैर मुसलिम मुजरिमों पर मुक़दमा नहीं चलावेगी. कभी कभी यह ऐलान

ضرور تھا لیکن اُس کے بنانے میں مغل راج کا کوئی ھاتھ نہیں تھا۔ ان یورپ والوں کو کوئی مغل قانون نہیں ملے کیونکہ مغلوں نے کبھی نئے قانون بنائے ھی نہیں۔ لکھے ھوئے قانون تو اُس زمانے میں اِتنے زیادہ تھے کہ اورنگزیب نے، جو خود بڑا عالم تھا، یہ محسوس کیا کہ مسلم شرع کی پیچیدگیوں میں سے راستہ ملنا بھی کبھی کبھی مشکل ھو جاتا ھے۔ اِس لئے اورنگزیب نے شرع کے قانون کو پھر سے ترتیب دے کر لکھوایا۔ اس کام میں اورنگزیب نے بادشاہ کی حیثیت سے اپنا کوئی اختیار نہیں جتایا۔ "فتوئہ عالمگیری" نام کی کتاب تیار کرائی گئی۔ بہت سے عالموں نے مل کر اُسے تیار کیا۔ کتاب کے نام کے ساتھ عالمگیری کے نام سے یہ نہیں سمجھنا چاھئے کہ اُس میں کوئی عالمگیر کا حکم شامل ھے۔ ھر بات جو کتاب میں کہی گئی ھے اُس کے لئے کتاب لکھنے والے عالموں نے شرع کی کسی نہ کسی پرانی کتاب سے حوالہ دیا ھے۔

مغل زمانے میں ھی ھندو دھرم شاستر کی بھی کئی سنسکرت کتابیں تیار کرائی گئیں؛ لیکن اِن میں بھی کسی بادشاہ کے حکم سے کوئی بات نہیں لکھی گئی۔ کملا کر، رگھونندن، مِتر مِشر، نرسنگھ اور بہت سے چھوٹے موٹے پنڈتوں نے دھرم شاستر کے الگ الگ حصوں پر محنت کی، اِن ودوانوں نے ھمیشہ پرانے شاستروں سے ھی لے کر اپنی رائے ظاھر کی ھے۔ کہیں کہیں اتنا ضرور کیا ھے کہ جہاں انہیں پرانی کتابوں میں طرح طرح کی ایک دوسرے کے خلاف رائیں ملی ھیں وھاں اُنہوں نے اُنہیں میں سے کسی ایک رائے کو لے کر اپنا ایک نیا راستہ بنایا ھے۔ اِس معاملے میں ھندوؤں کو ایک اور رعایت تھی جو مسلمانوں کو نہیں تھی۔ ھندوؤں کی اپنی کچہریاں تھیں جو پنچائتیں کہلاتی تھیں۔ دھرم شاستر کا مطلب معلوم کرنے میں جہاں دقت ھوتی تھی یہ پنچائتیں اُس پر آخری فیصلہ دیتی تھیں۔ عام مغل زمانے میں کسی مغل بادشاہ کی طرف سے اِن پانچایتوں کے رنگ روپ، اُن کے پنچوں یا اُن کے کام کے ڈھنگ کو بدلنے یا اُس میں دخل دینے کی کوشش نہیں کی گئی۔

فوجداری کا قانون یعنی جرموں کی سزا دینے کا قانون اِسلامی قانون تھا۔ معمولی طور پر رعایا اور راج اور رعایا کے تعلق اِسلامی قانون سے چلتے تھے۔ اکبر نے مغل راج کی مذھبی پالیسی کو بدل کر ایک خاص نئی تبدیلی کی تھی۔ لیکن جو تبدیلیاں اکبر نے کیں وے بھی اصل میں ملک کے امن آمان سے ھی واسطہ رکھتی تھیں۔ ایسے موقعوں پر عام طور سے راج کی طرف سے یہ اعلان کر دیا جاتا تھا کہ کچھ قاعدے قانون کو توڑ دینے پر بھی سرکار، خاص کر، غیر مسلم مجرموں پر مقدمہ نہیں چلاوے گی۔ کبھی کبھی یہ اعلان

शाही हुकूमत के सम्बंध में आता है वह सिर्फ़ एक रिवाजी चीज़ है या वह लफ़्ज़ों का हेर फेर है या यह है कि और सब चीज़ों की तरह बादशाह का पैदा करनेवाला भी अल्लाह ही है. अब हम अपने दूसरे मसले पर आ जाते हैं यानी यह कि मुग़ल हुकूमत कहाँ तक एशियाई तानाशाही थी. इससे यह सवाल भी पैदा होता है कि "एशियाई तानाशाही" क्या चीज़ है ? इस बात में बहुत शक है कि एशिया में कभी किसी ख़ास क़िस्म की तानाशाही गढ़ी गई हो जो यूरप की तानाशाही से ज़्यादा बुरी हो. इस क़िस्म की हुकूमत में पूरब और पश्चिम, एशिया और यूरप का कोई फ़र्क़ नहीं. जैसे .फ्रांस में लुई चौदहवाँ यह दावा करता था कि मैं ही हुकूमत हूँ वैसे ही हिन्दुस्तान में औरंगज़ेब ने उससे बढ़कर कोई बात नहीं कही. बल्कि आम तौर पर यह दावा भी नहीं किया.

इसमें कोई शक नहीं कि मुग़ल बादशाहों की हुकूमत शख़्सी हुकूमत थी. उस ज़माने में आम जनता के चुने हुए लोगों की कोई इस तरह की कौंसिल या पार्लीमेंट वग़ैरा नहीं थी जिसके ज़रिये बादशाह के कामों पर रोक थाम रखी जा सकती. लेकिन अगर उसके यह मानी लें कि मुग़ल बादशाह अपनी रियाया के जान माल के पूरे मालिक थे और जो चाहे कर सकते थे या सियासी मामलों में भी जो चाहे हुक्म दे सकते थे, उन्हें कभी भी क़ानून के मातेहत नहीं माना गया, बल्कि वे अक्सर .ख़ुद अपने को क़ानून के नौकर कहते थे तो दूसरी बात है. जायदाद वग़ैरा सब तरह के मामलों में रियाया का कुल ज़ाती क़ानून हिन्दू धर्म शास्त्र और मुसलिम शरअ पर चलता था. मुग़ल बादशाह मानते थे कि उन्हें उसमें तब्दीली करने का कोई अख़्तियार नहीं है. जहाँ तक पता चलता है सिर्फ़ शाहजहाँ ने एक मौक़े पर हिन्दू धर्म शास्त्र में कुछ तब्दीली की थी. यह उस वक़्त जब शाहजहाँ ने यह हुक्म जारी कर दिया कि अगर कोई हिन्दू इसलाम को अपनाना चाहे तो उस घर के लोग उस पर जायदाद वग़ैरा के डर का बेजा दबाव न डालें. मुमकिन है कि इससे धर्मशास्त्र के जायदाद के विरासत के क़ानून में कोई तब्दीली पैदा हुई हो. क्योंकि धर्मशास्त्र का क़ानून यह रहा होगा कि मज़हब बदल लेन पर कोई शख़्स अपनी ख़ान्दानी विरासत नहीं पा सकता. और शाहजहाँ के क़ानून के मुताबिक़ एक हिन्दू मुसलमान हो जाने पर भी अपनी ख़ान्दानी विरासत पा सकता था. मुसलमानों की शरअ में तो कभी किसी बादशाह ने किसी तब्दीली की कोशिश नहीं की.

इस वजह से कुछ मशहूर योरोपियन मुसाफ़िरों ने यह अजीब बात कह डाली है कि मुग़लों के ज़माने में कोई लिखा हुआ क़ानून था ही नहीं. लिखा हुआ क़ानून तो

شاہی حکومت کے سمبندھ میں آتا ہے وہ صرف ایک رواجی چیز ہے یا وہ لفظوں کا ھیر پھیر ہے یا یہ ہے کہ اور سب چیزوں کی طرح بادشاہ کا پیدا کرنے والا بھی اللہ ھی ہے . اب ہم اپنے دوسرے مسئلے پر آجاتے ھیں یعنی یہ کہ مغل حکومت کہاں تک ایشیائی تاناشاھی تھی . اُس سے یہ سوال بھی پیدا ھوتا ہے کہ "ایشیائی تانا شاھی" کیا چیز ہے ؟ اِس بات میں بہت شک ہے کہ ایشیا میں کبھی کسی خاص قسم کی تاناشاھی گڑھی گئی ھو جو یورپ کی تاناشاھی سے زیادہ بری ھو . اِس قسم کی حکومت میں پورب اور پچھم، ایشیا اور یورپ کا کوئی فرق نہیں . جیسے فرانس میں لوئی چودھواں یہ دعوی کرتا تھا کہ میں ھی حکومت ھوں ویسے ھی ھندستان میں اورنگزیب نے اُس سے بڑھ کر کوئی بات نہیں کہی . بلکہ عام طور پر یہ دعوی بھی نہیں کیا .

اِس میں کوئی شک نہیں کہ مغل بادشاھوں کی حکومت شخصی حکومت تھی . اُس زمانے میں عام جنتا کے چنے ھوئے لوگوں کی کوئی اِس طرح کی کونسل یا پارلیمینٹ وغیرہ نہیں تھی جس کے ذریعہ بادشاہ کے کاموں پر روک تھام رکھی جا سکتی . لیکن اگر اُس کے یہ معنی لیں کہ مغل بادشاہ اپنی رعایا کے جان مال کے پورے مالک تھے اور جو چاھے کر سکتے تھے یا سیاسی معاملوں میں بھی جو چاھے حکم دے سکتے تھے، انھیں کبھی بھی قانون کے ماتحت نہیں مانا گیا، بلکہ وے اکثر خود اپنے کو قانون کے نوکر کہتے تھے تو دوسری بات ہے . جائیداد وغیرہ سب طرح کے معاملوں میں رعایا کا کل ذاتی قانون ھندو دھرم شاستر اور مسلم شرع پر چلتا تھا . مغل بادشاہ مانتے تھے کہ اُنھیں اُس میں تبدیلی کرنے کا کوئی اختیار نہیں ہے . جہاں تک پتہ چلتا ہے صرف شاہ جہاں نے ایک موقع پر ھندو دھرم شاستر میں کچھ تبدیلی کی تھی . یہ اُس وقت جب شاہجہاں نے یہ حکم جاری کر دیا کہ اگر کوئی ھندو اسلام کو اپنانا چاھے تو اُس گھر کے لوگ اُس پر جائیداد وغیرہ کے ڈر کا بیجا دباؤ نہ ڈالیں . ممکن ہے کہ اِس سے دھرم شاستر کے جائداد کے وراثت کے قانون میں کوئی تبدیلی پیدا ھوئی ھو . کیونکہ دھرم شاستر کا قانون یہ رھا ھوگا کہ مذھب بدل لینے پر کوئی شخص اپنی خاندانی وراثت نہیں پا سکتا . اور شاہجہاں کے قانون کے مطابق ایک ھندو مسلمان ھوجانے پر بھی اپنی خاندانی وراثت پا سکتا تھا . مسلمانوں کی شرع میں تو کبھی کسی بادشاہ نے کسی تبدیلی کی کوشش نہیں کی .

اِس وجہ سے کچھ مشہور یوروپین مسافروں نے یہ عجیب بات کہہ ڈالی ہے کہ مغلوں کے زمانے میں کوئی لکھا ھوا قانون تھا ھی نہیں . لکھا ھوا قانون تو

कुछ होता है वह .ख़ुदा के ही हुक्म से होता है. इन बातों से यह साबित नहीं होता कि मुग़ल बादशाहों का यह दावा था कि वह मामूली इन्सान से कुछ भी ऊँचा रुतबा रखते थे और न इन चीजों से उन्हें कोई मजहबी या दीनी रुतबा हासिल होता था. उस जमाने के यूरप के बहुत से बादशाहों का यह दावा था कि उनकी तख़्तनशीनी के वक़्त उनके सर पर पवित्र तेल की मालिश किये जाने से उनको ख़ास मजहबी रुतबा हासिल हो जाता था जो आम इन्सानों को हासिल नहीं था. इस बारे में मुग़ल बादशाहों का जो ख़्याल था और यूरप के (Divine Right) .ख़ुदाई हक़ मानने वाले बादशाहों का जो ख़्याल था उन दोनों का फ़र्क़ सत्रहवीं सदी के इंगलिस्तान की तारीख़ को देखने से अच्छी तरह समझ में आ सकता है. जब जेम्स अव्वल ने राज के लिये अपने हक़ को ख़ुदा का दिया हक़ बताया तो यह एक मजहबी उसूल पैदा होगया कि बादशाह की किसी चीज की किसी को मुख़ालिफ़त नहीं करनी चाहिये और सबको बादशाह का हुक्म चुपचाप मान लेना चाहिये. बादशाह से बग़ावत करना सिर्फ़ एक क़ानूनी जुर्म ही नहीं रहा बल्कि एक मजहबी गुनाह भी समझा गया जिसको परलोक या आख़िरत में भुगतना पड़ेगा. इसी से इंगलैंड के इन्क़लाब के बाद ऐसे पादरी पैदा हो गये थे जिन्होंने विलियम और मेरी की वफ़ादारी की क़सम खाने से इन्कार कर दिया था. उनमें उस जमाने के इंगलिस्तान के कुछ बड़े से बड़े पादरी भी शामिल थे. उन्होंने यह ख़्याल जाहिर किया कि जेम्स दोयम जो समुद्र पार चला गया था उनका क़ानूनी बादशाह है. उन्हीं में से कुछ लोगों ने मिलकर हालैन्ड से विलियम को बुला भेजा था ताकि जेम्स दोयम इंगलिस्तान को कैथोलिक बना डालने की कोशिश न कर सके. शाही मरतबे के बारे में इस तरह का ख़्याल मुग़ल जमाने के हिन्दुस्तान में मौजूद न था. जब सलीम ने अपने बाप अकबर के ख़िलाफ़ बग़ावत की तो किसी क़ाज़ी ने उसके ख़िलाफ़ फ़तवा नहीं दिया और न जब .ख़ुर्रम ने जहाँगीर के ख़िलाफ़ बग़ावत की तो किसी क़ाज़ी ने उसे गुनहगार ठैहराया. अलबत्ता यह सच है कि औरंगजेब के गद्दी पर बैठने के वक़्त सदरुस्सदर ने उसी के नाम को पढ़ने और उसके शहन्शाह होने का ऐलान करने से इन्कार कर दिया था, इसलिये कि औरंगजेब का बाप शाहजहाँ उस वक़्त ज़िन्दा था. मगर उस मिसाल से मुग़ल ताज के दैवी या .ख़ुदाई होने का उसूल साबित नहीं होता. अकबर के जमाने में भी जब उसके सौतेले भाई हकीम ने हिन्दुस्तान पर हमला किया तो अकबर ने कोई .ख़ुदाई दावा पेश नहीं किया बल्कि बाप की सल्तनत को विरासत में पाने के लिये सिर्फ़ अपनी फ़ौजी ताक़त पर ही भरोसा किया था. इस तरह जहाँ कहीं .ख़ुदाई हक़ का जिक्र, शाही ताक़त या

کچھ ہوتا ہے وہ خدا کے ہی حکم سے ہوتا ہے۔ اِن باتوں سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ مغل بادشاہوں کا یہ دعویٰ تھا کہ وہ معمولی اِنسان سے کچھ بھی اُونچا رتبہ رکھتے تھے اور نہ اِن چیزوں سے اُنہیں کوئی مذہبی یا دینی رتبہ حاصل ہوتا تھا۔ اُس زمانے کے یورپ کے بہت سے بادشاہوں کا یہ دعویٰ تھا کہ اُن کی تخت نشینی کے وقت اُن کے سر پر پوتر تیل کی مالش کئے جانے سے اُن کو خاص مذہبی رتبہ حاصل ہو جاتا تھا جو عام اِنسانوں کو حاصل نہیں تھا۔ اِس بارے میں مغل بادشاہوں کا جو خیال تھا اور یورپ کے (Divine Right) خدائی حق ماننے والے بادشاہوں کا جو خیال تھا اُن دونوں کا فرق سترھویں صدی کے انگلستان کی تاریخ کو دیکھنے سے اچھی طرح سمجھ میں آ سکتا ہے۔ جب جیمس اول نے راج کے لئے اپنے حق کو خدا کا دیا حق بتایا تو یہ ایک مذہبی اُصول پیدا ہو گیا کہ بادشاہ کی کسی چیز کی کسی کو مخالفت نہیں کرنی چاہئے اور سب کو بادشاہ کا حکم چپ چاپ مان لینا چاہئے۔ بادشاہ سے بغاوت کرنا صرف ایک قانونی جرم ہی نہیں رہا بلکہ ایک مذہبی گناہ بھی سمجھا گیا جس کو پرلوک یا آخرت میں بھگتنا پڑیگا۔ اِسی سے انگلینڈ کے انقلاب کے بعد ایسے پادری پیدا ہو گئے تھے جنھوں نے ولیم اور میری کی وفاداری کی قسم کھانے سے انکار کر دیا تھا۔ اُن میں اُس زمانے کے انگلستان کے کچھ بڑے سے بڑے پادری بھی شامل تھے۔ انھوں نے یہ خیال ظاہر کیا کہ جیمس دویم جو سمندر پار چلا گیا تھا اُن کا قانونی بادشاہ ہے۔ اِنھیں میں سے کچھ لوگوں نے مل کر ہالینڈ سے ولیم کو بلا بھیجا تھا تاکہ جیمس دویم انگلستان کو کیتھولک بنا ڈالنے کی کوشش نہ کر سکے۔ شاہی مرتبہ کے بارے میں اِس طرح کا خیال مغل زمانے کے ہندستان میں موجود نہ تھا۔ جب سلیم نے اپنے باپ اکبر کے خلاف بغاوت کی تو کسی قاضی نے اُس کے خلاف فتویٰ نہیں دیا اور نہ جب خرم نے جہانگیر کے خلاف بغاوت کی تو کسی قاضی نے اُسے گناہگار ٹھہرایا۔ البتہ یہ سچ ہے کہ اورنگزیب نے گدی پر بیٹھنے کے وقت صدرالصدر نے اس کے نام کو پڑھنے اور اُس کے شہنشاہ ہونے کا اعلان کرنے سے انکار کر دیا تھا، اِس لئے کہ اورنگزیب کا باپ شاہجہاں اُس وقت زندہ تھا۔ مگر اُس مثال سے مغل تاج کے دیوی یا خدائی ہونے کا اصول ثابت نہیں ہوتا۔ اکبر کے زمانے میں بھی جب اُس کے سوتیلے بھائی حکیم نے ہندستان پر حملہ کیا تو اکبر نے کوئی خدائی دعویٰ پیش نہیں کیا بلکہ باپ کی سلطنت کو وراثت میں پانے کے لئے صرف اپنی فوجی طاقت پر ہی بھروسہ کیا تھا۔ اِس طرح جہاں کہیں خدائی حق کا ذکر شاہی طاقت یا

हिन्दुस्तान में मुग़ल हुकूमत का ढंग

प्रोफ़ेसर श्रीराम शर्मा एम० ए०

हिन्दुस्तान में मुग़ल बादशाहों की मजहबी पालिसी पर इतनी गरमा गरम बहस होती रही है कि मुग़लों के हुकूमत करने के तरीक़े के बारे में लोगों को बहुत कम जानकारी है. कोई कहता है कि मुग़लों की हुकूमत बिलकुल एक एशियाई तानाशाही थी और कोई कहता है कि वह एक इसलामी यानी मजहबी हुकूमत थी. यहाँ तक दावा किया गया है कि हिन्दुस्तान का राज मुग़लों की .ख़ुदाई देन थी और कुछ लोग मुग़ल बादशाहों को अल्लाह के मुक़र्रर किये हुए कहते हैं, यानी यह कि .ख़ुद अल्लाह ने उन्हें इस मुल्क पर हुकूमत करने का हुक्म दिया था. बदक़िस्मती से इन नतीजों पर पहुँचने से पहले लोगों ने उन असली किताबों और दस्तावेज़ों को अच्छी तरह नहीं देखा जो हमारे पास हिन्दुस्तान में मुग़ल हुकूमत के बारे में इस वक़्त मौजूद हैं. शुरू के अरब क़ानून बनाने वालों के क़ानूनी मसलों और दूसरे मुल्कों में मुसलमान बादशाहों के कामों, या हिन्दुस्तान के बाहर के लेखकों की बड़ी-बड़ी लफ़्ज़ी बहसों से यहाँ की मुग़ल हुकूमत का ठीक-ठीक रूप समझने में हमें कोई मदद नहीं मिलती. हाँ, इन बातों को ध्यान में रखकर हम अपनी तहक़ीक़ात आगे बढ़ा सकते हैं.

मुग़ल जमाने के कुछ इतिहास लिखने वालों और कुछ हाल के लेखकों ने बाज़ मुग़ल बादशाहों की बाबत यह दावा किया है कि उन्हें .ख़ुदा ने बादशाहत का हक़ दिया था. पहले हम इसी दावे पर ग़ौर कर लेना चाहते हैं. अकबर और उसके बाद के बादशाहों को उस ज़माने की तारीख़ लिखने वालों और ख़ासकर शाही इतिहास लेखकों ने अक्सर .ख़ुदा का ख़लीफ़ा या नायब कहकर बयान किया है. जब जहाँगीर के बेटे .ख़ुसरो ने अपने बाप के ख़िलाफ़ बग़ावत की थी तो जहाँगीर ने ख़ु.द अपनी डायरी (तुज़क जहाँगीरी में दावा किया था कि उसको .ख़ुदा ने हिन्दुस्तान का शहन्शाह बनाया है. शाहजहाँ ने गोलकुन्डा के आदिल-शाह के नाम अपने एक ख़त में अपने को "ज़िलइल्लाह" (.ख़ुदा का साया) लिखा है. औरंगज़ेब ने अपने को दुनिया में .ख़ुदा का वकील लिखा है.

यह सब दावे साबित करते हैं कि मुग़ल बादशाह मानते थे कि उन्हें राज करने का हक़ ज़ाहिरा देखने में .ख़ुदा से मिला हुआ है. लेकिन जब हम ज़रा ग़ौर से देखें तो पता चलता है कि इन बादशाहों के यह सब दावे सिर्फ़ इस आम इसलामी यक़ीन को दुहराते हैं कि दुनिया में जो

ھندستان میں مغل حکومت کا ڈھنگ

پروفیسر شری رام شرما ایم۔ اے۔

ھندستان میں مغل بادشاھوں کی مذھبی پالیسی پر اتنی گرما گرم بحث ھوتی رھی ھے کہ مغلوں کے حکومت کرنے کے طریقہ کے بارے میں لوگوں کو بہت کم جانکاری ھے ۔ کوئی کہتا ھے کہ مغلوں کی حکومت بالکل ایک ایشیائی تاناشاھی تھی اور کوئی کہتا ھے کہ وہ ایک اسلامی یعنی مذھبی حکومت تھی ۔ یہاں تک دعویٰ کیا گیا ھے کہ ھندستان کا راج مغلوں کی خدائی دین تھی اور کچھ لوگ مغل بادشاھوں کو اللہ کے مقرر کئے ھوئے کہتے ھیں، یعنی یہ کہ خود اللہ نے انہیں اس ملک پر حکومت کرنے کا حکم دیا تھا ۔ بدقسمتی سے ان نتیجوں پر پہنچنے سے پہلے لوگوں نے ان اصلی کتابوں اور دستاویزوں کو اچھی طرح نہیں دیکھا جو ھمارے پاس ھندستان میں مغل حکومت کے بارے میں اس وقت موجود ھیں ۔ شروع کے عرب قانون بنانے والوں کے قانونی مسئلوں اور دوسرے ملکوں میں مسلمان بادشاھوں کے کاموں، یا ھندستان کے باھر کے لیکھکوں کی بڑی بڑی لفظی بحثوں سے یہاں کی مغل حکومت کا ٹھیک ٹھیک روپ سمجھنے میں ھمیں کوئی مدد نہیں ملتی ۔ ھاں، ان باتوں کو دھیان میں رکھ کر ھم اپنی تحقیقات آگے بڑھا سکتے ھیں ۔

مغل زمانے کے کچھ اتہاس لکھنے والوں اور کچھ حال کے لیکھکوں نے بعض مغل بادشاھوں کی بابت یہ دعویٰ کیا ھے کہ انہیں خدا نے بادشاھت کا حق دیا تھا ۔ پہلے ھم اسی دعوے پر غور کر لینا چاھتے ھیں ۔ اکبر اور اس کے بعد کے بادشاھوں کو اس زمانے کے تاریخ لکھنے والوں اور خاص کر شاھی اتہاس لیکھکوں نے اکثر خدا کا خلیفہ یا نایب کہہ کر بیان کیا ھے ۔ جب جہانگیر کے بیٹے خسرو نے اپنے باپ کے خلاف بغاوت کی تھی تو جہانگیر نے خود اپنی ڈائری (تزک جہانگیری) میں دعویٰ کیا تھا کہ اس کو خدا نے ھندستان کا شہنشاہ بنایا ھے ۔ شاہجہاں نے گولکنڈہ کے عادل شاہ کے نام اپنے ایک خط میں اپنے کو "ظل اللہ" (خدا کا سایہ) لکھا ھے ۔ اورنگ زیب نے اپنے کو دنیا میں خدا کا وکیل لکھا ھے ۔

یہ سب دعوے ثابت کرتے ھیں کہ مغل بادشاہ مانتے تھے کہ انہیں راج کرنے کا حق ظاھرہ دیکھنے میں خدا سے ملا ھوا ھے ۔ لیکن جب ھم ذرا غور سے دیکھیں تو پتہ چلتا ھے کہ ان بادشاھوں کے یہ سب دعوے صرف اس عام اسلامی یقین کو دوھراتے ھیں کہ دنیا میں جو

सितम्बर 1957 ستمبر

नया हिन्द نیا ہند

जिल्द 24 جلد   नम्बर 3 نمبر

सितम्बर 1957 ستمبر

हिन्दुस्तानी कलचर सोसायटी ہندستانی کلچر سوسائٹی
145 मुट्ठीगंज, इलाहाबाद
145، مٹھی گنج، الہ آباد

Annual Subscription

Inland Rs. 6/-

Foreign Rs. 10/-

Single Copy As. / [illegible]

نیا ہند

इस नम्बर के ख़ास लेख — اِس نمبر کے خاص لیکھ

Printed and Published by Suresh Ramabhai, at the Naya Hind Press, 145, [illegible]

संस्कृति

क़ीमत—दो रुपया

संस्कृति

क़ीमत—दो रुपयों

और संस्कृति

क़ीमत—दो रुपया

सुमेर ... की प्राचीन संस्कृति

पांडे, क़ीमत—दो रुपया

प्राचीन यूनानी सभ्यता और संस्कृति

पांडे, क़ीमत—दो रुपया

गंगा से गोमती तक

... संग्रह)

क़ीमत—दो रुपया

और आंसू

(... सामाजिक कहानियाँ)

अख़्तर हुसैन रायपुरी, क़ीमत—डेढ़ रुपया

और धार्मिक ...

... क़ीमत—डेढ़ रुपया

اور ایرانی سنسکرتی

قیمت — دو روپیہ

اور سامی سنسکرتی

قیمت — دو روپیہ

اور سنسکرتی

قیمت — دو روپیہ

کی پراچین سنسکرتی

قیمت — دو روپیہ

یونانی سبھیتا اور سنسکرتی

قیمت — دو روپیہ

گنگا سے گومتی تک

قیمت — دو روپیہ

اور انسو

قیمت — ڈیڑھ روپیہ

قیمت — ڈیڑھ روپیہ

इनमें कई सौ बेचारे कोढ़ी हैं जो अपना कोढ़ दिखा दिखा कर पैसे माँगते फिरते हैं और कभी-कभी कुछ अधिक पा जाते हैं तो शराब पीकर या किसी और बुराई में फँसकर अपना ग़म ग़लत करने की भी कोशिश करते हैं. इन सब से ऊपर उठकर दिल्ली के लाखों ग़रीबों की हालत से भी हम वाक़िफ़ हैं पर इस से ज़ियादा कहने को अब दिल नहीं उभरता.

शासकों, शायद दुनिया के अधिकतर शासकों की एक बहुत बड़ी बदक़िसमती यह होती है कि उन्हें ख़ास ऐनकों के ज़रिये से ही दुनिया को देखना मिल सकता है. उनके कान दूसरों के कान होते हैं, उनकी आँखें दूसरों की आँखें. उनको ख़बरें देनेवाले यह ताड़ लेते हैं कि उनके मालिक किस तरह कीख़बरें सुनना चाहते हैं और उसी तरह की ख़बरें उन्हें सुनाते हैं. जैसे वह चाहते हैं उसी तरह के आँकड़े उनके लिये तैयार हो जाते हैं. हम दंग रह गए जबकि दिल्ली के एक बहुत बड़े शासक ने हम से बात करते हुए कहा की —"लोग ख़ाहमख़ाह ग़लत कहते हैं कि देश में बेकारी है. कहीं बेकारी नहीं है." एक और साहब ने राय ज़ाहिर की कि—"देश को निकम्मे ग्रेजुएटों की ज़रूरत नहीं है, देश को ज़रूरत है एन्जीनियर्स की और वह कभी बेकार नहीं रह सकते." यह बताने का उन पर कोई ख़ास असर नहीं हुआ कि देश के अनेक एन्जीनियरिंग कालिजों से पास हुए काफ़ी नौजवान बरसों एक दफ़्तर से दूसरे दफ़्तर अरज़ियाँ लेकर घूमते फिरते हैं. भ्रष्टाचार की बाबत तो आम तौर पर यह कहा जाता है कि देश में जो कुछ भ्रष्टाचार है वह हमें अंग्रेज़ी हकूमत से वरासत में मिला है और इन छै सात बरस के अन्दर काफ़ी कम हुआ है, और दूसरे देशों से हमारे देश में भ्रष्टाचार अब भी बहुत कम है ! इन बातों का क़ुदरती नतीजा यह है कि नेताओं और जनता के बीच, शासकों और शासितों के बीच खाई और बदगुमानी बढ़ती चली जा रही है.

—सुन्दरलाल

اِن میں سے کئی سو بیچارے کوڑھی ھیں جو اپنا کوڑھ دکھا دکھا کر پیسے مانگتے پھرتے ھیں اور کبھی کبھی کچھ ادھک پا جاتے ھیں تو شراب پی کر یا کسی اور برائی میں پھنس کر اپنا غم غلط کرنے کی بھی کوشش کرتے ھیں ۔ اِن سب سے اوپر اٹھ کر دلی کے لاکھوں غریبوں کی حالت سے بھی ھم واقف ھیں پر اِس سے زیادہ کہنے کو اب دل نہیں اُبھرتا ۔

شاسکوں، شاید دنیا کے ادھکتر شاسکوں کی ایک بہت بڑی بدقسمتی یہ ھوتی ھے کہ اُنہیں خاص عینکوں کے ذریعے سے ھی دنیا کو دیکھنا مل سکتا ھے ۔ اُن کے کان دوسروں کے کان ھوتے ھیں، اُن آنکھیں دوسروں کی آنکھیں ۔ اُن کو خبریں دینے والے یہ تاڑ لیتے ھیں کہ اُن کے مالک کس طرح کی خبریں سننا چاھتے ھیں اور اُسی طرح کی خبریں وہ اُنھیں سناتے ھیں ۔ جیسے وہ چاھتے ھیں اُسی طرح آنکڑے اُن کے لئے تیار ھو جاتے ھیں ۔ ھم دنگ رہ گئے جب کہ دلی کے ایک بہت بڑے شاسک نے ھم سے بات کرتے ھوئے کہا کہ—"لوگ خواہ مخواہ غلط کہتے ھیں کہ دیش میں بیکاری ھے ۔ کہیں بیکاری نہیں ھے ۔" ایک اور صاحب نے رائے ظاھر کی کہ—" دیش کے نکمے گریجوائیوں کی ضرورت نہیں ھے، دیش کو ضرورت ھے انجینیرس کی اور وہ کبھی بیکار نہیں رہ سکتے ۔" یہ بتانے کا اُن پر کوئی خاص اثر نہیں ھوا کہ دیش کے انیک انیجینیرنگ سے کالجوں پاس ھوئے کافی نوجوان برسوں ایک دفتر سے دوسرے دفتر عرضیاں لیکر گھومتے پھرتے ھیں ۔ بھرشٹاچار کی بابت تو عام طور پر یہ کہا جاتا ھے کہ دیش میں جو کچھ بھرشٹاچار ھے وہ ھمیں انگریزی حکومت سے وراثت میں ملا ھے اور اِن چھ سات برس کے اندر کافی کم ھوا ھے، اور دوسرے دیشوں سے ھمارے دیش میں بھرشٹا اب بھی بہت کم ھے ! اِن باتوں کا قدرتی نتیجہ یہ ھے کہ نیتاؤں اور جنتا کے بیچ، شاسکوں اور شاسکوں کے بیچ کھائی اور بدگمانی بڑھتی چلی جا رھی ھے ۔

—سندر لال

ड्यूटी हमारे मित्र के साथ लगी हुई थी इसी तरह सभी मीपति की ओर से एक मोटर और एक मोटर ड्राइवर ही भी ड्यूटी उसी जगह लगी हुई थी. और अधिक कुरेदने र हमारी आँखों से आँसू टपक पड़े. अधिक पूछताछ करने पर मालूम हुआ कि पारलिमेन्ट के और भी बहुत से मेम्बर इसी तरह के असरों से दबे हुए हैं. उन पर खर्च करने वाले अपने खर्च का पूरा बदला चुका लेने में कोई कसर उठा नहीं रखते. इन पंक्तियों के लिखते समय भी हमारा दिल खून के आँसू बहा रहा है. हमें नहीं मालूम कि पारलिमेन्ट के मेम्बरों में इस तरह के भाइयों का अल्पमत है या बहुमत. पर हम समझते हैं कि इस बात में किसी को भी किसी तरह का कोई शक नहीं हो सकता कि हमारी आजकल की पारलिमेन्टों और धारा सभाओं में मुशकिल से दस फ़ीसदी मेम्बर ऐसे होंगे जो सचमुच पारलिमेन्टों के या धारा सभा के कामों में, तजवीज़ों और बिलों में कोई सच्ची, और समझदारी की दिलचस्पी रखते हों. शासन पर और देश भर में छोटे बड़े सरकारी कर्मचारियों पर जो इसका बुरा असर पड़ता है वह कहीं भी थोड़ी सी आँख खोलकर देखा जा सकता है. देश भर में जिस तरह की बेजा दख़लअन्दाज़ी, तरह तरह के सरकारी कामों में होती रहती है उसकी कहानियाँ दिल्ली से कलकत्ते, दिल्ली से बम्बई, या दिल्ली से मद्रास के किसी भी रेल के सफ़र में अनेक सुनने को मिल सकती हैं. सुनने की इच्छा रखने वाले को इसके लिये दिल्ली से बाहर जाने की भी ज़रूरत नहीं है.

ऊँचे से ऊँचे नेताओं और सरकारी लोगों पर भी इसका असर पड़े बग़ैर नहीं रह सकता. चुनाओं के लिये नामज़दगी के तरीक़े, नामज़दगी की कसौटियाँ और चुनाओं के ढंग लगभग सब सदाचार की दृष्टि से पतन की हद को पहुंच चुके हैं. गाड़ी चल रही है, जिस तरह भी चल सके और जब तक चल सके.

दिल्ली में पिछले साल पीलिया (Jaundice) की वबा के फैलने की जो दुर्घटना हुई और अभी तक जारी है वह केवल अन्दर के गहरे रोग का केवल एक ऊपरी लक्षण है. इस बीमारी का फैलना इन हालात में किसी को कोई अजीब बात मालूम नहीं होनी चाहिये. दिल्ली भारत की राजधानी है. बड़े से बड़े शासकों और नेताओं का यहाँ सदा जमघट रहता है. यहाँ बड़े-बड़े महलों जैसे बंगले हैं आए दिन बड़ी-बड़ी दावतें होती हैं. इसी दिल्ली में लगभग दस हज़ार इनसान गली-गली भीख माँगते फिरते हैं. इनमें से लगभग आठ हज़ार कड़ाके की सर्दी में चीथड़ों में लिपटे हुए या बिना चीथड़ों के खुले आसमान के नीचे पटरियों पर सोते हैं या किसी तरह रात बिताते हैं.

ڈیوٹی ہمارے متر کے ساتھ لگی ہوئی تھی اسی طرح سی پوتجی پتی کی اور سے ایک موٹر اور ایک موٹر ڈرائیور کی بھی ڈیوٹی اسی جگہ لگی ہوئی تھی۔ اور ٹھک کریدنے پر ہماری آنکھوں سے آنسو ٹپک پڑے۔ ادھک پوچھ تاچھ کرنے پر معلوم ہوا کہ پارلیمنٹ کے اور بھی بہت سے ممبر اسی طرح کے اثروں سے دبے ہوئے ہیں۔ اُن پر خرچ کرنے والے اپنے خرچ کا پورا بدلہ چکا لینے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھتے۔ ان پنکتیوں کے لکھتے سمے بھی ہمارا دل خون کے آنسو بہا رہا ہے۔ ہمیں نہیں معلوم کہ پارلیمنٹ کے ممبروں میں اِس طرح کے بھائیوں کا الپمت ہے یا بہومت۔ پر ہم سمجھتے ہیں کہ اِس بات میں کسی کو بھی کسی طرح کا کوئی شک نہیں ہو سکتا کہ ہماری آجکل کی پارلیمنٹوں اور دھارا سبھاؤں میں مشکل سے دس فیصدی ممبر ایسے ہونگے جو سچ مچ پارلیمنٹوں کے یا دھارا سبھا کے کاموں میں، تجویزوں اور بلوں میں کوئی سچی، اور سمجھداری کی دلچسپی رکھتے ہوں۔ شاسن پر اور دیش بھر میں چھوٹے بڑے سرکاری کرمچاریوں پر جو اِس کا برا اثر پڑتا ہے وہ کہیں بھی تھوڑی سی آنکھ کھول کر دیکھا جا سکتا ہے۔ دیش بھر میں جس طرح کی بیجا دخل اندازی، طرح طرح کے سرکاری کاموں میں ہوتی رہتی ہے اُس کی کہانیاں دلی سے کلکتہ، دلی سے بمبئی، یا دلی سے مدراس کے کسی بھی ریل کے سفر میں انیک سننے کو مل سکتی ہیں۔ سننے کی اِچھا رکھنے والے کو اِس کے لئے دلی سے باہر جانے کی بھی ضرورت نہیں ہے۔

اونچے سے اونچے نیتاؤں اور سرکاری لوگوں پر بھی اِس کا اثر پڑے بغیر نہیں رہ سکتا۔ چناؤں کے لئے نامزدگی کے طریقے، نامزدگی کی کسوٹیاں اور چناؤں کے ڈھنگ لگ بھگ سب سداچار کی درشٹی سے پتن کی حد کو پہونچ چکے ہیں۔ گاڑی چل رہی ہے، جس طرح بھی چل سکے اور جب تک چل سکے۔

دلی سے پچھلے سال پیلیا (Jaundice) کی وبا کے پھیلنے کی جو درگھٹنا ہوئی اور ابھی تک جاری ہے وہ کیول اندر کے گہرے روگ کا کیول ایک اوپری لچھن ہے۔ اس بیماری کا پھیلنا اِن حالات میں کسی کو کوئی عجیب بات معلوم نہیں ہونی چاہئے۔ دلی بھارت کی راجدھانی ہے۔ بڑے سے بڑے شاسکوں اور نیتاؤں کا یہاں سدا جمگھٹ رہتا ہے۔ یہاں بڑے بڑے محلوں جیسے بنگلے ہیں۔ آئے دن بڑی بڑی دعوتیں ہوتی ہیں۔ اسی دلی میں لگ بھگ دس ہزار انسان گلی گلی بھیک مانگتے پھرتے ہیں۔ اِن میں سے لگ بھگ آٹھ ہزار کڑاکے کی سردی میں چیتھڑوں میں لپٹے ہوئے یا بنا چیتھڑوں کے کھلے آسمان کے نیچے پٹریوں پر سوتے ہیں یا کسی طرح رات بتاتے ہیں۔

पार्टी से सम्बन्ध रखने वाले बहुत से मेम्बरों को अकसर ऐसे विषयों पर भी जिनका देश के भले या बुरे के साथ गहरा सम्बन्ध होता है अपनी अन्तर आत्मा की आवाज़ के खिलाफ़ भरे सदन में हाथ उठाना पड़ता है. इसका क़ुदरती और लाज़मी नतीजा यह है कि हमारी आजकल की पार्लिमेंटों या धारा सभाओं के अधिकांश मेम्बर इस बात पर सोचना भी बन्द कर देते हैं कि किस तजवीज़ या किस बिल से देश का क्या फ़ायदा या क्या नुक़सान होगा. वह मजबूर होकर अपनी मेम्बरी से दूसरी ही तरह के फ़ायदे उठाने में लग जाते हैं.

इस तरह के मेम्बरों की हालत कुछ-कुछ उस जज की सी हालत होती है जो उस जवान माँ को जिसने किसी ज़बरदस्त दुख और निराशा की हालत में अपने तीन बरस के बच्चे का गला घोंट कर मार डाला और फिर उस पर रोना और सिर पीटना शुरू किया. इसलिये फाँसी की सज़ा देनी पड़ती है क्योंकि क़ानून की दफ़ा, क़ानून का ज़ाब्ता और क़ानूनी गवाहियाँ जज के लिये और कोई रास्ता ही नहीं छोड़तीं. अकसर पढ़े लिखे जज तो इसे अपनी "डियुटी" अपना "फ़र्ज़" समझ कर भी इस तरह के फ़ैसले देते हैं.

आज हमारे सदाचार के गिरावट की यह हालत है कि देश के उत्तर से दक्खिन तक और पूरब से पच्छिम तक सैकड़ों शिक्षा संस्थाएं ऐसी हैं जिनमें अध्यापकों से एक सौ बीस रुपये तनख़ाह लेकर दो सौ की रसीद पर दसख़त करने पड़ते हैं. हमें बड़ी हार्दिक वेदना के साथ कहना पड़ता है कि जिस तरह इस तरह की शिक्षा संस्थाओं में इस तरह के अध्यापकों से शिक्षा लेने वाले बालकों से यह आशा करना कि उनका चरित्र कभी भी जीवन में ऊँचा हो सकेगा, लगभग वैसा ही है, जैसा बबूल बोकर उससे आम की आशा करना. ठीक उसी तरह पारलिमेन्ट के या धारा सभाओं के जिन मेम्बरों को पारटी भक्ति के कारण अपनी अन्तर आत्मा की आवाज़ के ख़िलाफ़ हाथ उठाना पड़ जाता है उनसे यह आशा करना कि वह उन ज़िम्मेवारी की कुरसियों पर बैठ कर देश को सचमुच ऊँचा ले जा सकेंगे या करोड़ों जनता का सच्चा भला कर सकेंगे उतना ही ग़लत है.

इस दर्दनाक हालत का असर देश की इन पारलिमेन्टों और धारा सभाओं में साफ़ दिखाई देता है. दिल्ली में हम एक दिन अचानक अपने एक पुराने मित्र पारलिमेन्ट के एक मेम्बर के घर पहुँच गए. हमने वहाँ एक नौजवान को टाइप करते हुए देखा जिसे हम पहले से जानते थे. हम कुछ हैरान हुए. पूछने पर मालूम हुआ कि वह अब भी देश के उसी मशहूर पूँजीपति का नौकर था और उसी से वेतन पाता था, जिससे कभी पहले पाया करता था. अब उसकी

پارٹی سے سمبندھ رکھنے والے بہت سے میمبروں کو اکثر ایسے وشیوں پر بھی جن کا دیش کے بھلے یا برے کے ساتھ گہرا سمبندھ ھوتا ھے اپنی انتر آتما کی آواز کے خلاف بھرے سدن میں ھاتھ اُٹھانا پڑتا ھے۔ اِس کا قدرتی اور لازمی نتیجہ یہ ھے کہ ھماری آجکل کی پارلیمنٹوں یا دھارا سبھاؤں کے ادھیکانش میمبر اِس بات پر سوچنا بھی بند کر دیتے ھیں کہ کس تجویز یا کس بل سے دیش کا کیا فائدہ یا کیا نقصان ھوگا۔ وہ مجبور ھو کر اپنی میمبری سے دوسری ھی طرح کے فایدے اُٹھانے میں لگ جاتے ھیں۔

اِس طرح کے ممبروں کی حالت کچھ کچھ اُس جج کی سی حالت ھوتی ھے جو اُس جوان ماں کو جس نے کسی زبردست دکھ اور نراشا کی حالت میں اپنے تین برس کے بچے کا گلا گھونٹ کر مار ڈالا اور پھر اُس پر رونا اور سر پیٹنا شروع کیا۔ اِس لئے پھانسی کی سزا دینی پڑتی ھے کیونکہ قانون کی دفعہ، قانون کا ضابطہ اور قانونی گواھیاں جج کے لئے اور کوئی راستہ ھی نہیں چھوڑتیں۔ اکثر پڑھے لکھے جج تو اِسے اپنی "ڈیوٹی"، اپنا "فرض" سمجھ کر بھی اِس طرح کے فیصلے دیتے ھیں۔

آج ھمارے سداچار کے گراوٹ کی یہ حالت ھے کہ دیش کے اُتر سے دکھن تک اور پورب سے پچھم تک سیکڑوں شکشا سنستھائیں ایسی ھیں جنمیں ادھیاپکوں کو ایک سو بیس روپئے تنخواہ لیکر دو سو کی رسید پر دستخط کرنے پڑتے ھیں۔ ھمیں بڑی هاردک ویدنا کے ساتھ کہنا پڑتا ھے کہ جس طرح اِس طرح کی شکشا سنستھاؤں میں اِس طرح کے ادھیاپکوں سے شکشا لینے والے بالکوں سے یہ آشا کرنا کہ اُن کا چرتر کبھی بھی جیون میں اُونچا ھو سکیگا، لگ بھگ ویسا ھی ھے، جیسا ببول بو کر اُس سے آم کی آشا کرنا۔ ٹھیک اُسی طرح پارلیمنٹ کے یا دھارا سبھاؤں کے جن میمبروں کو پارٹی بھکتی کے کارن اپنے انتر آتما کی آواز کے خلاف ھاتھ اُٹھانا پڑ جاتا ھے اُن سے یہ آشا کرنا کہ وہ اُن ذمہ‌واری کی کرسیوں پر بیٹھ کر دیش کو سچ مچ اُونچا لیجا سکینگے یا کروڑوں جنتا کا سچا بھلا کر سکینگے اُتنا ھی غلط ھے۔

اِس دردناک حالت کا اثر دیش کی اِن پارلیمنٹوں اور دھارا سبھاؤں میں صاف دکھائی دیتا ھے۔ دلی میں ھم ایک دن اچانک اپنے ایک پرانے مترپارلیمنٹ کے ایک میمبر کے گھر پہونچ گئے۔ ھمنے وھاں ایک نوجوان کو ٹائپ کرتے ھوئے دیکھا جسے ھم پہلے سے جانتے تھے۔ ھم کچھ حیران ھوئے۔ پوچھنے پر معلوم ھوا کہ وہ اب بھی دیش کے اُسی مشہور پونجی پتی کا نوکر تھا اور اُسی سے ویتن پاتا تھا جس سے کبھی پہلے پایا کرتا تھا۔ اب اُس کی

पार्टी शासन के लिये दो बातें जरूरी हैं. एक यह कि देश में एक से अधिक राजनीतिक पारटियां हों और दूसरी यह कि देश की सारी हुकूमत किसी एक पार्टी के हाथों में हो. इस तरह की राजकाजी पारटियां आम तौर पर किसी एक लक्ष या उद्देश को सामने रखकर बनाई जाती हैं. मसलनइस देश की कांगरेस पार्टी शुरू में केवल "शान्त और वैध उपायों द्वारा स्वराज प्राप्ति" केउद्देश से बनी. भारत के जो नर नारी इस उद्देश से सहमत थे वह कांगरेस के मेम्बर बन गए. देश के विदेशी शासन से आज़ाद हो जाने के बाद इस उद्देश में थोड़ा सा फ़रक़ आया. कांगरेस का उद्देश अब देश में कल्याणकारी राज (Welfare State) क़ायम करना या उसके बाद समाजवादी ढाँचे (Socialistic pattern) पर राज क़ायम करना ठहराया गया. काँगरेस ने समय समय पर कुछ और ख़ास ख़ास विषयों पर भी एक मत से या बहुमत से ठहराव पास किये. इस बीच देश की सब से बड़ी पार्टी होने के कारण हुकूमत की बाग काँगरेस पार्टी के हाथों में आई. पारलिमेंट के सामने या किसी धारा सभा के सामने कोई ऐसा सवाल आया या कोई ऐसा बिल पेश हुआ जिसका काँगरेस के उस समय तक के निर्धारित उद्देश से कोई ख़ास सम्बन्ध नहीं था. कोई मेम्बर उस ख़ास सवाल पर इधर या उधर वचन देकर काँगरेस का मेम्बर नहीं हुआ था. अब वह सवाल या वह बिल बहस के लिये काँगरेस पार्टी की बैठक में सामने आया. काँगरेस के प्रधान नेताओं की राय या हाई कमांड की राय एक तरफ़ दिखाई दी. इस पर भी जब पार्टी की बैठक में वोट लिये गए तो मामूली कसरत राय से नेताओं की राय के हक़ में फ़ैसला हो गया. इसके बाद उन सब लोगों के लिये जिनकी राय बहुमत से नहीं मिलती थी जरूरी समझा जाता है कि वह बहुमत के साथ ही वोट दें चाहे वह कितना भी उनकी आत्मा की आवाज़ के ख़िलाफ़ क्यों न हो. अगर हम इस बात का भी ध्यान रखें कि बहुमत में कम या अधिक कुछ न कुछ लोग ऐसे भी हो सकते हैं जिन्होंने ख़ास ख़ास नेताओं के जा या बेजा असर में आकर पार्टी मीटिंग में वोट दिया हो तो यह बात भी दावे से नहीं कही जा सकती कि सचमुच पार्टी का सच्चा बहुमत उसी ओर था जिस ओर अधिकांश के हाथ उठे. यह घटना पारटियों के आधार पर शासन की आए दिन की घटना है.

इस एक मामले में जो हाल उस पार्टी का है जिसके हाथों में शासन की बाग है लगभग वही हाल विरोधी पारटियों या और दूसरी पारटियों का है. पार्टी शासन का यह एक ख़ास और उजागर पहलू है. नतीजा यह होता है कि हर पारलिमेंट और हर धारा सभा के अन्दर किसी भी

پارٹی شاسن کے لئے دو باتیں ضروری ہیں ۔ ایک یہ کہ دیش میں ایک سے ادھک راجنیتک پارٹیاں ہوں اور دوسری یہ کہ دیش کی ساری حکومت کسی ایک پارٹی کے ہاتھوں میں ہو ۔ اس طرح کی راجکاجی پارٹیاں عام طور پر کسی ایک لکش یا اُدیش کو سامنے رکھ کر بنائی جاتی ہیں ۔ مثلاً اِس دیش کی کانگریس پارٹی شروع میں کیول "شانت اور ویدھ اُپایوں دوارا سوراج پراپتی" کے اُدیش سے بنی ۔ بھارت کے جو نر ناری اِس اُدیش سے سہمت تھے وہ کانگریس کے میمبر بن گئے۔ دیش کے ودیشی شاسن سے آزاد ہو جانے کے بعد اِس اُدیش میں تھوڑا سا فرق آیا ۔ کانگریس کا اُدیش اب دیش میں کلیان کاری راج (Welfare State) قایم کرنا یا اُس کے بعد سماج وادی ڈھانچے (Socialistic pattern) پر راج قایم کرنا ٹھہرایا گیا ۔ کانگریس نے سمے سمے پر کچھ اور خاص خاص وشیوں پر بھی ایک مت سے یا بہومت سے ٹھہراؤ پاس کئے ۔ اِس بیچ دیش کی سب سے بڑی پارٹی ہونے کے کارن حکومت کی باگ کانگریس پارٹی کے ہاتھوں میں آئی ۔ پارلیمنٹ کے سامنے یا کسی دھارا سبھا کے سامنے کوئی ایسا سوال آیا یا کوئی ایسا بل پیش ہوا جس کا کانگریس کے اُس سمے تک کے نردھارت اُدیش سے کوئی خاص سمبندھ نہیں تھا ۔ کوئی میمبر اُس خاص سوال پر اِدھر یا اُدھر وچن دیکر کانگریس کا میمبر نہیں ہوا تھا ۔ اب وہ سوال یا وہ بل بحث کے لئے کانگریس پارٹی کی بیٹھک میں سامنے آیا ۔ کانگریس کے پردھان نیتاؤں کی رائے یا ہائی کمانڈ کی رائے ایک طرف دکھائی دی ۔ اِس پر بھی جب پارٹی کی بیٹھک میں ووٹ لئے گئے تو معمولی کثرت رائے سے نیتاؤں کی رائے کے حق میں فیصلہ ہو گیا ۔ اِس کے بعد اُن سب لوگوں کے لئے جن کی رائے بہومت سے نہیں ملتی تھی ضروری سمجھا جاتا ہے کہ وہ بہومت کے ساتھ ہی ووٹ دیں چاہے وہ کتنا ہی اُن کی آتما کی آواز کے خلاف کیوں نہ ہو۔ اگر ہم اِس بات کا بھی دھیان رکھیں کہ بہومت میں کم یا ادھک کچھ نہ کچھ لوگ ایسے بھی ہو سکتے ہیں جنہوں نے خاص خاص نیتاؤں کے جا یا بیجا اثر میں آکر پارٹی میٹنگ میں ووٹ دیا ہو تو یہ بات بھی دعوے سے نہیں کہی جا سکتی کہ سچ مچ پارٹی کا سچا بہومت اُسی اور تھا جس اور ادھیکانش کے ہاتھ اُٹھے ۔ یہ گھٹنا پارٹیوں کے آدھار پر شاسن کی آئے دن کی گھٹنا ہے ۔

اِس ایک معاملے میں جو حال اُس پارٹی کا ہے جس کے ہاتھوں میں شاسن کی باگ ہے لگ بھگ وہی حال ورودھی پارٹیوں یا اور دوسری پارٹیوں کا ہے ۔ پارٹی شاسن کا یہ ایک خاص اور اُجاگر پہلو ہے ۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ہر پارلیمنٹ اور ہر دھارا سبھا کے اندر کسی بھی

महात्मा गांधी की कुछ बातें इस सम्बन्ध में याद रखने के क़ाबिल हैं. एक यह कि उन्होंने इंग्लैन्ड की उस पार्लिमेंट की तुलना, जो दुनिया की पार्लिमेंटों की माँ मानी जाती है, एक "बाँझ वेश्या" (A barren prostitute) से की थी. दूसरी यह कि जब आज़ादी के दिन नज़दीक आने लगे तो उन्होंने यह साफ़ कहा था कि—"आजकल के कांग्रेसी नेता पार्लिमेंटरी हुकूमत के लिये काम कर रहे हैं, मैं पार्लिमेंटरी हुकूमत नहीं चाहता, पर इस समय तो मैं उन्हीं का साथ दे रहा हूँ." तीसरे गांधीजी के बलिदान से थोड़े ही दिन पहले जब दिल्ली में आज़ाद हिन्द की पार्लिमेंटरी हुकूमत बाज़ाब्ता क़ायम हो गई तो उसका रूप देखकर गाँधीजी के मुँह से निकल पड़ा :—"यह तो एक बहुत बड़ी बला आ गई ! मुझे अब इस बला से लड़ना पड़ेगा !"

अब हम ज़रा अपनी आजकल की शासन व्यवस्था की तरफ़ एक निगाह डालें. हमारे आजकल के अधिकतर राजकाजी नेता अंगरेज़ों की दी हुई शिक्षा पाए हुए और अंगरेज़ी विचारों में ही पले हुए थे. क़ुदरती तौर पर वह अंगरेज़ी शासन पद्धति के दिलदादा थे. अपने देश में अच्छी से अच्छी नियत के साथ भी वह उसी की नक़ल कर सकते थे. यही उन्होंने किया—वही पार्लिमेंटरी तर्ज़, वही दो सदन, वही चुनाव के ढंग, इंगलैन्ड के बादशाह की जगह भारत का राष्ट्रपति, गवरनरों और लेफ़टीनेन्ट गवरनरों का वही सिलसिला, पार्लिमेंट और धारा सभाओं के अन्दर वही सरकारी दल (Treasury Benches) और विरोधी दल (Opposition) और वही धुवाँधार तक़रीरें. हालत यहाँ तक पहुँच चुकी है कि हमारे स्वतन्त्र दलों और विरोधी दलों के बड़े से बड़े नेता भी ईमानदारी के साथ मानते और कहते हैं कि शासन चाहे किसी भी दल के हाथों में हो अच्छे शासन के लिये अच्छे और ज़बरदस्त विरोधी दलों का होना ज़रूरी है. बिना अलग अलग और कम या अधिक एक दूसरे के प्रतिस्पर्धी राजकाजी दलों के वह शासन की कल्पना भी नहीं कर सकते. इसीलिये हम में से बहुत से रूस और चीन जैसे देशों की बाबत यह सुनकर कि वहाँ अलग अलग राजकाजी पार्टियां नहीं हैं, या अगर हैं तो एक दूसरे के विरोधी या प्रतिस्पर्धी नहीं हैं, हैरान रह जाते हैं और यह समझ ही नहीं सकते कि इस तरह के किसी भी देश की हुकूमत अच्छी और जनता के लिये हितकर हुकूमत कैसे हो सकती है.

पार्टियों के आधार पर शासन व्यवस्था दूसरे किसी देश के लिये कहां तक हितकर साबित हुई है या नहीं या इस समय हितकर है या नहीं इस सवाल में हम अभी नहीं पड़ना चाहते. हम केवल अपने देश की आजकल की व्यवस्था को ही ज़रा और पास से देखना चाहते हैं.

مہاتما گاندھی کی کچھ باتیں اِس سمبندھ میں یاد رکھنے کے قابل ہیں ۔ ایک یہ کہ اُنہوں نے انگلینڈ کی اُس پارلیمنٹ کی تلنا جو دنیا کی پارلیمنٹوں کی ماں مانی جاتی ہے، ایک "بانجھ ویشیا" (A barren prostitute) سے کی تھی ۔ دوسری یہ کہ جب آزادی کے دن نزدیک آنے لگے تو اُنہوں نے یہ صاف کہا تھا کہ—"آجکل کے کانگریسی نیتا پارلیمنٹری حکومت کے لئے کام کر رہے ہیں، میں پارلیمنٹری حکومت نہیں چاہتا، پر اِس سمے تو میں اُنہیں کا ساتھ دے رہا ہوں ۔" تیسرے گاندھی جی کے بلیدان سے تھوڑے ہی دن پہلے جب دلی میں آزاد ہند کی پارلیمنٹری حکومت باضابطہ قایم ہو گئی تو اُس کا روپ دیکھ کر گاندھی جی کے منھ سے نکل پڑا:—"یہ تو ایک بہت بڑی بلا آ گئی! مجھے اب اِس بلا سے لڑنا پڑیگا!"

اب ہم ذرا اپنی آجکل کی شاسن ویوستھا کی طرف ایک نگاہ ڈالیں ۔ ہمارے آجکل کے ادھکتر راجکاجی نیتا انگریزوں کی دی ہوئی شکشا پائے ہوئے اور انگریزی وچاروں میں ہی پلے ہوئے تھے ۔ قدرتی طور پر وہ انگریزی شاسن پدھتی کے دلدادہ تھے ۔ اپنے دیش میں اچھی سے اچھی نیت کے ساتھ بھی وہ اُسی کی نقل کر سکتے تھے۔ یہی اُنہوں نے کیا—وہی پارلیمنٹری طرز، وہی دو سدن، وہی چناؤ کے ڈھنگ، انگلینڈ کے بادشاہ کی جگہ بھارت کا راشٹرپتی، گورنروں اور لفٹیننٹ گورنروں کا وہی سلسلہ، پارلیمنٹ اور دھارا سبھاؤں کے اندر وہی سرکاری دل (Treasury Benches) اور ورودھی دل (Opposition) اور وہی دھواں دھار تقریریں ۔ حالت یہاں تک پہونچ چکی ہے کہ ہمارے سوتنتر دلوں اور ورودھی دلوں کے بڑے سے بڑے نیتا بھی ایمانداری کے ساتھ مانتے اور کہتے ہیں کہ شاسن چاہے کسی بھی دل کے ہاتھوں میں ہو اچھے شاسن کے لئے اچھے اور زبردست ورودھی دلوں کا ہونا ضروری ہے ۔ بنا الگ الگ اور کم یا ادھک ایک دوسرے کے پرتی اسپردھی راجکاجی دلوں کے وہ شاسن کی کلپنا بھی نہیں کر سکتے۔ اِسی لئے ہم میں سے بہت سے روس اور چین جیسے دیشوں کی بابت یہ سن کر کہ وہاں الگ الگ راجکاجی پارٹیاں نہیں ہیں، یا اگر ہیں تو ایک دوسرے کے ورودھی یا پرتی اسپردھی نہیں ہیں، حیران رہ جاتے ہیں اور یہ سمجھ ہی نہیں سکتے کہ اِس طرح کے کسی بھی دیش کی حکومت اچھی اور جنتا کے لئے ہتکر حکومت کیسے ہو سکتی ہے ۔

پارٹیوں کے آدھار پر شاسن ویوستھا دوسرے کسی دیش کے لئے کہاں تک ہتکر ثابت ہوئی ہے یا نہیں یا اِس سمے ہتکر ہے یا نہیں اِس سوال میں ہم ابھی نہیں پڑنا چاہتے ۔ ہم کیول اپنے دیش کی آجکل کی ویوستھا کو ہی ذرا اور پاس سے دیکھنا چاہتے ہیں ۔

आजकल की सरकारें

दुनिया के अन्दर एक एक जमाने में एक एक चीज़ का खास जोर होता है. उसीके अनुसार कोई जमाना धर्म प्रधान समझा जाता है, कोई संस्कृति प्रधान, कोई अर्थ प्रधान इत्यादि. कभी कभी एक ही समय में अलग अलग देशों में अलग अलग चीज़ों का जोर होता है. आजकल लगभग सारी दुनिया में राजनीति का बोल बाला है. इसलिये इस युग को राजनीति प्रधान युग कहा जा सकता है. धर्म, सदाचार, अर्थ, संस्कृति, कला और साहित्य सब को आज हम अधिकतर राजनीति ही की निगाह से देखते हैं. राजनीति आज हमारे सारे मानव जीवन पर छाई हुई है. इसीलिये राजनीतिक नेता और कार्यकर्ता ही सब जगह आज दुनिया के नेता माने जाते हैं.

कहा जाता है कि मानव इतिहास के शुरू में मनुष्य और पशुओं में बहुत कम अन्तर था. धीरे धीरे मनुष्य ने अपने मस्तिष्क के सहारे उन्नति करना शुरू किया. कुटुम्ब बना. समाज बना. छोटे छोटे गिरोह बने. उन गिरोहों में प्रबन्ध और संचालन के लिये सरदार होने लगे. धीरे धीरे राजा बने, सम्राट बने, और राजा और प्रजा का अन्तर पैदा हुआ.

दुनिया के स्कूलों में पढ़ाई जाने वाली समाज शास्त्र की अधिकतर किताबें मनुष्य की सबसे पहले की जंगली हालत से शुरू होती हैं. राजनीति की अधिकतर किताबें राजाओं और सम्राटों के युग से शुरू होती हैं.

आजकल अकसर कहा जाता है कि राजाओं या सम्राटों यानी बादशाहों या शहनशाहों का जमाना बड़े अन्धकार का जमाना था. उसी से गुलामी का रिवाज चला, राजा और प्रजा, मालिक और गुलाम का अन्तर पैदा हुआ, समाज में ऊँच नीच की बात आई. दूसरों को चूस कर थोड़े से बड़ा बनने वालों और लाखों और करोड़ों दलित, नादार चुसने वालों में दुनिया बंट गई, इत्यादि.

यह भी कहा जाता है कि जिसे आजकल डेमोक्रेसी, जमहूरियत, प्रजातन्त्र, जनतन्त्र या लोकशाही कहा जाता है उसने जनम लेकर दुनिया और दुनिया की जनता को मुसीबत के उस गड्ढे में से निकाला. इस तरह की अधिकतर बातों में सचाई का एक अंश तो होता ही है, फिर चाहे वह रुपये में छै आने हो या दस आने. इस तरह के जनतंत्र की सबसे बड़ी मिसालें आज संयुक्त राज अमरीका और इंगलैन्ड की दी जाती हैं. भारत का आजकल का विधान भी, यूं तो कहीं से कुछ और कहीं से कुछ लेकर तैयार किया गया है, पर अधिकतर प्रजातंत्र या जनतन्त्र की इसी कल्पना पर ढला हुआ है.

آجکل کی سرکاریں

دنیا کے اندر ایک، ایک زمانے میں ایک ایک چیز کا خاص زور ہوتا ہے ۔ اسی کے انوسار کوئی زمانہ دھرم پردھان سمجھا جاتا ہے، کوئی سنسکرتی پردھان، کوئی ارتھ پردھان اتیادی۔ کبھی کبھی ایک ہی سمے میں الگ الگ دیشوں میں الگ الگ چیزوں کا زور ہوتا ہے ۔ آجکل لگ بھگ ساری دنیا میں راجنیتی کا بول بالا ہے۔ اس لئے اس یگ کو راجنیتی پردھان یگ کہا جا سکتا ہے ۔ دھرم، سداچار، ارتھ، سنسکرتی، کلا اور ساہتیہ سب کو آج ہم ادھکتر راجنیتی ہی کی نگاہ سے دیکھتے ہیں ۔ راجنیتی آج ہمارے سارے مانو جیون پر چھائی ہوئی ہے ۔ اسی لئے راجنیتک نیتا اور کاریہ کرتا ہی سب جگہ آج دنیا کے نیتا مانے جاتے ہیں ۔

کہا جاتا ہے کہ مانو اتہاس کے شروع میں منشیہ اور پشوؤں میں بہت کم انتر تھا ۔ دھیرے دھیرے منشیہ نے اپنے مستشک کے سہارے انتی کرنا شروع کیا ۔ کٹمب بنا ۔ سماج بنا ۔ چھوٹے چھوٹے گروہ بنے۔ ان گروہوں میں پربندھ اور سنچالن کے لئے سردار ہونے لگے ۔ دھیرے دھیرے راجا بنے، سمراٹ بنے، اور راجا اور پرجا کا انتر پیدا ہوا ۔

دنیا کے اسکولوں میں پڑھائی جانے والی سماج شاستر کی ادھکتر کتابیں منشیہ کی سب سے پہلے کی جنگلی حالت سے شروع ہوتی ہیں ۔ راجنیتی کی ادھکتر کتابیں راجاؤں اور سمراٹوں کے یگ سے شروع ہوتی ہیں ۔

آجکل اکثر کہا جاتا ہے کہ راجاؤں یا سمراٹوں یعنی بادشاہوں یا شہنشاہوں کا زمانہ بڑے اندھکار کا زمانہ تھا ۔ اسی سے غلامی کا رواج چلا، راجا اور پرجا، مالک اور غلام کا انتر پیدا ہوا، سماج میں اونچ نیچ کی بات آئی ۔ دوسروں کو چوس کر تھوڑے سے بڑا بنے والوں اور لاکھوں اور کروڑوں دلت، نادار چسنے والوں میں دنیا بٹ گئی، اتیادی ۔

یہ بھی کہا جاتا ہے کہ جیسے آجکل ڈیموکریسی، جمہوریت پرجا تنتر، جن تنتر یا لوک شاہی کہا جاتا ہے اس نے جنم لیکر دنیا اور دنیا کی جنتا کو مصیبت کے اس گڈھے میں سے نکالا ۔ اس طرح کی ادھکتر باتوں میں سچائی کا ایک انش تو ہوتا ہی ہے، پھر چاہے وہ روپئے میں چھ آنے ہو یا دس آنے ۔ اس طرح کے جن تنتر کی سب سے بڑی مثالیں آج سنیکت راج امریکہ اور انگلینڈ کی دی جاتی ہیں ۔ بھارت کا آجکل کا ودھان بھی، یوں تو کہیں سے کچھ اور کہیں سے کچھ لیکر تیار کیا گیا ہے، پر ادھکتر پرجاتنتر یا جن تنتر کی اسی کلپنا پر ڈھلا ہوا ہے ۔

अमरीका या इंगलैंड बना देने के ही चक्कर में पड़े हुए हैं. दूसरी तरफ़ विदेशों के साथ अपने सम्बन्ध में हम शान्ति और अहिंसा के उस रास्ते पर चलने की कोशिश कर रहे हैं जो राष्ट्र पिता महात्मा गाँधी ने हमारे सामने रखा था. कभी कभी तो हम लगभग उन्हीं के शब्दों में उन्हीं के भावों को प्रगट भी करते रहते हैं. यह है आजकल के भारत का दो रुखा पन.

इस दो रुखी चाल के चलने में सब से बड़ी भूल हम यह कर रहे हैं कि हम एक ऐसे बुनियादी उसूल को भूल जाते हैं कि जो जड़ और चेतन यानी बेजान और जानदार दोनों तरह की सृष्टि में साफ़ काम करता हुआ दिखाई देता है. वह उसूल यह है कि कोई भी परस्पर विरोधी शक्तियाँ जब एक साथ मैदानों में छोड़ दी जाती हैं तो वह दोनों एक दूसरे को काटकर अपने को नष्ट कर देती हैं. एक ही देश की शासन नीति में हिंसा और अहिंसा को साथ-साथ चलाने की यह कोशिश देश को अन्दर से और बाहर से दोनों तरफ़ से बेहद खोखला करती जा रही है. अगर भारत एक बार इस बात को समझ ले और पक्के इरादे के साथ देश के अन्दर की व्यवस्था को अपनी पुरानी कलचर से मिलाकर चले, अपनी औद्योगिक और आर्थिक आकांक्षाओं यानी सनअती और माली प्रोग्रामों को अपने नैतिक और रूहानी उसूलों के साथ मिलाकर चले, और निडरता और सच्चाई के साथ 'पीसफ़ुल को-एग्ज़िस्टेन्स यानी शान्ति पूर्वक सब के साथ मिलकर रहने के उन अहिंसात्मक उसूलों और आदर्शों पर खुद अमल करने लगे जिन्हें वह दुनिया के सामने पेश कर रहा है, तो इसमें कोई सन्देह नहीं कि दुनिया की आजकल की कठिनाइयों पर भारत उसे वैसी ही अपूर्व विजय दिला सकता है जैसी विजय राष्ट्र-पिता ने हमें अपने आज़ादी के संग्राम में दिलाई है.

इसी भाव और इसी आशा के साथ हम अपने देश भाइयों और अपनी सरकार से यह अपील कर रहे हैं. हमें विश्वास है कि अगर हम सब मिलकर समय की आवश्यकता को समझें और उस पर अमल करें तो हम अमरीका और यूरप के नक़लची और उनके दस्तनिगर बने रहने के बजाय उनको राह दिखाने वाले और उन्हें नजात दिलाने वाले बन सकते हैं. आज हम साफ़-साफ़ उनके नक़लची और दस्तनिगर बने हुए हैं.

—सुन्दरलाल

امریکہ یا انگلینڈ بنا دینے کے ہی چکر میں پڑے ہوئے ہیں ۔ دوسری طرف ودیشوں کے ساتھ اپنے سمبندھ میں ہم شانتی اور اہنسا کے اُس راستے پر چلنے کی کوشش کر رہے ہیں جو راشٹر پتا مہاتما گاندھی نے ہمارے سامنے رکھا تھا ۔ کبھی کبھی تو ہم لگ بھگ اُنہیں کے شبدوں میں اُنہیں کے بھاؤں کو پرگٹ بھی کرتے رہتے ہیں ۔ یہ ہے آجکل کے بھارت کا دورخاپن ۔

اِس دو رخی چال کے چلنے میں سب سے بڑی بھول ہم یہ کر رہے ہیں کہ ہم ایک ایسے بنیادی اُصول کو بھول جاتے ہیں کہ جو جڑ اور چیتن یعنی بےجان اور جاندار دونوں طرح کی سرشٹی میں صاف کام کرتا ہوا دکھائی دیتا ہے ۔ وہ اُصول یہ ہے کہ کوئی بھی پرسپر ورودھی شکتیاں جب ایک ساتھ میدان میں چھوڑ دی جاتی ہیں تو وہ دونوں ایک دوسرے کو کاٹ کر اپنے کو نشٹ کر دیتی ہیں ۔ ایک ہی دیش کی شاسن نیتی میں ہنسا اور اہنسا کو ساتھ ساتھ چلانے کی یہ کوشش دیش کو اندر سے اور باہر سے دونوں طرف سے بےحد کھوکھلا کرتی جا رہی ہے ۔ اگر بھارت ایکبار اِس بات کو سمجھ لے اور پکے اِرادے کے ساتھ دیش کے اندر کی ویوستھا کو اپنی پرانی کلچر سے ملا کر چلے، اپنی اودیوگک اور آرتھک آکانشاؤں یعنی صنعتی اور مالی پروگراموں کو اپنے نیتک اور روحانی اُصولوں کے ساتھ ملاکر چلے، اور نِڈرتا اور سچائی کے ساتھ 'پیسفل کوایگزسٹینس' یعنی شانتی پوروک سب کے ساتھ مل کر رہنے کے اُن اہنساتمک اُصولوں اور آدرشوں پر خود عمل کرنے لگے جنھیں وہ دنیا کے سامنے پیش کر رہا ہے، تو اِس میں کوئی سندیہہ نہیں کہ دنیا کی آجکل کی کٹھنائیوں پر بھارت اُسے ویسی ہی اپوروِ وجئے دلا سکتا ہے جیسی وجئے راشٹر پتا نے ہمیں اپنے آزادی کے سنگرام میں دلائی ہے ۔

اِسی بھاؤ اور اِسی آشا کے ساتھ ہم اپنے دیش بھائیوں اور اپنی سرکار سے یہ اپیل کر رہے ہیں ۔ ہمیں وشواس ہے کہ اگر ہم سب ملکر سمئے کی آوشیکتا کو سمجھیں اور اُس پر عمل کریں تو ہم امریکہ اور یورپ کے نقلچی اور اُن کے دست نگر بنے رہنے کے بجائے اُن کو راہ دکھانے والے اور انہیں نجات دلانے والے بن سکتے ہیں ۔ آج ہم صاف صاف اُن کے نقلچی اور دست نگر بنے ہوئے ہیں ۔

—سندر لال ۔

लेकिन सवाल यह है कि इस मामले में पहल कौन करे, और कैसे करे ?

मेरी राय में इस सवाल का जवाब सीधा और साफ़ है. जवाब यह है कि यह पहल भारत ही कर सकता है और उसे ही करनी चाहिये. भारत ही को सबसे पहले अपने सब हथियार फेंक देने चाहियें और अपनी सब फ़ौजें बरखास्त कर देनी चाहियें. भारत ही इस पर तुरन्त और पूरी तरह अमल करके दिखा सकता है.

इस के कारण भी साफ़ हैं और भारत के प्राचीन और हाल के इतिहास के पन्नों पर मोटे अक्षरों में लिखे हुए हैं. प्राचीन समय में अशोक ने दुनिया को एक नया रास्ता ऐसे बड़े पैमाने पर दिखाया कि जिस से उस समय उसी की सारी नैतिक बुनियादें हिल गईं. अशोक के उस कारनामे ने ही महात्मा गांधी के आगमन के लिये ज़मीन तैयार की जिसने उनके उसूलों, उनके तरीक़ों, उनके अहिंसात्मक उपायों, और उनकी आज़ादी की लड़ाई और उसकी अन्तिम विजय को मुमकिन बना दिया.

पर कठिनाई यह है कि भारत की पुरानी मज़हबी और रूहानी तहज़ीब के साथ यूरप की दुनिया और माद्दा परस्ती के भयंकर टकराव ने भारत के राष्ट्रीय जीवन में एक अजीब दो रुख़ी और दो दिली पैदा कर दी है. इस द्वंद्व या दो रुख़े पन ने जब तक महात्मा गांधी जीवित रहे, उनके स्वतंत्रता संग्राम में बराबर तरह तरह की रुकावटें डालीं जिनसे उन के अहिंसात्मक मिशन को काफ़ी नुक़सान पहुँचा और वह जैसा चाहिये था कामयाब न हो सका. उन के मरते ही हमारे इस दो रुख़ेपन ने देश की लगभग सारी शक्ति को पच्छिमी राहों पर डाल दिया. मगर फिर भी हमारी यह ग़लत रवी और कमज़ोरी ने ज़माने के उस रुख़, हालात और उन ज़रूरतों को न बदल सकी जिन्होंने महात्मा गाँधी को जन्म दिया था और न दुनिया की उन शक्तियों को नष्ट कर सकी जिन की मदद से महात्मा गाँधी भारत को अपने ढंग से आज़ादी दिलाने में कामयाब हो सके.

इस दुविधा या दो रुख़े पन को ठीक ठीक समझने के लिये हमें एक बार अपने देश के अन्दर की हालत और अपने विदेशी सम्बन्धों दोनों को पूरी तरह समझना होगा और दोनों का मुक़ाबला करके देखना होगा. इन दोनों का मुक़ाबला करने से पता चलेगा कि एक तरफ़ तो देश के अंदर के प्रोग्राम, प्रबंध और व्यवस्था में, और देश को आगे बढ़ाने की योजनाओं में हमने अपने आप को बिलकुल पच्छिमी विचारों और पच्छिमी तरीक़ों के हवाले कर रखा है, और देश के प्रबन्ध और फ़ौजों के संगठन दोनों में हमने जीवन के वही आदर्श अपने सामने रख रखे हैं जो अमरीका और यूरप के सामने रहे हैं, यहां तक कि हम अपने देश को

لیکن سوال یہ ہے کہ اِس معاملے میں پہل کون کرے، اور کیسے کرے ؟

میری رائے میں اِس سوال کا جواب سیدھا اور صاف ہے ۔ جواب یہ ہے کہ یہ پہل بھارت ہی کر سکتا ہے اور اُسے ہی کرنی چاہئے ۔ بھارت ہی کو سب سے پہلے اپنے سب ہتھیار پھینک دینے چاہئیں اور اپنی سب فوجیں برخاست کر دینی چاہئیں ۔ بھارت ہی اِس پر ترنت اور پوری طرح عمل کر کے دکھا سکتا ہے ۔

اِس کے کارن بھی صاف ہیں اور بھارت کے پراچین اور حال کے اِتہاس کے پنّوں پر موٹے اکشروں میں لکھے ہوئے ہیں ۔ پراچین سمے میں اشوک نے دنیا کو ایک نیا راستہ ایسے بڑے پیمانے پر دکھایا کہ جس سے اُس سمے اُسی کی ساری نیتک بنیادیں ہل گئیں۔ اشوک کے اُس کارنامے نے ہی مہاتما گاندھی کے آگمن کے لئے زمین تیار کی جس نے اُن کے اُصولوں، اُن کے طریقوں، اُن کے اہنساتمک اُپایوں، اور اُن کی آزادی کی لڑائی اور اُس کی انتم وجے کو ممکن بنا دیا ۔

پر کٹھنائی یہ ہے کہ بھارت کی پرانی مذہبی اور روحانی تہذیب کے ساتھ یورپ کی دنیا اور مادہ پرستی کے بھینکر ٹکراؤ نے بھارت کے راشٹریہ جیون میں ایک عجیب دورخی اور دو دلی پیدا کر دی ہے ۔ اِس دوندوہ یا دو رخے پن نے جب تک مہاتما گاندھی جیوت رہے اُن کے سوتنترتا سنگرام میں برابر طرح طرح کی رکاوٹیں ڈالیں جن سے اُن کے اہنساتمک مشن کو کافی نقصان پہونچا اور وہ جیسا چاہئے تھا کامیاب نہ ہو سکا ۔ اُن کے مرتے ہی ہمارے اِس دورخے پن نے دیش کی لگ بھگ ساری شکتی کو پچھمی راہوں پر ڈال دیا ۔ مگر پھر بھی ہماری یہ غلط روی اور کمزوری نے زمانے کے اُس رخ، حالات اور اُن ضرورتوں کو نہ بدل سکی جنہوں نے مہاتما گاندھی کو جنم دیا تھا اور نہ دنیا کی اُن شکتیوں کو نشٹ کر سکی جن کی مدد سے مہاتما گاندھی بھارت کو اپنے ڈھنگ سے آزادی دلانے میں کامیاب ہو سکے ۔

اِس دویدھا یا دورخے پن کو ٹھیک ٹھیک سمجھنے کے لئے ہمیں ایکبار اپنے دیش کے اندر کی حالت اور اپنے ودیشی سمبندھوں دونوں کو پوری طرح سمجھنا ہوگا اور دونوں کا مقابلہ کر کے دیکھنا ہوگا ۔ ان دونوں کا مقابلہ کرنے سے پتہ چلیگا کہ ایک طرف تو دیش کے اندر کے پروگرام، پربندھ اور ویوستھا میں، اور دیش کو آگے بڑھانے کی یوجناؤں میں ہم نے اپنے آپ کو بالکل پچھمی وچاروں اور پچھمی طریقوں کے حوالے کر رکھا ہے، اور دیش کے پربندھ اور فوجوں کے سنگٹھن دونوں میں ہم نے جیون کے وہی آدرش اپنے سامنے رکھ رکھے ہیں جو امریکہ اور یورپ کے سامنے رہے ہیں، یہاں تک کہ ہم اپنے دیش کو

हमने इसे 'शान्ति युद्ध' कहा है. शान्ति युद्ध सचमुच एक अनोखा वाक्य है. यह आन्दोलन भी अपने ढंग का वैसा ही नया और अनोखा है. लेकिन जाने या अनजाने समय की आवश्यकताओं और माँगों को जितनी अच्छी तरह यह आन्दोलन ज़ाहिर कर रहा है उतनी अच्छी तरह दुनिया का कोई आन्दोलन इस समय नहीं कर रहा है. वास्तव में यही आन्दोलन इस दौर का 'युग धर्म' है.

यह बात भी क़ुदरती और लाज़मी है कि इस शान्ति-युद्ध का सब से ख़ास मक़सद, और आख़िरी मंज़िल वह तहरीक हो जो आज 'डिस-आरमामेन्ट' के रूप में चल रही है यानी यह कि दुनिया की सब क़ौमों के सब हथियार ले लिये जावें और दुनिया की सब फ़ौजें बरख़ास्त कर दी जावें. इस शान्ति आन्दोलन की असली और आख़री जीत हार इन्हीं फ़ौजों और हथियारों के कम या ख़तम हो जाने के सवाल पर निर्भर है. इसी एक सवाल पर यह भी निर्भर है कि मानव जाति का जीवन ख़त्म होगा या मानव इतिहास में एक ऐसे नए युग और नई सभ्यता का उदय होगा जो अब तक के सब युगों और सब सभ्यताओं से कहीं अधिक शानदार होगी. आजकल दुनिया के सामने जितनी समस्याएँ हैं उन सब के हल की कसौटी भी डिसआरमामेन्ट ही है. अगर एक बार यह सवाल ठीक ठीक हल हो जाये तो बाक़ी के वह सब सवाल धीरे-धीरे अपने आप शान्ति और समझौते के साथ हल हो जाँयगे जो आज मानव जाति को एक ज़बरदस्त भूल भूलैयां में डाले हुए हैं और जिनका हल आसानी से किसी को सूझ नहीं रहा है. पिछले पचास बरस के अन्दर जैसे-जैसे हिंसा के नये नये हथियार और तरीक़े निकलते गये वैसे ही आदमी के अन्दर सच्ची मानवता और इनसानियत भी ज़ोरों के साथ पैदा होती गई. यह मानवता ही शान्ति आन्दोलन में राष्ट्रों के एक दूसरे को अधिक अच्छी तरह समझने की इच्छा में और पूरी या अधूरी हथियार-बन्दी में अपने को प्रगट कर रही है.

एक ओर सोवियत रूस की राजनीति और उसकी पालिसी में जो ज़बरदस्त उलट फेर हुए हैं उन्होंने और दूसरी ओर भारत की अहिंसात्मक तटस्थता यानी ग़ैर जानिबदारी और इसके साथ भारत के 'पंचशील' के उसूल ने जो विश्व शान्ति और विश्व मैत्री की बुनियाद हो सकता है, इन दोनों ने मिलकर पूरी कामयाबी के साथ दुनिया की नैतिक तराज़ू के पलड़े को शान्ति की तरफ़ झुका दिया है. सारी दुनिया अब शान्ति के हक़ में आवाज़ ऊँची कर रही है. दुनिया को इससे जो शक्ति मिली है और जो अवसर मिला है उससे यदि ठीक ठीक और सच्चाई के साथ फ़ायदा उठाया जा सके तो मानव इतिहास में एक नया पन्ना पलटा जा सकता है जिसके लिये सारी मानव जाति इस समय भूकी और प्यासी है.

هم نے اِسے شانتی یدھ کہا ہے . شانتی یدھ سچ مچ ایک انوکھا واکیہ ہے . یہ آندولن بھی اپنے ڈھنگ کا ویسا ہی نیا اور انوکھا ہے. لیکن جانے یا انجانے سمے کی آوشیکتاؤں اور مانگوں کو جتنی اچھی طرح یہ آندولن ظاهر کر رہا ہے اُتنی اچھی طرح دنیا کا کوئی آندولن اِس سمے نہیں کر رہا ہے . واستو میں یہی آندولن اِس دور کا 'یگ دھرم' ہے .

یہ بات بھی قدرتی اور لازمی ہے کہ اِس شانتی یدھ کا سب سے خاص مقصد اور آخری منزل وہ تحریک ہو جو آج 'ڈس آرما مینٹ' کے روپ میں چل رہی ہے یعنی یہ کہ دنیا کی سب قوموں کے سب ہتھیار لے لئے جاویں اور دنیا کی سب فوجیں برخاست کردی جاویں. اِس شانتی اندولن کی اصلی اور آخری جیت هار اِنہیں فوجوں اور ہتیاروں کے کم یا ختم ہو جانے کے سوال پر نربھر ہے . اِسی ایک سوال پر یہ بھی نربھر ہے کہ مانو جاتی کا جیون ختم ہوگا یا مانو اِتہاس میں ایک ایسے نئے یگ اور نئی سبھیتا کا ادئے ہوگا جو اب تک کے سب یگوں اور سب سبھیتاؤں سے کہیں ادھک شاندار ہوگی. آجکل دنیا کے سامنے جتنی سمسیائیں ہیں اُن سب کے حل کی کسوٹی بھی ڈس آرما مینٹ ہی ہے . اگر ایک بار یہ سوال ٹھیک ٹھیک حل ہو جائے تو باقی کے وہ سب سوال دھیرے دھیرے اپنے آپ شانتی اور سمجھوتے کے ساتھ حل ہو جائینگے جو آج مانو جاتی کو ایک زبردست بھول بھلیاں میں ڈالے ہوئے ہیں اور جن کا حل آسانی سے کسی کو سوجھ نہیں رہا ہے . پچھلے پچاس برس کے اندر جیسے جیسے ہنسا کے نئے نئے ہتیار اور طریقے نکلتے گئے ویسے ہی آدمی کے اندر سچی مانوتا اور انسانیت بھی زوروں کے ساتھ پیدا ہوتی گئی . یہ مانوتا ہی شانتی اندولن میں راشٹروں کے ایک دوسرے کو ادھک اچھی طرح سمجھنے کی اچھا میں اور پوری یا ادھوری ہتیار بندی میں اپنے کو پرگٹ کر رہی ہے .

ایک اور سوویت روس کی راجنیتی اور اُس کی پالیسی میں جو زبردست اُلٹ پھیر ہوئے ہیں اُنہوں نے اور دوسری اور بھارت کی اہنسا تمک تٹسھتا یعنی غیر جانب داری اور اِس کے ساتھ بھارت کے 'پنچ شیل' کے اصول نے جو وشو شانتی اور وشو میتری کی بنیاد ہو سکتا ہے اِن دونوں نے مل کر پوری کامیابی کے ساتھ دنیا کی نیتک ترازو کے پلڑے کو شانتی کی طرف جھکا دیا ہے . ساری دنیا اب شانتی کے حق میں آواز اُونچی کر رہی ہے . دنیا کو اِس سے جو شکتی ملی ہے اور جو اوسر ملا ہے اُس سے یدی ٹھیک ٹھیک اور سچائی کے ساتھ فایدہ اُٹھایا جا سکے تو مانو اتہاس میں ایک نیا پنّا پلٹا جا سکتا ہے جس کے لئے ساری مانوتا جاتی اِس سمے بھوکی اور پیاسی ہے .

हमारी राय — ہماری رائے

शान्ति युद्ध

अंगरेजी में एक मशहूर कहावत है कि आदमी के जीवन और उसके तरह तरह के मामलों में कभी कभी इस तरह की एक ज़ोरदार लहर आती है जिससे अगर उसी समय पूरा पूरा फ़ायदा उठा लिया जाय तो आदमी की क़िस्मत जाग जाती है और अगर आदमी उस समय चूक जाय तो लहर के एक बार चढ़कर उतर जाने के बाद सिवाय बरबादी और पछतावे के और कुछ बाक़ी नहीं रह जाता, यहाँ तक कि उस बरबादी से फिर पनप सकना भी कठिन हो जाता है. आज दुनिया में ठीक इसी तरह की एक लहर आई हुई है. मानव जाति का सबसे अधिक भला इसी में है कि इस लहर से वह पूरा पूरा फ़ायदा उठा ले और उसे पीछे हट जाने का मौक़ा न दे.

यह लहर दुनिया का वह जबरदस्त आन्दोलन है जिसे शान्ति आन्दोलन, अमन तहरीक या पीस मूवमेन्ट कहा जाता है. कोई कोई इसे "पीस-वार" यानी शान्ति-युद्ध या 'शान्ति के लिए युद्ध' भी कहते हैं. यह अद्‌भुत युद्ध वास्तव में हिंसा और अहिंसा के बीच का युद्ध है. इस युद्ध के अन्त में चाहे हिंसा जीते और चाहे अहिंसा जीते मगर हक़ीक़त यह है कि इतना बड़ा संग्राम मानव जीवन में हिंसा और अहिंसा के बीच आज तक दुनिया में कभी नहीं हुआ था. इस संग्राम में बाज़ी और दाँव भी बहुत गहरे लगे हुए हैं हार जीत केवल इसमें नहीं है कि मानव सभ्यता और संस्कृति ज़िन्दा रहे या न रहे, बल्कि इस बात की भी है कि मानव जाति ज़िन्दा बचे या न बचे.

हिंसा ने दुनिया में इस समय वह विराट रूप और एक ऐसे भयंकर ज्वालमुखी पहाड़ का सा रूप धारण कर लिया है कि उस का क़ुदरती नतीजा यह हुआ कि इनसान के दिलो दिमाग़ के अन्दर अहिंसा और शान्ति की जो प्रवृत्तियाँ और रुजहान सोए हुए थे वह एकदम जगह जगह जाग उठे. इन सब हितकर प्रवृत्तियों और रुजहानों को विश्वव्यापी और आलमगीर शान्ति आन्दोलन में अपने को ज़ाहिर करने का मौक़ा मिल रहा है. इसीलिये यह आन्दोलन इतना गहरा, जबरदस्त और व्यापक दिखाई देता है.

شانتی یدھ

انگریزی میں ایک مشہور کہاوت ہے کہ آدمی کے جیون اور اس کے طرح طرح کے معاملوں میں کبھی کبھی اس طرح کی ایک زوردار لہر آتی ہے جس سے اگر اسی سمے پورا پورا فایدہ اُٹھا لیا جائے تو آدمی کی قسمت جاگ جاتی ہے اور اگر آدمی اس سمے چوک جائے تو لہر کے ایک بار چڑھ کر اُتر جانے کے بعد سوائے بربادی اور پچھتاوے کے اور کچھ باقی نہیں رہ جاتا ۔ یہاں تک کہ اس بربادی سے پھر پنپ سکنا بھی کٹھن ہو جاتا ہے ۔ آج دنیا میں ٹھیک اسی طرح کی ایک لہر آئی ہوئی ہے ۔ مانو جاتی کا سب سے ادھک بھلا اسی میں ہے کہ اس لہر سے وہ پورا پورا فایدہ اُٹھا لے اور اسے پیچھے ہٹ جانے کا موقع نہ دے ۔

یہ لہر دنیا کا وہ زبردست آندولن ہے جسے شانتی آندولن' امن تحریک یا پیس موومینٹ کہا جاتا ہے ۔ کوئی کوئی اسے "پیس-وار" یعنی شانتی یدھ یا 'شانتی کے لئے یدھ' بھی کہتے ہیں ۔ یہ ادبھت یدھ واستو میں ہنسا اور اہنسا کے بیچ کا یدھ ہے ۔ اس یدھ کے انت میں چاہے ہنسا جیتے اور چاہے اہنسا جیتے مگر حقیقت یہ ہے کہ اتنا بڑا سنگرام مانو جیون میں ہنسا اور اہنسا کے بیچ آج تک دنیا میں کبھی نہیں ہوا تھا ۔ اس سنگرام میں بازی اور داؤں بھی بہت گہرے لگے ہوئے ہیں ۔ ہار جیت کیول اس میں نہیں ہے کہ مانو سبھیتا اور سنسکرتی زندہ رہے یا نہ رہے بلکہ اس بات کی بھی ہے کہ مانو جاتی زندہ بچے یا نہ بچے ۔

ہنسا نے دنیا میں اس سمے وہ وراٹ روپ اور ایک ایسے بھینکر جوالامکھی پہاڑ کا سا روپ دھارن کر لیا ہے کہ اس کا قدرتی نتیجہ یہ ہوا کہ انسان کے دل و دماغ کے اندر اہنسا اور شانتی کی جو پرورتیاں اور رجحان سوئے ہوئے تھے وہ ایکدم جگہہ جگہہ جاگ اُٹھے ۔ ان سب ہتکر پرورتیوں اور رجحانوں کو وشوویاپی اور عالمگیر شانتی آندولن میں اپنے کو ظاہر کرنے کا موقع مل رہا ہے ۔ اسی لئے یہ آندولن اتنا گہرا' زبردست اور ویاپک دکھائی دیتا ہے ۔

बहादुरी को सराहते हुए अपनी पिछली दुश्मनी को भुला दिया. इस दोस्ती से सिखों में फिर कुछ हौसला बढ़ा और वह अंग्रेजी फ़ौज में भरती होने लगे जहाँ वे अपनी सिख निशानियों को जैसे के तैसा ही क़ायम रख सकते थे. लेकिन और सब बातों में सिखों में कोई जीवन नहीं रह गया था. उनमें न तो धार्मिक जीवन था और न क़ौमी जीवन. वह उन्हीं पुराने देवताओं को पूजने लगे थे और वही पुरानी और लचर रस्में अदा करते थे जिनमें से उन्हें निकालने के लिये उनके गुरुओं ने निहायत बहादुरी से कोशिश की थी. सिखों की तालीम और पाँच निशानियाँ सिर्फ़ बराए नाम रह गईं. आजकल की संघ सभा सिखों को फिर पुराने ठीक रास्ते पर लाने की कोशिश कर रही है.

بہادری کو سراہتے ہوئے اپنی پچھلی دشمنی کو بھلا دیا ۔ اس دوستی سے سکھوں میں پھر کچھ حوصلہ بڑھا اور وہ انگریزی فوج میں بھرتی ہونے لگے جہاں وے اپنی سکھ نشانیوں کو جیسا کے تیساہی قائم رکھ سکتے تھے ۔ لیکن اور سب باتوں میں سکھوں میں کوئی جیون نہیں رہ گیا تھا ۔ اُن میں نہ تو دھارمک جیون تھا اور نہ قومی جیون۔ وہ اُنہیں پرانے دیوتاؤں کو پوجنے لگے تھے اور وہی پرانی اور لچر رسمیں ادا کرتے تھے جن میں سے اُنہیں نکالنے کے لئے اُن کے گروؤں نے نہایت بہادری سے کوشش کی تھی ۔ سکھوں کی تعلیم اور اور پانچ نشانیاں صرف برائے نام رہ گئیں ۔ آجکل کی سنگھ سبھا سکھوں کو پھر پرانے ٹھیک راستے پر لانے کی کوشش کر رہی ہے ۔

नन्द सिंह बेरार, खैरसिंह अंबाबा और करमसिंह मान वग़ैरा. एक मुसलमान को जिसका नाम सोनता था सिख बनाकर उसका नाम भी रामसिंह रखा गया था और उसकी लड़कियों की शादी रामगढ़िया के सरदारों के यहाँ हुई थी. मेंदों के भाई हरिसिंह पैदाइशी मुसलमान थे. उनको भाई ओनेसिंह कंथल वाले ने सिख बनाया था. एक मुसलमान, जिसका सिख नाम निहालसिंह रखा गया था, गुरुद्वारा भिलयानी का महंत हो गया था. महाराज नरेन्द्र सिंह पटियाला नरेश के इशारे से एक शख़्स सद्र उद्दीन सिख बनाया गया था और महंत दयासिंह ने उसका नाम फतह सिंह रखा था. यह शख़्स 26 साल तक धर्मशाला फूल का महंत रहा और सन1869 में मर गया. इस तरह महाराजा रंजीतसिंह के ज़माने में हज़ारों मुसलमान मर्द और औरतें सिख धर्म के हलक़े में शामिल हुए थे.3

लेकिन महाराजा रंजीतसिंह की हुकूमत में हिन्दू असर ने सिख धर्म को सख़्त धक्का पहुँचाया. उसका असर ख़ालसा सिपाहियों पर भी पड़ा. अगरचे इन सिपाहियों में सिख धर्म क़रीब क़रीब अपनी पुरानी पाकीज़गी में मौजूद था. नयी ऐश पसन्दी ने सिखों की सादगी और आज़ादी को बरबाद कर दिया. असल में सिख धर्म एक सादा और सख़्त धर्म है और आसानी से सिख लोग ऐश और आराम की तरफ़ नहीं झुकते. सिखों के मज़हबी और दुनियावी रस्मों में अकसर सिवाय भजन गाने और प्रार्थना करने के और कुछ नहीं होता.

एक महाराजा अपने बराबर वाले महाराजों में अपना मर्तबा किस तरह क़ायम रख सकता है जब तक कि वह गद्दी पर बैठने व अपनी शादी के मौक़े पर नजूमियों और पंडितों को बुलाकर उन रस्मों और जलसों को शानदार न बना दे. सिख राजाओं और अमीरों को सिख धर्म को अपनी पसन्द के मुताबिक़ बना लेना हमेशा मुश्किल रहा है. इसलिये जब कभी वह दिखावा और रस्में पूरी करना चाहते हैं तो सिख धर्म के दायरे के बाहर जाने के लिये मजबूर होते हैं.

महाराजा रंजीत सिंह के बाद जब बादशाहत सिर्फ़ ज़ेवरों और क़ीमती कपड़ों तक ही रह गई तो ऊँचे ख़ान्दानों के लिये सिख धर्म भी सिर्फ़ पगड़ी और दाढ़ी का फ़ैशन रह गया. नतीजा यह हुआ कि आगे चलकर ऐसेलोगों ने, जिनके रहन सहन के तरीक़े सख़्त और जिनमें ज़ब्त मौजूद था, सिख सरदारों के हाथ से हुकूमत छीन ली. आम सिखों में अभी पुरानी इसप्रिट कुछ बाक़ी थी लेकिन वह भी गुरुद्वारों की हालत बदल जाने और लड़ाई में धक्का पहुँचने की वजह से कम होने लगी. अंग्रेज़ों ने उससे फ़ायदा उठाने की कोशिश की और सिखों की शरीफ़ाना

نند سنگھ بیرار، کھیر سنگھ انبھاوا اور کرم سنگھ مان وغیرہ ۔ ایک مسلمان کو جس کا نام سونتا تھا سکھ بناکر اُس کا نام بھی رام سنگھ رکھا گیا تھا اور اُس کی لڑکیوں کی شادی رام گڑھیا کے سرداروں کے یہاں ہوئی تھی ۔ میندوں کے بھائی ہری سنگھ پیدائشی مسلمان تھے ۔ اُن کو بھائی اونے سنگھ کنتھل والے نے سکھ بنایا تھا۔ ایک مسلمان، جس کا سکھ نام نہال سنگھ رکھا گیا تھا، گرودوارا بھلیانی کا مہنت ہو گیا تھا ۔ مہاراج نریندر سنگھ پٹیالہ نریش کے اشارے سے ایک شخص صدر الدین سکھ بنایا گیا تھا اور مہنت دیا سنگھ نے اُس کا نام فتح سنگھ رکھا تھا ۔ یہ شخص 26 سال تک دھرم شالا پھول کا مہنت رہا اور سن 1869 میں مر گیا ۔ اِس طرح مہاراجہ رنجیت سنگھ کے زمانے میں ہزاروں مسلمان مرد اور عورتیں سکھ دھرم کے حلقے میں شامل ہوئے تھے ۔ 3

لیکن مہاراجہ رنجیت سنگھ کی حکومت میں ہندو اثر نے سکھ دھرم کو سخت دھکا پہنچایا ۔ اُس کا اثر خالصہ سپاہیوں پر بھی پڑا، اگرچہ اِن سپاہیوں میں سکھ دھرم قریب قریب اپنی پرانی پاکیزگی میں موجود تھا ۔ نئی عیش پسندی نے سکھوں کی سادگی اور آزادی کو برباد کر دیا ۔ اصل میں سکھ دھرم ایک سادا اور سخت دھرم ہے اور آسانی سے سکھ لوگ عیش اور آرام کی طرف نہیں جھکتے ۔ سکھوں کے مذہبی اور دنیاوی رسموں میں اکثر سوائے بھجن گانے اور پرارتھنا کرنے کے اور کچھ نہیں ہوتا ۔

ایک مہاراجہ اپنے برابر والے مہاراجوں میں اپنا مرتبہ کس طرح قائم رکھ سکتا ہے جب تک کی وہ گدی پر بیٹھنے و اپنی شادی کے موقع پر نجومیوں اور پنڈتوں کو بلا کر اُن رسموں اور اور جلسوں کو شاندار نہ بنا دے ۔ سکھ راجاؤں اور امیروں کو سکھ دھرم کو اپنی پسند کے مطابق بنا لینا ہمیشہ مشکل رہا ہے ۔ اِس لئے جب کبھی وہ دکھاوا اور رسمیں پوری کرنا چاہتے ہیں تو سکھ دھرم کے دائرے کے باہر جانے کے لئے مجبور ہوتے ہیں ۔

مہاراجہ رنجیت سنگھ کے بعد جب بادشاہت صرف زیوروں اور قیمتی کپڑوں تک ہی رہ گئی تو اُونچے خاندانوں کے لئے سکھ دھرم بھی صرف پگڑی اور داڑھی کا فیشن رہ گیا ۔ نتیجہ یہ ہوا کہ آگے چل کر ایسے لوگوں نے، جن کے رہن سہن کے طریقے سخت اور جن میں ضبط موجود تھا، سکھ سرداروں کے ہاتھ سے حکومت چھین لی ۔ عام سکھوں میں ابھی پرانی اسپرٹ کچھ باقی تھی لیکن وہ بھی گرودواروں کی حالت بدل جانے اور لڑائی میں دھکا پہنچنے کی وجہ سے کم ہونے لگی ۔ انگریزوں نے اُس سے فائدہ اُٹھانے کی کوشش کی اور سکھوں کی شریفانہ

रखा.3 ईसाई गिरजे के कुल हक़ तो उन्हीं लोगों को दिये जाते थे जो यहूदियों से ईसाई होते थे और जिनका खतना होता था.

इसी तरह जब पुराने सिख जिनको गुरु गोविन्द सिंह ने खुद दीक्षा दी थी, शहीद हो गये और उनकी औलाद जिलावतनी (परदेस) में रहने के लिये मजबूर हो गई और संगतें बिना सरदारों के रह गईं तो वह पुराने रसम रिवाजों और विश्वासो में ढल गईं. जो लोग छोटी क़ौमों में से आए थे उनसे और उन लोगों से फ़र्क होने लगा जो ऊँची जातों से आए थे. दीक्षा लेने के बाद भी कुछ को तो सिर्फ़ दरवाजे पर ही जगह मिलती थी, और दूसरों को मन्दिर के अन्दर दाखिल होने का हुक्म होता था. कुछ लोग ऐसे थे जो उस मुसीबत के जमाने में खुले तौर पर सिख होने का इक़रार करने की हिम्मत नहीं करते थे. उनको इजाज़त दी गई कि वह सिख धर्म की ऊपरी निशानियों के बग़ैर ही काम चलाएँ और ऐसे आदमियों को 'सहजधारी' कहा गया. उन दिनों जब लम्बे केश रखना मौत को बुलाना था कोई आदमी उनके उस भेस बदलने पर ऐतराज़ करने का ख्याल दिल में नहीं लाता था जो सहजधारियों ने अख्तयार कर रखा था. उनको सिख धर्म पर पूरा ऐतक़ाद था मगर वह इसके लिये मरने को तैयार न थे. जिन सहजधारियों ने यह रियायती तरीक़ा अख्तयार कर रखा था वह असली सिखों की बराबरी का दावा नहीं करते थे. यह अपने जिलावतन भाइयों की इसप्रिट और उनकी ज़ाहिरी शकल का हमेशा ख्याल रखते थे और हर तरह उनकी मदद किया करते थे.

इस तरह सिख इसप्रिट और तर्ज़े जिन्दगी खालसा की सूरत में उस वक्त भी क़ायम रखा गया जबकि क़सबों और शहरों में पाबन्दियाँ ढीली पड़ गई थीं. सरदार रतनसिंह के लिखे हुए "पुन्य प्रकाश" में लिखा है कि मुसीबत के जमाने के बाद भी जिसमें होकर वह गुज़र चुके थे लड़ने वाले सिखों के दिलों में पुरानी भावना अब भी साफ़ साफ़ और मुस्तैदी से मौजूद है. वह अब भी मूर्ति पूजा से दूर रहते हैं और नये तरीक़े पर शादी करते और पंथ की हुकूमत सब से बढ़कर मानते हैं. जो सुझाव (तजवीज़ें) उनकी संगत या पंचायत में तै होती हैं उन पर अमल करते हैं. जनेऊ, अवतार, जात पात या छुआ छूत को नहीं मानते और आज़ादी से उन लोगों को वापस ले लेते हैं जो मुसलमान हो गये थे. बहुत से मशहूर सिखों ने ऐसी मुसलमान औरतों से शादी की जिन्होंने सिख धर्म को अपना लिया था. उनमें से बाज़ के नाम यह हैं—अनूप सिंह जो चन्द्रथाल का रहने वाला ब्राह्मण था, सखतसिंह पेजगढ़ का खत्री था.

फिर भी बन्दा के सरहद फ़तह करने पर कुछ मुसलमानों ने सिख धर्म अख्तयार किया था (दीक्षा दस्तूर उलनीशा, मुसन्निफ़ बाज़ मोहम्मद).

رکھا . 3 عیسائی گرجے کے کل حق تو انہیں لوگوں کو دیئے جاتے تھے جو یہودیوں سے عیسائی ہوتے تھے اور جن کا ختنہ ہوتا تھا .

اسی طرح جب پرانے سکھ جن کو گرو گووند سنگھ نے خود دیکشا دی تھی، شہید ہوگئے اور ان کی اولاد جلاوطنی (پردیس) میں رہنے کے لئے مجبور ہو گئی اور سنگتیں بنا سرداروں کے رہ گئیں تو وہ پرانے رسم رواجوں اور وشواسوں میں ڈھل گئیں . جو لوگ چھوٹی قوموں میں سے آئے تھے ان سے اور ان لوگوں سے فرق ہونے لگا جو اونچی ذاتوں سے آئے تھے . دیکشا لینے کے بعد بھی کچھ کو تو صرف دروازے پر ہی جگہ ملتی تھی اور دوسروں کو مندر کے اندر داخل ہونے کا حکم ہوتا تھا . کچھ لوگ ایسے تھے جو اس مصیبت کے زمانے میں کھلے طور پر سکھ ہونے کا اقرار کرنے کی ہمت نہیں کرتے تھے . ان کو اجازت دی گئی کہ وہ سکھ دھرم کی اوپری نشانیوں کے بغیر ہی کام چلائیں اور ایسے آدمیوں کو 'سہجدھاری' کہا گیا . ان دنوں جب لمبے کیش رکھنا موت کو بلانا تھا کوئی آدمی ان کے اس بھیس بدلنے پر اعتراض کرنے کا خیال دل میں نہیں لاتا تھا جو سہجدھاریوں نے اختیار کر رکھا تھا . ان کو سکھ دھرم پر پورا اعتقاد تھا مگر وہ اس کے لئے مرنے کو تیار نہ تھے . جن سہجدھاریوں نے یہ رعایتی طریقہ اختیار کر رکھا تھا وہ اصلی سکھوں کی برابری کا دعوہ نہیں کرتے تھے . یہ اپنے جلاوطن بھائیوں کی اسپرٹ اور ان کی ظاہری شکل کا ہمیشہ خیال رکھتے تھے اور ہر طرح ان کی مدد کیا کرتے تھے .

اس طرح سکھ اسپرٹ اور طرز زندگی خالصہ کی صورت میں اس وقت بھی قائم رکھا گیا جب کہ قصبوں اور شہروں میں پابندیاں ڈھیلی پڑ گئیں تھیں . سردار رتن سنگھ کے لکھے ہوئے "پنیہ پرکاش" میں لکھا ہے کہ مصیبت کے زمانے کے بعد بھی جس میں ہو کر وہ گذر چکے تھے لڑنے والے سکھوں کے دلوں میں پرانی بھاونا اب بھی صاف صاف اور مستعدی سے موجود ہے . وہ اب بھی مورتی پوجا سے دور رہتے ہیں اور نئے طریقے پر شادی کرتے اور پنتھ کی حکومت سب سے بڑھ کر مانتے ہیں . جو سوجھاؤ (تجویزیں) ان کی سنگت یا پنچایت میں طے ہوتی ہیں ان پر عمل کرتے ہیں . جنیو، اوتار، ذات-پات یا چھوا چھوت کو نہیں مانتے اور آزادی سے ان لوگوں کو واپس لے لیتے ہیں جو مسلمان ہو گئے تھے . بہت سے مشہور سکھوں نے ایسی مسلمان عورتوں سے شادی کی جنہوں نے سکھ دھرم کو اپنا لیا تھا . ان میں سے بعض کے نام یہ ہیں— انوپ سنگھ جو چندر تھال کا رہنے والا برہمن تھا، سخت سنگھ پیج گڑھ کا کھتری تھا .

پھر بھی بندا کے سرحد فتح کرنے پر کچھ مسلمانوں نے سکھ دھرم اختیار کیا تھا (دیکشا دستورالنیشا، مصنف باز محمد) .

गुरु गोबिन्द सिंह ने बिलकुल साफ़-साफ़ कहा है कि सिख दूसरी क़ौमों से हमदर्दी और मोहब्बत रखते भी ऐसा न करें कि अपने मैआर को दूसरों के साथ मिलाकर गड़बड़ कर दें. सिख अपनी रसमों को चारों फ़िरक़ों के लोगों से अलग ही रखेंगे. वह सब से मुनासिब बर्ताव करेंगे लेकिन उनका विश्वास और जिन्दगी के काम का अमल सबसे अलग रहेगा." 2 सिख अपने उसूलों को बहुत दिनों तक बरक़रार रखे रहे और हिन्दू और मुसलमान दोनों के मेल से बहुत फ़ायदा उठाते रहे और अपनी तरक़्क़ी को दोनों तरफ़ के ग़लत असर से बचाते रहे. लेकिन जब सिखों को मुग़ल हुकूमत से लड़ना पड़ा तो उनकी वह भावना कम होने लगी. गुरु गोविन्द सिंह मोहब्बत के भन्डार होने के सबब से अपने दुश्मनों के दिलों में भी मोहब्बत पैदा कर सके. औरंगज़ेब का एक सिपहसालार सैयद बेग गुरु से जंग करने आया लेकिन उनसे मुलाक़ात होने पर उसे अफ़सोस हुआ और शर्म से लौटकर उसने अहद कर लिया कि जुल्म की मदद के लिये मैं कभी जंग न करूँगा. बुद्धू-शाह, नबीख़ाँ और ग़नीख़ाँ मुसलमान ही थे जिन्होंने बहुत नाज़ुक वक्त पर गुरु की मदद की थी. सिखों से मुसलमानों की बढ़ती हुई नफ़रत का नतीजा यह हुआ कि मुसलमानों में सिख धर्म की बढ़ती पर असर पड़ा और मुसलमानों का सिक्खों में शामिल होना कम होता गया. यहाँ तक कि जब बाद के मुग़ल बादशाहों की सख्तियाँ बाबा बन्दा के हिन्दुओं और सिखों के ख़िलाफ़ बढ़ गईं तो सिखों में दीक्षा सिर्फ़ हिन्दुओं तक ही महदूद हो गई. नतीजा यह हुआ कि सिख धर्म ने जो नया ख्याल पैदा किया था उसमें पुराने हिन्दू ख्याल भी शामिल होने लगे.

यही हाल ईसाई धर्म का भी हुआ था. शुरू में जब ज्यादातर यहूदियों में से भी ईसाई बनते थे तो नये ईसाइयों के साथ पुराने यहूदी तरीक़े पर बर्ताव होता था. उस तरीक़े में अन्दर के हलक़े के मुरीदों और बाहर वाले मुरीदों में फ़र्क़ समझा जाता था.

अन्दर के हलक़े के मुरीदों का ख़तना हुआ करता था और वह यहूदी रस्म अदा किया करते थे, गिरजे के सब से अन्दर के हिस्से तक जाने के हक़दार होते थे और बाहर के हलक़े के मुरीदों को जो उन रस्मों की पाबन्दी न करते थे सिर्फ़ 'हमदर्द' समझा जाता था, उनको सिर्फ़ गिरजे के दरवाज़े पर ही पूजा करने की इजाज़त होती थी. ईसाइयों और ग़ैर यहूदियों में यही फ़र्क़

2. सूर्य प्रकाश—अवत 3—अध्याय 50.

گرو گوبند سنگھ نے بالکل صاف صاف کہا ہے کہ سکھ دوسری قوموں سے ہمدردی اور محبت رکھتے بھی ایسا نہ کریں کہ اپنے معیار کو دوسروں کے ساتھ ملا کر گڑبڑ کر دیں ۔ سکھ اپنی رسموں کو چاروں فرقوں کے لوگوں سے الگ ہی رکھیں گے ۔ وہ سب سے مناسب برتاؤ کریں گے لیکن اُن کا وشواس اور زندگی کے کام کا عمل سب سے الگ رہیگا ۔" 2 سکھ اپنے اُصولوں کو بہت دنوں تک برقرار رکھے رہے اور ہندو اور مسلمان دونوں کے میل سے بہت فائدہ اٹھاتے رہے اور اپنی ترقی کو دونوں طرف کے غلط اثر سے بچاتے رہے ۔ لیکن جب سکھوں کو مغل حکومت سے لڑنا پڑا تو اُن کی وہ بھاؤنا کم ہونے لگی ۔ گرو گووند سنگھ محبت کے بھنڈار ہونے کے سبب سے اپنے دشمنوں کے دلوں میں بھی محبت پیدا کر سکے ۔ اورنگزیب کا ایک سپہ سالار سید بیگ گرو سے جنگ کرنے آیا لیکن اُن سے ملاقات ہونے پر اُسے افسوس ہوا اور شرم سے لوٹ کر اُس نے عہد کر لیا کہ ظلم کی مدد کے لئے میں کبھی جنگ نہ کرونگا ۔ بدھوشاہ، نبی خاں اور غنی خاں مسلمان ہی تھے جنہوں نے بہت نازک وقت پر گرو کی مدد کی تھی ۔ سکھوں سے مسلمانوں کی بڑھتی ہوئی نفرت کا نتیجہ یہ ہوا کہ مسلمانوں میں سکھ دھرم کی بڑھتی پر اثر پڑا اور مسلمانوں کا سکھوں میں شامل ہونا کم ہوتا گیا ۔ یہاں تک کہ جب بعد کے مغل بادشاہوں کی سختیاں بابا بندا کے ہندؤں اور سکھوں کے خلاف بڑھ گئیں تو سکھوں میں دیکشا صرف ہندؤں تک ہی محدود ہو گئی ۔ نتیجہ یہ ہوا کہ سکھ دھرم نے جو نیا خیال پیدا کیا تھا اُس میں پرانے ہندو خیال بھی شامل ہونے لگے ۔

یہی حال عیسائی دھرم کا بھی ہوا تھا ۔ شروع میں جب زیادہ تر یہودیوں میں سے بھی عیسائی بنتے تھے تو نئے عیسائیوں کے ساتھ پرانے یہودی طریقے پر برتاؤ ہوتا تھا ۔ اُس طریقے میں اندر کے حلقے کے مریدوں اور باہر والے مریدوں میں فرق سمجھا جاتا تھا ۔

اندر کے حلقے کے مریدوں کا ختنہ ہوا کرتا تھا اور وہ یہودی رسم ادا کیا کرتے تھے، گرجے کے سب سے اندر کے حصے تک جانے کا حقدار ہوتے تھے اور باہر کے حلقے کے مریدوں کو جو اُن رسموں کی پابندی نہ کرتے تھے صرف 'ہمدرد' سمجھا جاتا تھا" اُن کو صرف گرجے کے دروازے پر ہی پوجا کرنے کی اجازت ہوتی تھی ۔ عیسائیوں اور غیر یہودیوں میں یہی فرق

2— سوریہ پرکاش—رُت 3—ادھیائے 50 ۔

"न मैं मक्के को हज करने जाऊँ और न हिन्दुओं के तीर्थों में पूजा करने."

"मैं सिर्फ उस एक की बन्दगी करूँगा किसी दूसरे की नहीं."

"मैं न मूर्तियों को पूजूँगा और न नमाज़ पढ़ूँगा."

"मैं अपने दिल को सिर्फ उसके क़दमों में लगाऊँगा जो सब से ऊपर है."

"हम न हिन्दू हैं और न मुसलमान."

"हमने अपने तन और अपनी जानों को अल्लाह व राम के नाम क़ुर्बान कर दिया है."—भैरो राग,

दबिस्तान का लेखक छटे और सातवें गुरुओं के ज़माने में पंजाब आया था. वह सिखों की बाबत लिखता है—

"गुरु नानक के सिख मूर्ति पूजा को बुरा कहते हैं. उनका विश्वास है कि सब गुरु गुरु नानक के ही अवतार हैं. वह हिन्दू मन्त्रों को नहीं पढ़ते और न हिन्दू मन्दिरों की कोई खास इज़्ज़त करते हैं. वे हिन्दू अवतारों को नहीं मानते और न संस्कृत ही पढ़ते हैं जो हिन्दुओं की राय में देवताओं की ज़बान है."

सिखों को हिन्दू शास्त्रों में लिखे हुए रीत रिवाज पर यक़ीन नहीं और न वे खाने पीने में छूत छात की पाबंदियों के क़ायल हैं. एक आलिम हिन्दू प्रतापमल ने जब यह देखा कि उसका लड़का इसलाम की तरफ़ झुका है तो उसने उससे कहा था—"तुमको मुसलमान होने की कोई ज़रूरत नहीं, अगर तुम खाने पीने की आज़ादी चाहते हो तो अच्छा हो कि तुम सिख हो जाओ."

गुरु के लन्गरखाने में और बराबरी सिखाने के लिये सब का एक साथ बिठाकर खाना खाने के सिवाय सिख अपने गुरुद्वारों में किसी तरह की कोई बड़ी रसम अदा नहीं करते. इसलिये आपस में झगड़े की कोई वजह नहीं पैदा होती और न उनमें अलग अलग फ़िरक़े ही पैदा हुए. अमृतसर के गुरुद्वारे में मज़हबी पूजा सिर्फ़ यह होती है कि रात दिन अखंड पाठ ग्रंथ साहब का जारी रखा जाता है. सिर्फ़ आधी रात के क़रीब एक दो घन्टे बन्द रहता है. बाक़ी तमाम वक़्त रागी लोग ग्रन्थ साहब के शब्द बारी बारी से मिलकर गाया करते हैं. किसी तरह की कोई लैकचर बाज़ी या बहस मुबाहिसा वहाँ नहीं होता और इसीलिये कोई हुज्जत आपस में पैदा नहीं होती. सिखों का यह सादा और ख़ूबसूरत रिवाज 250 बरस पहले सुजानराय बटाला वाले ने देखा था. उसने 1667 ईसवी में अपनी किताब "खुलास उत्तवारीख़ में लिखा है—

"उनके लिये सिर्फ पूजा का यह तरीक़ा है कि वह अपने गुरुओं के बनाये भजनों को मीठे स्वरों में साज़ और बाजों के साथ मिलकर गाते हैं."

"نہ میں مکے کو حج کرنے جاؤں اور نہ ہندوؤں کے تیرتھوں میں پوجا کرنے."

"میں صرف اُس ایک کی بندگی کرونگا کسی دوسرے کی نہیں."

"میں نہ مورتیوں کو پوجوں گا اور نہ نماز پڑھوں گا."

"میں اپنے دل کو صرف اُس ایک کے قدموں میں لگاؤنگا جو سب سے اوپر ہے."

"ہم نہ ہندو ہیں اور نہ مسلمان."

"ہم نے اپنے تن اور اپنی جانوں کو اللہ و رام کے نام قربان کر دیا ہے."—بھیروں راگ.

دبستان کا لیکھک چھٹے اور ساتویں گروؤں کے زمانے میں پنجاب آیا تھا. وہ سکھوں کی بابت لکھتا ہے—

"گرو نانک کے سکھ مورتی پوجا کو برا کہتے ہیں. اُن کا وشواس ہے کہ سب گرو گرونانک کے ہی اوتار ہیں. وہ ہندو منتروں کو نہیں پڑھتے اور نہ ہندو مندروں کی کوئی خاص عزت کرتے ہیں. وے ہندو اوتاروں کو نہیں مانتے اور نہ سنسکرت ہی پڑھتے ہیں جو ہندوؤں کی رائے میں دیوتاؤں کی زبان ہے."

سکھوں کو ہندو شاستروں میں لکھے ہوئے ریت رواج پر یقین نہیں اور نہ وے کھانے پینے میں چھوت-چھات کی پابندیوں کے قائل ہیں. ایک عالم ہندو پرتاپ مل نے جب یہ دیکھا کہ اُس کا لڑکا اِسلام کی طرف جھکا ہے تو اُس نے اُس سے کہا تھا—"تم کو مسلمان ہونیکی کوئی ضرورت نہیں' اگر تم کھانے پینے کی آزادی چاہتے ہو تو اچھا ہوکہ تم سکھ ہو جاؤ."

گرو کے لنگرخانے میں اور برابری سکھانے کےلئے سب کو ایک ساتھ بیٹھا کر کھانا کھانے کے سوائے سکھ اپنے گرودواروں میں کسی طرح کی کوئی بڑی رسم ادا نہیں کرتے. اِس لئے آپس میں جھگڑے کی کوئی وجہ نہیں پیدا ہوتی اور نہ اُن میں الگ الگ فرقے ہی پیدا ہوئے. امرتسر کے گرودوارے میں مذہبی پوجا صرف یہ ہوتی ہے کہ رات دن اکھنڈ پاٹھ گرنتھ صاحب کا جاری رکھا جاتا ہے. صرف آدھی رات کے قریب ایک دو گھنٹے بند رہتا ہے. باقی تمام وقت راگی لوگ گرنتھ صاحب کے شبد باری باری سے مل کر گایا کرتے ہیں. کسی طرح کی کوئی لکچر بازی یا بحث مباحثہ وہاں نہیں ہوتا اور اِس لئے کوئی حجت آپس میں پیدا نہیں ہوتی. سکھوں کا یہ سادہ اور خوبصورت رواج 250 برس پہلے سوجان رائے بٹالہ والے نے دیکھا تھا. اُس نے 1667 عیسوی میں اپنی کتاب "خلاص التواریخ" میں لکھا ہے—

اُن کے لئے صرف پوجا کا یہ طریقہ ہے کہ وہ اپنے گروؤں کے بنائے بھجنوں کو میٹھے سروں میں ساز اور باجوں کے ساتھ ملکر گاتے ہیں.

बिला किसी फ़र्क़ के सबको अपने मज़हब में शामिल कर लेने के अलावा और भी ऐसे तरीक़े थे जिनसे सिख धर्म की इस भावना को क़ायम रक्खा जाता था. "गुरुओं का लंगर" जिसमें बिला लिहाज़ छोटे बड़े सबको खाना मिलता था, इसलिये क़ायम किया गया था कि वे तमाम रुकावटें जो फ़िरक़े और मज़हब के तास्सुब की वजह से क़ायम थीं दूर हो जायें और सब बराबर हो जायें. इस लिये यह क़ायदा रक्खा गया था कि जो भी खाना खाने आये, चाहे वह हिन्दू हो या मुसलमान, सबको एक पंगत में बैठकर एक साथ खाना खाना होगा, यहाँ तक कि अकबर और राजा साहब हरीपुर को भी, जब वह गुरु अमरदास से मुलाक़ात करने गये थे, उसी तरह सब के साथ बैठकर खाना खाना पड़ा था. यह ज़ाहिर करने के लिये कि मुसल-मान और नीच जात के हिन्दू सब वैसे ही रहते हैं जैसे ऊँची जात वाले, गुरु अर्जुन देव ने 1 ग्रंथ साहब में इन लोगों की साखियाँ भी शामिल की हैं. इनमें कबीर साहब मुसलमान जुलाहे थे, फ़रीद एक मुसलमान फ़क़ीर, भीखन एक मुस्लिम आलिम, साईं नाई, नाम देव छीपी, रवि-दास मोची, मर्दाना मुसलमान, मिरदहा और बहुत से दूसरे मुसलमान रागी शामिल हैं. यह बात और भी साफ़ हो जाती है जब हम यह देखते हैं कि सिख लोग उस पूरे ग्रंथ साहब को जिसमें यह सब राग साखियाँ वग़ैरा शामिल ईश्वरी या इलहामी समझते हैं और उसकी बेहद इज़्ज़त करते हैं.

इन बातों का असर उस ज़माने के सिखों की अदालतों और रस्म रिवाजों पर बराबर दिखाई पड़ता है. सिख लोग हिन्दुओं और मुसलमानों को एक ही निगाह से देखते थे और मज़हबी तौर पर अपने को इनमें से किसी फ़रीक़ में शामिल नहीं करते थे. गुरु नानक का पहला क़ौल जब उन्होंने प्रचार शुरू किया था यह था कि "ना कोई हिन्दू न मुसलमान और जब उनका चोला छूटा तो हिन्दू मुसलमान दोनों उनको अपना बताते थे. गुरु अर्जुन ने अपनी किताब में निहायत दिलेरी से साफ़-साफ़ कहा है—

"मैं न हिन्दू व्रत रखता हूँ और न रमज़ान के रोज़े."

"मैं सिर्फ़ उसकी इबादत करता हूँ, वही मेरी आख़िरी पनाह है."

"मैंने हिन्दू और तुर्क दोनों से नाता तोड़ लिया है."

"मैं सिर्फ़ एक मालिक को मानता हूँ जो अल्लाह है."

1. "सारी संगत एक साथ बिला लिहाज़ बरन या आश्रम के लंगरख़ाने में दाख़िल होकर एक पंगत में बैठती थी और समझा जाता था कि सब एक बराबर साफ़ और पाक हैं"—सूर्य प्रकाश रास 1—बाब 30

بلا کسی فرق کے سب کو اپنے مذہب میں شامل کر لینے کے علاوہ اور بھی ایسے طریقے تھے جن سے سکھ دھرم کی اِس بھاؤنا کو قائم رکھا جاتا تھا. "گرؤں کا لنگر" جس میں بالحاظ چھوٹے بڑے سب کو کھانا ملتا تھا' اِسی لئے قائم کیا گیا تھا کہ وے تمام رکاوٹیں جو فرقے اور مذہب کے تعصب کی وجہ سے قائم تھیں دور ہو جائیں اور سب برابر ہو جائیں. اِس لئے یہ قاعدہ رکھا گیا تھا کہ جو بھی کھانا کھانے آئے' چاہے وہ ھندو ہو یا مسلمان' سب کو ایک پنگت میں بیٹھ کر ایک ساتھ کھانا ہوگا' یہاں تک کہ اکبر اور راجہ صاحب ھری پور کو بھی' جب وہ گرو امرداس سے ملاقات کرنے گئے تھے' اُسی طرح سب کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھانا پڑا تھا. یہ ظاہر کرنے کے لئے کہ مسلمان اور نیچ ذات کے ھندو سب ویسے ھی رہتے ھیں جیسے اُونچی ذات والے' گرو ارجن دیو نے 1 گرنتھ صاحب میں اِن لوگوں کی ساکھیاں بھی شامل کی ھیں. اِن میں کبیر صاحب مسلمان جولاہے تھے' فرید ایک مسلمان فقیر' بھیکھن ایک مسلم عالم' سائیں نائی' نام دیو چھیپی' روی داس موچی' مردانہ مسلمان' مردھا اور بہت سے دوسرے مسلمان راگی شامل ھیں. یہ بات اور بھی صاف ھو جاتی ھے جب ھم یہ دیکھتے ھیں کہ سکھ لوگ اُس پورے گرنتھ صاحب کو جس میں یہ سب راگ ساکھیاں وغیرہ شامل ھیں ایشوری یا الہامی سمجھتے ھیں اور اُس کی بےحد عزت کرتے ھیں.

اِن باتوں کا اثر اُس زمانے کے سکھوں کی عدالتوں اور رسم رواجوں پر برابر دکھائی پڑتا ھے. سکھ لوگ ھندؤں اور مسلمانوں کو ایک ھی نگاہ سے دیکھتے تھے اور مذہبی طور پر اپنے کو اِن میں سے کسی فریق میں شامل نہیں کرتے تھے. گرو نانک کا پہلا قول جب اُنہوں نے پرچار شروع کیا تھا یہ تھا کہ "نا کوئی ھندو نا مسلمان" اور جب اُن کا چولا چھوٹا تو ھندو مسلمان دونوں اُن کو اپنا بتاتے تھے. گرو ارجن نے اپنی کتاب میں نہایت دلیری سے صاف صاف کہا ھے—

"میں نہ ھندو ورت رکھتا ھوں اور نہ رمضان کے روزے."

"میں صرف اُس کی عبادت کرتا ھوں' وھی میری آخری پناہ ھے."

"میں نے ھندو اور ترک دونوں سے ناتا توڑ لیا ھے."

"میں صرف ایک مالک کو مانتا ھوں جو اللہ ھے."

1 "ساری سنگت ایک ساتھ بالحاظ برن یا آشرم کے لنگر خانے میں داخل ھو کر ایک پنگت میں بیٹھتی تھی اور سمجھا جاتا تھا کہ سب ایک برابر صاف اور پاک ھیں."—سوریہ پرکاش' راس 1—باب 30.

सज्जन—जोकि पहले एक डाकू था मगर गुरु नानक की नसीहत से सिख हुआ और उनके धर्म का उसने प्रचार किया; एक नवाब का लड़का जिसको डला के भाई यारू ने जलन्धर दोआब में सिख बनाया था; वज़ीरख़ाँ—अकबर का एक नायब वज़ीर था और ख़ुफ़िया तौर पर गुरु अर्जुन देव की तालीम पर अमल करता था; बुधनशाह—गुरु नानक का बड़ा भक्त था और आख़िर में गुरु गोविन्द के ज़माने में सिख होकर ही मरा; बीबी गुल्दन—लाहौर के क़ाज़ी की लड़की थी और उसको गुरु हर गोविन्द ने सिख धर्म की तालीम दी थी; सैफ़ाबाद रियासत पटियाला के रहने वाले शफ़ी उद्दीन को गुरु तेरा बहादुर ने ऐन अपनी गिरफ़्तारी से पहले सिख बनाया था; सैयद शाह को भाई नन्दलाल ने सिख बनाया. एक मुसलमान फ़क़ीर इब्राहीम ने सब से पहले अपने को गुरु गोविन्द सिंह के रू बरू सिख धर्म अख़्तियार करने के लिये पेश किया था. गुरु ने उसका नाम अजमेर सिंह रखा और सिखों को एक हुक्म जारी किया कि "अगर कोई मुसलमान अदना हो या आला, सचाई से ख़ालसा धर्म मानना चाहता हो तो मुनासिब है कि उसको दीक्षा दी जाय और संगत में शामिल कर लिया जाय."

बहुत से नामों में से जिन्होंने सिख धर्म अख़्तियार किया था यह सिर्फ़ चन्द नाम हैं. इन नये सिक्खों की हालत जाँच करने पर, जो गुरु नानक और उनके बाद संगत में शामिल हुए थे, ऐसा मालूम होता है कि पठान, सैयद और शिया जिनको मुग़लों ने शकिस्त दे दी थी सिख मज़हब को ज्यादा पसन्द करते थे, जबकि मग़रूर मुग़ल उन लोगों का धर्म अख़्तियार करना अपनी तौहीन समझते थे जिनको उन्होंने जंग में शकिस्त दी थी. जहाँगीर को गुरु अर्जुन के ख़िलाफ़, जैसा कि जहाँगीर ने ख़ुद "तुज़क जहाँगीरी" में लिखा है, सब से बड़ी शिकायत यह थी कि "बहुत से सीधे सादे हिन्दू ही नहीं बल्कि बहुत से बेवक़ूफ़ मुसलमान भी गुरु अर्जुन की दीक्षा और तर्ज़ों से मोहित हो जाते हैं." गुरु ने बहुत से ऐसे लोगों को भी दीक्षा दी थी जो नीची जातों के थे, मसलन रामदास जो मोची थे. गुरु गोविन्द सिंह ने पहुल (सिख बनने) का दरवाज़ा सब के लिये बराबर खोल दिया था. यहाँ तक कि मेहतरों को भी दीक्षा दी थी, और उन्हें उनके मज़बूत विश्वास के लिये 'मज़हबी' कहा जाता था. उन मज़हबियों का आज कल 'रँघरीटा' भी कहते हैं. इसकी वजह यह हो सकती है कि उनमें से बहुत से लोग 'राँगड़' जात के मुसलमान थे. इन लोगों ने गुरु तेरा बहादुर की कटी हुई लाश को निकाल लाने में निहायत जवाँमर्दी से काम लिया था. इसपर उनको गुरु गोविन्द सिंह ने 'रँघरेटे के बेटे' कहकर पुकारा था.

سجن — جو کہ پہلے ایک ڈاکو تھا مگر گرو نانک کی نصیحت سے سکھ ہوا اور اُن کے دھرم کا اُس نے پرچار کیا؛ ایک نواب کا لڑکا جس کو ڈلا کے بھائی یارو نے جالندھر دوآب میں سکھ بنایا تھا؛ وزیر خاں— اکبر کا ایک نائب وزیر تھا اور خفیہ طور پر گرو ارجن دیو کی تعلیم پر عمل کرتا تھا؛ بدھن شاہ— گرو نانک کا بڑا بھگت تھا اور آخر میں گرو گووند کے زمانے میں سکھ ہو کر ہی مرا؛ بی بی گلدن— لاہور کے قاضی کی لڑکی تھی اور اُس کو گرو ہرگووند نے سکھ دھرم کی تعلیم دی تھی؛ سیفاباد ریاست پٹیالہ کے رہنے والے شفیع الدین کو گرو تیغ بہادر نے عین اپنی گرفتاری سے پہلے سکھ بنایا تھا؛ سید شاہ کو بھائی نند لال نے سکھ بنایا۔ ایک مسلمان فقیر ابراہیم نے سب سے پہلے اپنے کو گرو گووند سنگھ کے روبرو سکھ دھرم اختیار کرنے کے لئے پیش کیا تھا۔ گرو نے اُس کا نام اجمیر سنگھ رکھا اور سکھوں کو ایک حکم جاری کیا کہ "اگر کوئی مسلمان ادنیٰ ہو یا اعلیٰ، سچائی سے خالصہ دھرم ماننا چاہتا ہو تو مناسب ہے کہ اُس کو دیکشا دی جائے اور سنگت میں شامل کر لیا جائے۔"

بہت سے ناموں میں سے جنھوں نے سکھ دھرم اختیار کیا تھا یہ صرف چند نام ہیں۔ اِن نئے سکھوں کی حالت جانچ کرنے پر، جو گرو نانک اور اُن کے بعد سنگت میں شامل ہوئے تھے، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ پٹھان، سید اور شیعہ جن کو مغلوں نے شکست دے دی تھی سکھ مذہب کو زیادہ پسند کرتے تھے، جب کہ مغرور مغل اُن لوگوں کا دھرم اختیار کرنا اپنی توہین سمجھتے تھے جن کو اُنھوں نے جنگ میں شکست دی تھی۔ جہانگیر کو گرو ارجن کے خلاف، جیسا کہ جہانگیر نے خود "تزک جہانگیری" میں لکھا ہے، سب سے بڑی شکایت یہ تھی کہ "بہت سے سیدھے سادے ہندو ہی نہیں بلکہ بہت سے بیوقوف مسلمان بھی گرو ارجن کی دیکشا اور طریقوں سے موہت ہو جاتے ہیں۔" گرو نے بہت سے ایسے لوگوں کو بھی دیکشا دی تھی جو نیچی ذاتوں کے تھے۔ مثلاً رام داس جو موچی تھے۔ گرو گووند سنگھ نے پہول (سکھ بننے) کا دروازہ سب کے لئے برابر کھول دیا تھا۔ یہاں تک کہ مہتروں کو بھی دیکشا دی تھی اور اُنھیں اُن کے مضبوط وشواس کے لئے 'مذہبی' کہا جاتا تھا۔ اُن مذہبیوں کو بعض وقت ورن رنگھریٹا بھی کہتے ہیں، اِس کی وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ اُن میں سے بہت سے لوگ 'رانگڑ' ذات کے مسلمان تھے۔ اِن لوگوں نے گرو تیغ بہادر کی کٹی ہوئی لاش کو نکال لانے میں نہایت جوانمردی سے کام لیا تھا۔ اِس پر اُن کو گرو گووند سنگھ نے 'رنگھریٹے کے بیٹے' کہہ کر پکارا تھا۔

दोबारा जारी करने का मौक़ा मिल गया था. सिख गुरुद्वारे मठधारी महन्तों के हाथ में पड़ गये और संगतों से जब पहले के हम-मज़हब सिख ख़त्म हो गये तो हकूमत उन्हीं महन्तों के हाथ में आ गई जो गुरुद्वारों पर क़ब्ज़ा रखते थे.

एक बात और भी थी जिस से सिख धर्म के सच्चाई के साथ बढ़ने में ख़लल पड़ गया. सिक्खों की तारीख़ के आख़िरी ज़माने में सिख धर्म में दाख़िला सिर्फ़ एक मौक़े के लिये रह गया. चूँकि इस पहलू पर आम तौर से विचार नहीं किया गया है इसलिये मैं इसको कुछ तफ़सील के साथ बयान करना चाहता हूँ.

सिख धर्म सब जातों और फ़िरक़ों के लिये था और शुरू में हिन्दू और मुसलमान दोनों में से ही सिख लिये जाते थे. गुरु नानक ने एशियाई कोचक, ईरान और दूसरे मुल्कों में, जहाँ जहाँ वह गये थे, बहुत से मुरीद बनाये थे. सेवादास ने अपने ग्रंथ "जन्म साखी" (1528 ईसवी) में बहुत सी ऐसी जगहों का ज़िक्र किया है जैसे "पठानों की किरी", जहाँ बहुत से मुसलमानों ने सिख धर्म अपनाया था. सिक्खों की इस फ़ेहरिस्त से जो भाई गुरदास (1629) ने अपने ग्यारहवें गीत में दी है इसमें और नामों के साथ ऐसे नाम भी लिखते हैं जैसे मर्दाना जो गुरु नानक के साथ रहता था, दौलतख़ाँ पठान जो बाद में एक सिख संत हुआ है और गूजर लोहार जो गुरु अंगद का चेला था. उसने अपने गाँव में सिख धर्म की लोगों को तालीम दी थी. इनके अलावा हमज़ा और मियाँ जमाल बराबर गुरु गोविन्द की ख़िदमत में हाज़िर रहते थे. तारीख़ में हमको मुसलमानों के बहुत से नाम मिलते हैं जो सिख धर्म को सराहते थे; मसलन राय बूला रतलवन्डी का मुसलमान सरदार जो गुरुनानक के माँ बाप की निस्बत भी गुरु नानक की ज़्यादा क़द्र करता था. अल्लाहयार और हुसेनी शाह, जिन्होंने गुरु अमरदास से रूहानी सबक़ लिया था, क़रीब क़रीब सिख ही समझे जा सकते हैं. अकबर को रवादारी पर और सती के रिवाज के बन्द करने पर भी गुरु अमरदास का असर था. साईं मियाँ मीर का गुरु अर्जुन देव से इस क़द्र गहरा ताल्लुक़ था कि गुरु जी अमृतसर के गुरुद्वारे की नींव रखने के लिये साईं मियाँ मीर को लाये थे. गुरुद्वारे की नींव साईं मियाँ मीर के हाथों की रखी हुई है. दाराशिकोह का सिखों की तरफ़ इतना ज़्यादा झुकाव था कि इसी वजह से औरंगज़ेब ने उनके साथ ज़्यादतियाँ की थीं. सैयद बुद्धू शाह साकिन सुधौरा, कालेख़ाँ और सैयद बेग गुरु गोविन्द सिंह की तरफ़ से लड़े थे. इनके सिवाय और बहुत से ऐसे लोग भी थे जिन्होंने सिख धर्म क़बूल कर लिया था. इनमें सिर्फ़ थोड़े से नाम यहाँ दिये जा सकते हैं. मसलन—

دوبارہ جاری کرنے کا موقعہ مل گیا تھا ۔ سکھ گوردوارے مٹھ دھاری مہنتوں کے ھاتھ میں پڑ گئے اور سنگتوں سے جب پہلے کے ہم مذھب سکھ ختم ھو گئے تو حکومت انھیں مہنتوں کے ھاتھ میں آ گئی جو گردواروں پر قبضہ رکھتے تھے ۔

ایک بات اور بھی تھی جس سے سکھ دھرم کے سچائی کے ساتھ بڑھنے میں خلل پڑ گیا ۔ سکھوں کی تاریخ کے آخری زمانے میں سکھ دھرم میں داخلہ صرف ایک موقعہ کے لئے رہ گیا ۔ چونکہ اِس پہلو پر عام طور سے وچار نہیں کیا گیا ھے اِس لئے میں اِس کو کچھ تفصیل کے ساتھ بیان کرنا چاھتا ھوں ۔

سکھ دھرم سب جاتوں اور فرقوں کے لئے تھا اور شروع میں ھندو اور مسلمان دونوں میں سے ھی سکھ لئے جاتے تھے ۔ گرونانک نے ایشیائی کوچک، ایران اور دوسرے ملکوں میں، جہاں جہاں وہ گئے تھے، بہت سے مرید بنائے تھے ۔ سیوا داس نے اپنے گرنتھ "جنم ساکھی" (1628 عیسوی) میں بہت سی ایسی جگہوں کا ذکر کیا ھے جیسے "پٹھانوں کی کری" جہاں بہت سے مسلمانوں نے سکھ دھرم اپنایا تھا ۔ سکھوں کی اِس فہرست سے جو بھائی گرداس (1559) نے اپنے گیارھویں گیت میں دی ھے اِس میں اور ناموں کے ساتھ ایسے نام بھی لکھتے ھیں جیسے مردانہ جو گرو نانک کے ساتھ رھتا تھا، دولت خاں پٹھان جو بعد میں ایک سکھ سنت ھوا ھے اور گوجر لوہار جو گرو انگد کا چیلا تھا ۔ اُس نے اپنے گاؤں میں سکھ دھرم کی لوگوں کو تعلیم دی تھی ۔ اِن کے علاوہ ھمزہ اور میاں جمال برابر گروگوبند کی خدمت میں حاضر رھتے تھے ۔ تاریخ میں ھم کو مسلمانوں کے بہت سے نام ملتے ھیں جو سکھ دھرم کو سراھتے تھے؛ مثلاً رائے بولا رتل ونڈی کا مسلمان سردار جو گرونانک کے ماں باپ کی نسبت بھی گرونانک کی زیادہ قدر کرتا تھا ۔ اللہ یار اور حسینی شاہ، جنھوں نے گرو امرداس سے روحانی سبق لیا تھا، قریب قریب سکھ ھی سمجھے جا سکتے ھیں ۔ اکبر کی رواداری پر اور ستی کے رواج کے بند کرنے پر بھی گرو امر داس کا اثر تھا ۔ سائیں میاں میر کا گرو ارجن دیو سے اِس قدر گہرا تعلق تھا کہ گرو جی امرتسر کے گردوارے کی نیو رکھنے کے لئے سائیں میاں میر کو لائے تھے ۔ گردوارے کی نیو سائیں میاں میر کے ھاتھوں کی رکھی ھوئی ھے ۔ دارا شکوہ کا سکھوں کی طرف اتنا زیادہ جھکاؤ تھا کہ اِسی وجہ سے اورنگ زیب نے اُن کے ساتھ زیادتیاں کی تھیں ۔ سید بدھو شاہ، ساکن سودھورا، کالے خاں اور سید بیگ گرو گوبند سنگھ کی طرف سے لڑے تھے ۔ اِن کے سوائے اور بہت سے ایسے لوگ بھی تھے جنھوں نے سکھ دھرم قبول کر لیا تھا ۔ اِن میں سے صرف تھوڑے سے نام یہاں دیئے جا سکتے ھیں ۔ مثلاً—

सिख मज़हब का दरमियानी रास्ता

प्रोफ़ेसर तेजासिंह एम० ए०

सिख धर्म उस वक़्त तक सिर्फ़ एक मज़हबी आन्दोलन था जब तक कि दुनियावी ताक़त की हविस का उस पर असर न हुआ था. शुरू के सिख गुरुओं ने जालिम हाकिमों से लड़ाई जरूर लड़ी थी मगर वह किसी लोभ में न आये थे. छटे सिख गुरु ने जितनी लड़ाइयाँ लड़ीं उन सब में फ़तह पाई और दसवें गुरु साहब ने भी ज्यादातर लड़ाइयों में फ़तह पाई थी. मगर उन लड़ाइयों में जीतने पर भी उन्होंने एक इंच जमीन पर भी क़ब्ज़ा नहीं किया. जो कुछ जमीन उनके पास थी उसको उन्होंने या तो नक़द रुपया देकर खरीदा था या उनके चेलों ने उन्हें नजर दी थी.

सिख गुरुओं के पास जब ऐशो आराम के सारे सामान मौजूद थे तब भी उन्होंने अपना रहन सहन सादा ही बनाये रखा. जिन रागियों की साखियाँ ग्रंथ साहब में जमा की गई हैं उन्होंने हमेशा औसत दर्जे के रहन सहन के तरीक़े को ही सराहा है. इसे वे राजयोग कहा करते थे—ऐसा योग जो त्याग और भोग दोनों के बीच का रास्ता है. यह कहना ठीक नहीं है कि पाँचवें या छटे सिख गुरु के जमाने से सिख धर्म का मेआर गिर गया और गुरुओं को सच्चा बादशाह और उनकी गद्दी को तख़्त और सिखों की संगत को दरबार कहा जाने लगा. लेकिन शुरू गुरुओं और खासकर उन रागियों की तहरीरों से जिनकी साखियाँ दूसरे गुरु के वक़्त से ही लिखी जाने लगी थीं यह साफ़ मालूम होता है कि इस तरह के लफ़्ज़ बाद में नहीं चले बल्कि शुरू से ही काम में आते रहे हैं. एशिया में फ़क़ीर महात्माओं का दर्जा बादशाहों से बड़ा माना जाता रहा है और उनकी शान में इसी तरह की पदवियाँ काम में लाई जाती रही हैं.

सिख धर्म में तब्दीली बाद में जरूर हुई लेकिन यह तब्दीली उस वक़्त से ही नजर आती है जब आख़िरी गुरु साहब पंजाब से चले गये थे और दक्खिन में जाकर उन्होंने शरीर त्याग दिया था. गुरु के जिन चुने हुए भक्तों ने गुरु गोबिन्दसिंह से सबक़ पाया था और जिनकी मौजूदगी से आम सिक्खों में सच्चाई की भावना क़ायम रह सकती थी उनको गुरु के शरीर त्यागने के बाद कमजोरों की हिफ़ाज़त करने के लिये अपनी ज़िन्दगी बचाना और ज़ालिमों से लड़ना पड़ गया और उन्हें आम लोगों से दूर चला जाना पड़ा. उस वक़्त आम सिक्खों को या तो अपनी क़िस्मत पर भरोसा करना पड़ा या उन पुराने पेशेवर गुरुओं से सबक़ लेना पड़ा जिन को अब रुपया लेकर अपने पुराने पेशे को

سکھ مذھب کا درمیانی راستہ

پروفیسر تیجا سنگھ. ایم. اے.

سکھ دھرم اُس وقت تک صرف ایک مذھبی آندولن تھا جب تک کہ دنیاوی طاقت کی حرص کا اُس پر اثر نہ ھوا تھا ۔ شروع کے سکھ گرؤں نے ظالم حاکموں سے لڑائی ضرور لڑی تھی مگر وہ کسی لوبھ میں نہ آئے تھے ۔ چھٹے سکھ گرو نے جتنی لڑائیاں لڑیں اُن سب میں فتح پائی، اور دسویں گرو صاحب نے بھی زیادہ تر لڑائیوں میں فتح پائی تھی ۔ مگر اُن لڑائیوں میں جیتنے پر بھی اُنھوں نے ایک انچ زمین پر بھی قبضہ نہیں کیا ۔ جو کچھ زمین اُن کے پاس تھی اُس کو اُنھوں نے یا تو نقد روپیہ دے کر خریدا تھا یا اُن کے چیلوں نے اُنھیں نذر دی تھی ۔

سکھ گرؤں کے پاس جب سب عیش و آرام کے سارے سامان موجود تھے تب بھی اُنھوں نے اپنا رھن-سہن سادہ ھی بنائے رکھا ۔ جن راگیوں کی ساکھیاں گرنتھ صاحب میں جمع کی گئیں ھیں اُنھوں نے ھمیشہ اوسط درجے کے رھن سہن کے طریقے کو ھی سراھا ھے ۔ اِس وے راج یوگ کہا کرتے تھے—ایسا یوگ جو تیاگ اور بھوگ دونوں کے بیچ کا راستہ ھے ۔ یہ کہنا ٹھیک نہیں ھے کہ پانچویں یا چھٹے سکھ گرو کے زمانے سے سکھ دھرم کا معیار گر گیا اور گرؤں کو سچا بادشاہ اور اُن کی گدی کو تخت اور سکھوں کی سنگت کو دربار کہا جانے لگا ۔ لیکن شروع گرؤں اور خاص کر اُن راگیوں کی تحریروں سے جن کی ساکھیاں دوسرے گرو کے وقت سے ھی لکھی جانے لگی تھیں یہ صاف معلوم ھوتا کہ ھے اِس طرح کے لفظ بعد میں نہیں چلے بلکہ شروع سے ھی کام میں آتے رھے ھیں ۔ ایشیا میں فقیر مہاتماؤں کا درجہ بادشاھوں سے بڑا مانا جاتا رھا ھے اور اُن کی شان میں اِسی طرح کی پدویاں کام میں لائی جاتی رھی ھیں ۔

سکھ دھرم میں تبدیلی بعد میں ضرور ھوئی لیکن یہ تبدیلی اُس وقت سے ھی نظر آتی ھیں جب آخری گرو صاحب پنجاب سے چلے گئے تھے اور دکھن میں جاکر اُنھوں نے شریر تیاگ دیا تھا. گرو کے جن چنے ھوئے بھکتوں نے گرو گوبند سنگھ سے سبق پایا اور تھا جن کی موجودگی سے عام سکھوں میں سچائی کی بھاونا قایم رہ سکتی تھی اُن کو گرو کے شریر تیاگنے کے بعد کمزوروں کی حفاظت کرنے کے لئے اپنی زندگی بچانا اور ظالموں سے لڑنا پڑ گیا اور اُنھیں عام لوگوں سے دور چلا جانا پڑا ۔ اُس وقت عام سکھوں کو یا تو اپنی قسمت پر بھروسہ کرنا پڑا یا اُن پرانے پیشہ‌ور گرؤں سے سبق لینا پڑا اور جن کو اب روپیہ لے کر اپنے پرانے پیشے کو

मुसलमानों की दोस्ताना मजहबी बहस बराबर चलती रहती थी.

مسلمانوں کی دوستانہ مذہبی بحث برابر چلتی رہتی تھی۔

---

1. Islamic Culture Vol. 1, No. 2 pp. 190-191.
2. फुतूह अल-बलदान (लेडेन), सफा 446 صفحہ (لیڈن) فتوح البلدان
3. Ibn Batuta (H. A. R. Gibb) p. 295
4. Burton's Pilgrimage to Al-Madinah, Vol. 11, p. 174.
5. AS. Soc. Vols. iii and iv
6. Balazuri, p. 489.
7. The Caliphate its Rise, Decline and Fall, by Sir W. Muir, pp. 354-355.
8. Islamic Culture, Vol. I, No. 2. p. 205
9. 'Ajaib al Hind (ed. P. A. Von Der Lith), p. 155.
10. Abid, p. 481.
11. Voyage du Merchant Sulayman (Paris), p. 119.
12. Ibn Hauqal (de Goeje)' p. 232.
13. Ahsan ut-Taqasim, p. 482.
14. Voyage du Merchant Sulayman (Paris), p. 119.
15. Muruj-uz-Zahab (Paris), Vol I. pp. 253-54.
16. Ajaib al-Hind, pp. 2-3
17. Voyage du Merchand Arb (Frrand), p. 139.
18. Ajaib al-Hind, p. 147.
19. Fihrist pp. 345-349.

पुजारी थे और अनगिनत तादाद में अरब सैयाह, आलिम, तारीखदाँ और जुग़राफ़ियादाँ भारत में आ आकर ज्ञान के इस लामहदूद ख़ज़ाने से दान हासिल करने लगे. हारूँ-अर-रशीद के वज़ीर यहया बरमकी ने एक आलिम को इस बात के लिये मुक़र्रर किया कि वह हिन्दुस्तानमें राइज मुख़तलिफ़ मज़हबों और हिन्दुस्तान की जड़ी बूटियों के बारे में अपनी तफ़सीली रिपोर्ट पेश करे. इब्न-अन-नजीम का कहना है कि उसने बतारीख़ 349 हिजरी की अलकिन्दी के हाथ की लिखी हुई इस रिपोर्ट की एक नक़ल देखी है. इब्न-अन-नजीम के मुताबिक़ इस रिपोर्ट में बल्लभराय की राजधानी महानगर के देव मन्दिरों और मुलतान और भारत के मुख़तलिफ़ मज़हबों और मज़हबी किताबों का भी बयान था. इब्न-अन-नजीम ने पूरी किताब का ख़ुलासा भी दिया है. जिन मज़हबी किताबों का इनमें बयान है उनमें से कुछ ये हैं— महाकालिया, आदित्यभक्तिया, चेन्द्रभक्तिया, वक्रान्तिया (जिसके पैरोकार जंजीर पहनते थे), गङ्गायात्रिया, राज-पुत्रिया और एक और फ़िरक़ा जिसके हामी लम्बे बाल रखते थे, शराब से परहेज करते थे और औरतों की सोहबत से बचते थे."19

हिन्दुस्तान के मग़रिबी साहिल पर जगह जगह हिन्दू मुसलमानों की जिस तरह की मिली जुली आबादियाँ उस वक्त बस गई थीं और जिस तरह दोनों एक दूसरे के मज़हब की कहानी और मज़हबी गहराइयों में दाख़िला पाने की कोशिश कर रहे थे. उनका यह शौक़ आपस के गहरे ताल्लुक़ और मेल जोल से ही पूरी हो सकती थी.

ظاہر ہے کہ سن ستاون میں جو بیڑا اٹھایا گیا وہ تھا سوادھینتا کے لئے ۔ کس کی سوادھینتا ؟ دیش بھر کی— دیش بھر کے گاؤں گاؤں میں رہنے والے ہر بچے کی ۔ انگریزی سرکار اُس میں سب سے بڑی بادھا تھی' اِس لئے اُس کو ہٹانا پہلا ضروری کام سمجھا گیا ۔ اِسی کامنا نے سوراجیہ کا نام لیا ۔ 1857 میں ہماری ویر آتماؤں نے جو بیج بویا' 1947 میں اس میں پھل آیا اور دیش کو سوراجیہ ملا ۔ دیش سوادھین ہوا ۔ لیکن کہنے کی ضرورت نہیں کہ اِس سوادھینتا کا ارتھ کیول یہی ہے کہ شکتی و شاسن کا پارسل لندن سے چھڑا کر دلی لے آیا گیا۔ دیش کا نینترن' سنچالن' سنیوجن آدی سب کچھ دلی سے ہوتا ہے۔ گاؤں وہیں کے وہیں ہیں۔ اِس طرح دیش ضرور سوادھین ہے' پر گاؤں پرادھین ہے ۔ ستاون مائی کی وہی پوجا سارتھک کہی جائیگی جو اِس پرادھینتا کو مٹائے— یعنی شکتی و شاسن کے پارسل کو دلی سے

हमारी राय

ہماری رائے

हिन्दुस्तान की दौलत बढ़ी है !

पिछले पाँच बरसों में पहली पंचसाला योजना के ज़रिये हिन्दुस्तान की आमदनी में कुछ न कुछ इज़ाफ़ा हुआ है माहिरों का ख़याल है कि हर फ़र्द पीछे यह इज़ाफ़ा मुल्क की माली तरक़्क़ी को ज़ाहिर करता है. माहिर जब कोई बात करता है तो मुल्क कैसे उसकी सचाई से इनकार कर सकता है ? आल इन्डिया कांग्रेस कमेटी के जनरल सेक्रेटरी आचार्य अग्रवाल भी इस सचाई से इनकार नहीं करते लेकिन वे कहते हैं कि दौलत के इस इज़ाफ़े से मुल्क के अमीरों की तिजोरियाँ और ज़्यादा भरी हैं. वे बड़े दर्द के साथ कहते हैं कि "अमीर ज़्यादा अमीर होते जा रहे हैं और ग़रीब दिनों दिन ज़्यादा ग़रीब होते जा रहे. अमीरों और ग़रीबों का यह फ़र्क़ दिनों-दिन बढ़ता जा रहा है." अगर इसी रफ़्तार से यह फ़र्क़ बढ़ता गया तो मुल्क में समाजवादी समाज कैसे क़ायम होगा ? एक ओर जबकि उत्पादन बढ़ा है दूसरी ओर लोगों की ख़रीदारी की ताक़त दिनों दिन घटती जा रही है. दूसरी पंचसाला योजना को पूरा करने के लिये और ज़्यादा धन की ज़रूरत है. इस धन का एक बड़ा हिस्सा टैक्सों से ही इकठ्ठा करना पड़ेगा. माहिर कहते हैं कि जनता को ख़ुशहाल बनाने के लिये ये टैक्स ज़रूरी हैं. और जनता इन टैक्सों के बोझ से दिन बदिन ज़िन्दगी के बुनियादी स्तर से भी नीचे गिरती आ रही है.

हमें तसल्ली है कि इस मसले पर वे लोग भी अब संजीदा तौर पर ग़ौर करने लगे हैं जो इस दर्दनाक कैफ़ियत के लिये ज़िम्मेवार हैं.

—वि. ना. पांडे

ہندستان کی دولت بڑھی ہے !

پچھلے پانچ برسوں میں پہلی پنچ‌سالہ یوجنا کے ذریعہ ہندستان کی آمدنی میں کچھ نہ کچھ اضافہ ہوا ہے ۔ ماہروں کا خیال ہے کہ ہر فرد پیچھے یہ اضافہ ملک کی مالی ترقی کو ظاہر کرتا ہے ۔ ماہر ظاہر جب کوئی بات کرتا ہے تو ملک کیسے اس کی سچائی سے انکار کر سکتا ہے ؟ آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے جنرل سیکریٹری آچاریہ اگروال بھی اس سچائی سے انکار نہیں کرتے لیکن وہ کہتے ہیں کہ دولت کے اس اضافے سے ملک کے امیروں کی تجوریاں اور زیادہ بھری ہیں ۔ وہ بڑے درد کے ساتھ کہتے ہیں کہ "امیر زیادہ امیر ہوتے جا رہے ہیں اور غریب دنوں دن زیادہ غریب ہوتے جا رہے ہیں ۔ امیروں اور غریبوں کا یہ فرق دنوں دن بڑھتا جا رہا ہے ۔" اگر اسی رفتار سے یہ فرق بڑھتا گیا تو ملک میں سماج وادی سماج کیسے قایم ہوگا ؟ ایک اور جب کہ اُتپادن بڑھا ہے دوسری اور لوگوں کی خریداری کی طاقت دنوں دن گھٹتی جا رہی ہے ۔ دوسری پنچ‌سالہ یوجنا کو پورا کرنے کے لئے اور زیادہ دھن کی ضرورت ہے ۔ اس دھن کا ایک بڑا حصہ ٹیکسوں سے ہی اکٹھا کرنا پڑیگا ۔ ماہر کہتے ہیں کہ جنتا کو خوشحال بنانے کے لئے یہ ٹیکس ضروری ہیں ۔ اور جنتا ان ٹیکسوں کے بوجھ سے دن بدن زندگی کے بنیادی لیول سے بھی نیچے گرتی جا رہی ہے ۔

ہمیں تسلی ہے کہ اس مسئلے پر وہ لوگ بھی اب سنجیدہ طور پر غور کرنے لگے ہیں جو اس دردناک کیفیت کے لئے ذمہ دار ہیں ۔

—وی. نا. پانڈے

एक टोली होगी. तुम्हें उनका ख्याल होगा ! तुम्हें बेगानों और ओहदोंसे प्यार होगा ! ज़रा सोचो तो सही. समाज के बेशुमार जीव जिनकी माएँ बहिनें तड़प-तड़प कर प्राण दे रही हैं, जिनके बच्चे रोटी के टुकड़ों के न मिलने पर सीधे स्वर्ग चले जाते हैं, तो सोचो ! अगर समाज को उठाने के काम में, उसे चेतनमय कर डालने में अगर कष्ट आ पड़े, जेलों की हवा खानी पड़े, अगर तुम्हें फाँसी का डर भी दिखाया जावे तो इतना याद रक्खो, हमारे समाज के हजारों लाखों को इस नरक से बचाने के काम में अगर तुम सहायक हो सको तो तुम चेतनामय हो, उठ चुके हो।

ऐसी कठिनाई में याद करो राष्ट्रपिता महात्मा गान्धी को, दरिद्र नारायण के उस सच्चे पुजारी को, ग़रीब हिन्दुस्तानियों के उस सच्चे वकील को, अपने आत्म बल से तोपों का मुक़ाबला करने वाले उस फ़क़ीर को. उनका रास्ता तुम्हारा रास्ता रहे, उनका प्रेम भरा दिल तुम्हारा दिल हो तो तुम अजय हो.

आज का समाज जिसमें अभी ,शोषण है, दोहन है, ग़रीबी है, उसमें पिसने वाले, उसको भुगतने वाले बेशुमार साथियो उठो ! इसलिये कि तुम्हारा काम आज उठना है, तुम्हारा काम आज इन्सानियत की स्थापना करना है, पर उसका रास्ता क्या हो ? उसका रास्ता यही है कि समाज को उठने दो. ठेकेदारों को इजारेदारों को, समाज की इजारेदारी से अलग करो, अपने प्रेम और बलिदान के सहारे अलग करो ! क्यों ? इसलिये कि अब तुम भी सोच सकने का माद्दा रखते हो, और पहले भी तुम में माद्दा था, पर उस समय उसपर परदा था !पर्दे हटा दो, लम्बी नींद से जाग उठो, और उठकर एक काम करो ! पैसे कि ग़ुलामी और छीना झपटी से इनसान को मुक्त करो ! शोषण का—मेहनत के शोषण का—रास्ता बन्द करो, विचार की आज़ादी दो ! यही पुन्य काम है ! समाज की कुरूपता को मिटा दो !

उठो, मेहनत का लाभ उसे उठाने दो जिसकी मेहनत है, जिसका जिस्म है, जिसकी मशक़्क़त है !

ایک ٹولی ہوگی۔ تمھیں ان کا خیال ہو گا! تمھیں [illegible] اور عہدوں سے پیار ہوگا! ذرا سوچو تو سہی۔ سماج کے بےشمار جیو جن کی مائیں بہنیں تڑپ تڑپ کر پران دے رہی ہیں جن کے بچے روٹی کے ٹکڑوں کے نہ ملنے پر سیدھے سورگ چلے جاتے ہیں، تو سوچو! اگر سماج کو اٹھانے کے کام میں، اُسے چیتن مے کر ڈالنے میں اگر کشٹ آپڑیں، جیلوں کی ہوا کھانی پڑے، اگر تمھیں پھانسی کا ڈر بھی دکھایا جاوے تو اتنا یاد رکھو، ہمارے سماج کے ہزاروں لاکھوں کو اِس نرک سے بچانے کے کام میں اگر تم سہایک ہو سکو تو تم چیتنا مے ہو، اُٹھ چکے ہو!

ایسی کٹھنائی میں یاد کرو راشٹر پتا مہاتما گاندھی کو، دردنرائن کے اُس سچے پجاری کو، غریب ہندستانیوں کے اُس سچے وکیل کو، اپنے آتم بل سے توپوں کا مقابلہ کرنیوالے اُس فقیر کو۔ ان کا راستہ تمھارا راستہ رہے، اُن کا پریم بھرا دل تمھارا دل ہو تو تم اجئے ہو۔

آج کا سماج جس میں ابھی شوشن ہے، دوھن ہے، غریبی ہے، اُس میں پسنے والے، اُس کو بھگتنے والے بےشمار ساتھیو اُٹھو! اس لئے کہ تمھارا کام آج اٹھنا ہے، تمھارا کام آج انسانیت کی استھاپنا کرنا ہے، پر اُس کا راستہ کیا ہو؟ اُس کا راستہ یہی ہے کہ سماج کو اٹھنے دو۔ ٹھیکیداروں کو، اجارے داروں کو سماج کی اِجاریداری سے الگ کرو، اپنے پریم اور بلیدان کے سہارے الگ کرو! کیوں؟ اس لئے کی اب تم بھی سوچ سکنے کا مادہ رکھتے ہوئے اور پہلے بھی تم میں مادہ تھا، پر اُس سمئے اُس پر پردہ تھا! پردے ہٹا دو، لمبی نیند سے جاگ اُٹھو، اور اُٹھ کر ایک کام کرو! پیسےکی غلامی اور چھینا جھپٹی سے انسان کو مکت کرو۔ شوشن کا — محنت کے شوشن کا — راستہ بند کرو، وچار کی آزادی دو! یہی پن کام ہے! سماج کی کوروپتا کو مٹا دو!

اٹھو! محنت کا لابھ اسے اٹھانے دو جس کی محنت ہے، جس کا جسم ہے، جس کی مشقت ہے!

पर मैं भूल गया, तुम भी तो आज भूखे हो ! बेकार हो, बेकसी के मज़ार पर खड़े हो ! पर भूखे मरना, ग़ुलामी स्वीकार करना, यह भी तो हिंसा है ! चोरी करना, समाज की रोटी छीनना, बहुत बड़ी हिंसा है ! दूसरों की मेहनत पर जीवित रहना, पिस्सू और खटमलों की कोटि में आता है ! पर पिस्सू और खटमल जानवरों की गिनती में हैं और तुम आदमी हो ! विश्वास के साथ उठो, इस जघन्य अपराध को छोड़ दो !

उठो ! जवानो विश्वास करो ! अब इनसान ग़ुलाम नहीं रहनेवाला है, उठो, अब मेहनत करके भी आदमी भूखा नहीं सोने वाला है ! धोखादेही और यह असत्यता का व्यापार अब मरजाने वाला है. यह महाजनी सभ्यता का समाज, दम घोंटू समाज अब मर जानेवाला है ! उठो ! आज इन्सान की आज़ादी की रोटी और मकान की बात पर उठो ! यह माँग अटपटी नहीं, यह माँग ज़ियादा नहीं ! इतना तो सबका हक़ है कि आदमी का बेटा, आदमी की तरह ही रह सके, वह मजबूरियों का मारा जानवरपन को अंगीकार न करले ! जवानो ! तुम्हारी जवानी ज़िन्दाबाद !

उठो ! लेखको ! बहुत लिखा जा चुका है प्रेम और इश्क़ के थोथे क़िस्सों पर, अपनी क़लम को अब मोड़ दो. तुम्हारे सामने ही दम तोड़ते अनाथ बच्चों, माताओं और दुखिया समाज की तरफ़ ! मानता हूँ, इसमें तुम्हें कठिनाई होगी, पर याद करो, टाल्सटाय को, याद करो गोर्की को, और याद करो अभी-अभी ही मरे हमारे साहित्य के देवता प्रेमचन्द को ! प्रेमचन्द ने जो कुछ लिखा, वह बेजोड़ है ! पर प्रेमचन्द आज अमर है, हाँ जासूसी कहानियाँ लिख जानेवालों को ज़माना याद न रख सकेगा ! हिन्दुस्तान के जागीरदारों के द्वारा शोषित किसान आज प्रेमचन्द पर गर्व कर सकता है, विधवाएँ, व बीच के दरजे के पिसे हुए जवान आज भी प्रेमचन्द को याद करके उठ सकते हैं. क्योंकि प्रेमचन्द उन किसानों का था, उन ग़रीबों का था, जिनका कोई न था ! प्रेमचन्द ने आत्मा न बेची, ग़ुलामी को तोड़ फेंका, साहित्य की धारा उसने वहाँ मोड़ दी जहाँ समाज का अकिंचन वर्ग, समाज का सर्वहारा वर्ग, सो रह था ! उठो, लिखना हो तो लिखो उनपर जो सताए हुए हैं, जो घबराए हुए हैं, जो पीड़ित हैं. तुम पीड़ामय हो जाओ, अपनी वाणी और क़लम को उनके ऊपर न्योछावर कर दो ! यही तुम्हारा उठना है !

पर तुम्हारी एक दलील हो सकती है कि यह सब शायद कुछ सरकारी लोगों को पसन्द न होगा, यह सब समाज का वह वर्ग पसन्द न करेगा जोकि आज पढ़ लिख सकता है. और इस जगह आकर मुझे रोना आजाता है. हाँ, तुम्हारे भी माँ होगी, बहिन होगी, पत्नी होगी, फुदकने वाले बच्चों की

پر میں بھول گیا، تم بھی تو آج بھوکے ہو ! بیکار ہو. بیکسی کے مزار پر کھڑے ہو ! پر بھوکے مرنا، غلامی سوئیکار کرنا، یہ بھی تو ہنسا ہے ! چوری کرنا، سماج کی روٹی چھیننا، بہت بڑی ہنسا ہے ! دوسروں کی محنت پر جیوت رہنا، پسو اور کھٹملوں کی کوٹی میں آتا ہے ! پر پسو اور کھٹمل جانوروں کی گنتی میں ہیں اور تم آدمی ہو ! وشواس کے ساتھ اٹھو، اس جگھنیہ اپرادھ کو چھوڑ دو !

اٹھو ! جوانو وشواس کرو ! اب انسان غلام نہیں رہنے والا ہے، اٹھو، اب محنت کر کے بھی آدمی بھوکا نہیں سونے والا ہے ! دھوکادیہی اور یہ استیتا کا بیوپار اب مر جانے والا ہے. یہ مہاجنی سبھیتا کا سماج، دم گھونٹو سماج اب مر جانے والا ہے ! اٹھو ! آج انسان کی آزادی کی روٹی اور مکان کی بات پر اٹھو ! یہ مانگ اٹپٹی نہیں، یہ مانگ زیادہ نہیں ! اتنا تو سب کا حق ہے کہ آدمی کا بیٹا، آدمی کی طرح ہی رہ سکے، وہ مجبوریوں کا مارا جانور پن کو انگیکار نہ کر لے ! جوانو ! تمہاری جوانی زندہ باد !

اٹھو ! لیکھکو ! بہت لکھا جا چکا ہے پریم اور عشق کے تھوتھے قصوں پر، اپنی قلم کو اب موڑ دو. تمہارے سامنے ہی دم توڑتے اناتھ بچوں، ماتاؤں اور دکھیا سماج کی طرف ! مانتا ہوں، اس میں تمہیں کٹھنائی ہوگی. پر یاد کرو، ٹالسٹائے کو، یاد کرو گورکی کو، اور یاد کرو ابھی ابھی ہی مرے ہمارے ساہتیہ کے دیوتا پریم چند کو ! پریم چند نے جو کچھ لکھا، وہ بےجوڑ ہے ! پر پریم چند آج امر ہے، ہاں جاسوسی کہانیاں لکھ جانے والوں کو زمانہ یاد نہ رکھ سکیگا ! ہندستان کے جاگیرداروں کے دوارا شوشت کسان آج پریم چند پر گرو کر سکتا ہے، ودھوائیں، و بیچ کے درجے کے پسے ہوئے جوان آج بھی پریم چند کو یاد کر کے اٹھ سکتے ہیں. کیونکہ پریم چند ان کسانوں کا تھا، ان غریبوں کا تھا، جن کا کوئی نہ تھا ! پریم چند نے آتما نہ بیچی، غلامی کو توڑ پھینکا، ساہتیہ کی دھارا اس نے وہاں موڑ دی جہاں سماج کا آکنچن ورگ، سماج کا سروہارا ورگ سو رہا تھا. اٹھو ! لکھنا ہو تو لکھو ان پر جو ستائے ہوئے ہیں، جو گھبرائے ہوئے ہیں، جو پیڑت ہیں. تم پیڑا مے ہوجاؤ، اپنی وانی اور قلم کو ان کے اوپر نچھاور کر دو ! یہی تمہارا اٹھنا ہے !

پر تمہاری ایک دلیل ہو سکتی ہے کہ یہ سب شاید کچھ سرکاری لوگوں کو پسند نہ ہوگا، یہ سب سماج کا وہ ورگ پسند نہ کریگا جو کہ آج پڑھ لکھ سکتا ہے. اور اس جگہ آکر مجھے رونا آجاتا ہے. ہاں، تمہارے بھی ماں ہوگی، بہن ہوگی، پتنی ہوگی، پھدکنے والے بچوں کی

उठो ! मोटे मोटे गद्दों पर, रुई के बिछोनों पर, पंखों की ठंडी हवा के नीचे, खसकी टट्टियों की महकती हवा के नीचे, कुरसी तोड़ धनकुबेर ! थैलियों के मालिक ! बैंक के रक्षक, उठो ! अनाज का भाव मँहगा करने के लिये नहीं; इसलिये भी नहीं कि सट्टे और फाटके में गरीबों की तक़दीर के साथ खिलवाड़ करो ! इसलिये भी नहीं कि चोर बाज़ारी, और रुपयों का ढेर जमा करो, पर इसलिये उठो कि तुम्हें समाज की अगुआई करनी है, शोषण की, .खून चूसने की कला से आज़ाद होना है और सबको आज़ाद करना है ! इनसान और समाज एक दूसरे के पूरक हैं. इनसान को आज़ादी दो, इनसान को रोटी मिलने दो, उसे रोटी बाँटो मत, वह तो ख़ुद रोटी पैदा करता है. फिर उसे तुम क्या रोटी बाँटोगे ! उसे मकान दो, क्योंकि वह .ख़ुद मकान बनाता है. यह सब होने दो, समाज अपने आप बढ़ेगा. उठो ! इनसान की आज़ादी के नाम पर समाज में फैली हुई इन ख़न्दक़ों और खाइयों को पाट दो ! शोषण के शेष-नागो ! आज फुफकारना बन्द करो, कमज़ोरों को काटना रोक दो ! उठो ! तुम्हारा समाज बदल रहा है, इनसान और आज का धर्म, मज़हब, विश्वास बदल रहा है ! उस बदलते हुए इनसान, विश्वास और समाज सबका साथ दो ! अपनी मानसिक ग़ुलामी के हटाने के लिये दिमाग़ के रोशनदान खोल दो, फिर तुम महसूस करोगे सड़क पर पड़े भूखों की कराहट, खेत में बिलखते पेट की रोटी की माँग ! पर एक को उठाकर दूसरे को न गिराओ—सबका धर्म है उठना ! उठो ! इस विश्वास के साथ उठो कि इनसान को उठना है, इसलिये उठना है कि वह पतन की सीमा लाँघ चुका है, वह आत्महत्या करने पर उतारू है आज ! पर क्या तुम जानते हो कि भेड़ियों को उपदेश देने से .ख़ून की तृप्ति नहीं होती, उन्हें .ख़ून की ही चाह होती है ! तो शर्म करो, तुम इनसान हो, भेड़िये नहीं. अपनी सभ्यता और संस्कृति पर आज बहुत गर्व करते हो, तुम जीव दया धर्म के प्रचारक हो, इस भेड़ियेपन से आज़ाद होओ ! शोषण का जामा उतार फेंको ! उठो ! सबको उठने दो ! उठना सब का अधिकार है.

जवानो उठो ! तुम्हारा यह सबसे बड़ा काम है ! तुम तो सृष्टि के खम्बे हो ! उठो ! हर देश की लाज है तुम पर ! विधवाओं की आहों को सुनकर उठो, बेबसी की मारी माँ की चीख़ सुनकर उठो ! उठो ! इन्सानियत को भी शर्मा देने वाली वेश्या कही जाने वाली माँ बहिनों की लाज की ख़ातिर उठो ! उठो ! शोषण की चक्की के पाटों से पिस रहे समाज को आगे बढ़ाकर शोषण मुक्त कर देने का काम तुम पर है, आओ उठो ! घुटने मत टेको ! ईमान मत बेचो ! आओ, ग़ुलामी को स्वीकार मत करो !

اُٹھو ! موٹے موٹے گدّوں پر، روئی کے بچھونوں پر، پنکھوں کی ٹھنڈی ہوا کے نیچے، خس کی ٹٹیوں کی مہکتی ہوا کے نیچے، کرسی توڑ دھن کوبیر ! تھیلیوں کے مالک ! بینک کے رکشک، اٹھو ! اناج کا بھاؤ مہنگا کرنے کے لئے نہیں ہے، اس لئے بھی نہیں کہ سٹے اور پھاٹکے میں غریبوں کی تقدیر کے ساتھ کھلواڑ کرو ! اس لئے بھی نہیں کہ چور بازاری، اور روپیوں کا ڈھیر جمع کرو، پر اس لئے اٹھو کہ تمہیں سماج کی اگوائی کرنی ہے، شوشن کی، خون چوسنے کی کلا سے آزاد ہونا ہے اور سب کو آزاد کرنا ہے ! انسان اور سماج ایک دوسرے کے پورک ہیں ۔ انسان کو آزادی دو، انسان کو روٹی ملنے دو، اسے روٹی بانٹو مت، وہ تو خود روٹی پیدا کرتا ہے ۔ پھر اسے تم کیا روٹی بانٹو گے ؟ اسے مکان دو، کیونکہ وہ خود مکان بناتا ہے ۔ یہ سب ہونے دو، سماج اپنے آپ بڑھے گا ۔ اٹھو ! انسان کی آزادی کے نام پر سماج میں پھیلی ہوئی ان خندقوں اور کھائیوں کو پاٹ دو ! شوشن کے شیش ناگو ! آج پھپھکارنا بند کرو، کمزوروں کو کاٹنا روک دو ! اٹھو ! تمہارا سماج بدل رہا ہے، انسان اور آج کا دھرم، مذہب، وشواس بدل رہا ہے ! اس بدلتے ہوئے انسان، وشواس اور سماج سب کا ساتھ دو ! اپنی مانسک غلامی کے مٹانے کے لئے دماغ کے روشندان کھول دو، پھر تم محسوس کرو گے سڑک پر پڑے بھوکوں کی کراہٹ، کھیت میں بلکھتے پیٹ کی روٹی کی مانگ ! پر ایک کو اٹھا کر دوسرے کو نہ گراؤ — سب کا دھرم ہے اٹھنا ! اٹھو ! اس وشواس کے ساتھ اٹھو کہ انسان کو اٹھنا ہے، اس لئے اٹھنا ہے کہ وہ پتن کی سیما لانگھ چکا ہے، وہ آتم ہتیا کرنے پر اتارو ہے آج ! پر کیا تم جانتے ہو کہ بھیڑیوں کو اپدیش دینے سے خون کی ترپتی نہیں ہوتی، انہیں خون کی ہی چاہ ہوتی ہے ! تو شرم کرو، تم انسان ہو، بھیڑیئے نہیں، اپنی سبھیتا اور سنسکرتی پر آج بہت گرو کرتے ہو، تم جیو دیا دھرم کے پرچارک ہو، اس بھیڑیئے پن سے آزاد ہوؤ ! شوشن کا جامہ اتار پھینکو ! اٹھو ! سب کو اٹھنے دو ! اٹھنا سب کا ادھیکار ہے ۔

جوانو اٹھو ! تمہارا یہ سب سے بڑا کام ہے ! تم تو سرشٹی کے کھمبے ہو ! اٹھو ! ہر دیش کی لاج ہے تم پر ! ودھواؤں کی آہوں کو سن کر اٹھو، بے بسی کی ماری ماں کی چیخ کو سن کر اٹھو ! اٹھو ! انسانیت کو بھی شرما دینے والی ویشیا کہی جانے والی ماں بہنوں کی لاج کی خاطر اٹھو ! اٹھو ! شوشن کی چکی کے پاٹوں سے پس رہے سماج کو آگے بڑھا کر شوشن مکت کر دینے کا کام تم پر ہے، آؤ اٹھو ! گھٹنے مت ٹیکو ! ایمان مت بیچو ! آؤ، غلامی کو سویکار مت کرو !

अब पठान ने उसे बताया कि मेरी गर्दन पर तलवार का एक हाथ मारो." बनिये ने कहा—"अच्छा", और तलवार झपटो करके उसकी गर्दन पर धीरे से मारी. इस पर बिगड़ कर पठान ने कहा—"भई तुम तो बिल्कुल अनाड़ी मालूम होते हो. क़त्ल करना एक ज़रा सी बात है, वह भी तुम नहीं जानते !"

बनिये ने तलवार फेंक दी और कहा—"भई, मैंने तेरी उँगलियों से ख़ून तो बहा दिया. ख़ून बहने से तेरे बाप की बात पूरी हो गई."

उठो !

एक अहिन्दी भाषी भाई

उठो ! क्यों ? इसलिये कि बहुत सो चुके हो ! पर सोना, और उठना तो नित्य का काम है ! नहीं, मैं तुम्हारी चेतना को जगाना चाहता हूँ, मैं तुम्हें झकझोर देना चाहता हूँ ! क्यों ? तुम जागते हुए भी सो रहे हो ! यह नींद नहीं—तन्द्रा है. यह जब आदमी पर छा जाती है, तो आदमी सो जाता है, और फिर समाज भी सो जाता है.

आज उठने की बेला है, बलिदान की घड़ी है. उठो ! पूजा का सामान बाँध लो ! पर सामान नहीं, बाँधना नहीं, पूजा भी नहीं—यह सब पुराना हो चुका ! आज सामान बांधो नहीं, उसको बिखेर दो ! बाँटने की भी आवश्यकता नहीं, सबको पाने दो ! पूजा की थाली को आज मन्दिर में नहीं वहाँ जाने दो, जहाँ भूख की चटपटाहट है, लाचारगी का मातम है, मौत का तांडव नाच है !

उठो ! पूजा करो इन्सान की, वही देवता है, नरनारायन है, वही राज है, वही बनाने वाला है; मजदूरी के संसार का, मेहनत की दुनिया का, गगन-चुम्बी महलों और अटारियों का, बड़े-बड़े धन के बखारों का !

उठो ! कारख़ाने की चिमनी के धुएँ में दम तोड़कर मर जाने वाले मज़दूर उठो ! जेठ की दुपहरी में पसीने में लथपथ भूखे किसानों उठो ! मेहनत की चट्टान से लड़ने वाले भगवान के प्यारे, उठो ! ओह ! तुम सोए ही कब ! हाँ, तुम सोए नहीं, पर बेबसी से हार खाकर पड़ गये, तुम सोए नहीं, चोटों की मार से घायल हो कर तन्द्रामय हो गये !

اب پٹھان نے اسے بتایا کہ "میری گردن پر تلوار کا ایک ہاتھ مارو۔ بنئے نے کہا—"اچھا" اور تلوار جھپٹی کرکے اسکی گردن پر دھیرے سے ماری۔ اس پر بگڑ کر پٹھان نے کہا—"بھئی تم تو بالکل اناڑی معلوم ہوتے ہو۔ قتل کرنا ایک ذرا سی بات ہے، وہ بھی تم نہیں جانتے !"

بنئے نے تلوار پھینک دی اور کہا—"بھائی، میں نے تیری انگلیوں سے خون تو بہا دیا۔ خون بہنے سے تیرے باپ کی بات پوری ہو گئی۔"

اٹھو !

ایک هندی بهاشی بهائی

اٹھو ! کیوں ؟ اس لئے کہ بہت سو چکے ہو ! پر سونا، اور اٹھنا تو نت کا کام ہے ! نہیں، میں تمہاری چیتنا کو جگانا چاہتا ہوں، میں تمہیں جھکجھور دینا چاہتا ہوں ! کیوں ؟ تم جاگتے ہوئے بھی سو رہے ہو ! یہ نیند نہیں—تندرا ہے۔ یہ جب آدمی پر چھا جاتی ہے، تو آدمی سو جاتا ہے، اور پھر سماج بھی سو جاتا ہے۔

آج اٹھنے کی بیلا ہے، بلیدان کی گھڑی ہے، اٹھو ! پوجا کا سامان باندھ لو ! پر سامان نہیں، باندھنا نہیں، پوجا بھی نہیں—یہ سب پرانا ہو چکا ! آج سمان باندھو نہیں، اسکو بکھیر دو ! بانٹنے کی بھی آوشیکتا نہیں، سب کو پانے دو ! پوجا کی تھالی کو آج مندر میں نہیں، وہاں جانے دو، جہاں بھوک کی چھٹپٹاہٹ ہے لاچارگی کا ماتم ہے، موت کا تانڈو ناچ ہے !

اٹھو ! پوجا کرو انسان کی، وہی دیوتا ہے، نرنرائن ہے، وہی راج ہے، وہی بنانے والا ہے، مزدوروں کے سنسار کا، محنت کی دنیا کے، گگن چمبی محلوں اور اٹاریوں کا، بڑے بڑے دھن کے بکھاروں کا !

اٹھو ! کارخانے کی چمنی کے دھوئیں میں دم توڑ کر مر جانے والے مزدور اٹھو ! جیٹھ کی دوپہری میں پسینے میں لتھ پتھ بھوکے کسان اٹھو ! محنت کی چٹان سے لڑنے والے بھگوان کے پیارے اٹھو ! آوہ ! تم سوئے ہی کب ! ہاں تم سوئے نہیں، پر بے بسی سے ہار کھا کر پڑ گئے، تم سوئے نہیں، چوٹوں کی مار سے گھائل ہوکر تندرا مے ہو گئے !

लिये उनके पास पहुँचा और बोला—"लो, आगे मुझे इस से." सेठ जी ने डर के मारे दोनों हाथों से आँखें मूँद लीं और दुहाई देने लगे.

पठान के समझाने-बुझाने पर जब सेठ जी के होश जरा ठिकाने आये, तो पठान ने उनसे माफ़ी माँगी और कहा—"भाई, तू तो मेरी जान का मालिक है. तू अभी मेरी गर्दन काट ले. इतनी दूर से चलकर जिस काम के लिये तू आया है, वह तू पूरा कर."

अब सेठ जी की समझ में आया कि दर असल मामला उल्टा है. सेठ जी सोच में पड़ गये कि क्या जवाब दें ? अगर इनकार करते हैं, तो .खैर नहीं, और मंजूर करते हैं तो क़त्ल का गुनाह होता है. कहने लगे—"अच्छा भाई, कुछ ठहर कर तुम्हें मारूँगा, क्योंकि मैं नहीं जानता, तुम हो कौन ? तुम्हारे घर पर चलकर पहले तुम्हारे भाई से पूछ लूँ, फिर मारूँगा."

भाई का नाम सुनते ही पठान ने कहा—"उस दुश्मन का मेरे सामने नाम न लो. हाँ, अगर घर पर चलकर मारना चाहते हो, तो चलो, वहीं सही."

दोनों घर आये. सेठ जी ने कहा—"भाई, मैं तुझे तब मारूँगा जब कि तू अपने भाई से मेल कर ले, वर्ना सब यही कहेंगे कि मैंने तुझे तेरे भाई के झगड़े के सबब मार डाला.' तेरे भाई से भी लोग यही कहेंगे कि आपसी झगड़े के सबब अपने मुँह बोले धर्म भाई को बुलवाकर उससे सगे भाई को मरवा डाला. जो तू मेरी बात नहीं माने तो फिर तू ही मुझे मार डाल."

हारकर पठान अपने भाई से जाकर मिला. दोनों में सुलह हो गई. आखिर में छोटे भाई ने सेठ से कहा कि "अब तू मुझे मार डाल, ताकि मेरे बाप की बात भी पूरी हो जाय." पर सेठ ने पहले दिन तो यह बहाना बताया कि आज सुलह का दिन है, इसलिये मरना-मारना ठीक नहीं. दूसरे दिन सेठ जी ने कहा—"भाई, मैंने तुझे माफ़ किया. अब तू भी मेरी जान बख्श."

छोटे भाई ने कहा—"यह नहीं हो सकता. तुम मेरी जान बख्श कर मुझे नालायक़ बेटा कहलवाओगे ? यह किसे नहीं मालूम कि तुम्हारे आते ही मैं तुम्हें मारने को दौड़ा था ? यह हो नहीं सकता कि तुम मेरा .खून न करो. मैं अपने बाप की बात को किसी तरह टालने न दूँगा."

वह किसी तरह भी न माना और खंजर बनिये के हाथ में देकर, गर्दन झुकाकर आगे बढ़ा. बनिये ने उसकी उँगली में खंजर की नोक लगाई. वह बिगड़कर बोला—"यह तुम क्या कर रहे हो ?" बनिये ने हँसकर कहा—तुम्हें क़त्ल करता हूँ." उसने कहा—"तुम भी बड़े अजीब आदमी हो." इस पर बनिया बोला—फिर मुझे बताओ, मैं तो यह सब क़त्ल-वत्ल के झगड़े जानता नहीं."

لئے ان کے پاس پہنچا اور بولا—"لو' مارو مجھے اس سے." سیٹھ جی نے ڈر کے مارے دونوں ہاتھوں سے آنکھیں موند لیں اور دہائی دینے لگے۔

پٹھان کے سمجھانے-بجھانے پر جب سیٹھ جی کے ہوش ذرا ٹھکانے آئے' تو پٹھان نے ان سے معافی مانگی اور کہا—"بھائی' تو تو میری جان کا مالک ہے۔ تو ابھی میری گردن کاٹ لے۔ اتنی دور سے چل کر جس کام کے لیئے تو آیا ہے' وہ تو پورا کر۔"

اب سیٹھ جی کی سمجھ میں آیا کہ دراصل معاملہ الٹا ہے۔ سیٹھ جی سوچ میں پڑ گئے کہ کیا جواب دیں ؟ اگر انکار کرتے ہیں' تو خیر نہیں' اور منظور کرتے ہیں' تو قتل کا گناہ ہوتا ہے۔ کہنے لگے—"اچھا بھائی' کچھ ٹھہر کر تمہیں مارونگا' کیونکہ میں نہیں جانتا' تم ہو کون ؟ تمہارے گھر پر چل کر پہلے تمہارے بھائی سے پوچھ لوں' پھر مارونگا۔"

بھائی کا نام سنتے ہی پٹھان نے کہا—"اس دشمن کا میرے سامنے نام نہ لو۔ ہاں' اگر گھر پر چل کر مارنا چاہتے ہو' تو چلو' وہیں سہی۔"

دونوں گھر آئے۔ سیٹھ جی نے کہا—"بھائی' میں تجھے تب مارونگا جب کہ تو اپنے بھائی سے میل کر لے' ورنہ سب یہی کہینگے کہ میں نے تجھے تیرے بھائی کے جھگڑے کے سبب مار ڈالا۔ تیرے بھائی سے بھی لوگ یہی کہینگے کہ آپسی جھگڑے کے سبب اپنے منہ-بولے دھرم-بھائی کو بلوا کر اس سے سگے بھائی کو مروا ڈالا۔ جو تو میری بات نہیں مانے تو پھر تو ہی مجھے مار ڈال۔"

ہار کر پٹھان اپنے بھائی سے جا کر ملا۔ دونوں میں صلح ہو گئی۔ آخر میں چھوٹے بھائی نے سیٹھ سے کہا کہ اب تو مجھے مار ڈال' تاکہ میرے باپ کی بات بھی پوری ہو جائے۔" پر سیٹھ نے پہلے دن تو یہ بہانہ بتایا کہ آج صلح کا دن ہے' اس لئے مرنا مارنا ٹھیک نہیں۔ دوسرے دن سیٹھ جی نے کہا—"بھائی' میں نے تجھے معاف کیا۔ اب تو بھی میری جان بخش۔"

چھوٹے بھائی نے کہا—"یہ نہیں ہو سکتا۔ تم میری جان بخش کر مجھے نالائق بیٹا کہلواؤگے ؟ یہ کسے نہیں معلوم کہ تمہارے آتے ہی میں تمہیں مارنے کو دوڑا تھا ؟ یہ ہو نہیں سکتا کہ تم میرا خون نہ کرو۔ میں اپنے باپ کی بات کو کسی طرح ٹالنے نہ دونگا۔"

وہ کسی طرح بھی نہیں مانا اور خنجر بنیے کے ہاتھ میں دے کر' گردن جھکا کر آگے بڑھا۔ بنیے نے اس کی انگلی میں خنجر کی نوک لگائی۔ وہ بگڑ کر بولا—"یہ تم کیا کر رہے ہو ؟" بنیے نے ہنس کر کہا—"نہیں قتل کرتا ہوں۔" اس نے کہا—"تم بھی بڑے عجیب آدمی ہو۔" اس پر بنیا بولا—"پھر مجھے بتاؤ' میں تو یہ سب قتل-وتل کے جھگڑے جانتا نہیں۔"

पठान बोला—"भाई, और तो कोई बात नहीं, सिवाय इसके कि तुम्हें उसके हमले का ख़तरा है."

सेठ जी ने कहा—"हाँ, और कोई बात नहीं."

पठान बोला—"फिर तुम बेधड़क मेरे साथ चलो. किसी बात की फ़िक्र मत करो. ज़रा भी न घबराओ, वह अगर मेरा एक मेहमान मार डाले तो मैं उसके दो मेहमान मार डालूँगा. तुम चलो, देखें अगर वह तुम्हारा बाल भी बीका करे."

उसने सेठ जी को लाख समझाया कि उन्हें अपने बारे में डरने की क़तई ज़रूरत नहीं, पर उनकी समझ में कुछ नहीं आया. पठान ने उनकी बड़ी मिन्नत .ख़ुशामद की, मगर सब बेकार. सेठ जी वहाँ से दूर जाकर ऐसी जगह ठहरे कि उसके ज़ालिम भाई को उसका पता न चले. लोटा, डोर और चादर भी गँवाई, पर जान बची लाखों पाये.

पठान के छोटे भाई ने लोटा-डोर के साथ एक चादर भी पाई, जिसमें एक गाँठ लगी थी. उसने उसे खोला, तो उसमें से उसके बाप का ख़त निकला, जिसमें सेठ जी को लिखा था कि आप आकर मेरे छोटे लड़के को मार अपने भाई के .ख़ून का बदला लें. था वह सपूत. ख़त पढ़कर बहुत सोच विचार में पड़ गया. आख़िर तै किया कि वह अपने बाप की बात पूरी करके ही दम लेगा. उसने सोचा, सेठ दर असल मुझे मार ही डालने को आया था. लेकिन वह तो मेरे बाप का बुलाया हुआ आया था और मैंने उल्टा उसे ही मार डाला होता ! बड़ा ग़ज़ब होता. .ख़ैर, अब भी कुछ नहीं बिगड़ा है. सेठ जी को तलाश कर फ़ौरन उनके हाथों क़त्ल हो जाना चाहिये. वह तो बदला लेने आवें और मैं जान चुराऊँ, यह पठान के लड़के को शोभा नहीं देता.

पठान सेठ जी का पता लगाने में रात भर हैरान होता रहा. सुबह होते-होते वह ठीक जगह पर पहुँच गया. सेठ जी उस वक़्त जंगल गये थे. वह भी उधर ही गया. सेठ जी उधर से लौट ही रहे थे कि सामने पठान का भाई आता हुआ दिखाई दिया. उसे देखते ही सेठ जी सरपट भागे तो वह भी उनके पीछे ख़ंजर हाथ में लिये यह कहता हुआ भागा कि "प्यारे भाई, तुझे क़सम है, भाग मत, मुझे मार डाल और मेरे बाप की बात पूरी कर." मगर जनाब, वहाँ होश किसे, कौन सुने और कौन समझे ? पठान हाथ में ख़ंजर लिये चीख़ता ही रहा. उसने सोचा, वे निकल न जायें, वर्ना उसके बाप की बात अधूरी रह जायगी. वह और तेज़ी से उनके पीछे भागने लगा. न वह खाई देखता और न ख़न्दक़. भागते-भागते सेठ जी के पैर थक गये थे और साँस फूल रही थी. आख़िर बेचारे गिर ही तो पड़े. उनके गिरते ही पठान ख़ंजर हाथ में

پٹھان بولا—"بھائی، اور تو کوئی بات نہیں، سوائے اس کے کہ تمہیں اس کے حملے کا خطرہ ہے۔"

سیٹھ جی نے کہا—"ہاں، اور کوئی بات نہیں۔"

پٹھان بولا—"پھر تم بےدھڑک میرے ساتھ چلو۔ کسی بات کی فکر مت کرو۔ ذرا بھی نہ گھبراؤ، وہ اگر میرا ایک مہمان مار ڈالے تو میں اس کے دو مہمان مار ڈالونگا۔ تم چلو، دیکھیں اگر وہ تمہارا بال بھی بیکا کرے۔"

اس نے سیٹھ جی کو لاکھ سمجھایا کہ انہیں اپنے بارے میں ڈرنے کی قطعی ضرورت نہیں، پر ان کی سمجھ میں کچھ نہیں آیا۔ پٹھان نے ان کی بڑی منت خوشامد کی، مگر سب بیکار۔ سیٹھ جی وہاں سے دور جاکر ایسی جگہ ٹھہرے کہ اس کے ظالم بھائی کو اس کا پتہ نہ چلے۔ لوٹا ڈور اور چادر بھی گنوائی، پر جان بچی لاکھوں پائے۔

پٹھان کے چھوٹے بھائی نے لوٹا ڈور کے ساتھ ایک چادر بھی پائی، جس میں ایک گانٹھ لگی تھی۔ اس نے اسے کھولا، تو اس میں سے اس کے باپ کا خط نکلا، جس میں سیٹھ جی کو لکھا تھا کہ آپ آکر میرے چھوٹے لڑکے کو مار اپنے بھائی کے خون کا بدلہ لیں۔ تھا وہ سپوت۔ خط پڑھ کر بہت سوچ وچار میں پڑ گیا۔ آخر طے کیا کہ وہ اپنے باپ کی بات پوری کر کے ہی دم لے گا۔ اس نے سوچا، سیٹھ دراصل مجھے مار ہی ڈالنے کو آیا تھا۔ لیکن وہ تو میرے باپ کا بلایا ہوا آیا تھا، اور میں نے الٹا اسے ہی مار ڈالا ہوتا! بڑا غضب ہوتا۔ خیر، اب بھی کچھ نہیں بگڑا ہے۔ سیٹھ جی کو تلاش کر فوراً ان کے ہاتھوں قتل ہو جانا چاہئے۔ وہ تو بدلہ لینے آویں اور میں جان چراؤں، یہ پٹھان کے لڑکے کو شوبھا نہیں دیتا۔

پٹھان سیٹھ جی کا پتہ لگانے میں رات بھر حیران ہوتا رہا۔ صبح ہوتے ہوتے وہ ٹھیک جگہ پر پہنچ گیا۔ سیٹھ جی اس وقت جنگل گئے تھے۔ وہ بھی ادھر ہی گیا۔ سیٹھ جی ادھر سے لوٹ ہی رہے تھے کہ سامنے پٹھان کا بھائی آتا ہوا دکھائی دیا۔ اسے دیکھتے ہی سیٹھ جی سرپٹ بھاگے تو وہ بھی ان کے پیچھے خنجر ہاتھ میں لئے یہ کہتا ہوا بھاگا کہ "پیارے بھائی، تجھے قسم ہے، بھاگ مت، مجھے مار ڈال اور میرے باپ کی بات پوری کر۔" مگر جناب، وہاں ہوش کسے، کون سنے اور کون سمجھے؟ پٹھان ہاتھ میں خنجر لئے چیختا ہی رہا۔ اس نے سوچا، وے نکل نہ جائیں، ورنہ اس کے باپ کی بات ادھوری رہ جائیگی۔ وہ اور تیزی سے ان کے پیچھے بھاگنے لگا۔ نہ وہ کھائی دیکھتا اور نہ خندق۔ بھاگتے بھاگتے سیٹھ جی کے پیر تھک گئے تھے اور سانس پھول رہی تھی۔ آخر بیچارے گر ہی تو پڑے۔ ان کے گرتے ہی پٹھان خنجر ہاتھ میں

इधर बदकिस्मती से सेठजी पर उनके गाँव में आफ़त आई. हाफ़िज़ रहमत खाँ बड़ा अच्छा हाकिम था. रिआया उससे निहायत खुश थी. मजाल नहीं जो रिआया पर कोई जुल्म हो. पर नवाबी जो हुई तो सरकारी अफ़सरों ने चुन-चुनकर रुपये वाले सेठ-साहूकारों को डरा-धमका कर रुपया ऐंठना शुरू किया और उन्हें इतना परेशान किया कि वे देश छोड़-छोड़कर पठानों की हकूमत में बसने लगे. मगर पठानों के पास अब रह ही क्या गया था ? सेठजी ने सोचा —चलो, अब उस शहर में चलकर रहें जहाँ हमारा धर्म-भाई पठान रहता है. चादर और लोटा-डोर कंधे पर रखकर सेठजी चल खड़े हुए. पठान का नाम तो मालूम था ही, पता मालूम न था, सो सोचा, किसी से पूछकर मालूम कर लेंगे.

बाज़ार में जा ही रहे थे कि अचानक वह पठान धर्म-भाई मिल गया. दोनों बड़े प्रेम से मिले, पठान बोला—"चलो हमारे घर चल कर ठहरो." उन्होंने कहा—"तुम को बेकार तकलीफ़ होगी !" पर पठान न माना और ले आकर अपने घर में टिकाया और ख़ुद उनके खाने-पीने का सामान लेने चला गया.

सेठ जी तो लम्बी सफ़र के मारे थक गये थे और दूसरे ठहरे बिल्कुल कमज़ोर. सामने आँगन में कुँआ जो दिखाई पड़ा तो सोचा—चलो हाथ-मुँह धो लें. बस लोटा-डोर लेकर चल पड़े उधर ही. उनकी समझ में न आया कि बीच आँगन में यह रस्सी कैसे तनी है. कुँए पर पहुँचे और लगे पानी निकाल कर हाथ-मुँह धोने.

पठान का भाई छत पर बैठा था. उसने आव देखा न ताव, खंजर लेकर नीचे उतरा और सेठ जी पर झपटा. सेठ जी ने देखा कि एक खूनी आदमी एक खंजर हाथ में लिये उन्हें मारने आ रहा है, तो लोटा डोर वहीं छोड़ सर पर पैर रखकर भागे. पठान भी बड़ी तेज़ी से दौड़ा उनके पीछे पर वे साफ़ निकल गये. बदहवास वे भागे जा रहे थे कि सामने से पठान का बड़ा भाई—उनका दोस्त—आता हुआ मिल गया. वह उनके लिये खाने-पीने का सामान लेकर लौट रहा था. सेठ जी को इस बुरी तरह भागते और परेशान देखा तो बोला—"अरे भाई, कहाँ भागे जा रहे हो आख़िर ? ख़ैर तो है ? माजरा क्या है ?"

"ख़ैर ? कैसी ख़ैर ? यहाँ तो जान पर बन आई है"—सेठ जी बोले. उन्होंने सारी घटना कह सुनाई और भागने पर उतर आए.

पठान ने कहा—अरे, तुम उधर गये ही क्यों ? तुम्हें रस्सी नहीं लांघनी चाहिये थी."

सेठ जी ने कहा—"जो कुछ हुआ, सो हुआ, मगर अब मैं वहाँ नहीं आने का."

اِدھر بدقسمتی سے سیٹھ جی پر ان کے گاؤں میں آفت آئی ۔ حافظ رحمت خاں بڑا اچھا حاکم تھا ۔ رعایا اس سے نہایت خوش تھی ۔ مجال نہیں جو رعایا پر کوئی بھی ظلم ہو ۔ پر نوابی جو ہوئی تو سرکاری افسروں نے چن چن کر روپئے والے سیٹھ ساہوکاروں کو ڈرا دھمکا کر روپیہ اینٹھنا شروع کیا اور اُنہیں اِتنا پریشان کیا کہ وے دیش چھوڑ چھوڑ کر پٹھانوں کی حکومت میں بسنے لگے ۔ مگر پٹھانوں کے پاس اب رہ ہی کیا گیا تھا ؟ سیٹھ جی نے سوچا—چلو، اب اس شہر میں چل کر رہیں جہاں ہمارا دھرم بھائی پٹھان رہتا ہے ۔ چادر اور لوٹا ڈور کندھے پر رکھ کر سیٹھ جی چل کھڑے ہوئے ۔ پٹھان کا نام تو معلوم تھا ہی، پتہ معلوم نہ تھا، سو سوچا، کسی سے پوچھ کر معلوم کرلینگے ۔

بازار میں جا ہی رہے تھے کہ اچانک وہ پٹھان دھرم بھائی مل گیا ۔ دونوں بڑے پریم سے ملے ۔ پٹھان بولا—"چلو، ہمارے گھر چل کر ٹھہرو ۔" انہوں نے کہا—"تم کو بیکار تکلیف ہوگی !" پر پٹھان نہ مانا اور سیٹھ جی کو لے جاکر اپنے گھر میں ٹکایا اور خود اُن کے کھانے پینے کا سامان لینے چلا گیا ۔

سیٹھ جی ایک تو لمبے سفر کے مارے تھک گئے تھے اور دوسرے ٹھہرے بالکل کمزور ۔ سامنے آنگن میں کنواں جو دکھائی پڑا تو سوچا—چلو، ہاتھ منہ دھو لیں ۔ بس، لوٹا ڈور لے کر چل پڑے اُدھر ہی ۔ اُن کی سمجھ میں نہ آیا کہ بیچ آنگن میں یہ رسی کیسی تنی ہے ۔ رسی باندھ کر وے کنوئیں پر پہنچے اور لگے پانی نکال کر ہاتھ منہ دھونے ۔

پٹھان کا بھائی سامنے چھت پر بیٹھا تھا ۔ اُس نے آؤ دیکھا نہ تاؤ، خنجر لے کر نیچے اترا اور سیٹھ جی پر جھپٹا ۔ سیٹھ جی نے دیکھا کہ ایک خونی آدمی ایک خنجر ہاتھ میں لئے انہیں مارنے آ رہا ہے، تو لوٹا ڈور وہیں چھوڑ سر پر پیر رکھ کر بھاگے ۔ پٹھان بھی بڑی تیزی سے دوڑا ان کے پیچھے، پر وے صاف نکل گئے ۔ بدحواس وے بھاگے جا رہے تھے کہ سامنے پٹھان کا بڑا بھائی—اُن کا دوست—آتا ہوا مل گیا ۔ وہ ان کے لئے کھانے پینے کا سامان لیکر لوٹ رہا تھا ۔ سیٹھ جی کو اِس بری طرح بھاگتے اور پریشان دیکھا، تو بولا—"ارے بھائی کہاں بھاگے جا رہے ہو آخر ؟ خیر تو ہے ؟ ماجرا کیا ہے ؟"

"خیر ؟ کیسی خیر ؟ یہاں تو جان پر بن آئی ہے"—سیٹھ جی بولے ۔ اُنہوں نے ساری گھٹنا کہہ سنائی اور بھاگنے پر اُتر آئے ۔

پٹھان نے کہا—"ارے، تم ادھر گئے ہی کیوں ؟ تمہیں رسی نہیں لانگھنی چاہئے تھی ۔"

سیٹھ جی نے کہا—"جو کچھ ہوا، سو ہوا، مگر اب میں وہاں نہیں جانے کا ۔"

नहीं." उसी रात पठान ने जाकर चुपचाप बनिये के भाई को मार डाला. लौटकर पठान ने सेठजी को यह ख़ुशख़बरी सुनाई, फिर कहा—"अब उन क़र्ज़दारों का भी नाम बताओ, जिन्होंने उसके बरग़लाने से तुम्हारा रुपया मार लिया है."

"हाय भाई! हाय" …… कहते हुए बनिया पछाड़ खाकर गिरा और गिड़गिड़ा कर बोला "यह तुमने क्या किया?" पठान घबराया कि माजरा क्या है? उसने कहा—"भाई बात क्या है? मैंने अगर तुम्हारे भाई को मारकर बुरा किया, तो तुम मेरे भाई को मार डालो. चलो, क़िस्सा ख़त्म. अब रोने-धोने से क्या हासिल? यह कहकर उसने सेठजी का हाथ पकड़ा और कहा कि "चलो मेरे घर अपने भाई के ख़ून का बदला लेने."

सेठजी ने सोचा, ग़नीमत यही है कि इसको रुख़सत किया जाय. उन्होंने उसे कुछ रुपया नक़द देकर रुख़सत किया और सोचा कि चलो, आफ़त कटी, पठान ने चलते-चलते कहा कि, "मैं अपने बाप और भाई से मिलकर बदला लेने के लिये तुमको ख़बर दूँगा."

पठान को घर छोड़े साल भर हो गया था. इसलिये उसके बाप ने समझा कि शायद मर-खप गया होगा. उसे फिर घर लौटा देखकर बुड्ढे को ख़ुशी हुई. पठान ने बनिये के यहाँ का सारा क़िस्सा अपने बाप से कह सुनाया. उसके बाप ने कहा—"पठान की बात नहीं जाना चाहिये." और दोनों बदले के लिये राज़ी हो गये. ख़ुद उसके भाई ने कहा कि मुझे ख़ुशी से जान देना मंजूर है सेठजी आकर ख़ुशी से अपने भाई के बदले में मुझे मार डालें."

पठान के बाप ने एक चिट्ठी सेठजी को आकर बदला लेने के लिये लिखा. उसमें अपने लड़के के साथ की गई उसकी मेहरबानी का शुक्रिया अदा किया और लिखा कि दूसरा बेटा हाज़िर है, जब ख़ुशी हो, आकर उसे अपने भाई के ख़ून के बदले में मार डालो.

बाप-बेटों ने महीनों इन्तज़ार किया, मगर न तो सेठजी आए और न उनका कोई जवाब ही आया, महीनों तक उन्होंने अपने कई काम रोक रखे और यह मान लिया कि छोटा बेटा अब मरने वाला है, लेकिन सेठजी की कुछ ख़बर न आई. आख़िर में सब नाउम्मीद हो गये.

थोड़े दिनों में पठान भाइयों का बाप मर गया. जायदाद की बाट पर दोनों भाइयों में बड़ा झगड़ा हुआ. घर का भी बँटवारा हो गया. आधा छोटे भाई को मिला और आधा बड़े को. बीच आँगन में चारपाई की अदवान खोलकर इस सिरे से उस सिरे तक ज़मीन पर खूँटी गाड़ कर बाँध दी गई. यही घर के दो भागों की हद बनी थी. 'अगर एक दूसरे की सरहद में क़दम रखते, तो बस जंग!

نہیں ." اُسی رات پٹھان نے جاکر چپ چاپ بنیے کے بھائی کو مار ڈالا . لوٹ کر پٹھان نے سیٹھ جی کو یہ خوشخبری سنائی' پھر کہا—"اب اُن قرضداروں کا بھی نام بتاؤ جنہوں نے اس کے ورغلانے سے تمہارا روپیہ مار لیا ہے ."

"ہائے بھائی ! ہائے"……کہتے ہوئے بنیا پچھاڑ کھا کر گرا اور گڑگڑا کر بولا کہ "یہ تم نے کیا کیا ؟ پٹھان گھبرایا کہ ماجرا کیا ہے ؟ اس نے کہا—"بھئی' بات کیا ہے؟ میں نے اگر تمہارے بھائی کو مار کر برا کیا' تو تم میرے بھائی کو مار ڈالو . چلو' قصہ ختم . اب رونے دھونے سے کیا حاصل ؟" یہ کہہ کر اس نے سیٹھ جی کا ہاتھ پکڑا اور کہا کہ "چلو میرے گھر اپنے بھائی کے خون کا بدلا لینے ."

سیٹھ جی نے سوچا' غنیمت یہی ہے کہ اُس کو رخصت کیا جائے . انہوں نے اُسے کچھ روپیہ نقد دے کر رخصت کیا اور سوچا کہ چلو' آفت ٹلی . پٹھان نے چلتے چلتے کہا کہ "میں اپنے باپ اور بھائی سے ملکر بدلا لینے کے لئے تم کو خبر دونگا ."

پٹھان کو گھر چھوڑے سال بھر ہو گیا تھا . اِس لئے اس کے باپ نے سمجھا کہ شاید مر کھپ گیا ہوگا . اُسے پھر گھر لوٹا دیکھ کر بڈھے کو خوشی ہوئی . پٹھان نے بنیئے کے یہاں کا سارا قصہ اپنے باپ سے کہہ سنایا . اس کے باپ نے کہا—"پٹھان کی بات نہیں جانی چاہیئے ." اور دونوں بدلے کے لئے راضی ہو گئے . خود اُس کے بھائی نے کہا کہ "مجھے خوشی سے جان دینا منظور ہے . سیٹھ جی آکر خوشی سے اپنے بھائی کے بدلے میں مجھے مار ڈالیں ."

پٹھان کے باپ نے ایک چٹھی سیٹھ جی کو آکر بدلہ لینے کے لئے لکھا . اس میں اپنے لڑکے کے ساتھ کی گئی اس کی مہربانی کا شکریہ ادا کیا اور لکھا کہ دوسرا بیٹا حاضر ہے' جب خوشی ہو' آکر اسے اپنے بھائی کے خون کے بدلے میں مار ڈالو .

باپ بیٹوں نے مہینوں انتظار کیا' مگر نہ تو سیٹھ جی آئے اور نہ ان کا کوئی جواب ہی آیا . مہینوں تک انہوں نے اپنے کئی کام روک رکھے اور یہ مان لیا کہ چھوٹا بیٹا اب مرنے والا ہے لیکن سیٹھ جی کی کچھ خبر نہ آئی . آخر کو سب ناامید ہو گئے .

تھوڑے دن میں پٹھان بھائیوں کا باپ مر گیا . جائیداد کی بانٹ پر دونوں بھائیوں میں بڑا جھگڑا ہوا . گھر کا بھی بٹوارا ہو گیا . آدھا چھوٹے بھائی کو ملا اور آدھا بڑے کو . بیچ آنگن میں چارپائی کی ادوائن کھول کر اِس سرے سے اُس سرے تک زمین پر کھونٹی گاڑ کر باندھ دی گئی . یہی گھر کے دو بھاگوں کی حد بنی تھی . "اگر ایک دوسرے کی سرحد میں قدم رکھ دے' تو بس جنگ !

खात्मा हो जाये कि उधर से एक बनिया आ निकला. बनिया टट्टू पर कहीं से अनाज बेचकर आ रहा था. उसने दूर से देखा और क़रीब आते हुए डरा; मगर आखिरकार आया, तो गीदड़ ज़रा हट गये. उसने देखा कि ख़ाँ साहब के पैर गीदड़ों ने नोच डाले हैं. ख़ाँ साहब ने बनिये से कहा—"भाई या तो तुम मुझे मार डालो, नहीं तो इन गीदड़ों से बचाओ." पहले तो वह बहुत डरा, मगर फिर उससे न रहा गया. उसने पठान को अपने टट्टू पर अनाज की बोरियों में छिपाकर लाद लिया, ताकि कोई देख न सके. सोचा, कहीं लेजाकर छोड़ दूँगा, मगर यह डर था कि कहीं कोई देख न ले, क्योंकि नवाब और अंग्रेज़ों के आदमी रुहेलों और उनके साथियों का बराबर पीछा कर रहे थे. जंगल में छोड़ने से ख़ाँ साहब की जान का ख़तरा था और बस्ती में ले जाने ने ख़ुद उसको मुश्किल में फँस जाने का ख़तरा था. आदमी वह रहमदिल था. सोचा घर ही ले चलो. और छिपाकर ख़ाँ साहब को अपने घर ले आया.

बनिये की बीबी ख़ाँ साहब को देखकर घबराई कि यह क्या नई आफ़त घर ले आये. लेकिन बनिये ने कहा कि इसकी सेवा करो और इसे छिपाकर रखो. पठान को घर के अन्दर एक कोठरी में छिपाकर रखा और चुपके से उसकी मरहम पट्टी और इलाज कराया गया. महीनों में जाकर कहीं पठान अच्छा हुआ. पठान ने जब चलने की बात कही, तो बनिये ने कहा, "अभी तुम कमज़ोर हो, ज़रा दूध-घी खाकर मोटे-ताज़े हो लो, तब जाना." पठान मान गया और वहीं रहकर ख़ूब दूध-घी खाने लगा.

(2)

पठान को इस बात का बड़ा ख़याल था कि बनिये ने उसकी जान बचाई है. उसने बनिये को अपना धर्म-भाई बना लिया. वह दिन-रात इसी सोच में रहता कि बनिये की भलमनसाहत का क्या बदला चुकाऊँ? उसके क़र्ज़ से कैसे छुटकारा पाऊँ? पठान अच्छा हो चुका था और जाने ही वाला था कि एक अजीब मामला पेश हुआ. बनिये का एक भाई था, जिससे उसकी लड़ाई थी, इसलिये कि वे एक दूसरे का ग्राहक तोड़ते और बिगाड़ते रहते थे. एक रोज़ बनिया बड़ा उदास था. उसे उदास देखकर पठान ने पूछा—"सेठजी, मामला क्या है? आप ग़मगीन क्यों हैं?" उसने बताया कि "मेरे अपने भाई से दुश्मनी है. उसने जीना मुश्किल कर रखा है. सारे क़र्ज़दारों को बरग़ला दिया है कि बक़ीया क़र्ज़ मत अदा करो. मेरे ख़िलाफ़ उसने पार्टी बना ली है. कई बरसों से तंग तो करता ही था, पर अब तो मुझे बिल्कुल तबाह करने पर तुला है और समझ में नहीं आता कि अभी क्या-क्या करेगा?" पठान ने बनिये को दिलासा दिया और कहा, "घबराओ

خاتمہ ہو جائے کہ اُدھر سے ایک بنیا نکلا ۔ بنیا ٹٹو پر کہیں سے اناج بیچ کر آرہا تھا ۔ اُس نے دور سے دیکھا اور قریب آتے ہوئے ڈرا؛ مگر آخرکار آیا، تو گیدڑ ذرا ہٹ گئے ۔ اُس نے دیکھا کہ خاں صاحب کے پیر گیدڑوں نے نوچ ڈالے ہیں ۔ خاں صاحب نے بنیے سے کہا—"بھائی یا تو تم مجھے مار ڈالو، نہیں تو اِن گیدڑوں سے بچاؤ ۔" پہلے تو وہ بہت ڈرا، مگر پھر اُس سے نہ رہا گیا ۔ اُس نے پٹھان کو اپنے ٹٹو پر اناج کی بوریوں میں چھپا کر لاد لیا، تاکہ کوئی دیکھ نہ سکے ۔ سوچا، کہیں لے جاکر چھوڑ دونگا، مگر یہ بھی ڈر تھا کہ کہیں کوئی دیکھ نہ لے، کیونکہ نواب اور انگریزوں کے آدمی روہیلوں اور اُن کے ساتھیوں کا برابر پیچھا کر رہے تھے ۔ جنگل میں چھوڑنے سے خاں صاحب کی جان کا خطرہ تھا اور بستی میں لے جانے میں خود اُس کو مشکل میں پھنس جانے کا خطرہ تھا ۔ آدمی وہ رحم دل تھا ۔ سوچا گھر ہی لے چلو ۔ اور چھپا کر خاں صاحب کو اپنے گھر لے آیا ۔

بنیے کی بی بی خاں صاحب کو دیکھ کر گھبرائی کہ یہ کیا نئی آفت گھر لے آئے ۔ لیکن بنیے نے کہا کہ اِس کی سیوا کرو اور اِسے چھپا کر رکھو ۔ پٹھان کو گھر کے اندر ایک کوٹھری میں چھپا کر رکھا اور چپکے سے اُن کی مرہم پٹی اور علاج کرایا گیا ۔ مہینوں میں جاکر کہیں پٹھان اچھا ہوا ۔ پٹھان نے جب چلنے کی بات کہی، تو بنیے نے کہا، "ابھی تم کمزور ہو، ذرا دودھ گھی کھا کر موٹے تازے ہو لو، تب جانا ۔" پٹھان مان گیا اور وہیں رہ کر خوب دودھ گھی کھانے لگا ۔

(2)

پٹھان کو اِس بات کا بڑا خیال تھا کہ بنیئے نے اُس کی جان بچائی ہے ۔ اُس نے بنیے کو اپنا دھرم بھائی بنا لیا ۔ وہ دن رات اِسی سوچ میں رہتا کہ بنیے کی بھلمنساہت کا کیا بدلہ چکاؤں ۔ اس کے قرض سے کیسے چھٹکارا پاؤں؟ پٹھان اچھا ہو چکا تھا اور جانے ہی والا تھا کہ ایک عجیب معاملہ پیش ہوا ۔ بنیے کا ایک بھائی تھا، جس سے اس کی لڑائی تھی، اِس لئے کہ وے ایک دوسرے کے گراہک توڑتے اور بگاڑتے رہتے تھے ۔ ایک روز بنیا بڑا اُداس تھا ۔ اسے اُداس دیکھ کر پٹھان نے پوچھا —"سیٹھ جی، معاملہ کیا ہے؟ آپ غمگین کیوں ہیں؟" اس نے بتایا کہ "میرے اپنے بھائی سے دشمنی ہے ۔ اُس نے جینا مشکل کر رکھا ہے ۔ سارے قرضداروں کو ورغلا دیا ہے کہ بقیہ قرض مت ادا کرو ۔ میرے خلاف اس نے پوری پارٹی بنا لی ہے ۔ کئی برسوں سے تنگ تو کرتا تھا، پر اب تو مجھے بالکل تباہ کرنے پر تلا ہے اور سمجھ میں نہیں آتا کہ ابھی کیا کیا کرے گا؟" پٹھان نے بنیے کو دلاسہ دیا اور کہا، "گھبراؤ

खून का बदला !

मिरजा अज़ीमबेग चुग़ताई

सन 1761 की पानीपत की लड़ाई के बाद यू० पी० में रुहेलों का ज़ोर हुआ. वे 'गंगोत्री से गंग' इलाक़े के मालिक हो गये. रुहेलों की हकूमत सरदारों के हाथ में थी, जिनका मुखिया था हाफ़िज़ रहमत खाँ. हाफ़िज़ रहमत खाँ एक जगजू और अच्छे हाकिम थे. वे अपने हिन्दू वज़ीर की मदद से मस्जिद में बैठकर हकूमत का सारा काम करते थे. रिआया भी उनसे खुश थी.

जब अवध के नवाब और रुहेलों में अनबन हो गई, तब रहमत खाँ ने अवध के नवाब को जंग के लिये ललकारा और बुरी तरह हराया. तब नवाब ने अँग्रेज़ों की मदद ली. अंग्रेज़ों और रहमत में वैसे तो सुलह थी; मगर अंग्रेज़ों ने रुहेलों का बढ़ता हुआ ज़ोर तोड़ने का यह अच्छा मौक़ा देख सुलह को बालाए ताक़ रख दिया. उन्हें डर था कि अकेले अवध के नवाब को .फुरसत के वक्त यह आसानी से भून खायेंगे. लिहाज़ा अवध के नवाब से रुपया लेकर वे उसकी तरफ़ से मगर अपने मतलब के लिये, लड़ने आ गये.

अवध और अंग्रेज़ों की फ़ौजें रुहेलों की तरफ़ बढ़ीं. उधर से हाफ़िज़ रहमत भी अपने रुहेला सरदारों को लेकर बढ़ा. दुजोड़ा के मैदान में दोनों तरफ़ की फौज़ों में घमासान जंग हुई. उस जंग में रुहेले बड़ी बहादुरी से लड़े और जीत गये; मगर दुश्मन का पीछा करने के बदले वे उनके कैम्प लूटने लगे, और रहमत खाँ उन्हें रोकते ही रह गये. अंग्रेजी .फौज, जो खेतों में छुप गई थी, लौटी और जमा होकर .फौरन रुहेलों पर टूट पड़ी. पाँसा उलट पड़ा. जीत के बदले रुहेलों की हार हुई. हाफ़िज रहमत खाँ मैदान से न हटे और बड़ी बहादुरी से लड़कर कट मरे.

रुहेलों की तरफ़ से लड़ने वालों में दो पठान भाई भी आये थे, जिनमें से एक तो लड़ते-लड़ते मारा गया और दूसरा घायल होकर मैदान में अधमरा पड़ा था. असल में यह तीन भाई थे. इनका बाप ज़िन्दा था. उसने एक भाई को रोककर और दो भाइयों को लड़ने के लिये भेज दिया था.

रात का वक्त था. गीदड़ और कुत्ते मैदान में लाशों को खा रहे थे और घायल .खाँ साहब पड़े-पड़े अपने को गीदड़ों से बचा रहे थे. मगर गीदड़ बड़े चालाक थे. उन्हें नोच-नोचकर भागते थे. इस तरह सुबह हो गई और गीदड़ बदस्तूर खाँ साहब को नोचते रहे. क़रीब था कि उनका

خون کا بدلہ !

مرزا عظیم بیگ چغتائی

سن 1761 کی پانی پت کی لڑائی کے بعد یو. پی. میں روھیلوں کا زور ہوا ۔ وے 'گنگوتری سے گنگ' علاقے کے مالک ہو گئے ۔ روھیلوں کی حکومت سرداروں کے ھاتھ میں تھی' جن کا مکھیا تھا حافظ رحمت خاں ۔ حافظ رحمت خاں ایک جنگجو اور اچھے حاکم تھے ۔ وے اپنے ھندو وزیر کی مدد سے مسجد میں بیٹھ کر حکومت کا سارا کام کرتے تھے ۔ رعایا بھی اُن سے خوش تھی ۔

جب اودھ کے نواب اور روھیلوں میں ان بن ھو گئی' تب رحمت خاں نے اودھ کے نواب کو جنگ کے لئے للکارا اور بری طرح ھرایا ۔ تب نواب نے انگریزوں کی مدد لی ۔ انگریزوں اور رحمت میں ویسے تو صلح تھی؛ مگر انگریزوں نے روھیلوں کا بڑھتا ھوا زور توڑنے کا یہ اچھا موقع دیکھ صلح کو بالائے طاق رکھ دیا ۔ انہیں ڈر تھا کہ اکیلے اودھ کے نواب کو فرصت کے وقت یہ آسانی سے بھون کھائیں گے ۔ لہٰذا اودھ کے نواب سے روپیہ لے کر وے اُس کی طرف سے مگر اپنے مطلب کے لئے' لڑنے آ گئے ۔

اودھ اور انگریزوں کی فوجیں روھیلوں کی طرف بڑھیں ۔ ادھر سے حافظ رحمت بھی اپنے روھیلا سرداروں کو لے کر بڑھا ۔ دجوڑا کے میدان میں دونوں طرف کی فوجوں میں گھماسان جنگ ھوئی ۔ اُس جنگ میں روھیلے بڑی بہادری سے لڑے اور جیت گئے؛ مگر دشمن کا پیچھا کرنے کے بدلے وے اُن کے کیمپ لوٹنے لگے' اور رحمت خاں اُنھیں روکتے ھی رہ گئے ۔ انگریزی فوج' جو کھیتوں میں چھپ گئی تھی' لوٹی اور جمع ھو کر فوراً روھیلوں پر ٹوٹ پڑی ۔ پانسہ الٹ پڑا ۔ جیت کے بدلے روھیلوں کی ھار ھوئی ۔ حافظ رحمت خاں میدان سے نہ ھٹے اور بڑی بہادری سے لڑ کر کٹ مرے ۔

روھیلوں کی طرف سے لڑنے والوں میں دو پٹھان بھائی بھی آئے تھے' جن میں سے ایک تو لڑتے لڑتے مارا گیا اور دوسرا گھائل ھو کر لڑائی کے میدان میں ادھ مرا پڑا تھا ۔ اصل میں یہ تین بھائی تھے ۔ اِن کا باپ زندہ تھا ۔ اُس نے ایک بھائی کو روک کر اور دو بھائیوں کو لڑنے کے لئے بھیج دیا تھا ۔

رات کا وقت تھا ۔ گیدڑ اور کتے میدان میں لاشوں کو کھا رھے تھے ۔ اور گھائل خاں صاحب پڑے پڑے اپنے کو گیدڑوں سے بچا رھے تھے ۔ مگر گیدڑ بڑے چالاک تھے ۔ انہیں نوچ نوچکر بھاگتے تھے ۔ اِس طرح صبح ھو گئی اور گیدڑ بدستور خاں صاحب کو نوچتے رھے ۔ قریب تھا کہ اُن کا

आफ़ताबों के सिलसिले

श्री सलाम मछलीशहरी

ज़मीं पर अगर देवता कुछ न होते
तो इंसान शायद परीशाँ ही रहता.
नज़ारे तो होते, बहारें तो होतीं,
मगर गुलशने फ़िक्र वीराँ ही रहता.
हक़ीक़त का मफ़हूम१ वाज़े न होता
अगर दिलनशीं कल्पनायें न होतीं,
कोई ख़ास मंज़र निखर ही न पाता
जो उसके लिये कुछ फ़िज़ायें न होतीं.
हक़ीक़त की इन ज़ूफ़िशाँ२ मंज़िलों में
हसीं ख़्वाब अब मुस्कराने लगे हैं,
बज़ुर्गों ने जो दीप रौशन किए थे
वही दीप फिर जगमगाने लगे हैं.
कला और संगीत के दीप फिर से
मुक़द्दम३ फ़िज़ाओं में जलने लगे हैं,
ज़हे४ अहदे हाज़िर कि "हाफ़िज़" के बरबत५ पे
"मीरा" के नग़मे मचलने लगे हैं.
मुबारिक कि वादीये गंगोजमन में
कला को नई ज़िन्दगी मिल रही है,
मुबारिक कि फिर "तूतीये हिन्द ख़ुसरो"
के अफ़कार६ की रौशनी मिल रही है.
नई रौशनी में नये ताज महलों,
अजन्ताओं का जन्म होने लगा है,
हमारे कला मन्दिरों से क़रीब आ॰
रूठा हुआ धर्म होने लगा है,
मिली है ज़ियाबार७ ताबीर८ जिसकी
वही ख़्वाब पहले भी देखा गया था,
मुबारिक वतन की सहर९ कह रही है
कि यह आफ़ताबों का एक सिलसिला था.

آفتابوں کے سلسلے

شری سلام مچھلی شہری

زمیں پر اگر دیوتا کچھ نہ ہوتے
تو اِنساں شاید پریشاں ہی رہتا
نظارے تو ہوتے بہاریں تو ہوتیں
مگر گلشن فکر ویراں ہی رہتا۔
حقیقت کا مفہوم واضح نہ ہوتا
اگر دلنشیں کلپنائیں نہ ہوتیں
کوئی خاص منظر نکھر ہی نہ پاتا
جو اُس کے لئے کچھ فضائیں نہ ہوتیں۔
حقیقت کی اِن ضوفشاں منزلوں میں
حسیں خواب اب مسکرانے لگے ہیں
بزرگوں نے جو دیپ روشن کئے تھے
وہی دیپ پھر جگمگانے لگے ہیں۔
کلا اور سنگیت کے دیپ پھر سے
مقدم فضاؤں میں جلنے لگے ہیں
زہے عہد حاضر کہ "حافظ" کے بربط پہ
"میرا" کے نغمے مچلنے لگے ہیں۔
مبارک کہ وادیٔ گنگ و جمن میں
کلا کو نئی زندگی مل رہی ہے
مبارک کہ پھر "طوطیٔ ہند خسرو"
کے افکار کی روشنی مل رہی ہے۔
نئی روشنی میں نئے تاج محلوں
اجنتاؤں کا جنم ہونے لگا ہے
ہمارے کلا مندروں سے قریب آ کے
روٹھا ہوا دھرم ہونے لگا ہے۔
ملی ہے ضیابار تعبیر جس کی
وہی خواب پہلے بھی دیکھا گیا تھا
مبارک وطن کی سحر کہہ رہی ہے
کہ یہ آفتابوں کا ایک سلسلہ تھا۔

नोट :—यह नज़्म 19 मई 1957 को इदाराये निज़ामिया, दिल्ली में यौम ख़ुसरो के मुबारिक मौक़े पर पढ़ी गई.

نوٹ :— یہ نظم 19 مئی 1957 کو ادارۂ نظامیہ دلی میں یوم خسرو کے مبارک موقع پر پڑھی گئی۔

१. मतलब, २. चमकदार, ३. पहले की, ४. बलिहारी, ५. एक प्रकार का बाजा, ६. कार्यों, ७. चमकदार, ८. फल ९. प्रभात.

कहा कि मैं तुम्हारे पास आ रहा हूँ. यह मालूम होता था कि वे बर्रा रहे थे. मगर थोड़ी देर में वे समझ की बातें करने लगे. हरेक को दुआ दी और आखिरी रुखसत ली.

....जब सुबह मैंने उन्हें बिस्तर पर पड़े देखा तो वे मरे हुए नहीं मालूम होते थे. उनके चेहरे पर खामोशी थी. उनकी पेशानी पर अब भी वही शान मौजूद थी, लेकिन वह शख़्सियत कहाँ थी, सिर्फ एक बेजान खोल बाक़ी रह गया था.

उनका इन्तक़ाल 80 बरस की उम्र में हुआ. उनके साथ एक नसल का ख़ात्मा हो गया. वह उन लोगों में से थे जिनको हिन्दुस्तान की जंगे आज़ादी खूब याद थी, जिसे हमारे अंग्रेज़ तारखीदाँ सन् 1857 ईस्वी का ग़दर कहते हैं. उन्होंने अपने भाइयों, प्यारों, बुज़ुर्गों और हमवतनों को बदर्दी से क़त्ल होते देखा. हर रोज़ भागने वालों की लाशें खंडहरों और गाँवों में पड़ी मिलती थीं और हर रोज़ वे एक कतार में खड़े किये जाते और उनके सर काट लिये जाते. उन्होंने औरतों को बेआबरू होते हुए, बच्चों को कुचले जाते और हज़ारों को भूखों मरते देखा था. उन्होंने बादशाह को गिरफ़्तार होते हुए और मुल्क से निकाले जाते देखा था. उनकी आँखों के सामने शहज़ादे ज़बह किये गये और उनके सर दिल्ली दरवाज़े पर लटकाये गये, जो अब भी ख़ूनी दरवाज़े के नाम से मशहूर है. उन्होंने अपने वतन और अपने शहर पर अंग्रेज़ों को क़ाबिज़ होते देखा. उनके हाथों उन्होंने हिन्दुस्तान की तहज़ीब और उसकी अज़मत को ख़ाक में मिलते हुए देखा था.

फिर क्या ताज्जुब कि अंग्रेज़ों के लिये उनके दिल में नफ़रत थी और इस क़दर कि हम भी इतनी नफ़रत नहीं कर सकते. उन्होंने अपने सबसे बड़े बेटे को, जब उन्होंने अंग्रेज़ी पढ़ना शुरू किया, घर से निकाल दिया और उनको अपने चचा के घर पनाह लेनी पड़ी, ताकि वे अपना पढ़ना जारी रख सकें. अंग्रेज़ों की हर चीज़ के साथ इस क़दर नफ़रत ग़ालिबन उनके बढ़े हुए तास्सुब की बिना पर थी. लेकिन आज हम इसको समझ सकते हैं और पसन्द करते हैं. उनके बेटों की नसल ऐसी थी जो ग़ालिबन न अंग्रेज़ों से नफ़रत करते थे और न मोहब्बत ही करते थे. वे अंग्रेज़ों के नीचे काम करते थे, क्योंकि अंग्रेज़ इनको मुलाज़िमत देते थे. लेकिन अब पहिये ने पूरा चक्कर ले लिया. आज हमारा मुल्क आज़ाद है. यह ऐसी आज़ादी है जो पहले नहीं हासिल हो सकती थी, जिसका अन्दाज़ा भी हमारे बुज़ुर्ग न कर सकते थे.

کہا کہ میں تمہارے پاس آ رہا ہوں ۔ یہ معلوم ہوتا تھا کہ وے بڑا رہے تھے ۔ مگر تھوڑی دیر میں وے سمجھ کی باتیں کرنے لگے ۔ ہر ایک کو دعا دی اور آخری رخصت لی ۔

......جب صبح میں نے انھیں بستر پر پڑے دیکھا تو وے مرے ہوئے نہیں معلوم ہوتے تھے ۔ اُن کے چہرے پر خاموشی تھی ۔ اُن کی پیشانی پر اب بھی وہی شان موجود تھی، لیکن وہ شخصیت کہاں تھی، صرف ایک بےجان خول باقی رہ گیا تھا ۔

اُن کا انتقال 80 برس کی عمر میں ہوا ۔ اُن کے ساتھ ایک نسل کا خاتمہ ہو گیا ۔ وہ اُن لوگوں میں سے تھے جن کو ھندوستان کی جنگ آزادی خوب یاد تھی، جسے ہمارے انگریز تاریخ داں سن 1857 عیسوی کا غدر کہتے ہیں ۔ انھوں نے اپنے بھائیوں، پیاروں، بزرگوں اور ہموطنوں کو بیدردی سے قتل ہوتے دیکھا ۔ ہر روز بھاگنے والوں کی لاشیں کھنڈروں اور گاؤں میں پڑی ملتی تھیں اور ہر روز وے ایک قطار میں کھڑے کئے جاتے اور اُن کے سر کاٹ لئے جاتے ۔ انھوں نے عورتوں کو بےآبرو ہوتے ہوئے، بچوں کو کچلے جاتے اور ہزاروں کو بھوکوں مرتے دیکھا تھا ۔ انھوں نے بادشاہ کو گرفتار ہوتے ہوئے اور ملک سے نکالے جاتے دیکھا تھا ۔ اُن کی آنکھوں کے سامنے شہزادے ذبح کئے گئے اور ان کے سر دلی دروازے پر لٹکائے گئے، جو اب بھی خونی دروازے کے نام سے مشہور ہے، انھوں نے اپنے وطن اور اپنے شہر پر انگریزوں کو قابض ہوتے دیکھا ۔ اُن کے ہاتھوں انھوں نے ہندستان کی تہذیب اور اس کی عظمت کو خاک میں ملتے ہوئے دیکھا تھا ۔

پھر کیا تعجب کہ انگریزوں کے لئے اُن کے دل میں نفرت تھی اور اِس قدر کہ ہم بھی اِتنی نفرت نہیں کر سکتے ۔ انھوں نے اپنے سب سے بڑے بیٹے کو، جب انھوں نے انگریزی پڑھنا شروع کیا، گھر سے نکال دیا اور ان کو اپنے چچا کے گھر پناہ لینی پڑی، تاکہ وے اپنا پڑھنا جاری رکھ سکیں ۔ انگریزوں کی ہر چیز کے ساتھ اِس قدر نفرت غالباً ان کے بڑھے ہوئے تعصب کی بنا پر تھی ۔ لیکن آج ہم اس کو سمجھ سکتے ہیں اور پسند کرتے ہیں اُن کے بیٹوں کی نسل ایسی تھی جو غالباً نہ انگریزوں سے نفرت کرتے تھے اور نہ محبت ہی کرتے تھے ۔ وے انگریزوں کے نیچے کام کرتے تھے، کیونکہ انگریز اِن کو ملازمت دیتے تھے ۔ لیکن اب پہیئے نے پورا چکر لے لیا ہے ۔ آج ہمارا ملک آزاد ہے ۔ یہ ایسی آزادی ہے جو پہلے نہیں حاصل ہو سکتی تھی، جس کا اندازہ بھی ہمارے بزرگ نہ کر سکتے تھے ۔

उनके प्यारों को दिखाते हैं. दादा अब्बा का बूढ़ा और कमज़ोर जिस्म सिसकियों से काँप रहा है.

लोग क़ब्र में मिट्टी डाल रहे हैं. दादा अब्बा अपने काँपते हुए हाथों में थोड़ी सी मिट्टी उठाते हैं. कहार डोली को क़ब्र के क़रीब ले जाते हैं. आँखों से दो क़तरे आँसू के उस ताज़ा मिट्टी पर गिर पड़ते हैं जो वे हाथों में लिये हुए हैं. वे बेबसी से हाथों की मिट्टी क़ब्र में गिरा देते हैं और चेहरा ढक लेते हैं.

❀ ❀ ❀

बेटे की मौत के तीन बरस बाद दादा और ज़िन्दा रहे, हालाँकि वे ज़िन्दगी से थककर आजिज़ हो गये थे. वे अक्सर रोते थे, लेकिन उनका ख़ात्मा बहुत ख़ामोशी से हुआ. उन पर एक मर्तबा फ़ालिज गिर ही चुका था. एक मर्तबा और गिरा. उनका दाहिना हाथ और दाहिना पाँव पहले ही बेकार था, अबकी बार बाँएं हाथ और पैर पर असर हुआ.

मरने से कुछ पहले वे बहुत चिड़चिड़े हो गये थे और हर तीमारदार को उनकी ख़फ़गी का सामना करना पड़ता था. सिर्फ़ एक बूढ़ी मामा उनको चुप करा सकती थी और उनकी तबियत के मुआफ़िक़ काम कर सकती थी. दादा अब्बा अपने लड़के के मरने के बाद जनानख़ाने में पहुँचा दिये गये थे. यह मामा भी अपनी जवानी के ज़माने से हमारे ही यहाँ मुलाज़िम थी और लोग कहते थे कि वह दादा की दाश्ता थी. इनसे एक लड़का भी हुआ था, जो बचपन में ही मर गया था. वही दादा की रोक थाम कर सकती थी, क्योंकि न तो वह उनकी बातों की परवाह करती और न उनके मिज़ाज की. यह देखकर तकलीफ़ होती कि वह अपने बूढ़े मालिक से कितनी बेपरवाही से पेश आती है. दादा अपनी कमज़ोर आवाज़ में कुछ कहते, लेकिन वह न सुनती. अगर कोई उसे कहता कि सुनो देखो क्या माँग रहे हैं, तो वह जवाब देती:—

"उनकी यही आदत है. उनको किसी चीज़ की ज़रूरत नहीं. वे सिर्फ़ मुझे परेशान करते हैं"... लेकिन किसी का कुछ बस न चलता क्योंकि वही उन्हें ख़ामोश कर सकती थी. फिर इसमें शक नहीं कि अब वह सब बोझ महसूस कर रहे थे.

वह रात में शान्ति के साथ गुज़र गये. उनकी ज़ुबान आख़िरी वक़्त तक उनके क़ाबू में रही और मौत से कुछ पहले उन्होंने सबको दुआएँ दीं और अपने तमाम प्यारों को, जो वहाँ नहीं थे या मर गये थे, याद किया.

मौत से कुछ ही पहले वह ग़फ़लत में थे और कुछ बड़बड़ाते थे. एक मर्तबा उन्होंने किसी को मुख़ातिब किया, जो अर्सा हुआ मर चुका था और उससे बुलन्द आवाज़ में

اُن کے پیاروں کو دکھاتے ھیں ۔ دادا ابا کا بوڑھا اور کمزور جسم سسکیوں سے کانپ رہا ھے ۔

لوگ قبر میں مٹی ڈال رھے ھیں ۔ دادا ابا اپنے کانپتے ھوئے ھاتھوں میں تھوڑی سی مٹی اُٹھاتے ھیں ۔ کہار ڈولی کو قبر کے قریب لے جاتے ھیں ۔ آنکھوں سے دو قطرے آنسو کے اس تازہ مٹی پر گر پڑتے ھیں جو وے ھاتھوں میں لئے ھوئے ھیں ۔ وے بےبسی سے ھاتھوں کی مٹی قبر میں گرا دیتے ھیں اور چہرا ڈھک لیتے ھیں ۔

❀ ❀ ❀

بیٹے کی موت کے تین برس بعد دادا اور زندہ رھے، حالانکہ وے زندگی سے تھک کر عاجز ھوگئے تھے ۔ وے اکثر روتے تھے، لیکن اُن کا خاتمہ بہت خاموشی سے ھوا ۔ اِن پر ایک مرتبہ فالج گر ھی چکا تھا ۔ ایک مرتبہ اور گرا ۔ اِن کا داھنا ھاتھ اور داھنا پاؤں پہلے ھی بیکار تھا، اب کی بار بائیں ھاتھ اور پیر پر اثر ھوا ۔

مرنے سے کچھ پہلے وے بہت چڑچڑے ھو گئے تھے اور ھر تیمار‌دار کو اُن کی خفگی کا سامنا کرنا پڑتا تھا ۔ صرف ایک بوڑھی ماما ان کو چپ کرا سکتی تھی اور اُن کی طبیعت کے موافق کام کر سکتی تھی ۔ دادا ابا اپنے لڑکے کے مرنے کے بعد زنان خانے میں پہنچا دیئے گئے تھے ۔ یہ ماما بھی اپنی جوانی کے زمانہ سے ھمارے ھی یہاں ملازم تھی اور لوگ کہتے تھے کہ وہ دادا کی داشتہ تھی ۔ اِن سے ایک لڑکا بھی ھوا تھا، جو بچپن ھی میں مر گیا تھا ۔ وھی دادا کی روک تھام کر سکتی تھی، کیونکہ نہ تو وہ اُن کی باتوں کی پرواہ کرتی اور نہ اُن کے مزاج کی ۔ یہ دیکھ کر تکلیف ھوتی کہ وہ اپنے بوڑھے مالک سے کتنی بےپروائی سے پیش آتی ھے ۔ دادا اپنی کمزور آواز میں کچھ کہتے، لیکن وہ نہ سنتی ۔ اگر کوئی اسے کہتا کہ سنو دیکھو کیا مانگ رھے ھیں، تو وہ جواب دیتی—

"اِن کی یہی عادت ھے ۔ اُن کو کسی چیز کی ضرورت نہیں ۔ وے صرف مجھے پریشان کرتے ھیں..." لیکن کسی کا کچھ بس نہ چلتا کیونکہ وھی اُنہیں خاموش کر سکتی تھی ۔ پھر اِس میں شک نہیں کہ اب وہ سب بوجھ محسوس کر رھے تھے ۔

وہ رات میں شانتی کے ساتھ گذر گئے ۔ اُن کی زبان آخری وقت تک اُن کے قابو میں رھی اور موت سے کچھ پہلے اُنھوں نے سب کو دعائیں دیں اور اپنے تمام پیاروں کو، جو وھاں نہیں تھے یا مر گئے تھے، یاد کیا ۔

موت سے کچھ ھی پہلے وہ غفلت میں تھے اور کچھ بڑبڑاتے تھے ۔ ایک مرتبہ اُنھوں نے کسی کو مخاطب کیا، جو عرصہ ھوا مر چکا تھا اور اُس سے بلند آواز میں

वे 70 बरस के थे जब मेरे वालिद, जो उनके छठे बेटे थे, बीमार हुए. हर तरह का इलाज किया गया. तमाम डाक्टरों और हकीमों ने जवाब दे दिया. बहुत से मौलवियों ने अपने अक़्ली गद्दे लड़ाए और अपने तजुर्बे के मुताबिक़ जादू टोने और आसेब वग़ैरा का इलाज किया; मगर उनकी हालत ख़राब होती गई.

शुरू-शुरू में तो वालिद दादा अब्बा के साथ मकान के मरदाने हिस्से में ही रहते थे, क्योंकि इसी में सहूलियत थी. दूसरे पुराने ज़माने के लोग .जनानख़ाने में ज़्यादा देर तक रहना पसन्द न करते थे. दादा के सूफ़ी और फ़क़ीर दोस्त आते और दुआएँ माँगते. मगर उनकी हालत रोज़ बरोज़ ख़राब होती गई. तब वह मकान के अन्दर पहुँचा दिये गये, ताकि उनकी तीमारदारी अच्छी तरह हो सके. दादा पर फ़ालिज गिर चुका था और वह हर दूसरे तीसरे अपने बेटे को देखने एक छोटी सी चारपाई पर चार आदमियों की मदद से लाये जाते और कुछ घन्टे गुज़र जाने के बाद वह उसी तरह बाहर ले जाये जाते.

वालिद की हालत जब और ख़राब हो गई, तो ताज़ा हवा के ख़ातिर उन्हें कोठे पर ले जाया गया, दादा अब्बा ने देखा कि उनकी हालत मायूस करने वाली है और वे जब उन्हें देखने के लिये कोठे पर लाये गये, तो .जीने की तंगी की वजह से बड़ी दिक़्क़त हुई. यह देखकर कि उनके लाने लेजाने में कितनी दिक़्क़त होती है; वह फूटकर रो पड़े. मैंने उन्हें ज़िन्दगी में पहले पहले रोते देखा. वे एक बेबस और बूढ़े आदमी के ख़ामोश और दर्द से भरे आँसू थे. उन्होंने ज़ुबान से कुछ न कहा लेकिन सब समझ गये कि वे बहुत मायूस हैं.

आख़िर एक दिन वालिद का इन्तक़ाल हो गया. मुझे याद है कि दादा अपने पलंग पर पड़े रोते थे. मेरे सामने उस वक़्त की उनकी तस्वीर है—वे ज़ार-ज़ार रो रहे हैं. उनकी सिसकियों से पलंग हिल रहा है. यह एक बूढ़े आदमी की सिसकियाँ हैं, जो महसूस करता है कि उसकी हस्ती अब दुनिया में सिर्फ़ एक .फ़ज़ूल की मद है.

मुझे याद है कि फिर वे जनाज़े के पीछे-पीछे एक डोली में क़ब्रस्तान ले जाये गये. उनकी आँखें सुर्ख़ थीं. वे सिसकियाँ लेते और ज़िन्दगी के .फ़ना होने की शिकायत करते. अपनी इस बेचारगी पर रोते कि बेटे के जनाज़े को कन्धा भी न दे सकते थे. मैयत क़ब्र में उतारी जा रही है. खोदी हुई मिट्टी के ढेर पर दादा .अब्बा डोली में बैठे हुए हैं. लेकिन वह क़ब्र के अन्दर नहीं देख सकते, क्योंकि उनके आगे आदमियों की भीड़ है.

भीड़ छँटती है. मैयत क़ब्र में है. कहार डोली को क़ब्र तक लाते हैं. लोग मरहूम वालिद का चेहरा आख़िरी बार

وے 70 برس کے تھے جب میرے والد، جو اُن کے چھٹے بیٹے تھے، بیمار ہوئے۔ ہر طرح کا علاج کیا گیا۔ تمام ڈاکٹروں اور حکیموں نے جواب دے دیا۔ بہت سے مولویوں نے اپنے عقلی گدے لڑائے اور اپنے تجربہ کے مطابق جادو ٹونے اور آسیب وغیرہ کا علاج کیا؛ مگر اُن کی حالت خراب ہوتی گئی۔

شروع شروع میں تو والد دادا ابا کے ساتھ مکان کے مردانے حصے میں ہی رہتے تھے؛ کیونکہ اِسی میں سہولیت تھی۔ دوسرے پرانے زمانے کے لوگ زنانخانہ میں زیادہ دیر تک رہنا پسند نہ کرتے تھے۔ دادا کے صوفی اور فقیر دوست آتے اور دعائیں مانگتے۔ مگر اُن کی حالت روز بروز خراب ہوتی گئی۔ تب وہ مکان کے اندر پہنچا دیئے گئے، تاکہ ان کی تیمارداری اچھی طرح ہو سکے۔ دادا پر فالج گر چکا تھا اور وہ ہر دوسرے تیسرے اپنے بیٹے کو دیکھنے ایک چھوٹی سی چارپائی پر چار آدمیوں کی مدد سے لائے جاتے اور کچھ گھنٹے گذر جانے کے بعد وہ اُسی طرح باہر لے جائے جاتے۔

والد کی حالت اب اور خراب ہو گئی، تو تازہ ہوا کے خاطر انہیں کوٹھے پر لے جایا گیا۔ دادا ابا نے دیکھا کہ اُن کی حالت مایوس کرنے والی ہے اور وے جب اُنہیں دیکھنے کے لئے کوٹھے پر لائے گئے، تو زینہ کی تنگی کی وجہ سے بڑی دقت ہوئی۔ یہ دیکھ کر کہ اُن کے لانے لے جانے میں کتنی دقت ہوتی ہے؛ وہ پھوٹ کر رو پڑے۔ میں نے اُنہیں زندگی میں پہلے پہل روتے دیکھا۔ وے ایک بے بس اور بوڑھے آدمی کے خاموش اور درد سے بھرے آنسو تھے۔ اُنہوں نے زبان سے کچھ نہ کہا لیکن سب سمجھ گئے کہ وے بہت مایوس ہیں۔

آخر ایک دن والد کا اِنتقال ہو گیا۔ مجھے یاد ہے دادا اپنے پلنگ پر پڑے روتے تھے۔ میرے سامنے اُس وقت کی اُن کی تصویر ہے—وے زار زار رو رہے ہیں۔ اُن کی سسکیوں سے پلنگ ہل رہا ہے۔ یہ ایک بوڑھے آدمی کی سسکیاں ہیں، جو محسوس کرتا ہے کہ اُس کی ہستی اب دنیا میں صرف ایک فضول کی مد ہے۔

مجھے یاد ہے کہ پھر وے جنازے کے پیچھے پیچھے ایک ڈولی میں قبرستان لے جائے گئے۔ اُن کی آنکھیں سرخ تھیں۔ وے سسکیاں لیتے اور زندگی کے فنا ہونے کی شکایت کرتے۔ اپنی اِس بیچارگی پر روتے کہ بیٹے کے جنازہ کو کندھا بھی دے سکتے تھے۔ میت قبر میں اُتاری جا رہی ہے۔ کھودی ہوئی مٹی کے ڈھیر پر دادا ابا ڈولی میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ لیکن وہ قبر کے اندر نہیں دیکھ سکتے، کیونکہ اُن کے آگے آدمیوں کی بھیڑ ہے۔

بھیڑ چھنٹتی ہے۔ میت قبر میں ہے۔ کہار ڈولی کو قبر تک لاتے ہیں۔ لوگ مرحوم والد کا چہرہ آخری بار

लाता. इस दरमियान में दादा अब्बा हमारा सबक़ दोहराते या हरूफ़ कहलाते. और जब हम में से कोई सबक़ भूल जाता, तो हम सब डर जाते, क्योंकि दादा अब्बा को गुस्सा आ जाता और वे बिगड़ने लगते, हालाँकि आम तौर पर वे मेहरबान रहते.

एक मर्तबा मैं और कुछ मेरे बड़े भाइयों ने बड़ी चची का एक रुपया चुरा लिया. दरअसल रुपया लुढ़क गया था और हमने चुपके से उसे उठा लिया था. हमने उसको जाकर भुना लिया और उसके चौंसठ पैसे कर लिये. हमने दो पैसे के बिस्कुट और मिठाई ख़रीदी. उस ज़माने में चीज़ें काफ़ी सस्ती मिलती थीं, और बाक़ी पैसों को पोशीदा जगह पर रख दिया. लेकिन किसी ने उसको देख लिया. अब तो हम सब बहुत डरे कि कहीं दादा को इसका पता न चल जाये. ,लेकिन जिस बात से डरते थे वही हुई. दादा अब्बा को बेहद गुस्सा आया और उन्होंने कहा कि मैं तुम सबको मार डालूँगा. उन्होंने अपनी तलवार के निकाले जाने का हुक्म दिया, जो एक बड़े लकड़ी के सन्दूक़ में बन्द रहती थी. यह सन्दूक़ एक अंधेरी कोठरी में रखा हुआ था, जिसके अंदर जाने के लिये लालटैन की ज़रूरत पड़ती थी; तब उन्होंने मेरे बड़े भाइयों को बुलाया और उनकी आँखों के सामने तलवार चमकाई. दोनों ने पाजामे में पेशाब कर दिया और ख़ौफ़ के मारे उनका रंग उड़ गया. शायद मेरे कमसिन होने के ख़याल से उन्होंने मुझको तलवार से नहीं धमकाया, लेकिन उनकी आवाज़ ही मेरे हवास उड़ा देने के लिये क्या कम थी. हम सबने वादा किया कि आइन्दा चोरी न करेंगे और अच्छे लड़कों की तरह रहेंगे.

मगर जब हम चाय के लिये भूखे कुत्तों की तरह दादा अब्बा के चारों तरफ़ बैठे रहते थे. तो हमको कोई ख़ौफ़ नहीं होता था. वह आम तौर से मज़े मज़े की बातें करते, मोहब्बत से पेश आते और कहानियाँ सुनाते. जब चाय तैयार हो जाती, तो उसको वह चीनी की छोटी प्यालियों में डालते. यह चीनी के प्याले आजकल की प्यालियों की तरह न थे, यह बहुत ख़ूबसूरत असली चीनी के थे. इनमें दस्ता न था. उनका पेंदा तंग और मुंह चौड़ा था. चाय दूर से महकती थी. अक्सर बेसबरी में हम अपने होंठ हिला लेते थे. हमको छोटे-छोटे, फूले फूले बिस्कुट दिये जाते, जिनको हम चाय में डबोकर चमचे से खाते. चाय ऐसी मज़ेदार होती थी कि उसके बाद कभी ऐसी मज़ेदार चाय पी ही नहीं और न मैं इसका मज़ा कभी चख सकूँगा.

दादा की चन्द और बातें मुझे याद हैं. यह याद एक अच्छे मज़हब आदमी की है, जिसे ज़िन्दगी के बोझ ने ख़त्म कर दिया.

تا ۔ اِس درمیان میں دادا ابا ہمارا سبق دہراتے یا حروف کہلاتے ۔ اور جب ہم میں سے کوئی سبق بھول جاتا، تو ہم سب ڈر جاتے، کیونکہ دادا ابا کو غصہ آجاتا اور وے بگڑنے لگتے، حالانکہ عام طور پر وے مہربان رہتے ۔

ایک مرتبہ میں اور کچھ میرے بڑے بھائیوں نے بڑی چچی کا ایک روپیہ چرا لیا ۔ دراصل روپیہ لڑھک گیا تھا اور ہم نے چپکے سے اُسے اُٹھا لیا تھا ۔ ہم نے اُس کو جاکر بھنا لیا اور اُس کے چونسٹھ پیسے کر لئے ۔ ہم نے دو پیسے کے بسکٹ اور مٹھائی خریدی ۔ اُس زمانے میں چیزیں کافی سستی ملتی تھیں؛ اور باقی پیسوں کو پوشیدہ جگہ پر رکھ دیا ۔ لیکن کسی نے اِن کو دیکھ لیا ۔ اب تو ہم سب بہت ڈرے کہ کہیں دادا کو اِس کا پتہ نہ چل جائے ۔ لیکن جس بات سے ڈرتے تھے وہی ہوئی ۔ دادا ابا کو بےحد غصہ آیا اور اُنہوں نے کہا کہ میں تم سب کو مار ڈالونگا ۔ اُنہوں نے اپنی تلوار کے نکالے جانے کا حکم دیا، جو ایک بڑے لکڑی کے صندوق میں بند رہتی تھی ۔ یہ صندوق ایک اندھیری کوٹھری میں رکھا ہوا تھا، جس کے اندر جانے کے لئے لالٹین کی ضرورت پڑتی تھی؛ تب اُنہوں نے میرے بڑے بھائیوں کو بلایا اور اُن کی آنکھوں کے سامنے تلوار چمکائی ۔ دونوں نے پاجامے میں پیشاب کر دیا اور خوف کے مارے اُن کا رنگ اُڑ گیا ۔ شاید میرے کمسن ہونے کے خیال سے اُنہوں نے مجھکو تلوار سے نہیں دھمکایا، لیکن اُن کی آواز ہی میرے حواس اُڑا دینے کے لئے کیا کم تھی ۔ ہم سب نے وعدہ کیا کہ آئندہ چوری نہ کریں گے اور اچھے لڑکوں کی طرح رہینگے ۔

مگر جب ہم چائے کے لئے بھوکے کتوں کی طرح دادا ابا کے چاروں طرف بیٹھے رہتے ' تو ہم کو کوئی خوف نہیں ہوتا تھا ۔ وہ عام طور سے مزے مزے کی باتیں کرتے، محبت سے پیش آتے اور کہانیاں سناتے ۔ جب چائے تیار ہو جاتی، تو اُس کو وہ چینی کی چھوٹی پیالیوں میں ڈالتے ۔ یہ چینی کے پیالے آجکل کی پیالیوں کی طرح نہ تھے ۔ یہ بہت خوبصورت اصلی چینی کے تھے ۔ اِن میں دستہ نہ تھا ۔ اُن کا پیندا تنگ اور منہ چوڑا تھا ۔ چائے دور سے مہکتی تھی اکثر بےصبری میں ہم اپنے ہونٹ ہلالیتے تھے ۔ ہم کو چھوٹے چھوٹے پھولے پھولے بسکٹ دیئے جاتے، جن کو ہم چائے میں ڈبو کر چمچے سے کھاتے ۔ چائے ایسی مزیدار ہوتی تھی کہ اُس کے بعد کبھی ایسی مزیدار چائے پی ہی نہیں اور نہ میں اِس کا مزا کبھی چکھ سکونگا ۔

دادا کی چند اور باتیں مجھے یاد ہیں ۔ یہ یاد ایک اچھے مذہب آدمی کی ہے، جسے زندگی کے بوجھ نے ختم کر دیا ۔

था और उनमें से बदबू आती थी. फ़र्श को भी गन्दा कर देता और अपनी उँगली को गन्दगी में तर करके सूँघता, मगर लोग उसे पागल न समझते. उनके ख़याल में वह एक मज्ज़ूब था.

दादा के पास और भी फ़क़ीर आया करते थे. लेकिन वे कुछ एक दो तो थे नहीं. चुनांचे मैं बहुतों से नावाक़िफ़ था.

दादा की सब से ज़्यादा दिलपसन्द चीज़ उनकी मज़ेदार दवाइयाँ थी. यह दवाइयाँ वे हम लोगों को बाँटते थे. दिलचस्पी के साथ वे उन्हें बनाते थे. सब लड़कों में, जो मेरे भाई होते थे, मैं ही सब से छोटा था और मुझको सबसे ज़्यादा चाहते थे. इसलिये सब लड़के मुझको दादा अब्बा के पास चूरन लेने के लिये भेजते. मैं बेधड़क उनके पास चला जाता और कहता—"दादा अब्बा, मुझे ज़रासा चूरन दे दीजिये."

वे मोहब्बत से मुस्कुराते और अपने पुराने नौकर को, जो बरसों से उनकी ख़िदमत में रहा करता था, पुकारते—"ग़फ़ूर, उस बोतल को अलमारी से निकाल ला."

ग़फ़ूर, जो अपने स्वामी की तरह ख़ुद भी बूढ़ा हो गया था, लड़खड़ाता हुआ अलमारी तक जाता और ग़लती से दूसरी बोतल उठा लाता.

"यह नहीं, दूसरी बोतल जो मैंने तुमसे कहा था"—दादा अब्बा ऊँची आवाज़ कर के कहते. फिर बोतल से एक चुटकी चूरन निकालकर मेरी हथेली पर रख देते.

"थोड़ा सा और दादा अब्बा?"

"बस अब नहीं, यह ज़्यादा नहीं खाया जाता."

"लेकिन फ़लाँ फ़लाँ भाई भी माँग रहे हैं"—मैं गिड़गिड़ा कर कहता और वे कुछ चुटकियाँ चूरन और दे देते. मैं उसे ज़ुबान से चाटता हुआ बाहर निकल जाता. मेरे भाई बाहर की तंग गली में मेरा इन्तज़ार करते और दौड़कर मुझे पकड़ लेते.

लेकिन चाय पीने में हम सब को बड़ा मज़ा आता. शाम को हम सब चार या पाँच लड़के, जो पाँच सात साल की उम्र के थे, दादा अब्बा के बड़े कमरे में जमा हो जाते. कभी कभी हम लोग बुलाए जाते और कभी ख़ुद से पहुँच जाते. दादा अब्बा आराम करते और सोते होते और हम सब अपनी छोटी छोटी मुट्ठियों से उनके पाँव पर मुक्कियाँ लगाते. तब ग़फ़ूर 'समावार' जलाता. मुझे नहीं मालूम कि क्यों उस ज़माने में चाय तैयार करने के लिये समावार इस्तेमाल किये जाते थे, ग़फ़ूर समावार लाता और पास रखता. जब पानी सनसनाने लगता तो दादा अब्बा इसमें दारचीनी और इलायची डाल देते ताकि उसमें ख़ुशबू आजाय. वे किसी दूसरे को चाय न बनाने देते. जब चाय तैयार हो रही होती, तो ग़फ़ूर चीनी के प्याले और चमचे

تھا اور اُن میں سے بدبو آتی تھی ۔ وہ فرش کو بھی گندا کر دیتا اور اپنی اُنگلی کو گندگی میں تر کر کے سونگھتا ۔ مگر لوگ اُسے پاگل نہ سمجھتے ۔ اُن کے خیال میں وہ ایک مجذوب تھا ۔

دادا کے پاس اور بھی فقیر آیا کرتے تھے ۔ لیکن وے کچھ ایک دو تو تھے نہیں ۔ چنانچہ میں بہتوں سے ناواقف تھا ۔

دادا کی سب سے زیادہ دل پسند چیز اُن کی مزیدار دوائیاں تھیں ۔ یہ دوائیاں وے ہم لوگوں کو بانٹتے تھے ۔ چاہ کے ساتھ وے اِنہیں بناتے تھے ۔ سب لڑکوں میں، جو میرے بھائی ہوتے تھے، میں ہی سب سے چھوٹا تھا اور مجھکو سب سے زیادہ چاہتے تھے ۔ اِس لئے سب لڑکے مجھ کو دادا ابا کے پاس چورن لینے کے لئے بھیجتے ۔ میں بےدھڑک اُن کے پاس چلا جاتا اور کہتا—"دادا ابا، مجھے ذرا سا چورن دے دیجئے ۔"

وے محبت سے مسکراتے اور اپنے پرانے نوکر کو جو برسوں سے اُن کی خدمت میں رہا کرتا تھا پکارتے—"غفور، اُس بوتل کو الماری سے نکال لا ۔"

غفور جو اپنے سوامی کی طرح خود بھی بوڑھا ہو گیا تھا لڑکھڑاتا ہوا الماری تک جاتا اور غلطی سے دوسری بوتل اُٹھا لاتا ۔

"یہ نہیں، دوسری بڑی بوتل جو میں نے تم سے کہا تھا—" دادا ابا اُونچی آواز کر کے کہتے ۔ پھر بوتل سے ایک چٹکی چورن نکال کر میری ہتھیلی پر رکھ دیتے ۔

"تھوڑا سا اور دادا ابا ؟"

"بس اب نہیں، یہ زیادہ نہیں کھایا جاتا ۔"

"لیکن فلاں فلاں بھائی بھی مانگ رہے ہیں—" میں گڑگڑا کر کہتا اور وے کچھ چٹکیاں چورن اور دے دیتے ۔ میں اُسے زبان سے چاٹتا ہوا باہر نکل جاتا ۔ میرے بھائی باہر کی تنگ گلی میں میرا انتظار کرتے ہوتے اور دوڑ کر مجھے پکڑ لیتے ۔

لیکن چائے پینے میں ہم سب کو بڑا مزا آتا تھا ۔ شام کو ہم سب چار یا پانچ لڑکے، جو پانچ سات سال کی عمر کے تھے، دادا ابا کے بڑے کمرے میں جمع ہو جاتے ۔ کبھی کبھی ہم لوگ بلائے جاتے اور کبھی خود سے پہنچ جاتے ۔ دادا ابا آرام کرتے اور سوتے ہوتے اور ہم سب اپنی چھوٹی چھوٹی مٹھیوں سے اُن کے پاؤں پر مکیاں لگاتے ۔ تب غفور 'سماوار' جلاتا ۔ مجھے نہیں معلوم کہ کیوں اُس زمانے میں چائے تیار کرنے کے لئے سماوار اِستعمال کئے جاتے تھے ۔ غفور سماوار لاتا اور پاس رکھتا ۔ جب پانی سنسنانے لگتا تو دادا ابا اِس میں دار چینی اور الائچی ڈال دیتے تاکہ اُس میں خوشبو آجائے ۔ وے کسی دوسرے کو چائے نہ بنانے دیتے ۔ جب چائے تیار ہو رہی ہوتی، تو غفور چینی کے پیالے اور چمچے

मज्ज़ूब कहना चाहिये. यह वे लोग हैं जिन पर रूहानियत का एक ऐसा दौरा आता है, जिसके कारन उन पर एक ख़ास रंग छा जाता है. वे दुनिया से मुँह मोड़ लेते हैं. कहा जाता है कि दुनिया का कारख़ाना सूफ़ियों की बदौलत चल रहा है. हर सूफ़ी का एक ख़ास हल्क़ए असर होता है. यह लोग बेग़रज़ फ़क़ीर होते हैं और सूफ़ियाना ज़िन्दगी बसर करते हैं. कोई उनके रुतबे को नहीं जानता; लेकिन वह अपने असर वाले हल्के की देख भाल करते हैं. हम मामूली लोग उनको नहीं जान सकते. सिर्फ़ ऊँचे दर्जे के सूफ़ी उनको पहचान सकते हैं.

बहुत से ऐसे लोग हमारे घर आया करते थे, हालाँकि दादा कोई सूफ़ी नहीं थे. अलबत्ता वह सूफ़ियों और फ़क़ीरों की क़द्र बहुत किया करते थे. मगर उनके सूफ़ी दोस्त सब के सब कीमिया बनाने में बहुत दिलचस्पी लेते थे. वह अजीबो ग़रीब जड़ी बूटियों के ,नायाब नुस्ख़े रखते थे और साँपों वग़ैरह के बारे में उनको बड़ी जानकारी थी. मेरे दादा भी साँपों के बारे में बहुत कुछ जानते थे और उन्हें हाथ से पकड़ लेते थे.

बाज़ और दूसरी तरह के फ़क़ीर भी हमारे घर आया करते थे. उनमें एक चालीस बरस की उम्र का अंधा था. वह 'अंधा हाफ़िज़' के नाम से मशहूर था. वह हमेशा नंगा और गन्दगी में लुथड़ा हुआ रहता. उसकी दाढ़ी की तरह सर और जिस्म के बाल भी उलझे रहते. वह हमेशा हाथ में एक बड़ी लाठी लिये रहता और हमारे घर पर आम तौर पर रात को डोली में बैठकर आता. वह शायद ही कभी सोता और सारी रात, चाहे जाड़ा हो या गर्मी, इधर उधर घूमा करता था. लोग उसे बहुत पहुँचा हुआ फ़क़ीर समझते. असली मज्ज़ूब ! उनके ख़याल में उसे इल्मेग़ैब भी हासिल था. वह बहुत बचपने से मज्ज़ूब हो गया था और कहा जाता है कि उसने बहुत सी करामातें भी दिखाई थीं. वह कभी कोई ज़बानी बात न कहता. उसकी गुफ़्तगू सदा उलझी हुई होती थी. जब लोग उससे अपने मुसतक़बिल की बात पूछते या कोई ख़ास मुश्किल मामला समझना चाहते तो सवाल को अपने दिमाग़ में लेकर हाफ़िज़ जी के पास बैठ जाते और अक्सर उसकी उलझी हुई बात चीत और इशारों में अपने सवाल का जवाब पा लेते.

जंगे अज़ीम के ज़माने में अंधे हाफ़िज़ पर ग़ुस्से और ग़ज़ब की हालत तारी रहती और वह अपना डन्डा ज़मीन पर बार बार पटकता. जब तक वह घर में रहता किसी फ़िक्र में इधर उधर घूमता फिरता और एक घड़ी भर भी दम न लेता. लोग कहते कि वह जंग का सब हाल जानता है कि इस वक़्त कहाँ लड़ाई हो रही है, कौन जीत रहा है और कौन हार रहा है. मैं कभी नहीं भूल सकता कि वह अपनी ही गन्दगी में लुथड़ा हुआ फ़र्श पर पड़ा रहता

مجذوب کہنا چاہئے ۔ یہ وے لوگ ہیں' جن پر روحانیت کا ایک ایسا دورہ آتا ہے' جس کے کارن اُن پر ایک خاص رنگ چھا جاتا ہے ۔ وے دنیا سے منھ موڑ لیتے ہیں ۔ کہا جاتا ہے کہ دنیا کا کارخانہ صوفیوں کی بدولت چل رہا ہے ۔ ہر صوفی کا ایک خاص حلقۂ اثر ہوتا ہے ۔ یہ لوگ بےغرض فقیر ہوتے ہیں اور صوفیانہ زندگی بسر کرتے ہیں ۔ کوئی ان کے رتبہ کو نہیں جانتا؛ لیکن وہ اپنے اثر والے حلقہ کی دیکھ بھال کرتے ہیں ۔ ہم معمولی لوگ اُن کو نہیں جان سکتے ۔ صرف اُونچے درجے کے صوفی اُن کو پہچان سکتے ہیں ۔

بہت سے ایسے لوگ ہمارے گھر آیا کرتے تھے' حالانکہ دادا کوئی صوفی نہیں تھے ۔ البتہ وہ صوفیوں اور فقیروں کی قدر بہت کیا کرتے تھے مگر اُن کے صوفی دوست سب کے سب کیمیا بنانے میں بہت دلچسپی لیتے تھے ۔ وہ عجیب و غریب جڑی بوٹیوں کے نایاب نسخے رکھتے تھے اور سانپوں وغیرہ کے بارے میں اُن کو بڑی جانکاری تھی ۔ میرے دادا بھی سانپوں کے بارے میں بہت کچھ جانتے تھے اور اُنھیں ہاتھ سے پکڑ لیتے تھے ۔

بعض اور دوسری طرح کے فقیر بھی ہمارے گھر آیا کرتے تھے ۔ اُن میں ایک چالیس برس کی عمر کا اندھا تھا ۔ وہ اندھا حافظ کے نام سے مشہور تھا ۔ وہ ہمیشہ ننگا اور گندگی میں لتھڑا ہوا رہتا ۔ اُس کی داڑھی کی طرح سر اور جسم کے بال بھی الجھے رہتے ۔ وہ ہمیشہ ہاتھ میں ایک بڑی لاٹھی لئے رہتا اور ہمارے گھر پر عام طور پر رات کو ڈولی میں بیٹھ کر آتا ۔ وہ شاید ہی کبھی سوتا اور ساری رات' چاہے جاڑا ہو یا گرمی' اِدھر اُدھر گھوما کرتا تھا ۔ لوگ اُسے بہت پہنچا ہوا فقیر سمجھتے ۔ اصلی مجذوب ! اُن کے خیال میں اُسے علمِ غیب بھی حاصل تھا ۔ وہ بہت بچپنے سے مجذوب ہو گیا تھا اور کہا جاتا ہے کہ اُس نے بہت سی کرامتیں بھی دکھائی تھیں ۔ وہ کبھی کوئی زبانی بات نہ کہتا ۔ اُس کی گفتگو سدا اُلجھی ہوئی ہوتی تھی ۔ جب لوگ اُس سے اپنے مستقبل کی بات پوچھتے یا کوئی خاص مشکل معاملہ سمجھنا چاہتے تو سوال کو اپنے دماغ میں لے کر حافظ جی کے پاس بیٹھ جاتے اور اکثر اُس کی اُلجھی ہوئی بات چیت اور اشاروں میں اپنے سوال کا جواب پا لیتے ۔

جنگ عظیم کے زمانے میں اندھے حافظ پر غصہ اور غضب کی حالت طاری رہتی اور وہ اپنا ڈنڈا زمین پر بار بار پٹکتا ۔ جب تک وہ گھر میں رہتا کسی فکر میں اِدھر اُدھر گھومتا پھرتا اور ایک گھڑی بھر بھی دم نہ لیتا ۔ لوگ کہتے کہ وہ جنگ کا سب حال جانتا ہے کہ اِس وقت کہاں لڑائی ہو رہی ہے' کون جیت رہا ہے اور کون ہار رہا ہے ۔ میں کبھی نہیں بھول سکتا کہ وہ اپنی ہی گندگی میں لتھڑا ہوا فرش پر پڑا رہتا

में कभी कामयाबी नहीं हुई, अलबत्ता माँ से मुझे मालूम हुआ था कि मेरे नाना, जो मेरे दादा के चचेरे भाई थे, एक मर्तबा कामयाब हो गये थे. किसी फ़क़ीर ने उन्हें एक शीशी में कोई चीज़ दी थी, जिसके ज़रिये उन्होंने एक ताँबे के पैसे को सोने में बदल दिया था और जिससे मेरी माँ के लिये सोने की बालियाँ बना ली गई थीं. इसके बाद उन्होंने इसको सन्दूक़ में बंद करके रख दिया. लेकिन उनके दोस्त क़लन्दर शाह सूफ़ी को जब यह मालूम हुआ कि मेरे नाना के हाथ कीमिया लग गई है, तो उन्होंने इसको बरबाद करने का हुक्म दिया; क्योंकि इससे आदमी लालची हो जाता है और उसका दिल ख़ुदा और सूफ़ियों की तरफ़ से फिर जाता है. मेरी माँ को, जो इस वक़्त बहुत छोटी थीं, इस नायाब चीज़ के बरबाद हो जाने का बड़ा दुख हुआ, जो ताँबे को सोने में बदल देती थी—लेकिन मेरे नाना, जो एक सूफ़ी बुज़ुर्ग थे और क़लन्दरशाह से मोहब्बत करते थे, आपस के ताल्लुक़ात को बिगाड़ना न चाहते थे और उन्होंने क़लन्दर शाह की दिलशिकनी के डर से दौलत की कुञ्जी को बरबाद कर दिया—दोस्ती के ख़ातिर कौन अपनी दौलत के एक हिस्से की भी क़ुरबानी गवारा करेगा और फिर आजकल ?

मुझे अपने दादा के एक दोस्त ख़ूब याद हैं. उनका नाम नादिरशाह था. वे फ़क़ीर थे. हमेशा एक काला कम्बल लपेटे रहा करते थे. वे बूढ़े थे मगर शानदार. जब कभी हम उनकी मौजूदगी में घर से बाहर निकलते, तो वे हमारे सर पर हाथ फेरते और हमको आशीर्वाद और दुआ देते. वे दादा के सब से ज्यादा गहरे दोस्त थे, उनकी ख़ातिर दादा अब्बा बहुत कुछ कर डालते. जब कभी किसी परेशानी में फँसे होते तो फ़ौरन नादिरशाह को बुलाते. उन्होंने मुझको कुछ तावीज़ दिये थे, जो दस ग्यारह बरस की उम्र में चाँदी के खोल में सिले हुए मेरे गले में पड़े रहते.

दादा के एक और कीमियागर दोस्त थे. लेकिन मैं उनसे घबराता था क्योंकि वे मुझे दोबारा ख़तना का डर दिलाकर धमकाते थे. हालाँकि यह सब मज़ाक ही मज़ाक़ था, लेकिन मैं सहम जाता था. एक दिन उन्होंने मेरा कान काट खाया. वे एक लड़के की कहानी सुना रहे थे, जिसने अपने बाप के दोस्त की तरफ़ से बेपरवाही बरती थी. उन बुज़ुर्ग ने उस वक़्त तो कुछ न कहा, लेकिन एक दिन लड़के को बुलाया और उसके कान में कुछ कहने के बहाने से झुककर उसके कान की लौ काट ली. उन्होंने वाक़िआ बताते बताते मेरा कान भी काट खाया. मैं सोचता हूँ कि कहीं मैंने तो कभी जानते हुए उनकी तरफ़ से बेपरवाही नहीं बरती थी.

इसी तरह और बहुत से लोग अक्सर मेरे दादा से मिलने आया करते थे—बहुत से गम्भीर और पागल क़िस्म के लोग. लेकिन इनको पागल कहना हिमाक़त होगी. उनको

میں کبھی کامیابی نہیں ہوئی، البتہ ماں سے مجھے معلوم ہوا تھا کہ میرے نانا، جو میرے دادا کے چچیرے بھائی تھے، ایک مرتبہ کامیاب ہو گئے تھے۔ کسی فقیر نے انہیں ایک شیشی میں کوئی چیز دی تھی، جس کے ذریعے انہوں نے ایک تانبے کے پیسے کو سونے میں بدل دیا تھا اور جس سے میری ماں کے لئے سونے کی بالیاں بنا لی گئی تھیں۔ اس کے بعد انہوں نے اس کو صندوق میں بند کر کے رکھ دیا۔ لیکن ان کے دوست قلندر شاہ صوفی کو جب یہ معلوم ہوا کہ میرے نانا کے ہاتھ کیمیا لگ گئی ہے، تو انہوں نے اس کو برباد کرنے کا حکم دیا؛ کیونکہ اس سے آدمی لالچی ہو جاتا ہے اور اس کا دل خدا اور صوفیوں کی طرف سے پھر جاتا ہے۔ میری ماں کو، جو اس وقت بہت چھوٹی تھیں، اس نایاب چیز کے برباد ہوجانے کا بڑا دکھ ہوا، جو تانبے کو سونے میں بدل دیتی تھی—لیکن میرے نانا جو ایک صوفی بزرگ تھے اور قلندر شاہ سے محبت کرتے تھے، آپس کے تعلقات کو بگاڑنا نہ چاہتے تھے اور انہوں نے قلندر شاہ کی دل شکنی کے ڈر سے دولت کی کنجی کو برباد کر دیا۔ دوستی کے خاطر کون اپنی دولت کے ایک حصہ کی بھی قربانی گوارا کرے گا اور پھر آجکل ؟

مجھے اپنے دادا کے ایک دوست خوب یاد ہیں۔ ان کا نام نادرشاہ تھا۔ وے فقیر تھے۔ ہمیشہ ایک کالا کمبل اوڑھے رہا کرتے تھے۔ وے بوڑھے تھے مگر شاندار۔ جب کبھی ہم ان کی موجودگی میں گھر سے باہر نکلتے، تو وے ہمارے سر پر ہاتھ پھیرتے اور ہم کو آشیرواد اور دعا دیتے۔ وے دادا کے سب سے زیادہ گہرے دوست تھے۔ ان کی خاطر دادا ابا بہت کچھ کر ڈالتے۔ جب کبھی کسی پریشانی میں پھنسے ہوتے تو فوراً نادرشاہ کو بلاتے۔ انہوں نے مجھکو کچھ تعویز دیئے تھے، جو دس گیارہ برس کی عمر میں چاندی کے خول میں سلے ہوئے میرے گلے میں پڑے رہتے۔

دادا کے ایک اور کیمیا گر دوست تھے۔ لیکن میں ان سے گھبراتا تھا، کیونکہ وے مجھے دوبارہ ختنہ کا ڈر دلا کر دھمکاتے تھے۔ حالانکہ یہ سب مذاق ہی مذاق تھا، لیکن میں سہم جاتا تھا۔ ایک دن انہوں نے میرا کان کاٹ کھایا۔ وے ایک لڑکے کی کہانی سنا رہے تھے، جس نے اپنے باپ کے دوست کی طرف سے بےپرواہی برتی تھی۔ ان بزرگ نے اس وقت تو کچھ نہ کہا، لیکن ایک دن لڑکے کو بلایا اور اس کے کان میں کچھ کہنے کے بہانے سے جھک کر اس کے کان کی لو کاٹ لی۔ انہوں نے واقعہ بتاتے بتاتے میرا کان بھی کاٹ کھایا۔ میں سوچتا ہوں کہ کہیں میں نے تو کبھی جانتے ہوئے ان کی طرف سے بےپرواہی نہیں برتی تھی۔

اسی طرح اور بہت سے لوگ اکثر میرے دادا سے ملنے آیا کرتے تھے—بہت سے گمبھیر اور پاگل قسم کے لوگ۔ لیکن ان کو پاگل کہنا حماقت ہوگی۔ ان کو

बालों के लच्छे थे. वे इस सफ़ाई से कटे हुए होते थे कि उनका किनारा एक तलवार की तेज़ धार की तरह मालूम होती थी. वे एक ताक़तवर .फौजी की तरह तनकर एक सीध चलते थे और उनकी हल्के रंग की कामदार टोपी उनके सर पर ज़रा आड़ी रखी रहती थी. उनकी निगाहों और आवाज़ में बड़ा रोब और दबदबा था.

गर्मियों के ज़माने में वे हमेशा तनज़ेब का अँगरखा पहनते थे, जो इस तरह बना होता था कि एक तरफ़ का सीना खुला रहता था. (उस ज़माने में नीचे दूसरा कपड़ा पहनने का रिवाज न था.) जाड़े में वे जामेदार का अँगरखा पहनते थे, जिसमें आम तौर पर स्याह ज़मीन पर सफ़ेद सादे फूल बने होते थे. वे चुस्त मोहरी का चूड़ीदार पाजामा पहनते, पैरों में धुंधले शोख रंग का जूता होता, जिसपर सुनहरे काम का एक फूल बना होता और जिसकी नोक ऊपर को मुड़ी होती. इस पर जब वे अँगरखा पहन कर खड़े होते तो बेहद शानदार मालूम होते, कभी-कभी जाड़ों में वे साफ़ा बाँधते थे, जिसके पेंच बहुत कसे हुए होते थे और उनकी एक भौं को ढक लेते थे. इससे वे चुस्त तो बहुत मालूम होते, लेकिन ख़ौफ़नाक से हो जाते.

वह जनानख़ाने में सिवाय खाने के वक्त के बहुत कम आते थे. वे अपनी चाय ख़ुद बनाया करते थे. जब कभी वे घर में आते तो अपने आने की ख़बर देने के लिये ज़ोर से खखारते ताकि औरतों में अचानक न पहुँच जायें. उनकी आवाज़ सुनते ही बालिग़ लड़कियाँ, बहुएँ और दूसरी बीबियाँ अपने डुपट्टे सम्भालकर सरों को ढक लेतीं और अदब से बैठ जातीं. बच्चे ख़ामोश होकर भाग जाते. उनकी चाल में तो रानाई हमेशा से थी, यहाँ तक कि 76 बरस की उम्र में उन पर लक़वा गिरा; इसके बाद से वे बराबर बिस्तर पर पड़े रहते. या तो किसी से बातें किया करते या अकेले ग़म खाया करते; लेकिन उनकी निगाहों और आवाज़ में अब भी वही रोब दाब था. उनके शौक़ कीमिया, मछली का शिकार, पुराने चीनी के बरतनों का भंडार जमा करना, दवायें तैयार करना वग़ैरा थे. हर तरह के फ़क़ीर और सूफ़ी उनके पास आया करते और घन्टों उनसे नायाब जड़ी बूटियों के मुताल्लिक़ बातें किया करते. मकान का मरदाना हिस्सा पौधों से भरा हुआ था और उनमें छोटे बड़े अजीब-अजीब पत्तियों के काँटेदार पौधे थे, जो एक कीमियागर के साज़ और सामान का हिस्सा होते हैं. अलमारियों में बहुत से पत्थर, हर क़िस्म की दवायें, ख़ुश्क जड़ी बूटियाँ और फूल भरे हुए थे.

दादा अब्बा अपने बिस्तर पर पड़े-पड़े भी तजुर्बा किया करते और हमेशा नये नुस्ख़े की तलाश में रहते, रोज़ शाम को नौकर जामा मस्जिद जाया करता और नई बूटियाँ लाता. लेकिन जहाँतक मुझको याद है, उनको सोना बनाने

بالوں کے لچھے تھے . وہ اِس عمدگی سے کٹے ہوئے ہوتے تھے کہ اُن کا کنارہ ایک تلوار کی تیز باڑھ کی طرح معلوم ہوتی تھی . وہ ایک طاقتور فوجی کی طرح تن کر ایک سیدھ میں چلتے تھے اور اُن کی ہلکے رنگ کی کامدار ٹوپی اُن کے سرپر ذرا آڑی رکھی رہتی تھی . اُن کی نگاہوں اور آواز میں بڑا رعب اور دبدبہ تھا .

گرمیوں کے زمانے میں وہ ہمیشہ تنزیب کا انگرکھا پہنتے تھے، جو اِس طرح بنا ہوتا تھا کہ ایک طرف کا سینہ کھلا رہتا تھا . (اُس زمانے میں نیچے دوسرا کپڑا پہننے کا رواج نہ تھا) . جاڑے میں وہ جامہ دار کا انگرکھا پہنتے تھے، جس میں عام طور پر سیاہ زمین پر سفید سادے پھول بنے ہوتے تھے . وہ چست موہری کا چوڑیدار پاجامہ پہنتے، پیروں میں دھندلے شوخ رنگ کا جوتا ہوتا، جس پر سنہرے کام کا ایک پھول بنا ہوتا اور جس کی نوک اوپر کو مڑی ہوتی . اِس پر جب وہ انگرکھا پہن کر کھڑے ہوتے، تو بےحد شاندار معلوم ہوتے، کبھی کبھی جاڑوں میں وہ صافہ باندھتے تھے، جس کے پیچ بہت کسے ہوتے تھے اور اُن کی ایک بھوں کو ڈھک لیتے تھے . اِس سے وہ چست تو بہت معلوم ہوتے، لیکن خوفناک سے ہو جاتے .

وہ زنانخانہ میں سوائے کھانے کے وقت کے بہت کم آتے تھے . وہ اپنی چائے خود بنایا کرتے تھے . جب کبھی وہ گھر میں آتے، تو اپنے آنے کی خبر دینے کے لئے زور سے کھکھارتے، تاکہ عورتوں میں اچانک نہ پہنچ جائیں . اُن کی آواز سنتے ہی بالغ لڑکیاں، بہوئیں اور دوسری بیبیاں اپنے دوپٹے سنبھال کر سروں کو ڈھک لیتیں اور ادب سے بیٹھ جاتیں . بچے خاموش ہو کر بھاگ جاتے . اُن کی چال میں تو رعنائی ہمیشہ سے تھی، یہاں تک کہ 76 برس کی عمر میں اُن پر لقوہ گرا، اِس کے بعد سے وہ برابر بستر پر پڑے رہتے . یا تو کسی سے باتیں کیا کرتے یا اکیلے غم کھایا کرتے؛ لیکن اُن کی نگاہوں اور آواز میں اب بھی وہی رعب داب تھا . اُن کے شوق، کیمیا، مچھلی کا شکار، پرانے چینی کے برتنوں کا بھنڈار جمع کرنا، دوائیں تیار کرنا وغیرہ تھے . ہر طرح کے فقیر اور صوفی اُن کے پاس آیا کرتے تھے اور گھنٹوں اُن سے نایاب جڑی بوٹیوں کے متعلق باتیں کیا کرتے . مکان کا مردانہ حصہ پودوں سے بھرا ہوا تھا اور اِن میں چھوٹے بڑے عجیب عجیب پتیوں کے کانٹے دار پودے تھے، جو ایک کیمیاگر کے ساز اور سامان کا حصہ ہوتے ہیں . الماریوں میں بہت سے پتھر، ہر قسم کی دوائیں، خشک جڑی بوٹیاں اور پھول بھرے ہوئے تھے .

دادا ابا اپنے بستر پر پڑے پڑے بھی تجربہ کیا کرتے اور ہمیشہ نئے نسخے کی تلاش میں رہتے، روز شام کو نوکر جامع مسجد جایا کرتا اور نئی بوٹیاں لاتا . لیکن جہاں تک مجھکو یاد ہے، اُن کو سونا بنانے

मेरे बचपन की सब से ज़्यादा जीती जागती तस्वीर मेरे दादा की याद है. वे एक बड़ी भारी उम्र के बुज़ुर्ग थे और उन लोगों में से थे जो अब क़रीब क़रीब नायाब हैं. बर्तानिवी साम्राज के दौर दौरे और आमदनी और खर्च के पूँजीवादी तरीक़ों के शुरू होने के साथ ही जागीरदारी ज़माने के इस तरह के लोग अब बहुत कम नज़र आते हैं. कभी-कभी देहली या लखनऊ जैसे शहर की किसी तंग गली में हमें ऐसे दो-चार लोग दिखाई दे जाते हैं. वे अपने आस पास की चीज़ से मुँह मोड़ लेते हैं और मग़रिबी तहज़ीब और ख़याल को मंज़ूर करने से परहेज़ करते हैं. सड़कों पर चलते हुए शायद उनको ख़ुद झेंप मालूम होती है. वह अपने को कुछ बीते हुए ज़माने का महसूस करते हैं. ग़ालिबन वह तहज़ीब के इस नये दौर को पसन्द नहीं करते, जो उनपर लाद दिया गया है. लेकिन फिर भी वे अपना सर ऊँचा रखते हैं, शायद यह सोचकर कि वे भी कभी कुछ थे और उनकी आँखों ने भी बहुत कुछ देखा है. इन्होंने अभी अपने लिबास को नहीं छोड़ा है और अब भी मलमल का अँगरखा और पुराने तर्ज़ के सुर्ख़ रंग के जूते पहने नज़र आते हैं. उनकी दाढ़ियाँ बनी सँवरी और चढ़ी हुई होती हैं, या बड़ी शान से सीनों पर गिरी रहती हैं. उनकी दाढ़ियाँ मौलवियों की उन दाढ़ियों से जुदा होती हैं, जो गंदी और उलझी हुई होती हैं और जिनमें कोई ख़ूबसूरती और शान नहीं होती. पुराने शरीफ़ों की दाढ़ी में एक शान होती थी. वे पट्टे रखते थे, उनमें तेल लगाकर कंघी से सँवारते थे और बीच से माँग निकालते थे. देहली में वे कड़ी दीवार की गोल कामदार टोपियाँ पहनते और लखनऊ में सफ़ेद चिकन की छोटी-छोटी टोपियाँ, जो उनके सर पर बीचो बीच बड़ी सफ़ाई से रखी रहतीं.

लखनऊ वालों की आदत और तर्ज़ तरीक़े में कुछ ज़नानापन पाया जाता. उनकी चाल ढाल में एक ज़नाना लोच होता, जैसा पुराने ज़माने की मोहज़्ज़िब तवाइफ़ों में पाया जाता था. जब वे सलाम करते, तो उनकी पतली कमर बल खा जाती, उनके हाथों में एक नाचने वाली की सी अदा आजाती. ऐसा मालूम होता है कि ऊपर गर्दन के ख़म और नीचे हाथों की अदा को मिलाकर वे हवा में एक मेहराब बना रहे हैं. इसके बरख़िलाफ़ देहली के लोगों में मरदानगी ज़्यादा है. मैं यहाँ पुराने शरीफ़ों का ज़िक्र कर रहा हूँ.

मेरे दादा का क़द छै फ़ुट दो इंच था. वह बड़े डील डौल के थे और उनकी रोबदार शख़्सियत थी. उनकी दाढ़ी सफ़ेद थी और बीच में से इधर-उधर चढ़ी रहती थी. उनका सर गंजा था, मगर चारों तरफ़ सफ़ेद और नरम

میرے بچپن کی سب سے زیادہ جیتی جاگتی تصویر میرے دادا کی یاد ہے۔ وہ ایک بڑی بھاری عمر کے بزرگ تھے اور اُن لوگوں میں سے تھے، جو اب قریب قریب نایاب ہیں۔ برطانوی سامراج کے دور دورے اور آمدنی اور خرچ کے پونجی وادی طریقوں کے شروع ہونے کے ساتھ ہی جاگیرداری زمانے کے اِس طرح کے لوگ اب بہت کم نظر آتے ہیں۔ کبھی کبھی دہلی یا لکھنؤ جیسے شہر کی کسی تنگ گلی میں ہمیں ایسے دو چار لوگ دکھائی دے جاتے ہیں۔ وہ اپنے آس پاس کی چیز سے منھ موڑ لیتے ہیں اور مغربی تہذیب اور خیال کو منظور کرنے سے پرہیز کرتے ہیں۔ سڑکوں پر چلتے ہوئے شاید اُن کو خود جھینپ معلوم ہوتی ہے۔ وہ اپنے کو کچھ بیتے ہوئے زمانے کا محسوس کرتے ہیں۔ غالباً وہ تہذیب کے اِس نئے دور کو پسند نہیں کرتے، جو ان پر لاد دیا گیا ہے۔ لیکن پھر بھی وہ اپنا سر اونچا رکھتے ہیں، شاید یہ سوچ کر کہ وہ بھی کبھی کچھ تھے اور اِن کی آنکھوں نے بھی بہت کچھ دیکھا ہے۔ اِنہوں نے ابھی اپنے لباس کو نہیں چھوڑا ہے اور اب بھی ململ کا انگرکھا اور پرانے طرز کے سرخ رنگ کے جوتے پہنے نظر آتے ہیں۔ اُن کی داڑھیاں بنی سنوری اور چڑھی ہوئی ہوتی ہیں، یا بڑی شان سے سینوں پر گری رہتی ہیں۔ اُن کی داڑھیاں مولویوں کی اُن داڑھیوں سے جدا ہوتی ہیں، جو گندی اور اُلجھی ہوئی ہوتی ہیں اور جن میں کوئی خوبصورتی اور شان نہیں ہوتی۔ پرانے شریفوں کی داڑھی میں ایک شان ہوتی تھی۔ وہ پٹے رکھتے تھے، اُن میں تیل لگا کر کنگھی سے سنوارتے تھے اور بیچ سے مانگ نکالتے تھے۔ دہلی میں وہ کڑی دیوار کی گول کامدار ٹوپیاں پہنتے اور لکھنؤ میں سفید چکن کی چھوٹی چھوٹی ٹوپیاں، جو اُن کے سر پر بیچوں بیچ بڑی صفائی سے رکھی رہتیں۔

لکھنؤ والوں کی عادت اور طرز طریقے میں کچھ زنانہ پن پایا جاتا۔ اُن کی چال ڈھال میں ایک زنانہ لوچ ہوتا، جیسا پرانے زمانے کی مہذب طوائفوں میں پایا جاتا تھا۔ جب وہ سلام کرتے، تو ان کی پتلی کمر بل کھا جاتی، اُن کے ہاتھوں میں ایک ناچنے والی کی سی ادا آجاتی۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اوپر گردن کے خم اور نیچے ہاتھوں کی ادا کو ملا کر وہ ہوا میں ایک محراب بنا رہے ہیں۔ اِس کے برخلاف دہلی کے لوگوں میں مردانگی زیادہ ہے۔ میں یہاں کے پرانے شریفوں کا ذکر کر رہا ہوں

میرے دادا کا قد چھ فٹ دو انچ تھا۔ وہ بڑے ڈیل ڈول کے تھے اور اُن کی رعب دار شخصیت تھی۔ اُن کی داڑھی سفید تھی اور بیچ میں سے اِدھر اُدھر چڑھی رہتی تھی۔ اُن کا سر گنجا تھا، مگر چاروں طرف سفید اور نرم

मेरे दादा अब्बा

[सन् 1857 के ज़माने के लोगों का एक ख़ाका]

प्रोफ़ेसर अहमद अली एम. ए.

ज़िन्दगी एक दरिया की तरह बहती है और उसके बहाव को कोई नहीं रोक सकता. जब हम ज़िन्दगी के एक ख़ास दौर से गुज़रते हैं, तो उसके बहाव को देख नहीं सकते, क्योंकि हम ख़ुद उसकी रौ में बहते होते हैं, उसके भँवर में फँसे हुए खिंचे-खिंचे चले जाते हैं और हमको ज़िन्दगी का यह बहाव महसूस तक नहीं होता. दरख़्त हवा में झूमते हैं. उनकी नाचती हुई परछाँइयाँ सतह पर अपना अक्स डालती हैं और उनकी पत्तियाँ सर धुनती दिखाई देती है. जीवन की सतह पर हमारी मिसाल भी इन्हीं थरथराती हुई परछाइयों की तरह है—मगर दरिया बहता जाता है, हमारी परछाइयों से लापरवाह और पत्तियों के नाच की तरफ़ बग़ैर रुख़ किये.

कभी-कभी हमें यह ख़्याल आता है कि हम क्या हैं और क्या हो सकते थे, लेकिन जब तूफ़ान सर से गुज़र जाता है, तब हम अपनी नज़र उसपर जमा सकते हैं. उसी वक़्त हम ख़्यालों से आज़ाद होकर उसकी तफ़सीली जाँच कर सकते हैं.

ज़िन्दगी एक झूमता हुआ दरख़्त है, जिसकी तस्वीर कोई कैमरा नहीं उतार सकता. हम तो सिर्फ़ उसकी ज़िन्दगी ही महसूस कर सकते है. उसके लुभावने नाच से लुत्फ़ उठा सकते हैं.

गुज़र जाने के बाद ही हम चीज़ों की कल्पना और उनकी जाँच कर सकते हैं. उनकी ख़ूबसूरती को जान सकते हैं. उसकी ज़बरदस्त गहराई को महसूस कर सकते हैं.

याददाश्त में तूफ़ान की याद नहीं रहती. राजनैतिक उथल पुथल का निशान तक नहीं होता और हम पर आज-कल जो गुज़र रही है, उसकी याद हम से बहुत दूर होती है. खाने कमाने के लिये कशमकश, इनसानियत का शानदार जीवन-संग्राम और अपनी हालत की बहतरी और हक़ के लिये जंग, हमारी याददाश्त से सब बहुत दूर होते हैं. याद दिल के सारे ज़ख़्मों को भर देती है. सब मत भेद मिट जाते हैं क्योंकि याद, जो थके हुए दिलों को लोरियाँ देकर सुला देती है, इन्साफ़ का अज़ीज़ है.

میرے دادا ابا

[سن 1857 کے زمانے کے لوگوں کا ایک خاکہ]

پروفیسر احمد علی، ایم اے۔

زندگی ایک دریا کی طرح بہتی ہے اور اس کے بہاؤ کو کوئی نہیں روک سکتا۔ جب ہم زندگی کے ایک خاص دور سے گزرتے ہیں، تو اُس کے بہاؤ کو دیکھ نہیں سکتے، کیونکہ ہم خود اس کی رو میں بہتے ہوتے ہیں، اُس کے بھنور میں پھنسے ہوئے کھنچے کھنچے چلے جاتے ہیں اور ہم کو زندگی کا یہ بہاؤ محسوس تک نہیں ہوتا۔ درخت ہوا میں جھومتے ہیں۔ اُن کی ناچتی ہوئی پرچھائیاں سطح پر اپنا عکس ڈالتی ہیں اور اُن کی پتیاں سر دھنتی ہوئی دکھائی دیتی ہیں۔ جیون کی سطح پر ہماری مثال بھی انہیں تھرتھراتی ہوئی پرچھائیوں کی طرح ہے—مگر دریا بہتا جاتا ہے، ہماری پرچھائیوں سے لاپرواہ اور پتیوں کے ناچ کی طرف بغیر رخ کئے۔

کبھی کبھی ہمیں یہ خیال آتا ہے کہ ہم کیا ہیں اور کیا ہو سکتے تھے، لیکن جب طوفان سر سے گزر جاتا ہے، تب ہم اپنی نظر اُس پر جما سکتے ہیں۔ اُسی وقت، ہم خیالوں سے آزاد ہو کر اُس کی تفصیلی جانچ کر سکتے ہیں۔

زندگی ایک جھومتا ہوا درخت ہے، جس کی تصویر کوئی کیمرا نہیں اُتار سکتا۔ ہم تو صرف اُس کی زندگی ہی محسوس کر سکتے ہیں۔ اُس کے لبھاونے ناچ سے لطف اُٹھا سکتے ہیں۔

گزر جانے کے بعد ہی ہم چیزوں کی کلپنا اور اُن کی جانچ کر سکتے ہیں اُن کی خوبصورتی کو جان سکتے ہیں۔ اُس کی زبردست گہرائی کو محسوس کر سکتے ہیں۔

یادداشت میں طوفان کی یاد نہیں رہتی۔ راجنیتک اتھل پتھل کا نشان تک نہیں ہوتا اور ہم پر آجکل جو گزر رہی ہے، اُس کی یاد ہم سے بہت دور ہوتی ہے۔ کھانے کمانے کے لئے کشمکش، انسانیت کا شاندار جیون سنگرام اور اپنی حالت کی بہتری اور حق کے لئے جنگ، ہماری یادداشت سے سب بہت دور ہوتے ہیں۔ یاد دل کے سارے زخموں کو بھر دیتی ہے، سب مت بھید مٹ جاتے ہیں کیونکہ یاد، جو تھکے ہوئے دلوں کو لوریاں دے کر سلا دیتی ہے، انصاف کو عزیز ہے۔

❋ ❋ ❋ ❋ ❋ ❋

इफ़लास

डाक्टर असर मीनाई

कल सरे राह[१] ज़माने ने तमाशा देखा,
एक इन्सान को फ़ाक़ों से तड़पता देखा.

पेट तलवार की मानिन्द खिंचा पीठ तलक,
ऐसी तस्वीर कि था लर्ज़ा बरअन्दाम[२] फ़लक[३].

ज़िन्दगी कर्ब[४] से दम तोड़ रही थी ऐसे,
राहे उल्फ़त[५] में तड़पता हुआ बिस्मिल[६] जैसे.

ऐसी तस्वीर का हर शख़्स तमाशाई था,
मरता इन्सान भी ज़िन्दों का मगर भाई था.

मौत का था ये तक़ाज़ा[७] कि रगे जाँ[८] न रहे,
वहशी[९] ताने हुए तलवार कि इन्साँ न रहे.

बहरे इम्दाद[१०] कोई दस्ते हमैयत[११] न बढ़ा,
और बिस्मिल का उधर ख़ात्मा बिल्ख़ैर[१२] हुआ.

मेरे दिल पर वह असर था कि ज़ुबाँ थी ख़ामोश,
मुज़महिल[१३] हो गए आज़ा[१४] कि रहा कोई न होश.

कितने मुफ़लिस[१५] यों ही रोज़ाना गुज़र जाते हैं,
यानी इफ़लास[१६] से बेमौत ही मर जाते हैं.

कशमकशहाए[१७] जुनूँ चाहिये जीने के लिये,
एक तूफ़ान है दरकार[१८] सफ़ीने[१९] के लिये.

वो जुनूँ खेज़िये[२०] पैहम[२१] जो सलासिल[२२] तोड़े,
मौजे तूफ़ान है जो सीनए साहिल[२३] तोड़े.

अक़्ल बेदार[२४] है इन्सान समझदार है आज
अपने बस में है 'असर' ऐसी तबाही का इलाज

افلاس

ڈاکٹر اثر مینائی

کل سر راہ زمانے نے تماشا دیکھا،
ایک اِنسان کو فاقوں سے تڑپتا دیکھا۔

پیٹ تلوار کی مانند کھنچا پیٹھ تلک،
ایسی تصویر کہ تھا لرزہ براندام فلک۔

زندگی کرب سے دم توڑ رہی تھی ایسے،
راہ اُلفت میں تڑپتا ہوا بسمل جیسے۔

ایسی تصویر کا ہر شخص تماشائی تھا،
مرتا اِنسان بھی زندوں کا مگر بھائی تھا۔

موت کا تھا یہ تقاضا کہ رگ جاں نہ رہے،
وحشی تانے ہوئے تلوار کہ اِنساں نہ رہے۔

بہر اِمداد کوئی دست حمیت نہ بڑھا،
اور بسمل کا اُدھر خاتمہ بالخیر ہوا۔

میرے دل پر وہ اثر تھا کہ زباں تھی خاموش،
مضمحل ہو گئے اعضا کہ رہا کوئی نہ ہوش۔

کتنے مفلس یونہی روزانہ گذر جاتے ہیں،
یعنی اِفلاس سے بےموت ہی مر جاتے ہیں۔

کشمکشہائے جنوں چاہئے جینے کے لئے،
ایک طوفان ہے درکار سفینے کے لئے۔

وہ جنوں خیزئی پیہم جو سلاسل توڑے،
موج طوفان ہے جو سینۂ ساحل توڑے۔

عقل بیدار ہے اِنسان سمجھدار ہے آج
اپنے بس میں ہے 'اثر' ایسی تباہی کا علاج

१—मार्ग में, २—थर्राया हुआ, ३—आकाश, ४—बेचैनी, ५—प्रेम, ६—घायल, ७ तगादा, ८—प्राण की नस, ९—जङ्गली, १०—सहायता के लिये, ११—सहायता का हाथ, १२—मृत्यु, १३—ढीले, १४—अंग, १५—निर्धन, १६—निर्धनता, १७—खींच तान, १८—आवश्यकता, १९—बेड़ा, २०—पागलपन, २१—लगातार, २२—बंधन, २३—तट २४—जाग्रत.

यह वह पृष्ठ भूमि थी जिसपर सन् 1857 की आ.जादी ो क्रान्ति का सिरजन हुआ. एक भोजपुरी कवि इसकी स्वीर खींचता हुआ कहता है:—

बड़ा अकाल रोग देखवा मा बाटे,
बिपता के बादल गड़गड़ बोले।
दुखवा के नदिया अगम जल पनिया,
जुलुम के हउवा सन् सन् डोले।

और तब यह ग्रामकवि साहस बटोरकर पेशीनगोई रता है कि.—

अब तोर नइया न बचिहे बिदेसिया,
'राम नाम सत' अब नदिया में होले।

आज जब हम सन् 1857 की आ.जादी की लड़ाई का साला जश्न, शताब्दी समारोह, मना रहे हैं तो वह ीनगोई कितना सच बनी हुई है.

[इस लेख के लिखने में हमें भाई प्रकाश चन्द्र जी गुप्त, मिठाई लाल जायसवाल, श्री सुरेश सिंह, श्री वचनेश र श्रीमती सुशीला देवी आदि से अनमोल सहायता मिली —लेखक]

ग़ुलामी के साथ मानवता की मित्रता

श्री अब्दुलहलीम अन्सारी

आजादी आगई, आजादी आने के मानी .ग़ुलामी चली गई. लेकिन मालूम ऐसा होता है कि .ग़ुलामी के साथ मानवता भी गई. क्या .ग़ुलामी ऐसी ही अच्छी चीज़ थी कि मानवता जैसी शुद्ध और सुन्दर चीज़ को वह अपने साथ ले जाये या मानवता .ख़ुद उसके साथ हो गई केवल उसकी अच्छाई, के कारण—होगी उसमें जरूर कोई .ख़ूबी और अच्छाई वरना मानवता को तो आज़ादी का ही साथदेना चाहिये था.बिना मानवता के आज़ादी कैसी सूनी सूनी और बेरौनक़ सी है ! कितना भयानकपन है उसके वातावरन में !

मानवता ने अपने असर से .ग़ुलामी को इन्सानियत के क़ालिब में ढाला था. तहज़ीब का जामा पहनाया था. जब .ग़ुलामी मानवता,के रङ्ग रूप में अच्छी तरह ढल गई तो इसने उससे दोस्ती गाँठी. इसकी दोस्ती भी दो सौ बरस पुरानी और तारीख़ी दोस्ती थी. इस पुरानी दोस्ती के नाते यह उसके साथ हो ली. दोस्ती का हक़ भी अदा किया और मशरक़ी रवादारी को भी निभाया. हम ऐसा ख़याल भी नहीं कर सकते थे मगर यह एक नये प्रकार का अनुभव जो हम को हुआ है उसकी बिना पर कोई शक और शंका की गुन्जाइश नहीं रह जाती है अब.

یہ وہ پرشٹھ بھومی تھی جس پر سن 1857 کی آزادی کی کرانتی کا سرجن ہوا ۔ ایک بھوجپوری کوی اِس کی تصویر کھینچتا ہوا کہتا ہے :—

بڑا اکال روگ دیکھوا ما باٹے
بپتا کے بادل گڑ گڑ بولے !
دکھوا کے ندیا اگم جل پنیا
جلم کے ہووا سن سن ڈولے !

اور تب یہ گرام کوی ساہس بٹور کر پیشینگوئی کرتا ہے کہ :—

اب تور نیا نہ بچیہے بدیسیا
'رام نام ست' اب ندیا میں ہولے !

آج جب ہم سن 1857 کی آزادی کی لڑائی کا سوسالہ جشن، شتابدی سماروہ منا رہے ہیں تو وہ پیشینگوئی سچ بنی ہوئی ہے ۔

[اس لیکھ کے لکھنے میں ہمیں بھائی پرکاش چندر جی گپت شری مٹھائی لال جیسوال، شری سریش سنگھ، شری وچنیش شریمتی سوشیلا دیوی آدی سے انمول سہایتا ملی —لیکھک]

غلامی کے ساتھ مانوتا کی متر تا

شری عبدالحلیم انصاری

آزادی آ گئی ۔ آزادی آنے کے معنی غلامی چلی گئی ۔ لیکن معلوم ایسا ہوتا ہے کہ غلامی کے ساتھ مانوتا بھی گئی ۔ کیا غلامی ایسی ہی اچھی چیز تھی کہ مانوتا جیسی شدھ اور سندر چیز کو وہ اپنے ساتھ لے جائے یا مانوتا خود اُس کے ساتھ ہو گئی کیول اُس کی اچھائی کے کارن—ہوگی اُس میں ضرور کوئی خوبی اور اچھائی، ورنہ مانوتا کو تو آزادی کا ہی ساتھ دینا چاہئے تھا ۔ بنا مانوتا کے آزادی کیسی سونی سونی اور بےرونق سی ہے ! کتنا بھیانک پن ہے اِس کے واتاورن میں !

مانوتا نے اپنے اثر سے غلامی کو اِنسانیت کے قالب میں ڈھالا تھا ۔ تہذیب کا جامہ پہنایا تھا ۔ جب غلامی مانوتا کے رنگ روپ میں اچھی طرح ڈھل گئی تو اِس نے اُس سے دوستی گانٹھی ۔ اِس کی دوستی بھی دو سو برس پرانی اور تاریخی دوستی تھی ۔ اِس پرانی دوستی کے ناتے یہ اُس کے ساتھ ہو لی ۔ دوستی کا حق بھی ادا کیا اور مشرقی رواداری کو بھی نبھایا ۔ ہم ایسا خیال بھی نہیں کر سکتے تھے مگر یہ ایک نئے پرکار کا انوبھو جو ہم کو ہوا ہے اُس کی بنا پر کوئی شک اور شنکا کی گنجائش نہیں رہ جاتی ہے اب ۔

होइ गइले कंगाल हो बिदेसी तोरे रजवा में । टेक ।
सोनवा के थाली डइवाँ जेवना जेंवत रहलीं,
कठवा के डोकिया के होइ गइल मुहाल हो ॥बिदेसी तोरे०॥
भारत के लोग आज दाना बिना तरसे भैया ।
लन्दन के कुत्ता उड़ावें मजा माल हो ॥ बिदेसी तोरे० ॥

ऐसी अकाल की सूरत में सन् 57 की तहरीक शुरू हुई. उसे दबाने के लिये कम्पनी की सरकार ने जो .ज़ुल्म और अनीति की उससे तहरीक तो दब गई, हिन्दुस्तानियों के दिल में डर तो बैठ गया लेकिन भुखमरी दूर न हो सकी. रसराज कवि कहते हैं :—

ग़दर ग़नीम .ग़ुबार उठयो, सतावन में सिगरे जग जानी।
केते अनीति अनीति कियो, सब हिन्द प्रजा हिय में भय मानी॥

देश की उस समय की हालत पर समकालीन कवि 'प्रेम धन' लिखते हैं:—

भागो भागो अब काल पड़ा है भारी
भारत पे घेरी घटा बिपत की कारी.
सब गये बनज-व्यापार इतैं सो भागी,
उद्यम पौरुष नसि दिये बनाय अभागी.
अब बची खुची खेती हूँ खिसकन लागी,
चारहुँ दिसि लागी है मँहगी की आगी,
सुनिये चिलायँ सब परजा भई भिखारी,
भागो भागो अब काल पड़ा है भारी.

अंगरेज़ी राज में भारत की दरिद्रता की एक दूसरी झाँकी भारतेन्दु के शब्दों में देखें:—

कल के कलबल छलन सों छले इतै के लोग,
नित नित धन सों घटत है, बाढ़त हैं दुःख सोग.
मारकीन मलमल बिना चलत कछू नहिं काम,
परदेसी जुलहान के मानहु भए ग़ुलाम.
वस्त्र काँच काग़ज़ क़लम चित्र खिलौने आदि,
आवत सब परदेस सों नितहिं जहाज़न लादि.

उस .ज़माने के बंगाली देशभक्त बजाय क्रान्ति के महज़ लेकचर और तक़रीरों के .ज़रिये देश की हालत सुधारने पर एतक़ाद रखते थे. उनपर फब्ती कसते हुए प्रतापनारायन मिश्र कहते हैं:—

सर्वस लिये जात अंगरेज़,
हम केवल 'ल्यकचर' के तेज.
श्रम बिनु बातें का करती हैं,
कहुँ टेटकन गाजैं टरती हैं.
अपनो काम आपने ही हाथ भल होई,
परदेशिन परधर्मी ते आशा नहिं कोई.

ہوئی گیلے کنگال ھو بدیسی تورے رجوا میں؛ ٹیک ۔
سونوا کے تھالی جھوں جیونا جیوت رہلیں،
کٹھوا کے ڈوکیا کے ہوئی گئول محال ھو ۔ ودیسی تورے...
بھارت کے لوگ آج دانا بنا ترسے بھیا،
لندن کے کتا اڑاویں مجا مال ھو ۔ ودیسی تورے ۔

ایسی اکال کی صورت میں سن 57 کی تحریک شروع ہوئی۔ اسے دبانے کے لئے کمپنی کی سرکار نے جو ظلم اور انیتی کی اُس سے تحریک تو دب گئی، ھندستانیوں کے دل میں ڈر تو بیٹھ گیا لیکن بھکمری دور نہ ھو سکی ۔ رسراج کوی کہتے ھیں :—

غدر غنیم غبار اُٹھیو، ستاون میں سگرے جگ جانی،
کیتے انیتی انیتی کیو، سب ھند پرجا ھئے میں بھئے مانی ۔

دیش کی اُس سمے کی حالت پر سمکالین کوی 'پریم دھن' لکھتے ھیں :—

بھاگو بھاگو اب کال پڑا ھے بھاری،
بھارت پر گھیری گھٹا بپت کی کاری ۔
سب گئے بنج ویاپار اِتیں سو بھاگی،
اُدیم پورش نسی دیئے بنائے ابھاگی ۔
اب بچی کھچی کھیتی ھو کھسکن لاگی،
چار ھوں دس لاگی ھے مہنگی کی آگی ۔
سنیئے چلائیں سب پرجا بھئی بھکاری،
بھاگو بھاگو اب کال پڑا ھے بھاری ۔

انگریزی راج میں بھارت کی دردرتا کی ایک دوسری جھانکی بھارتیندو کے شبدوں میں دیکھیں :—

کل کے کلبل چھلن سوں چھلے اِتے کے لوگ،
نت نت دھن سوں گھٹت ھے، باڑھت ھیں دکھ سوگ ۔
مارکین ململ بنا چلت کچھو نہیں کام،
پردیسی جلاھن کے مانہو بھئے غلام ۔
وستر کانچ کاغذ قلم چتر کھلونے آدی،
آوت سب پردیس سوں نت ھیں جہازن لادی ۔

اُس زمانے کے بنگالی دیش بھکت بجائے کرانتی کے محض لیکچر اور تقریروں کے ذریعہ دیش کی حالت سدھارنے پر اعتقاد رکھتے تھے ۔ اُن پر پھبتی کستے ھوئے پرتاپ نارائن مشر کہتے ھیں :—

سربس لئے جات انگریز،
ھم کیول 'لکچر' کے تیز ۔
شرم بن باتیں کا کرتی ھیں،
کہوں ٹیٹکن گاجیں ٹرتی ھیں ۔
اپنو کام آپنے ھی ھاتھ بھل ھوئی،
پردیشن پردھرمی تے آشا نہیں کوئی ۔

"जिस मजबूती और धीरज के साथ तात्या इस बगावत की रहनुमाई कर रहा है वह सचमुच हैरतनाक है. वह हमारा सबसे चतुर शत्रु साबित हुआ. पिछले एक बरस से उसने मध्य भारत और मध्य प्रदेश में तहलका मचा रखा है. वह हमारे फ़ौजी पड़ावों को रौंद डालता है, खजानों को लूट लेता है और हमारी मैगजीनों को खाली कर देता है. उसने .फौजें जमा की और खोई हैं. लड़ाइयाँ लड़ी हैं और हारी हैं, तोपें हासिल की हैं और उन्हें खोया है. उसके .फौजी कूच इतने तेज होते हैं जैसे बिजली कौंध जाय. अठवारों वह तीस-तीस और चालीस-चालीस मील के हिसाब से कूच करता है, कभी नर्मदा के इस पार और कभी उस पार. हमारी दर्जनों फ़ौजों के कभी वह बीच से निकल जाता है, कभी पीछे से, कभी दायें से और कभी बायें से, कभी घाटियों से और कभी दलदलों से. हमारी एक लाख .फौज उसे पकड़ने की कोशिश कर रही है पर वह हाथ नहीं आता."

जाहिर है ऐसा अद्भुत वीर कवियों के लिये प्रेरणा का स्रोत बन जाता. लेकिन अफ़सोस है अब तक हमें सिवाय एक कविता के तात्या से सम्बन्धित कोई समकालीन कविता नहीं मिली. कवि ने, जो कानपुर का निवासी है, भारत वासियों से तात्या की पुकार अर्ज की है. कवि के शब्दों में तात्या कहते हैं कि एक कमान, एक झंडा, एक हुक्म या अनुशासन का पालन करने से ही देश का उद्धार हो सकता है. हम देश का मान बचाने के लिये अपनी जानों को गँवाने के लिये तैयार रहें तभी विदेशियों का संहार होगा और तभी सच्ची शान्ति या अमन क़ायम होगा. गीत के बोल हैं :—

सुनो वीरो, तात्या की पुकार हो !
एकै निसनवाँ हो रामा,
एकै कमनवाँ हो रामा,
एकै हुकुमवा हो रामा,
तबै देसवा के होई उद्धार हो !
जाये परनवा हो रामा
बचै देसुआ के मानवा हो, रामा,
तबै छाई अमनवा हो रामा,
तबै होई फिरंगिया संहार हो !

सन् 1757 की प्लासी की लड़ाई के बाद 1857 तक ईस्ट इन्डिया कम्पनी की आर्थिक या इक़्तसादी नीति ने सारे देश को कङ्गाल बना दिया था. आये दिन भुखमरी और मौत सर पर नाच रही थी. सन 1765 में जब से दीवानी के अधिकार कम्पनी को मिले थे उसकी लगान नीति ने अनगिनत किसानों को खेत छोड़कर भाग जाने पर मजबूर कर दिया था. उद्योग-धन्धे नष्ट हो रहे थे और क़हत सर पर मंडरा रहा था. देश की इस आर्थिक स्थिति की तस्वीर खींचते हुए एक कवि कहता है :—

"جس مضبوطی اور دھیرج کے ساتھ تانتیا اِس بغاوت کی رہنمائی کر رہا ہے وہ سچ مچ حیرتناک ہے۔ وہ ہمارا سب سے چتر شترو ثابت ہوا۔ پچھلے ایک برس سے اُس نے مدھیہ بھارت اور مدھیہ پردیش میں تہلکہ مچا رکھا ہے۔ وہ ہمارے فوجی پڑاؤں کو روند ڈالتا ہے، خزانوں کو لوٹ لیتا ہے اور ہماری میگزینوں کو خالی کر دیتا ہے۔ اُس نے فوجیں جمع کیں اور کھوئی ہیں، لڑائیاں لڑی ہیں اور ہاری ہیں، توپیں حاصل کی ہیں اور اُنہیں کھویا ہے۔ اُس کے فوجی کوچ اِتنے تیز ہوتے ہیں جیسے بجلی کوندہ جائے۔ اٹھواروں وہ تیس تیس اور چالیس چالیس میل کے حساب سے کوچ کرتا ہے، کبھی نرمدا کے اِس پار اور کبھی اُس پار۔ ہماری درجنوں فوجوں کے کبھی وہ بیچ سے نکل جاتا ہے، کبھی پیچھے سے اور کبھی دائیں سے اور کبھی بائیں سے، کبھی گھاٹیوں سے اور کبھی دلدلوں سے۔ ہماری ایک لاکھ فوج اُسے پکڑنے کی کوشش کر رہی ہے پر وہ ہاتھ نہیں آتا۔"

ظاہر ہے ایسا ادبھت ویر کویوں کے لئے پریرنا کا سروت بن جاتا۔ لیکن افسوس ہے اب تک ہمیں سوائے ایک کویتا کے تانتیا سے سمبندھت کوئی سمکالین کویتا نہیں ملی۔ کوی نے، جو کانپور کا نواسی ہے، بھارت واسیوں سے تانتیا کی پکار عرض کی ہے۔ کوی کے شبدوں میں تانتیا کہتے ہیں کہ ایک کمان، ایک جھنڈا، ایک حکم یہ انوشاسن کا پالن کرنے سے ہی دیش کا اُدھار ہو سکتا ہے۔ ہم دیش کا مان بچانے کے لئے اپنی جانوں کو گنوانے کے لئے تیار رہیں تبھی ودیشیوں کا سنگھار ہوگا اور تبھی سچی شانتی یا امن قایم ہوگا۔ گیت کے بول ہیں :—

سنو ویرو، تانتیا کی پکار ہو !
ایکے نسنوا ہو راما،
ایکے کمنوا ہو راما،
ایکے حکموا ہو راما،
تبے دیسوا کے ہوئی اُدھار ہو !
جائے پرنوا ہو راما،
بچے دیسوا کے منوا ہو راما،
تبے چھائی امنوا ہو راما،
تبے ہوئی فرنگیا سنگھار ہو !

سن 1757 کی پلاسی کی لڑائی کے بعد 1857 تک ایسٹ اِنڈیا کمپنی کی آرتھک یا اقتصادی نیتی نے سارے دیش کو کنگال بنا دیا تھا۔ آئے دن بھکمری اور موت سر پر ناچ رہی تھی۔ سن 1765 میں جب سے دیوانی کے ادھیکار کمپنی کو ملے تھے اُس کی لگان نیتی نے انگنت کسانوں کو کھیت چھوڑ کر بھاگ جانے پر مجبور کر دیا تھا۔ اُدیوگ دھندے نشٹ ہو رہے تھے اور قحط سر پر منڈرا رہا تھا۔ دیش کی اِس آرتھک استھتی کی تصویر کھینچتے ہوئے ایک کوی کہتا ہے :—

मध्य भारत पर अंग्रेजों ने जब फिर से क़ब्ज़ा किया और नतीजे में देशवासियों को .ज़ुल्म सहने पड़े, उसे मालवी लोक गीतों में एक 'आफ़त' और 'काली बदली' कहकर याद किया गया है :—

देस पर आफ़त अइगी हो,
देस पर आफ़त अइगी हो,
हुवो फिरंगी राज,
बादली काली छइगी हो.

आज़ादी की जंग में जब अपनी ताक़त को काफ़ी नहीं समझा गया तो देवी देवताओं की मदद के लिये भी दुआ माँगी गई. इस तरह की एक मिसाल हमें मध्यप्रदेश के कवि के बोल में मिलती है. बाबू कुँअरसिंह के प्रोत्साहन से जबलपुर के गोंड राजा शंकर शाह और उनके जेठे कुमार मैदाने जङ्ग में कूद पड़े. कवि उनकी कामयाबी के लिये कालीमाई से प्रार्थना करता है और कहता है कि शंकर शाह का एक एक सिपाही ऐसा ताक़तवर बन जाय कि हज़ार दुश्मनों का मुक़ाबला कर सके. बोल के शब्द हैं :—

तू है शत्रु विनाशिन माई !
कर शत्रू संहार मइया !
शंकरशाह है दास तिहारा
दास का रखले मान मइया !
आज फ़िरंगी बचने न पाये
गह कर में तलवार मइया !
शंकर का एक एक सिहहिया
कर तू उसे हज़ार मइया !
माँ कालिका बने रणचन्डी
बहे रुधिर की धार मइया !
अब देरी का काम नहीं है
भारत करे पुकार मइया !
सुनकर आर्त गुहार मइया
अब तू ले अवतार मइया !

कालिका ने कवि की पुकार सुनी या नहीं लेकिन बलिदान की देवी ने शंकरशाह की पुकार सुनी. जबलपुर के परेड के मैदान में शंकरशाह और उनका पुत्र और सैकड़ों देशभक्त सैनिक तोप के मुँह से बाँधकर उड़ा दिये गये. जिन लोगों ने उस नज़ारे को देखा है वे स्वीकार करते हैं कि शंकरशाह और उनके साथी जब तोप के मुँह से उड़ाये गये तो उनके ओठों पर मुस्कुराहट थी.

इतिहास लेखक सर जान के के अनुसार तात्याटोपे, जिनका असली नाम रामचन्द्र पाण्डुरङ्ग था, सन् 57 के स्वाधीनता संग्राम के क़ाबिल से क़ाबिल सलाहकारों में से थे. आज़ादी की लड़ाई शुरू होने से लेकर अपनी फाँसी के दिन तक, यानी 18 अप्रैल सन् 1859 तक तात्या बिना रुके और बिना थके अंग्रेज़ी हुकूमत से मोरचा लेते रहे. 17 जनवरी सन् 1859 को लन्दन टाइम्स ने लिखा था :—

مدھیہ بھارت پر انگریزوں نے جب پھر سے قبضہ کیا اور نتیجے میں دیش واسیوں کو ظلم سہنے پڑے، اُسے مالوی لوک گیتوں میں ایک 'آفت' اور 'کالی بدلی' کہکر یاد کیا گیا ہے :—

دیس پر آفت آئیگی ہو،
دیس پر آفت آئیگی ہو،
ہوو پھرنگی راج،
بادلی کالی چھئے گی ہو۔

آزادی کی جنگ میں جب اپنی طاقت کو کافی نہیں سمجھا گیا تو دیوی دیوتاؤں کی مدد کے لئے بھی دعا مانگی گئی۔ اِس طرح کی ایک مثال ہمیں مدھیہ پردیش کے کوی کے بول میں ملتی ہے۔ بابو کنور سنگھ کے پروتساہن سے جبلپور کے گونڈ راجہ شنکر شاہ اور ان کے جیٹھے کمار میدان جنگ میں کود پڑے۔ کوی اُن کی کامیابی کے لئے کالی مائی سے پرارتھنا کرتا اور کہتا ہے کہ شنکر شاہ کا ایک ایک سپاہی ایسا طاقتور بن جائے کہ ہزار دشمنوں کا مقابلہ کر سکے۔ بول کے شبد ہیں :—

تو ہے شترو وناشن مائی
در شترو سنگھار میا !
شنکرشاہ ہے داس تہارا
داس کا رکھ لے مان میا !
آج فرنگی بچنے نہ پائے
گہہ کر میں تلوار میا !
شنکر کا ایک ایک سپاہیا
کر تو اُسے ہزار میا !
ماں کالکا بنے رن چنڈی
بہے رودھر کی دھار میا !
اب دیری کا کام نہیں ہے
بھارت کرے پکار میا !
سن کر آرت گوہار میا
اب تو لے اوتار میا !

کالکا نے کوی کی پکار سنی یا نہیں لیکن بلیدان کی دیوی نے شنکر شاہ کی پکار سنی۔ جبلپور کے پریڈ کے میدان میں شنکر شاہ اور اُن کا پتر اور سیکڑوں دیش بھکت سینک توپ کے منھ سے باندھکر اُڑا دئیے گئے۔ جن لوگوں نے اُس نظارے کو دیکھا ہے وے سویکار کرتے ہیں کہ شنکر شاہ اور اُن کے ساتھی جب توپ کے منھ سے اُڑائے گئے تو اُن کے ہونٹھوں پر مسکراہٹ تھی۔

اِتہاس لیکھک سرجان کے کے انوسار تانتیا ٹوپے، سنگرام کے قابل سے قابل صلاحکاروں میں سے تھے۔ آزادی کی لڑائی شروع ہونے سے لیکر اپنی پھانسی کے دن تک، یعنی 18 اپریل سن 1859 تک تانتیا بنا رکے اور بنا تھکے انگریزی حکومت سے مورچہ لیتے رہے۔ 17 جنوری سن 1859 کو لندن ٹائمس نے لکھا تھا :—

नक्शों और छन्दों में सन अठारह सौ सत्तावन

राजस्थान में सन् 1857 की आज़ादी की तहरीक के नेता आउवा जागीर के ठाकुर .खुशालसिंह थे. मारवाड़ के उस ख़ित्ते में, होली के मौक़े पर, आउवा ठाकुर के यशगान की पुरानी धुन अब भी सुनाई देती है :—

ढोल बाजे, थाली बाजे, भेलो बाजे बाँकियो,
अजंट ने ओ मारने दरवाजे नाकियो,
जूंझे आउवो,
हे ओ जूंझे आउवो, आउवो मुल्कों में चावो ओ,
जूंझे आउवो.

4. पैदावार का आधार जमीन है. इस वास्ते कुल जमीन गांव वालों की होनी चाहिये. गांव की जमीन का दोबारा बंटवारा हो और गांव में कोई भी आदमी बेजमीन न रहे.

5. गांव की पंचायतों की ताक़त लोक शक्ति ही है. गांव वालों की मर्जी के मुताबिक़ और गांव वालों की निगरानी में पंचायतें चलनी चाहियें. सरकारी मान्यता मिले या न मिले, इसकी चिंता नहीं. लोग अपनी ताक़त से काम करें. फिर सरकार की जो मदद मिलेगी सो मिलेगी.

सरकारी हाकिम या कारकुन और सार्वजनिक कार्य-कर्ता, हर एक से हमारी अर्ज है कि विनोबा जी के इन सुझावों पर गहराई से विचार करके अमल करें और मुल्क की ताक़त को मजबूत बनायें.

28. 10. 54 —सुरेश रामभाई

"एकदम निकम्मी"

हाल ही में मिरजापूर जिले में विद्यार्थियों के सामने तक़रीर करते हुए प्रधान मन्त्री पन्डित जवाहरलाल नेहरू ने कहा कि यह तालीम जो आजकल दी जा रही है "एकदम निकम्मी" है. जहां तक हमें याद पड़ता है पन्डित जी ने इस तरह की राय पहली बार नहीं दी है, इसके पेशतर बीसियों दफ़ा वह यही चीज दूसरे शब्दों में कह चुके हैं और जहां तक हमें याद है राष्ट्रपति बाबू राजेन्द्र प्रसाद ने भी और उनके अलावा दूसरे जिम्मेदार लोगों ने भी इस तरह के ख्याल जाहिर किये हैं. सरदार पटेल भी यही कहा करते थे. मगर आश्चर्य हैरान है कि जब ऊपर से लेकर नीचे तक सब ही इस तरह की बात कहते हैं तो फिर कौन ऐसी रुकावट है कि वही "एकदम निकम्मी" तालीम अभी तक चल रही है, यह

لئے پڑھائی کے درجے اور عام جنتا کے لئے پڑھ کر سنانے کے درجے چلئے جائیں۔

2. پنچایتوں کو ملک کی پیداوار بڑھانی چاہئے۔ جب تک دیش کی پیداوار نہیں بڑھتی اور بیکاری مٹانے کی یوجنائیں نہیں کی جاتیں تب تک لوگوں کو اُتساہ نہیں آئے گا۔ ہم سنتے ہیں کہ یہاں کی پنچایت والے سڑکیں بنانے میں لگے ہیں جن میں لوگوں کو اُتساہ نہیں آتا۔ سڑکوں کا نتیجہ یہی نکلتا ہے کہ شہر والے گاؤں والوں کو جا کر لوٹیں۔

3. پنچایت والوں کو گاؤں کی بیکاری ہٹانی چاہئے۔ جیسے سوراجیہ کے لئے ودیشی مال کا بائیکاٹ کیا گیا تھا اُسی طرح گاؤں میں سوراجیہ لانے کے لئے شہر سے آنے والے مشین پر بنے مال کا بائیکاٹ کرنا ہوگا۔

4. پیداوار کا آدھار زمین ہے۔ اِس واسطے کل زمین گاؤں والوں کی ہونی چاہئے۔ گاؤں کی زمین کا دوبارہ بٹوارہ ہو اور گاؤں میں کوئی بھی آدمی بے زمین نہ رہے۔

5. گاؤں کی پنچایتوں کی طاقت لوک شکتی ہی ہے، گاؤں والوں کی مرضی کے مطابق اور گاؤں والوں کی نگرانی میں پنچایتیں چلنی چاہئیں۔ سرکاری مانیتا ملے یا نہ ملے اِس کی چنتا نہیں۔ لوگ اپنی طاقت سے کام کریں۔ پھر سرکار کی جو مدد ملے سو ملے گی۔

سرکاری حاکم یا کارکن اور سارو جنک کاریہ کرتا' ہر ایک سے ہماری عرض ہے کہ ونوبا جی کے اِن سجھاؤں پر گہرائی سے وچار کرکے عمل کریں اور ملک کی طاقت کو مضبوط بنائیں۔

—سریش رام بھائی 28. 10. '54

"ایکدم نکمی"

حال ہی میں مرزاپور ضلع میں ودیارتھیوں کے سامنے تقریر کرتے ہوئے ہمارے پردھان منتری پنڈت جواہر لال نہرو نے کہا کہ یہ تعلیم جو آجکل دی جا رہی ہے "ایکدم نکمی" ہے۔ جہاں تک ہمیں یاد پڑتا ہے پنڈت جی نے اس طرح کی رائے پہلی بار نہیں دی ہے۔ اِس کے پیشتر بیسیوں دفعہ یہی چیز دوسرے شبدوں میں کہہ چکے ہیں اور جہاں تک ہمیں یاد ہے راشٹرپتی بابو راجیندر پرشاد نے بھی اور اِن کے علاوہ دوسرے ذمہ دار لوگوں نے بھی اِس طرح کے خیال ظاہر کئے ہیں۔ سردار پٹیل بھی یہی کہا کرتے تھے۔ مگر عقل حیران ہے کہ جب اوپر سے لیکر نیچے تک سب ہی اِس طرح کی بات کہتے ہیں تو پھر کون ایسی رکاوٹ ہے کہ وہی "ایکدم نکمی" تعلیم ابھی تک چل رہی ہے، یہ

के लिये पुलिस की इम्दाद लेने की ताक़त मिल जायेगी. नतीजा यह होने वाला है कि आज जो गांव के अन्दर भाई-चारा या प्रेम और ईमान बाक़ी है वह भी मिट जाएगा और आज जिस तरह लखनऊ या दिल्ली में नेताओं में रस्साकशी चलती है उसी तरह गांव गांव में भी चलने लगेगी, बल्कि कहीं ज्यादा बदतर और शर्मनाक सूरत में. आख़िर इसकी वजह क्या है ? सरकारी या कांग्रेसी नज़रिये में कहां चूक है ? जैसा हमने अभी कहा, इनकी निगाह में पंचायत हाकिम है, न कि सेवक. दूसरे शब्दों में, आप पंचायतों को सियासी व क़ानूनी आज़ादी जितनी चाहे दे दीजिये लेकिन अगर उसी दरजे तक आर्थिक आज़ादी नहीं देते हैं तो उनकी वही हालत होगी जैसे कि बिना बुनियाद वाले मकान की होती है. वह ढह जाता है और उसमें जो रहता है उसको भी दबा कर ख़तम कर देता है.

इसलिये हमारी साफ़ राय है कि जब तक गांव गांव को आर्थिक आज़ादी नहीं दी जाती तब तक यह सारी कोशिशें बेकार ही साबित होने वाली हैं. आर्थिक आज़ादी से हमारा मतलब यह है कि गांव की बुनियादी ज़रूरत की चीज़ें, जैसे कपड़ा, गुड़, शक्कर, तेल, जूता, दवा दारू, तालीम वग़ैरा में हर गांव अपने पैरों पर खड़ा होना चाहिये और गांव सभा को यह आज़ादी हासिल हो कि अगर इस तरह का माल बाहर से आए तो उसको आने से रोक दे. अगर गांव में माल बाहर से आता चला जाता है तो गांव में बेरोज़गारी बनी रहेगी, चोरी डकैती चलेंगी और आपसी फ़र्क़ बढ़ेंगे. इसके अलावा गांव की तालीम पर भी कोई ध्यान नहीं दिया जाता. तालीम से हमारी मन्शा किताबी पढ़ाई से नहीं है बल्कि सदाचार और लोक मरयादा की तालीम से है. पुराने ज़माने में संतों और साधुओं ने जो घूम घूम कर ज्ञान फैलाया और जिसे गांव वालों ने कान के ज़रिये हासिल किया उससे जो उनके समझ का माद्दा बढ़ा है उसका मुक़ाबला शहर वाले अभी भी नहीं कर सकते हैं. लेकिन इधर दो सौ साल से वह तालीम बंद सी हो गई है और कोई नया ज्ञान वहां नहीं पहुंच रहा है. न पुराना ही ताज़ा कराया जा रहा है. इस तरह नैतिक और आर्थिक दोनों बाज़ुओं की तरफ़ जब तक हमारी सरकारें या पंचायतें तवज्जह नहीं देंगी तब तक वह गांव की बेहतरी बहुद के ऊपर सफ़ेदी बराबर भी नहीं कर सकतीं.

हम आचार्य विनोबा जी के उन सुझावों को यहां देते हैं जो उन्होंने चम्पारन ज़िला के सगोली मुक़ाम पर पिछले जून में पंचायत के कारकुनों के आगे रक्खे थे. इनका कहना है :—

1. जगह जगह अभ्यास मंडल यानी पढ़ाई घर होने चाहियें जिसमें इस ज़माने के नए विचार भी बताए जायें और सर्वोदय व गांधी साहित्य और कुछ धार्मिक किताबों की तालीम भी दी जाये. ख़ासकर छोटी उमर वालों के

کے لئے پولیس کی امداد لینے کی طاقت مل جائے گی. نتیجہ یہ ہونے والا ہے کہ آج جو گاؤں کے اندر بھائی چارا یا پریم اور ایمان باقی ہے وہ بھی مٹ جائے گا اور آج جس طرح لکھنؤ یا دلی میں نیتاؤں میں رسہ کشی چلتی ہے اسی طرح گاؤں گاؤں میں بھی چلنے لگے گی، بلکہ کہیں زیادہ بدتر اور شرمناک صورت میں. آخر اس کی وجہ کیا ہے ؟ سرکاری یا کانگریسی نظریہ میں کہاں چوک ہے ؟ جیسا ہم نے ابھی کہا، ان کی نگاہ میں پنچایت حاکم ہے، نہ کہ سیوک. دوسرے شبدوں میں، آپ پنچایتوں کو سیاسی و قانونی آزادی جتنی چاہے دے دیجئے، لیکن اگر اسی درجے تک آرتھک آزادی نہیں دیتے ہیں تو ان کی وہی حالت ہوگی جیسے کہ بنا بنیاد والے مکان کی ہوتی ہے. وہ ڈھ جاتا ہے اور اس میں جو رہتا ہے اس کو بھی دبا کر ختم کر دیتا ہے.

اس لئے ہماری صاف رائے ہے کہ جب تک گاؤں گاؤں کو آرتھک آزادی نہیں دی جاتی تب تک یہ ساری کوششیں بیکار ہی ثابت ہونے والی ہیں. آرتھک آزادی سے ہمارا مطلب یہ ہے کہ گاؤں کی بنیادی ضرورت کی چیزیں، جیسے کپڑا، گڑ، شکر، تیل، جوتا، دوا دارو، تعلیم وغیرہ میں ہر گاؤں اپنے پیروں پر کھڑا ہونا چاہئے اور گاؤں سبھا کو یہ آزادی حاصل ہو کہ اگر اس طرح کا مال باہر سے آئے تو اس کو آنے سے روک دے. اگر گاؤں میں مال باہر سے آتا چلا جاتا ہے تو گاؤں میں بیروزگاری بنی رہے گی، چوری ڈکیتی چلیں گی اور آپسی فرق بڑھیں گے. اس کے علاوہ گاؤں کی تعلیم پر بھی کوئی دھیان نہیں دیا جاتا. تعلیم سے ہماری منشا کتابی پڑھائی سے نہیں ہے بلکہ سداچار اور لوک مریادا کی تعلیم سے ہے. پرانے زمانے میں سنتوں اور سادھوؤں نے جو گھوم گھوم کر گیان پھیلایا اور جسے گاؤں والوں نے کان کے ذریعہ حاصل کیا اس سے جو ان کے سمجھ کا مادہ بڑھا ہے اس کا مقابلہ شہر والے ابھی بھی نہیں کر سکتے ہیں. لیکن ادھر دو سو سال سے وہ تعلیم بند سی ہو گئی ہے اور کوئی نیا گیان وہاں نہیں پہنچ رہا ہے نہ پرانا ہی تازہ کرایا جا رہا ہے. اس طرح نیتک اور آرتھک دونوں بازوؤں کی طرف جب تک ہماری سرکاریں یا پنچایتیں توجہ نہیں دیں گی تب تک وہ گاؤں کی بہتری [illegible] کے اوپر سفیدی برابر بھی نہیں کر سکتیں.

ہم آچاریہ ونوبا جی کے ان سجھاؤں کو یہاں دیتے ہیں جو انہوں نے چمپارن ضلع کے سگولی مقام پر پچھلے جون میں پنچایت کے کارکنوں کے آگے رکھے تھے. ان کا کہنا ہے :—

1. جگہ جگہ ابھیاس منڈل یعنی پڑھائی گھر ہونا چاہئیں جس میں اس زمانہ کے نئے وچار بھی بتائے جائیں اور سروودیہ و گاندھی ساہتیہ اور کچھ دھارمک کتابوں کی تعلیم بھی دی جائے. خاص کر چھوٹی عمر والوں کے

गांव हैं. यू. पी. पंचायत राज एक्ट 1947 के मुताबिक़ आज यू० पी० में 36,139 ग्राम पंचायतें और 8,543 अदालत पंचायत हैं. गांव के इन्तज़ाम में गांव सभा के अधिकारों में से कुछ ख़ास ख़ास यह हैं :—

1. सड़कों की रखवाली और मरम्मत, रोशनी, दवा-दारू, तालीम, सफ़ाई और मेलों का इन्तज़ाम.

2. पेड़ लगाना, गांव की हिफ़ाज़त के लिये चौकीदार या दूसरे लोगों का बन्दोबस्त करना, नये पुल और पुलियां बनवाना.

3. अपने काम के लिये कोई भी ज़मीन हासिल कर लेना.

4. लगान व दूसरे सरकारी टैक्स वसूल करना, गांव के लोगों पर नये तरह से नये टैक्स लगाना.

5. प्रदेश की सरकार से ज़रूरत पड़ने पर रुपया लेना और उसके साथ अपने काम के बढ़ाने के सिलसिले में कोई मुआहिदा करना या ठेका लेना.

इस तरह, कहीं ज्यादा, कहीं कम, दूसरी रियासतों में भी क़दम उठाये गये हैं. लेकिन जैसा हमारे प्रेमी पाठक जानते हैं इन पंचायतों या गांव सभाओं की वजह से न तो गांव के झगड़े कम हुये, न उनमें अमन हुआ न खुशहाली आई. उलटे गांव के रोज़गार और भी ठंडे पड़ गये, चोरी वग़ैरा बुरे काम भी ज्यादा होने लगे और सबसे दर्दनाक बात जो हुई वह यह कि देहात के लोगों के दिलों में आपस में दरारें और ज्यादा पैदा हो गईं—

मर्ज़ बढ़ता गया ज्यों ज्यों दवा की

लेकिन इससे इन्कार नहीं किया जा सकता कि पंचायत नाम की वह अज़मत है कि रह रह कर हर सरकार उसकी दुहाई देती है और उसके ऊपर अपने को क़ुर्बान करने की हामी भरती है. इस सिलसिले में हिन्दुस्तान के कुल प्रदेशों के उन मिनिस्टरों की जिनका पंचायत से वास्ता है, एक कान्फ्रेंस 25, 26, 27 जून को शिमला में हुई. इधर कांग्रेस वरकिंग कमेटी ने भी एक कमेटी पंचायतों की मौजूदा हालत की जांच करने और आगे के लिये सुझाव देने के लिये बनाई. इन तमाम कान्फ्रेन्सों और कमेटियों में हसबे मामूल बातचीत हुई. कमेटी की रिपोर्ट भी निकल चुकी है. लेकिन इन सब में एक ही जज़बा काम करता दिखता है या कहना चाहिये एक ही चीज़ पर ज्यादा ज़ोर दिया गया है. वह यह कि पंचायत किस तरह से गांव की बेहतर से बेहतर हाकिम बने यानी गांव को दबाकर अपने क़बज़े में रखे. लेकिन दूसरे पहलू पर कि वह गांव के लोगों की सच्ची से सच्ची ख़िदमतगार किस तरह बने, कोई ध्यान नहीं दिया जाता. सूरत यह नज़र आती है कि जल्द ही हमारे देहात की पंचायतों या गांव सभाओं को बन्दूक़ व हथियार रखने की एक तरफ़ से और ज्यादा से ज्यादा टैक्स लगाने की और उसे वसूल करने

گاؤں ھیں ۔ یو ۔ پی پنچایت راج ایکٹ 1947 کے مطابق آج یو ۔ پی ۔ میں 36,139 گرام پنچایتیں اور 8,543 عدالت پنچایت ھیں ۔ گاؤں کے انتظام میں گاؤں سبھا کے ادھیکاروں میں سے کچھ خاص خاص یہ ھیں :—

1. سڑکوں کی رکھوالی اور مرمت، روشنی، دوا دارو، تعلیم، صفائی اور میلوں کا انتظام ۔

2. پیڑ لگانا، گاؤں کی حفاظت کے لئے چوکیدار یا دوسرے لوگوں کا بندوبست کرنا، نئے پل اور پلیاں بنوانا ۔

3. اپنے کام کے لئے کوئی بھی زمین حاصل کرلینا ۔

4. لگان و دوسرے سرکاری ٹیکس وصول کرنا، گاؤں کے لوگوں پر نئے طرح سے نئے ٹیکس لگانا ۔

5. پردیش کی سرکار سے ضرورت پڑنے پر روپیہ لینا اور اس کے ساتھ اپنے کام کے بڑھانے کے سلسلہ میں کوئی معاہدہ کرنا یا ٹھیکا لینا ۔

اِس طرح، کہیں زیادہ، کہیں کم، دوسری ریاستوں میں بھی قدم اُٹھائے گئے ھیں ۔ لیکن جیسا ھمارے پریمی پاٹھک جانتے ھیں اِن پنچائتوں یا گاؤں سبھاؤں کی وجہ سے نہ تو گاؤں کے جھگڑے کم ھوئے، نہ اِن میں امن ھوا اور نہ خوشحالی آئی ۔ اُلٹے گاؤں کے روزگار اور بھی ٹھنڈے پڑ گئے، چوری وغیرہ برے کام بھی زیادہ ھونے لگے اور سب سے دردناک بات جو ھوئی وہ یہ کہ دیہات کے لوگوں کے دلوں میں آپس میں دراریں اور زیادہ پیدا ھوگئیں—

مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی

لیکن اِس سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ پنچایت نام کی وہ عظمت ھے کہ رہ رہ کر ھر سرکار اِس کی دھائی دیتی ھے اور اس کے اوپر اپنے کو قربان کرنے کی حامی بھرتی ھے ۔ اِس سلسلہ میں ھندستان کے کل پردیشوں کے اُن منسٹروں کی جن کا پنچایت سے واسطہ ھے، ایک کانفرنس 25, 26, 27 جون کو شملہ میں ھوئی ۔ اِدھر کانگریس ورکنگ کمیٹی نے بھی ایک کمیٹی پنچایتوں کی موجودہ حالت کی جانچ کرنے اور آگے کے لئے سجھاؤ دینے کے لئے بنائی ۔ اِن تمام کانفرنسوں اور کمیٹیوں میں حسب معمول بات چیت ھوئیں ۔ کمیٹی کی رپورٹ بھی نکل چکی ھے ۔ لیکن اِن سب میں ایک ھی جذبہ کام کرتا دیکھتا ھے یا کہنا چاھئے ایک ھی چیز پر زیادہ زور دیا گیا ھے ۔ وہ یہ کہ پنچایت کسی طرح سے گاؤں کی بہتر سے بہتر حاکم بنے یعنی گاؤں کو دبا کر اپنے قبضہ میں رکھے ۔ لیکن دوسرے پہلو پر کہ وہ گاؤں کے لوگوں کی سچی سے سچی خدمتگار کس طرح بنے، کوئی دھیان نہیں دیا جاتا ۔ صورت یہ نظر آتی ھے کہ جلد ھی ھمارے دیہات کی پنچایتوں یا گاؤں سبھاؤں کو بندوق و ھتھیار رکھنے کی ایک طرف سے اور زیادہ سے زیادہ ٹیکس لگانے کی اور اسے وصول کرنے

रास्ता है. पर मैनदे फ्रान्स मालूम होता है महात्मा गांधी की तरह अपने देश को बाहर के और अन्दर के दोनों तरह के पापों से छुड़ाना चाहते हैं. इसमें सन्देह नहीं मैनदे फ्रांस इस समय की दुनिया के बड़े से बड़े आदमियों में से हैं.

यह सच है कि फ्रान्स अभी तक साम्राजशाही के पाप से मुक्त नहीं हुआ है. इस नोट के लिखे जाने के समय तक फ्रान्स की तरफ से अफरीका के देश भक्तों पर जुल्म हो रहे हैं. फिर भी हम फ्रान्स को श्री मैनदे फ्रांस के सामने आने पर दिल से बधाई देते हैं और उनकी कोशिशों की कामयाबी के लिये दुआ करते हैं.

11. 11. '54 —सुन्दरलाल

पंचायतों की आज़ादी

एक ज़माना था जब हमारे पुरखे कहा करते थे कि "कोई नृप होय हमें क्या हानी." इसका मतलब यह था कि राजा कोई भी क्यों न हो, जनता का अपना काम अपने ढंग से चलता था. हर गांव काफ़ी हद तक खुदमुख्तार था और बाहर वाले उसकी आज़ादी में दखल नहीं डाल पाते थे. उस ज़माने की खास बात यह थी कि गांव गांव न केवल खेती बल्कि दस्तकारियां भी चलती थीं, गांव की ज़रूरत का माल—जैसे कपड़ा, तेल, दवा दारू वग़ैरा—गांव में ही तैयार हो जाता था. दूसरी खास बात यह थी कि गांव के लोगों के झगड़े गांव के अन्दर ही मिल बैठकर तय हो जाते थे, रात को गांव की पंचायत लगती थी और एक मत से जो उसका फ़ैसला होता था वह सब को मंज़ूर होता था. लेकिन धीरे धीरे पैसे का चलन बढ़ा, गांव में बाहर का माल आना जाना शुरू हुआ और गांव की खुदमुख्तारी खतम होने लगी. अंग्रेज़ों के ज़माने में गांव की इन दोनों खासियतों को सख्त चोट पहुंची और हमारे गांव तबाह हो गये. उनका धन्धा खतम हो गया, दस्तकारी मानो मिट ही गई और पंचायतों की भी वह शान न रही. गांव वालों के झगड़े शहर की अदालतों में आने लगे और पंच परमेश्वर नाम भर के लिये रह गये. जिन दिनों हम आज़ादी के लिये अंग्रेज़ों के खिलाफ़ लड़ते थे उन दिनों गांव गांव जाकर कहते थे कि आज़ादी हासिल होने पर गांव की सनअत बढ़ाई जायेगी और यहां की पंचायतों को केवल चलाया ही नहीं जायेगा उन्हें पूरी आज़ादी भी दी जायगी ताकि हमारे गांव अपनी तरक्क़ी और अपनी बेहतरी अपनी मर्ज़ी के मुताबिक़ कर सकें.

अंग्रेज़ों के जाने के बाद देहली में और सूबों में, सब जगह कांग्रेस की अपनी हुकूमत क़ायम हुई तो उसने पंचायत का सवाल भी हाथ में उठाया. हम यहां उत्तर प्रदेश की मिसाल सामने रखेंगे. उत्तर प्रदेश में एक लाख से कुछ ऊपर (1,01,500)

راستہ ھے ۔ پر مینڈیس فرانس معلوم ہوتا ھے مہاتما گاندھی کی طرح اپنے دیش کو باہر کے اور اندر کے دونوں طرح کے پاپوں سے چھڑانا چاھتے ھیں ۔ اِس میں سندیہہ نہیں مینڈیس فرانس اِس سمے کی دنیا کے بڑے سے بڑے آدمیوں میں سے ھیں ۔

یہ سچ ھے کہ فرانس ابھی تک سامراج‌شاھی کے پاپ سے مکت نہیں ہوا ھے ۔ اِس نوٹ کے لکھے جانے کے سمے تک فرانس کی طرف سے افریقہ کے دیش بھگتوں پر ظلم ہو رھے ھیں ۔ پھر بھی ھم فرانس کو شری مینڈیس فرانس کے سامنے آنے پر دل سے بدھائی دیتے ھیں اور اُن کی کوششوں کی کامیابی کے لئے دعا کرتے ھیں ۔

—سندر لال 11. 11. '54

پنچایتوں کی آزادی

ایک زمانہ تھا جب ھمارے پرکھے لوگ کہا کرتے تھے کہ "کوئی نرپ ہوئے ھمیں کیا ھانی۔" اِس کا مطلب یہ تھا کہ راجا کوئی بھی کیوں نہ ھو، جنتا کا اپنا کام اپنے ڈھنگ سے چلتا تھا ۔ ھر گاؤں کافی حد تک خود مختار تھا اور باہر والے اس کی آزادی میں دخل نہیں ڈال پاتے تھے۔ اس زمانہ کی خاص بات یہ تھی کہ گاؤں گاؤں نہ کیول کھیتی بلکہ دستکاریاں بھی چلتی تھیں، گاؤں کی ضرورت کا مال—جیسے کپڑا، تیل، دوا دارو وغیرہ گاؤں میں ھی تیار ھو جاتا تھا۔ دوسری خاص بات یہ تھی کہ گاؤں کے لوگوں کے جھگڑے گاؤں کے اندر ھی مل بیٹھ کر طے ھوجاتے تھے، رات کو گاؤں کی پنچایت لگتی تھی اور ایک مت سے جو اس کا فیصلہ ھوتا تھا وہ سب کو منظور ھوتا تھا ۔ لیکن دھیرے دھیرے پیسے کا چلن بڑھا، گاؤں میں باھر کا مال آنا جانا شروع ھوا اور گاؤں کی خود مختاری ختم ھونے لگی ۔ انگریزوں کے زمانہ میں گاؤں کی اِن دونوں خاصیتوں کو سخت چوٹ پہونچی اور ھمارے گاؤں تباہ ھوگئے ۔ اُن کا دھندا ختم ھوگیا، دستکاری مانو مٹ ھی گئی اور پنچایتوں کی بھی وہ شان نہ رھی ۔ گاؤں والوں کے جھگڑے شہر کی عدالتوں میں آنے لگے اور پنچ پرمیشور نام بھر کے لئے رہ گئے ۔ جن دنوں ھم آزادی کے لئے انگریزوں کے خلاف لڑتے تھے اُن دنوں گاؤں گاؤں جاکر کہتے تھے کہ آزادی حاصل ھونے پر گاؤں کی صنعت بڑھائی جائیگی اور یہاں کی پنچایتوں کو کیول چلایا ھی نہیں جائیگا، انہیں پوری آزادی بھی دی جائیگی تاکہ ھمارے گاؤں اپنی ترقی اور اپنی بہتری اپنی مرضی کے مطابق کرسکیں ۔

انگریزوں کے جانے کے بعد جب دھلی میں اور صوبوں میں، سب جگہ کانگریس کی اپنی حکومت قائم ھوئی تو اُس نے پنچایت کا سوال بھی ھاتھ میں اُٹھایا۔ ھم یہاں اُترپردیش کی مثال سامنے رکھینگے ۔ اُترپردیش میں ایک لاکھ سے کچھ اوپر (1,01,500)

गए थे कि पांच दिन के अन्दर यानी अमुक तारीख के बारह बजे रात तक या इस सवाल का फ़ैसला कर दूंगा या अपने ओहदे से इस्तीफ़ा दे दूंगा. दुनिया की कुछ बड़ी बड़ी राज-शक्तियों ने, जिनका असली मामले से कोई सम्बन्ध तक नहीं था, बड़ी बड़ी रुकावटें डालीं. दुनिया हैरान थी कि पांच दिन में क्या हो सकेगा. पर मैनदे फ़्रान्स ने समय के अन्दर फ़ैसला करा कर ही छोड़ा और फ़ैसला भी वह जो हिन्द चीन की जनता के हक़ में और दुनिया की शान्ति के हक़ में था. बात पुरानी हो चुकी. पर हम यहां इसे इसलिये दुहरा रहे हैं कि किसी भी साम्राजवादी देश का, और फ़्रान्स अभी तक साम्राजवादी देशों में गिना जाता है और है, इस तरह पक्के इरादे के साथ अपने अधीन देशों को आज़ाद होने में मदद देना कोई मामूली बात नहीं है. इस नेक काम का सेहरा सब से ज़्यादा मैनदे फ़्रान्स ही के सर है.

हमारे देश के अन्दर फ़्रान्स के जो पुराने क़बज़े चले आ रहे थे उनका इस शान्ति और सुन्दरता के साथ आज़ाद किया जाना और भारत में मिलाया जाना भी उन नेक कामों में से है जिनका काफ़ी यश मैनदे फ़्रान्स को मिलना चाहिये.

हाल में अख़बारों में एक और ख़बर छपी है जो ऊपर की दोनों बातों से किसी तरह कम महत्व की नहीं है. योरप के देशों में शराब का आम और खुला चलन है. उन सब देशों में इने गिने शराब न पीने वाले भी हैं, पर गिनती की निगाह से दाल में नमक जितने भी नहीं. मैनदे फ़्रान्स ने पहले ख़ुद शराब की जगह दूध पीना शुरू किया. उसके बाद उन्होंने अपने देश के अन्दर शराब पर रोक लगाने का बीड़ा उठाया.

कहते हैं पिछले जंग के बाद से शराब का व्योहार फ़्रांस में बहुत बढ़ गया है. उस छोटे से देश के अन्दर तीस लाख से ऊपर शराब की भट्टियां हैं. कहते हैं पिछले साल वहां पन्द्रह हज़ार आदमी जिगर की ऐसी बीमारियों से मरे जो अधिक शराब पीने से होती हैं. सड़कों की दुर्घटनाओं में जितने आदमी उस साल मरे उन में साठ फ़ीसदी शराब के नशे में थे. सन 1900 में जितनी शराब फ़्रान्स में बनी थी उससे पिछले साल पन्द्रह गुना ज़्यादा तैयार हुई. मैनदे फ़्रान्स की तजवीज़ है कि शराब की भट्टियों की तादाद बहुत कम कर दी जावे, शराब की तैयारी और बिकरी पर टैक्स बढ़ा दिया जावे, शराब के भबकों पर मीटर लगा दिये जावें, शराब की दुकानें कम कर दी जावें, हफ़्ते के कुछ दिन ऐसे तय कर दिये जावें जब देश में कोई शराब न पी सके, शराब पी कर फिरने वालों को कड़ी सज़ाएं दी जावें, वग़ैरह वग़ैरह.

देश भर में मैनदे फ़्रान्स की इन तजवीज़ों का ज़बरदस्त विरोध शुरू हो गया है. आज तक योरप के शायद ही किसी शासक को इस तरह की बात सूझी हो. इसकी हिम्मत कर बैठना और भी बड़ी बात है. सुधार का रास्ता बहुत कठिन

گئے تھے کہ پانچ دن کے اندر یعنی امک تاریخ کے بارہ بجے رات تک یا اِس سوال کا فیصلہ کردونگا یا اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دونگا. دنیا کی کچھ بڑی بڑی راج شکتیوں نے، جن کا اصلی معاملے سے کوئی سمبندھ تک نہیں تھا، بڑی بڑی رکاوٹیں ڈالیں. دنیا حیران تھی کہ پانچ دن میں کیا ہوسکے گا. پر مینڈیس فرانس نے سمے کے اندر فیصلہ کرا کر ہی چھوڑا اور فیصلہ بھی وہ جو ہند چین کی جنتا کے حق میں اور دنیا کی شانتی کے حق میں تھا. بات پرانی ہوچکی. پر ہم یہاں اِسے اِس لئے دہرا رہے ہیں کہ کسی بھی سامراج وادی دیش کا، اور فرانس ابھی تک سامراج وادی دیشوں میں گنا جاتا ہے اور ہے، اِس طرح پکے اِرادے کے ساتھ اپنے آدھین دیشوں کو آزاد ہونے میں مدد دینا کوئی معمولی بات نہیں ہے. اِس نیک کام کا سہرا سب سے زیادہ مینڈیس فرانس ہی کے سر ہے.

ہمارے دیش کے اندر فرانس کے جو پرانے قبضے چلے آرہے تھے اُن کا اِس شانتی اور سندرتا کے ساتھ آزاد کیا جانا اور بھارت میں ملایا جانا بھی اُن نیک کاموں میں سے ہے جن کا کافی یش مینڈیس فرانس کو ملنا چاہئیے.

حال میں اخباروں میں ایک اور خبر چھپی ہے جو اوپر کی دونوں باتوں سے کسی طرح کم مہتو کی نہیں ہے. یورپ کے دیشوں میں شراب کا عام اور کھلا چلن ہے. اُن سب دیشوں میں اِنے گنے شراب نہ پینے والے بھی ہیں، پر گنتی کی نگاہ سے دال میں نمک جتنے بھی نہیں. مینڈیس فرانس نے پہلے خود شراب کی جگہ دودھ پینا شروع کیا. اُس کے بعد اُنھوں نے اپنے دیش کے اندر شراب پر روک لگانے کا بیڑا اُٹھایا.

کہتے ہیں پچھلے جنگ کے بعد سے شراب کا بیوہار فرانس میں بہت بڑھ گیا ہے. اُس چھوٹے سے دیش کے اندر تیس لاکھ سے اوپر شراب کی بھٹیاں ہیں. کہتے ہیں پچھلے سال وہاں پندرہ ہزار آدمی جگر کی ایسی بیماریوں سے مرے جو ادھک شراب پینے سے ہوتی ہیں. سڑکوں کی درگھٹناؤں میں جتنے آدمی اُس سال مرے اُن میں ساٹھ فیصدی شراب کے نشے میں تھے. سن 1900 میں جتنی شراب فرانس میں بنی تھی اُس سے پچھلے سال پندرہ گنا زیادہ تیار ہوئی. مینڈیس فرانس کی تجویز ہے کہ شراب کی بھٹیوں کی تعداد بہت کم کر دی جاوے، شراب کی تیاری اور بکری پر ٹیکس بڑھا دیا جاوے، شراب کی بھبکوں پر میٹر لگا دیئے جاویں، شراب کی دوکانیں کم کر دی جاویں، ہفتے کے کچھ دن ایسے طے کر دیئے جاویں جب دیش میں کوئی شراب نہ پی سکے، شراب پی کر پھرنے والوں کو کڑی سزائیں دی جاویں، وغیرہ وغیرہ.

دیش بھر میں مینڈیس فرانس کی اِن تجویزوں کا زبردست ورودھ شروع ہوگیا ہے. آج تک یورپ کے شاید ہی کسی شاسک کو اِس طرح کی بات سوجھی ہو. اِس کی ہمت کر بیٹھنا اور بھی بڑی بات ہے. سدھار کا راستہ بہت کٹھن

किया जाता है. हाल में रूस के एक बड़े साइन्टिस्ट ने कहा है कि यदि योजनाओं के साथ दुनिया का ठीक ठीक प्रबन्ध किया जावे तो छै: अरब से ऊपर इन्सान इस धरती पर अच्छी तरह और आराम से रह सकते हैं. इस समय धरती की कुल आबादी सवा दो अरब के लगभग है. बुराई अधिक बच्चे पैदा होने में नहीं, बुराई हमारी उन 'योजनाओं' में है जिन पर हमें बड़ा नाज़ है, बुराई हमारी आर्थिक व्यवस्था में है.

हमारा हरगिज़ यह मतलब नहीं कि हर आदमी अधिक से अधिक बच्चे पैदा करने में लग जावे. इस मामले में मर्द या औरत जो भी जितना अपने को रोक सके हम उसकी उतनी ही तारीफ़ करेंगे. पर यह रोक थाम अपने अन्दर की होनी चाहिये, नैतिक (इख़लाक़ी) होनी चाहिये, दवाओं, शीशियों और खुली काम तृप्ति की नहीं. इस दूसरी तरह की रोक थाम को हम दीनी निगाह से पाप और दुनिया की निगाह से जुर्म मानते हैं. महात्मा गांधी ने बच्चे पैदा होने पर दवाओं के ज़रिये इस तरह की रोक थाम को पाप बताते हुए अपने एक लेख में इसे "मारल बैंक्ररप्टसी" यानी "इख़लाक़ी दिवालियापन" या "सदाचार का दिवालियापन" कहा था. राजकुमारी अमृत कौर बरसों महात्मा गांधी के साथ रह चुकी हैं. अब भी हमारे दूसरे शासकों की तरह वह महात्मा गांधी के नाम की दुहाई देती रहती हैं. अमरीका में भी उन्होंने महात्मा गांधी के और अपने सम्बन्ध की चरचा की है. हम इससे अधिक क्या कहें. यदि मिस्टर मुहम्मद अली की बात उस तरफ़ के राजकाजी दिवालियेपन का सबूत है तो राजकुमारी अमृत कौर की बात इस ओर के नैतिक दिवालियापन को साबित करती है. भगवान हम दोनों को और दोनों जगह की आम जनता को इन दोनों तरह के दिवालियेपन से बचावे.

5. 11. '54 —सुन्दरलाल

एक नेक फ़्रान्सीसी नेता

आजकल के फ़्रान्स के बड़े वज़ीर मौंशियर मैनदे फ़्रान्स इस समय दुनिया के नेक से नेक और बड़े से बड़े आदमियों में से हैं. उन्हें अपने देश के शासन की बाग डोर संभाले अभी छै महीने भी नहीं हुए. इस थोड़े से समय में उन्होंने अपनी नेकी और हिम्मत दोनों से दुनिया को चकित कर दिया है और अपने समय की राजनीति पर भी गहरा असर डाला है. हिन्दचीन में फ़्रान्स ही की हुकूमत थी और फ़्रान्स की हुकूमत के ख़िलाफ़ ही वहां के देश भक्तों ने लड़ाई लड़ी थी. फिर भी सारी दुनिया आज इस बात को जानती है कि जनेवा में हिन्दचीन के मामले पर जो अन्तर राष्ट्रीय कानफ़्रेन्स हुई थी उसमें मैनदे फ़्रान्स यह क़सम खाकर

یا جاتا هے ۔ حال میں روس کے ایک بڑے سائنٹسٹ نے کہا هے که یدی یوجناؤں کے ساتھ دنیا کا ٹھیک ٹھیک پربندھ کیا جاوے تو چھ ارب سے اوپر اِنسان اِس دھرتی پر اچھی طرح اور آرام سے رہ سکتے هیں ۔ اِس سمے دھرتی کی کل آبادی سوا دو ارب کے لگ بھگ هے۔ برائی ادھک بچے پیدا کرنے میں نہیں' برائی هماری ان 'یوجناؤں' میں هے جن پر همیں بڑا ناز هے' برائی هماری آرتھک ویوستھا میں هے ۔

همارا هرگز یه مطلب نہیں که هر آدمی ادھک سے ادھک بچے پیدا کرنے میں لگ جاوے ۔ اِس معاملے میں مرد یا عورت جو بھی جتنا اپنے کو روک سکے هم اُس کی اتنی هی تعریف کرینگے ۔ پر یه روک تھام اپنے اندر کی هونی چاهئے' نیتک (اخلاقی) هونی چاهئے' دواؤں' شیشیوں اور کھلی کام ترپتی کی نہیں۔ اِس دوسری طرح کی روک تھام کو هم دینی نگاہ سے پاپ اور دنیا کی نگاہ میں جرم مانتے هیں۔ مہاتما گاندھی نے بچے پیدا هونے پر دواؤں کےذریعه اِس طرح کی روک تھام کو پاپ بتاتے هوئے اپنے ایک لیکھ میں اِسے "مارل بینک رپٹسی" یعنی "اخلاقی دیوالیه پن" یا "سداچار کا دیوالیه پن" کہا تھا۔ راج کماری امرت کور برسوں مہاتما گاندھی کے ساتھ رہ چکی هیں ۔ اب بھی همارے دوسرے شاسکوں کی طرح وہ مہاتما گاندھی کے نام کی دهائی دیتی رهتی هیں۔ امریکه میں بھی انھوں نے مہاتما گاندھی کے اور اپنے سمبندھ کی چرچا کی هے۔ هم اِس سے ادھک کیا کہیں۔ یدی مسٹر محمد علی کی بات اُس طرف کے راج کاجی دیوالیه پن کا ثبوت هے تو راج کماری امرت کور کی بات اِس اور کے نیتک دیوالیه پن کو ثابت کرتی هے ۔ بھگوان هم دونوں کو اور دونوں جگه کی عام جنتا کو اِن دونوں طرح کے دیوالیه پن سے بچاوے ۔

5 . 11 . '54 — سندر لال

ایک نیک فرانسیسی نیتا

آجکل کے فرانس کے بڑے وزیر مرنشیر مینڈیس فرانس اِس سمے دنیا کے نیک سے نیک اور بڑے سے بڑے آدمیوں میں سے هیں ۔ انھیں اپنے دیش کے شاسن کی باگ ڈور سنبھالے ابھی چھ مہینے بھی نہیں هوئے ۔ اِس تھوڑے سے سمے میں اُنھوں نے اپنی نیکی اور همت دونوں سے دنیا کو چکت کر دیا هے اور اپنے سمے کی راج نیتی پر بھی گہرا اثر ڈالا هے ۔ هند چین میں فرانس هی کی حکومت تھی اور فرانس کی حکومت کے خلاف هی وهاں کے دیش بھکتوں نے لڑائی لڑی تھی ۔ پھر بھی ساری دنیا آج اِس بات کو جانتی هے که جینیوا میں هند چین کے معاملے پر جو انتر راشٹریه کانفرنس هوئی تھی اُس میں مینڈیس فرانس یه قسم کھاکر

के पहाड़ खड़े कर लेना न उनके देश की माली हालत को बहुत अच्छा साबित करता है, न हमें मसावात या बराबरी की तरफ़ ले जा सकता है और न दूसरे देशों के लिये लाभ-दायक हो सकता है. पर हम फिर यही कहेंगे कि रूस अपनी जगह खुश रहे, अमरीका अपनी जगह खुश रहे और सब अपनी अपनी जगह खुश रहें और कोई किसी को मिटाने की चिन्ता में न पड़े. इस तरह की कोशिश करना भगवान की इच्छा से लड़ना है और किसी भी देश को किसी तरह फल नहीं सकता.

राजकुमारी अमृत कौर ने जो कुछ कहा वह भी कोई नई बात नहीं. हमने बड़े दुख और लज्जा के साथ पढ़ा था कि भारत के मर्दुमशुमारी कमिश्नर ने अपनी रिपोर्ट में यह साफ़ लिखा है कि अगर साइन्सी तरीक़ों और दवाओं से बच्चों के पैदा होने को न रोका गया तो भारत की आबादी थोड़े ही दिनों में इतनी बढ़ जाएगी कि सरकार के लिये सब को रोटी दे सकना नामुमकिन होगा. उन्होंने भारत सरकार से सिफ़ारिश की थी कि वह इन तरीक़ों का अधिक से अधिक प्रचार करे. हमारी सरकार इसका खूब और खुले प्रचार कर भी रही है. बहुत सी चीज़ों के बाहर के देशों से आने पर यहां रोक थाम है. उन्हें बाहर से लाने के लिये ख़ास परमिट लेने पड़ते हैं. पर हमने बम्बई में अपने व्यापारी दोस्तों से सुना था कि बच्चों की पैदाइश रोकने का सामान उन चीज़ों में से है जो यहां बाहर के देशों से फ़्री जनरल लाइसेन्स यानी खुले आम हर कोई जितना चाहे बिना किसी रोक थाम के मंगा सकता है. इस लज्जाजनक विशय पर हम अधिक नहीं लिखना चाहते. पैदाइश रोकने के इन तरीक़ों से करोड़ों रुपये की दवाएं और गन्दी चीज़ें हर साल देश में बिकने के साथ साथ लोगों को बदचलनी और काम तृप्ति का भी खुला मैदान मिलता है. इस मामले में हमारी भगवान से प्रार्थना है कि हमारे देश के लोग ख़ासकर हमारे गांव के लोग भले ही राजकुमारी के शब्दों में अन्ध विश्वासी बने रहें, पर इस नई तहज़ीब के गन्दे जाल में फंस कर अपने और अपनी नसलों के बदन, चलन और पैसे तीनों को बरबाद न करें.

चीन हम से बड़ा देश है. वहां की आबादी इस समय सत्तर करोड़ है. वहां की कम्युनिस्ट सरकार पैदाइश रोकने का इस तरह का सामान एक पैसे का भी कहीं से नहीं आने देती और न वहां देश में इस तरह का सामान बनता है. वहां की सरकार इस तरह बच्चों की पैदाइश रोकने के बजाय उन माओं का ख़ास आदर करती है और उन्हें इनाम और वज़ीफ़े देती है जिन के बहुत बच्चे हों. दस या बारह बच्चों की मां को वहां देश भर में बड़े आदर की निगाह से देखा जाता है. रूस में भी बहुत बच्चों वाली माओं का इसी तरह का आदर होता है और उनके साथ इसी तरह का व्यवहार

کے پہاڑ کھڑے کر لینا نہ اُن کے دیش کی مالی حالت کو بہت اچھا ثابت کرتا ہے، نہ ہمیں مساوات یا برابری کی طرف لے جا سکتا ہے اور نہ دوسرے دیشوں کے لئے لابھ دایک ہو سکتا ہے۔ پر ہم پھر یہی کہینگے کہ روس اپنی جگہ خوش رہے، امریکہ اپنی جگہ خوش رہے اور سب اپنی اپنی جگہ خوش رہیں اور کوئی کسی کو مٹانے کی چنتا میں نہ پڑے۔ اس طرح کی کوشش کرنا بھگوان کی اچھا سے لڑنا ہے اور کسی بھی دیش کو کسی طرح پھل نہیں سکتا۔

راج کماری امرت کور نے جو کچھ کہا وہ بھی کوئی نئی بات نہیں۔ ہم نے بڑے دکھ اور لجا کے ساتھ پڑھا تھا کہ بھارت کے مردم شماری کمشنر نے اپنی رپورٹ میں یہ صاف لکھا ہے کہ اگر سائنسی طریقوں اور دواؤں سے بچوں کے پیدا ہونے کو نہ روکا گیا تو بھارت کی آبادی تھوڑے ہی دنوں میں اتنی بڑھ جائیگی کہ سرکار کے لئے سب کو روزی دے سکنا ناممکن ہوگا۔ اُنھوں نے بھارت سرکار سے سفارش کی تھی کہ وہ اُن طریقوں کا ادھک سے ادھک پرچار کرے۔ ہماری سرکار اس کا خوب اور کھلے پرچار کر بھی رہی ہے۔ بہت سی چیزوں کے باہر کے دیشوں سے آنے پر یہاں روک تھام ہے۔ اُنھیں باہر سے لانے کے لئے خاص پرمٹ لینے پڑتے ہیں۔ پر ہم نے بمبئی میں اپنے بیوپاری دوستوں سے سنا تھا کہ بچوں کی پیدائش روکنے کا سامان اُن چیزوں میں سے ہے جو یہاں باہر کے دیشوں سے فری جنرل لائسنس یعنی کھلے عام ہر کوئی جتنا چاہے بنا کسی روک تھام کے منگا سکتا ہے۔ اس لجاجنک وشے پر ہم ادھک نہیں لکھنا چاہتے۔ پیدائش روکنے کے اِن طریقوں سے کروڑوں روپئے کی دوائیں اور گندی چیزیں ہر سال دیش میں بکنے کے ساتھ ساتھ لوگوں کو بدچلنی اور کام ترپتی کا بھی کھلا میدان ملتا ہے۔ اس معاملے میں ہماری بھگوان سے پرارتھنا ہے کہ ہمارے دیش کے لوگ خاصکر ہمارے گاؤں کے لوگ بھلے ہی راج کماری کے شبدوں میں اندھ وشواسی بنے رہیں، پر اِس نئی تہذیب کے گندے جال میں پھنسکر اپنے اور اپنی نسلوں کے بدن، چلن اور پیسے تینوں کو برباد نہ کریں۔

چین ہم سے بڑا دیش ہے۔ وہاں کی آبادی اِس سمے ستر کروڑ ہے۔ وہاں کی کمیونسٹ سرکار پیدائش روکنے کا اِس طرح کا سامان ایک پیسے کا بھی کہیں سے نہیں آنے دیتی اور نہ وہاں دیش میں اِس طرح کا سامان بنتا ہے۔ وہاں کی سرکار اِس طرح بچوں کی پیدائش روکنے کے بجائے اُن ماؤں کا خاص آدر کرتی ہے اور اُنھیں انعام اور وظیفے دیتی ہے جن کے بہت بچے ہوں۔ دس یا بارہ بچوں کی ماں کو وہاں دیش بھر میں بڑے آدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ روس میں بھی بہت بچوں والی ماؤں کا اسی طرح کا آدر ہوتا ہے اور اُن کے ساتھ اسی طرح کا برتاؤ

मुसलमान समझे जाने वाले लोगों से ज़्यादा सच्चे मुस्लिम और सच्चे मोमिन साबित होंगे.

जहां तक मज़हबी आज़ादी का सवाल है ताशक़न्द की एक बड़ी मसजिद में—और उस शहर में बहुत सी सुन्दर मसजिदें हैं—इमाम के ठीक पीछे खड़े होकर हमने ख़ुद ज़ुहर की नमाज़ पढ़ी है. सैकड़ों मुसलमान हमारे पीछे थे. मसजिद का सहन ठसाठस भरा हुआ था. हमने उनकी अरबी लायब्रेरी देखी, स्कूल देखा, मज़हबी तालीम देखी. हम कह सकते हैं कि इस वक़्त अगर कहीं दुनिया में कामिल मज़हबी आज़ादी है तो सोवियत रूस और कम्युनिस्ट चीन में है. अंग्रेज़ों के क़ायम किये कालिजों से निकले हुए बहुत से मुसलमान बाबुओं के इस्लाम के मुक़ाबले में उनका इस्लाम कहीं ज़्यादा मुस्तहकिम है.

हम यहां रूस और अमरीका का मुक़ाबला करने नहीं बैठे, न हमें इस मुक़ाबले से कोई मतलब है. हम चाहते हैं कि रूस अपनी जगह ख़ुश रहे और अमरीका अपनी जगह ख़ुश रहे और दुनिया के सब देश अपनी अपनी जगह ख़ुश रहें, और अपनी अपनी चाल चलें, जो उन्हें पसन्द हो. कोई दूसरे के काम में दख़ल न दे. कोई किसी के साथ ज़बरदस्ती न करे. यही सच्ची आज़ादी का मतलब है. यही इनसानी बराबरी की बुनियाद हो सकती है. इसी में सब का भला है. इस के ख़िलाफ़ जो लोग भारत में या पाकिस्तान में अमरीका की मदद से कम्युनिस्ट देशों को मिटाना चाहते हैं उन्हें यह भी याद रखना चाहिये कि भले ही अमरीका में बहुत से मज़दूरों के पास दो दो मोटरें हों, जबकि रूस में बहुत सों के पास एक भी मोटर नहीं, लेकिन रूस में शायद ढूंढने से भी कोई बेकार इनसान न मिल सकेगा और अमरीका में वहां की सरकारी रिपोर्टों के अनुसार बेकारों की तादाद जिन्हें सरकारी टुकड़ों पर पालना पड़ता है और जिनके पास कोई काम करने के लिये नहीं है इस समय पचास लाख से ऊपर है. अब अगर हम इक़्तसादी मसावात यानी आर्थिक या माली बराबरी की निगाह से देखें तो कम्युनिस्ट देश इस समय दुनिया में सब से आगे हैं. रूस में भी ग़रीब और अमीर का फ़र्क़ अभी तक है, पर कम, चीन में उससे भी कम, और अमरीका में सब से ज़्यादा. कोई ग़रीब रूसी या चीनी अगर अपने अमीर देश भाई की तरफ़ देखना चाहे तो उसे अपनी टोपी पीछे गिर जाने का डर नहीं हो सकता, जब कि एक अमरीकी ग़रीब अमरीकी अमीर की तरफ़ बिना टोपी पीछे गिराये देख ही नहीं सकता. हमारे हिसाब से मोटे तौर पर चीन के अन्दर कम से कम मज़दूरी और बड़ी से बड़ी तनख़्वाह का औसत एक और सात का है, रूस में एक और सत्तर और अमरीका में एक और कई सौ. जगह जगह का [illegible] और दुनिया की मंडियों पर क़ब्ज़ा [illegible] देश के [illegible] के आदमियों का अपने यहां सोने

مسلمان سمجھے جانے والے لوگوں سے زیادہ سچے مسلم اور سچے مومن ثابت ہونگے۔

جہاں تک مذہبی آزادی کا سوال ہے تاشقند کی ایک بڑی مسجد میں—اور اس شہر میں بہت سی سندر مسجدیں ہیں—امام کے ٹھیک پیچھے کھڑے ہوکر ہم نے خود ظہر کی نماز پڑھی ہے۔ سیکڑوں مسلمان ہمارے پیچھے تھے۔ مسجد کا صحن ٹھساٹھس بھرا ہوا تھا۔ ہم نے اُن کی عربی لائبریری دیکھی، اسکول دیکھا، مذہبی تعلیم دیکھی۔ ہم کہہ سکتے ہیں کہ اِس وقت اگر کہیں دنیا میں کامل مذہبی آزادی ہے تو سوویٹ روس اور کمیونسٹ چین میں ہے۔ انگریزوں کے قائم کئے کالجوں سے نکلے ہوئے بہت سے مسلمان بابوؤں کے اِسلام کے مقابلے میں اُن کا اِسلام کہیں زیادہ مستحکم ہے۔

ہم یہاں روس اور امریکہ کا مقابلہ کرنے نہیں بیٹھے، نہ ہمیں اِس مقابلے سے کوئی مطلب ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ روس اپنی جگہ خوش رہے اور امریکہ اپنی جگہ خوش رہے اور دنیا کے سب دیش اپنی اپنی جگہ خوش رہیں، اور اپنی اپنی چال چلیں جو اُنہیں پسند ہو۔ کوئی دوسرے کے کام میں دخل نہ دے۔ کوئی کسی کے ساتھ زبردستی نہ کرے۔ یہی سچی آزادی کا مطلب ہے۔ یہی اِنسانی برابری کی بنیاد ہوسکتی ہے۔ اِسی میں سب کا بھلا ہے۔ اِس کے خلاف جو لوگ بھارت میں یا پاکستان میں امریکہ کی مدد سے کمیونسٹ دیشوں کو مٹانا چاہتے ہیں اُنہیں یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ بھلے ہی امریکہ میں بہت سے مزدوروں کے پاس دو دو موٹریں ہوں، جب کہ روس میں بہت سوں کے پاس ایک بھی موٹر نہیں، لیکن روس میں شاید ڈھونڈنے سے بھی کوئی بیکار اِنسان نہ مل سکے گا اور امریکہ میں وہاں کی سرکاری رپورٹوں کے انوسار بیکاروں کی تعداد جنہیں سرکاری ٹکڑوں پر پالنا پڑتا ہے اور جن کے پاس کوئی کام کرنے کے لئے نہیں ہے اِس سمے پچاس لاکھ سے اُوپر ہے۔ اب اگر ہم اقتصادی مساوات یعنی آرتھک یا مالی برابری کی نگاہ سے دیکھیں تو کمیونسٹ دیش اِس سمے دنیا میں سب سے آگے ہیں۔ روس میں بھی غریب اور امیر کا فرق ابھی تک ہے پر کم، چین میں اُس سے بھی کم، اور امریکہ میں سب سے زیادہ۔ کوئی غریب روسی یا چینی اگر اپنے امیر دیش بھائی کی طرف دیکھنا چاہے تو اُسے اپنی ٹوپی پیچھے گر جانے کا ڈر نہیں ہوسکتا، جب کہ ایک امریکی غریب امریکی امیر کی طرف بنا ٹوپی پیچھے گرائے دیکھ ہی نہیں سکتا۔ ہمارے حساب سے موٹے طور پر چین کے اندر کم سے کم مزدوری اور بڑی سے بڑی تنخواہ کا اوسط ایک اور سات کا ہے، روس میں ایک اور ستر اور امریکہ میں ایک اور کئی سو۔ جگہ جگہ کا [illegible] کر اور دنیا کی منڈیوں پر قبضہ کرکے کسی دیش کے [illegible] سے آدمیوں کا اپنے یہاں سونے

अपना घर बना हुआ है, जिस पर अपनी दूध देने वाली सुन्दर और तन्दुरुस्त गाएं हैं या दूसरे जानवर पले हुए हैं और जिस पर उनकी अलग छोटी सी खेती बाड़ी और अंगूर की टट्टी है, इस सबकी आमदनी अलग. हमने हिसाब लगा कर देखा कि उज़बेकिस्तान के अन्दर चार पाँच आदमियों के एक छोटे से किसान कुनबे की आमदनी किसी तरह हमारे सिक्कों में दो हज़ार रुपये माहवार से कम नहीं होती, और खाने पीने की चीज़ें मोटे तौर पर दिल्ली या लाहौर से ज़्यादा मंहगी नहीं हैं. इन खाने पीने की चीज़ों की बहुतायत तो वहां है ही. उज़बेकिस्तान के मुसलमान किसानों के घरों में घुस घुसकर हमने अपनी आंखों से उनकी हालत को देखा है. घंटों उनके मर्दों, औरतों और बच्चों से बातें की हैं. उनके साथ खाना खाया है. हम पूरी ज़िम्मेदारी के साथ कह सकते हैं कि उज़बेकिस्तान के वह मुसलमान किसान भारत या पाकिस्तान के एक हज़ार रुपये माहवार तनख़्वाह पाने वाले बाबुओं से कहीं ज़्यादा ख़ुश और ख़ुशहाल हैं. उज़बेकिस्तान में रुई अधिक होती है. सारे रूस को रुई यहीं से जाती है. हमने उनके खेतों में पैदा हुए रुई के डोडों को देखा. हम देख कर दंग रह गए. उनका एक डोडा भारत या पाकिस्तान के अच्छे से अच्छे रुई के डोडों से कम से कम बारह गुना बड़ा तो होता ही है. हमें नहीं मालूम कि मिस्टर मुहम्मद अली और उनके हम-ख़याल लोग किस कम्युनिज़्म को मिटाना चाहते हैं, क्यों मिटाना चाहते हैं और किस बिरते पर मिटाना चाहते हैं. पैसे और तलवार ने आज तक दुनिया में न तारीख़ी ताक़तों यानी इतिहासिक शक्तियों की बाढ़ को रोका और न वह रोक सकते हैं.

हम यहां रूस की, उज़बेकिस्तान की या चीन की तालीम, वहां के बच्चों की देख रेख, वहां के घरेलू धंधों और वहां की कारीगरियों, दस्तकारियों और कारख़ानों की चरचा करके इस नोट को लम्बा करना नहीं चाहते. उज़बेकिस्तान के किसानों की हालत को भी हमने केवल नमूने के तौर पर बयान किया है. हमें आंख खोल कर दुनिया को देखना चाहिये और बड़े दिल से सबको समझने की कोशिश करनी चाहिये.

अब रही मज़हब की बात. रसूले करीम से सैकड़ों बार पूछा गया कि 'इसलाम' किसे कहते हैं, 'मुसलिम' कौन है, 'ईमान' का क्या मतलब है और 'मोमिन' की क्या तारीफ़ है? इस तरह की हदीसें सही बुख़ारी और सही मुसलिम में भरी पड़ी हैं. हमें यक़ीन है कि हमारे यह कहते ही इस तरह की पचासों हदीसें हर पढ़े लिखे मुसलमान को याद आ जायेंगी. यहां उन्हें दुहराने की ज़रूरत नहीं है. हम बड़ी नम्रता और इनकिसार के साथ कहना चाहते हैं कि अगर किसी इनसान के मुस्लिम या मोमिन होने का फ़ैसला इन हदीसों की बिना पर किया जावे तो रूस और चीन के लाखों कम्युनिस्ट कहलाने वाले इनसान भारत या पाकिस्तान के लाखों

اپنا گھر بنا ہوا ہے، جس پر اُن کی دودھ دینے والی سُندر اور تندرست گائیں ہیں یا دوسرے جانور پلے ہوئے ہیں اور جس پر اُن کی الگ چھوٹی سی کھیتی باڑی اور انگور کی ٹٹی ہے، اِس سب کی آمدنی الگ. ہم نے حساب لگا کر دیکھا کہ ازبکستان کے اندر چار پانچ آدمیوں کے ایک چھوٹے سے کسان کنبے کی آمدنی کسی طرح ہمارے سکوں میں دو ہزار روپیہ ماہوار سے کم نہیں ہوتی، اور کھانے پینے کی چیزیں موٹے طور پر دلی یا لاہور سے زیادہ مہنگی نہیں ہیں. اِن کھانے پینے کی چیزوں کی بہتات تو وہاں ہے ہی. ازبکستان کے مسلمان کسانوں کے گھروں میں گھس گھس کر ہم نے اپنی آنکھوں سے اُن کی حالت کو دیکھا ہے. گھنٹوں اُن کے مردوں، عورتوں اور بچوں سے باتیں کی ہیں. اُن کے ساتھ کھانا کھایا ہے. ہم پوری ذمہداری کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ ازبکستان کے وہ مسلمان کسان بھارت یا پاکستان کے ایک ہزار روپیہ ماہوار تنخواہ پانے والے بابوؤں سے کہیں زیادہ خوش اور خوشحال ہیں. ازبکستان میں روئی ادھک ہوتی ہے. سارے روس کو روئی یہیں سے جاتی ہے. ہم نے اُن کے کھیتوں میں پیدا ہوئے روئی کے تونڈوں کو دیکھا. ہم دیکھ کر دنگ رہ گئے. اُن کا ایک ایک تونڈا بھارت یا پاکستان کے اچھے سے اچھے روئی کے تونڈوں سے کم سے کم بارہ گنا بڑا تو ہوتا ہی ہے. ہمیں نہیں معلوم کہ مسٹر محمد علی اور اُن کے ہم خیال لوگ کس کمیونزم کو مٹانا چاہتے ہیں، کیوں مٹانا چاہتے ہیں اور کس برتے پر مٹانا چاہتے ہیں. پیسے اور تلوار نے آج تک دنیا میں نہ تاریخی طاقتوں یعنی اِتہاسک شکتیوں کی باڑھ کو روکا اور نہ روک سکتے ہیں.

ہم یہاں روس کی، ازبکستان کی یا چین کی تعلیم، وہاں کے بچوں کی دیکھ ریکھ، وہاں کے گھریلو دھندوں اور وہاں کی کاریگریوں، دستکاریوں اور کارخانوں کی چرچا کر کے اِس نوٹ کو لمبا کرنا نہیں چاہتے. ازبکستان کے کسانوں کی حالت کو بھی ہم نے کیول نمونے کے طور پر بیان کیا ہے. ہمیں آنکھ کھول کر دنیا کو دیکھنا چاہئے اور بڑے دل سے سب کو سمجھنے کی کوشش کرنی چاہئے.

اب رہی مذہب کی بات. رسول کریم سے سیکڑوں بار پوچھا گیا کہ 'اسلام' کسے کہتے ہیں، 'مسلم' کون ہے، 'ایمان' کا کیا مطلب ہے اور 'مومن' کی کیا تعریف ہے؟ اِس طرح کی حدیثیں صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں بھری پڑی ہیں. ہمیں یقین ہے کہ ہمارے یہ کہتے ہی اِس طرح کی پچاسوں حدیثیں ہر پڑھے لکھے مسلمان کو یاد آجائیں گی. یہاں اُنہیں دہرانے کی ضرورت نہیں ہے. ہم بڑی نمرتا اور انکسار کے ساتھ کہنا چاہتے ہیں کہ اگر کسی انسان کے مسلم یا مومن ہونے کا فیصلہ اِن حدیثوں کی بنا پر کیا جائے تو روس اور چین کے لاکھوں کمیونسٹ کہلانے والے انسان بھارت یا پاکستان کے لاکھوں

कर दिखाई दिया हो कि भारत भी कुछ उसी बे-दीनी और ला-मजहबी की तरफ जा रहा है और भारत को इस गलत रास्ते से हटा कर फिर से ठीक रास्ते पर लाने के लिये उन्हें खुदा और मजहब से इनकार न करने वाली अमरीकी सरकार की मदद कारगर दिखाई देती हो.

खुदा और मजहब का मामला बड़ा नाजुक मामला है. थोड़ी देर के लिये इससे हट कर हम मिस्टर मुहम्मद अली और उनके ख़याल के लोगों से यह कहना चाहते हैं कि वह दुनिया की अब तक की तारीख और इस समय की हालत को पूरी तरह ध्यान में रखते हुए इस सारे सवाल पर ग़ौर करने की कोशिश करें. यह जमाना एक नए और ऊंचे मानी में इनसानी मसावात यानी इनसानी बराबरी का जमाना है. आदमी आदमी के बीच की हजारों बरसों की दीवारें टूट रही हैं. इनसानी दुनिया तेजी के साथ एक होती जा रही है और एक कुनबा बनती जा रही है. हमने कलाम मजीद को बहुत प्रेम और श्रद्धा के साथ अनेक बार पढ़ा है. दुनिया उस तरफ बढ़ रही है जिसे कुरान में "अल्लाह का कुनबा" कहा गया है. हजारों बरस से नीचे दबे हुए इनसान ऊपर आ रहे हैं और बहुत दिनों तक ऊपर रहने वाला को इसी बराबरी को क़ायम करने के लिये कुछ नीचे उतरना पड़ रहा है. यह है दुनिया की आजकल की गति. और यही मशीयते एजदी यानी ईश्वर की इच्छा है. मिस्टर मुहम्मद अली और उनकी तरह सोचने वाले लोगों को, चाहे वह पाकिस्तान में हों या भारत में या कहीं भी, यह मालूम होना चाहिये कि उन कम्युनिस्ट देशों में से जिन्हें वह मिटाना चाह रहे हैं आज सोवियत रूस के अन्दर मुस्लिम देश उजबेकिस्तान में, जिसके शहर समरक़न्द, ताशक़न्द और बुखारा किसी समय दुनिया की तहजीब के मरकज माने जाते थे और जो आज से सौ बरस पहले दुनिया के ग़रीब से ग़रीब और वीरान से वीरान देशों में गिना जाता था, आज रूसी कम्युनिज़म के दौर में एक मामूली किसान को केवल आठ घंटे मेहनत करके शाम को जो मजदूरी मिलती है वह है :— चार सेर आलू, दो सेर फल और सबजी, तीन पाव दूध, पाव भर गोश्त और इन सबके अलावा दस या बारह रूबुल नक़द. एक रूबुल बराबर होता है हिन्दुस्तानी एक रुपये दो आने के. अगर चार या पांच आदमियों के किसी किसान कुनबे में दो आदमी भी—एक मर्द, एक औरत या दो भाई या बाप बेटे—खेत में काम करते हैं तो वह शाम को इसका ठीक दुगना सामान घर लेकर आते हैं. कलेक्टिव फार्म यानी मुश्तरका खेती की पैदावार की बिक्री से यह मजदूरी, सरकार का हिस्सा और सब खर्च देने के बाद जो हर किसान परिवार को नक़द बचता है वह अलग. इस सबके अलावा हर किसान परिवार की कुछ न कुछ अपनी निजी मिलकियत की जमीन भी है जिस पर उस परिवार का

کو دکھائی دیا ہو کہ بھارت بھی کچھ اسی بے دینی اور لامذہبی کی طرف جا رہا ہے اور بھارت کو اس غلط راستے سے ہٹا کر پھر سے ٹھیک راستے پر لانے کے لئے انہیں خدا اور مذہب سے انکار نہ کرنے والی امریکی سرکار کی مدد کارگر دکھائی دیتی ہو۔

خدا اور مذہب کا معاملہ بڑا نازک معاملہ ہے۔ تھوڑی دیر کے لئے اس سے ہٹ کر ہم مسٹر محمد علی اور ان کے خیال کے لوگوں سے یہ کہنا چاہتے ہیں کہ وہ دنیا کی اب تک کی تاریخ اور اس سمے کی حالت کو پوری طرح دھیان میں رکھتے ہوئے اس سارے سوال پر غور کرنے کی کوشش کریں۔ یہ زمانہ ایک نئے اور اونچے معنی میں انسانی مساوات یعنی انسانی برابری کا زمانہ ہے۔ آدمی آدمی کے بیچ کی ہزاروں برسوں کی دیواریں ٹوٹ رہی ہیں۔ انسانی دنیا تیزی کے ساتھ ایک ہوتی جا رہی ہے اور ایک کنبہ بنتی جا رہی ہے۔ ہم نے کلام مجید کو بہت پریم اور شردھا کے ساتھ انیک بار پڑھا ہے۔ دنیا اس طرف بڑھ رہی ہے جیسے قرآن میں "اللہ کا کنبہ" کہا گیا ہے۔ ہزاروں برس سے نیچے دبے ہوئے انسان اوپر آ رہے ہیں اور بہت دنوں تک اوپر رہنے والوں کو اسی برابری کو قائم کرنے کے لئے کچھ نیچے اترنا پڑ رہا ہے۔ یہ ہے دنیا کی آجکل کی گتی۔ اور یہی مشیت ایزدی یعنی ایشور کی اچھا ہے۔ مسٹر محمد علی اور ان کی طرح سوچنے والے لوگوں کو، چاہے وہ پاکستان میں ہوں یا بھارت میں یا کہیں بھی، یہ معلوم ہونا چاہئے کہ ان کمیونسٹ دیشوں میں سے جنہیں وہ مٹانا چاہ رہے ہیں آج سوویت روس کے اندر مسلم دیش ازبکستان میں، جس کے شہر سمرقند، تاشقند اور بخارا کسی سمے دنیا کی تہذیب کے مرکز مانے جاتے تھے اور جو آج سے سو برس پہلے دنیا کے غریب سے غریب اور ویران سے ویران دیشوں میں گنا جاتا تھا، آج روسی کمیونزم کے دور میں ایک معمولی کسان کو کیول آٹھ گھنٹے محنت کر کے شام کو جو مزدوری ملتی ہے وہ ہے :—چار سیر آلو، دو سیر پھل اور سبزی، تین پاؤ دودھ، پاؤ بھر گوشت اور ان سب کے علاوہ دس یا بارہ روبل نقد۔ ایک روبل برابر ہوتا ہے ہندستانی ایک روپیہ دو آنہ کے۔ اگر چار یا پانچ آدمیوں کے کسی کسان کنبہ میں دو آدمی بھی—ایک مرد ایک عورت یا دو بھائی یا باپ بیٹے—کھیت میں کام کرتے ہیں تو وہ شام کو اس کا ٹھیک دوگنا سامان گھر لے کر آتے ہیں۔ کلکٹیو فارم یعنی مشترکہ کھیتی کی پیداوار کی بکری سے یہ مزدوری، سرکار کا حصہ اور سب خرچ دینے کے بعد جو ہر کسان پریوار کو نقد بچتا ہے وہ الگ۔ اس سب کے علاوہ ہر کسان پریوار کی کچھ نہ کچھ اپنی نجی ملکیت کی زمین بھی ہے جس پر اس پریوار کا

अमरीका में मिस्टर मुहम्मद अली और राजकुमारी अमृत कौर

हाल में समाचार पत्रों के अन्दर दो छोटी छोटी खबरें एक साथ छपी थीं. पाकिस्तान के बड़े वजीर मिस्टर मुहम्मद अली और भारत की सेहत वजीर राजकुमारी अमृत कौर दोनों उन दिनों अमरीका में थे. पहली खबर यह थी कि मिस्टर मुहम्मद अली ने वहां यह विचार प्रगट किया कि दुनिया को बचाने के लिये दुनिया से कम्युनिज्म को मिटाना जरूरी है और उसे मिटाने के दो ही साधन हैं—पैसा और तलवार. इसके लिये अमरीका, पाकिस्तान और दूसरे इसी तरह के देशों को मिलकर कोशिश करनी चाहिये. दूसरी खबर यह थी कि राजकुमारी अमृत कौर ने अमरीकी जनता से कहा कि भारत के लोग बड़े कट्टर, हट धर्मी और अन्धविश्वासी हैं, इसी लिये वह बच्चों की पैदाइश को रोकने के साइन्सी तरीक़ों को काम में नहीं लाते. इससे भारत की आबादी बढ़ती जा रही है. यही भारत की सबसे बड़ी मुसीबत है. राजकुमारी अमृत कौर ने अमरीकी जनता को यह भी सूचना दी कि भारत सरकार हजारों अस्पतालों के जरिये और तरह तरह से यह कोशिश कर रही है कि लोग बच्चों की पैदाइश रोकने के इन तरीक़ों को जानें, उनकी क़दर करें और उन्हें काम में लावें. यह कोशिश एक बड़े पैमाने पर गांव गांव में की जा रही है ताकि देश बढ़ती हुई आबादी की इस मुसीबत से बच सके.

मिस्टर मुहम्मद अली के विचार इस मामले में सबको पहले से मालूम थे. राजकुमारी अमृत कौर के विचार पैदाइश रोकने के सम्बन्ध में भी दुनिया से छिपे हुए नहीं थे. फिर भी इन दोनों की यह तक़रीरें हमें यह सोचने पर मजबूर करती हैं कि पाकिस्तान और भारत किधर जा रहे हैं.

मिस्टर मुहम्मद अली एक ऐसे राज के बड़े वजीर की हैसियत से बोल रहे थे जो अपने को इस्लामी राज कहता है, और जिसे अपने इस्लामी होने का फ़ख़ है. खुद मिस्टर मुहम्मद अली अपने को मुसलमान मानते और कहते हैं. ज़ाहिर है उन्हें खुदा और मजहब को न मानने वाले कम्युनिज्म और कम्युनिस्टों से नाराज़गी है और उन्हें इनसे दुनिया को खतरा दिखाई देता है. इस नास्तिकता और बेदीनी को दुनिया से मिटाने के लिये और खुदा और मजहब को लोगों के दिलों में फिर से जमाने के लिये उन्हें पैसा और तलवार दो ही सबसे अच्छे साधन दिखाई देते हैं. यह भी मुमकिन है कि चीन के बड़े वजीर चाउ-एन-लाई के भारत आने और जवाहर लाल जी के चीन जाने जैसी घटनाओं से और इधर फ़ौलाद के नए कारखाने की बाबत रूस और भारत की बातचीत से मिस्टर मुहम्मद अली को यह

امریکہ میں مسٹر محمد علی اور راج کماری امرت کور

حال میں سماچار پتروں کے اندر دو چھوٹی چھوٹی خبریں ایک ساتھ چھپی تھیں. پاکستان کے بڑے وزیر مسٹر محمد علی اور بھارت کی صحت وزیر راج کماری امرت کور دونوں اُن دنوں امریکہ میں تھے. پہلی خبر یہ تھی کہ مسٹر محمد علی نے وہاں یہ وچار پرگٹ کیا کہ دنیا کو بچانے کے لئے دنیا سے کمیونزم کو مٹانا ضروری ہے اور اُسے مٹانے کے دو ہی سادھن ہیں—پیسہ اور تلوار. اس کے لئے امریکہ، پاکستان اور دوسرے اسی طرح کے دیشوں کو ملکر کوشش کرنی چاہئے. دوسری خبر یہ تھی کہ راج کماری امرت کور نے امریکی جنتا سے کہا کہ بھارت کے لوگ بڑے کٹر، ہٹ دھرمی اور اندھ وشواسی ہیں، اسی لئے وہ بچوں کی پیدائش کو روکنے کے سائنسی طریقوں کو کام میں نہیں لاتے. اس سے بھارت کی آبادی بڑھتی جا رہی ہے. یہی بھارت کی سب سے بڑی مصیبت ہے. راج کماری امرت کور نے امریکی جنتا کو یہ بھی سوچنا دی کہ بھارت سرکار ہزاروں اسپتالوں کے ذریعہ اور طرح طرح سے یہ کوشش کر رہی ہے کہ لوگ بچوں کی پیدائش روکنے کے اِن طریقوں کو جانیں، اُن کی قدر کریں اور اُنہیں کام میں لاویں. یہ کوشش ایک بڑے پیمانے پر گاؤں گاؤں میں کی جا رہی ہے تاکہ دیش بڑھتی ہوئی آبادی کی اِس مصیبت سے بچ سکے.

مسٹر محمد علی کے وچار اِس معاملے میں سب کو پہلے سے معلوم تھے. راج کماری امرت کور کے وچار پیدائش روکنے کے سمبندھ میں بھی دنیا سے چھپے ہوئے نہیں تھے. پھر بھی اِن دونوں کی یہ تقریریں ہمیں یہ سوچنے پر مجبور کرتی ہیں کہ پاکستان اور بھارت کدھر جا رہے ہیں.

مسٹر محمد علی ایک ایسے راج کے بڑے وزیر کی حیثیت سے بول رہے تھے جو اپنے کو اسلامی راج کہتا ہے، اور جسے اپنے اسلامی ہونے کا فخر ہے. خود مسٹر محمد علی اپنے کو مسلمان مانتے اور کہتے ہیں. ظاہر ہے اُنہیں خدا اور مذہب کو نہ ماننے والے کمیونزم اور کمیونسٹوں سے ناراضگی ہے اور اُنہیں ان سے دنیا کو خطرہ دکھائی دیتا ہے. اِس ناستکتا اور بے دینی کو دنیا سے مٹانے کے لئے اور خدا اور مذہب کو لوگوں کے دلوں میں پھر سے جمانے کے لئے اُنہیں پیسہ اور تلوار دو ہی سب سے اچھے سادھن دکھائی دیتے ہیں. یہ بھی ممکن ہے کہ چین کے بڑے وزیر چاؤ. این. لائی کے بھارت آنے اور جواہر لال جی کے چین جانے جیسی گھٹناؤں سے اور ادھر فولاد کے نئے کارخانے کی بابت روس اور بھارت کی بات چیت سے مسٹر محمد علی کو یہ

अधिक हों और उनकी शक्ति सचमुच बढ़ी सकती हो तो उसमें मशीनों और मिलों पर इस तरह का ज़ोर अर्थ शास्त्र की निगाह से समझदारी की बात नहीं मानी जा सकती. न यह विज्ञान यानी साइन्स है और न इसमें जनता का भला (welfare) है. यह है नंगा पूंजीवाद, थोड़े से लोगों को बड़े बड़े मुनाफ़े कमाने का मौक़ा देना और आम ग़रीब जनता को उन मुनाफ़ों के लिये चुसने देना.

यह देखकर दिल दुखता है कि आज़ाद भारत में, पहली आज़ाद सरकार के नीचे, और महात्मा गांधी के मरने के इतने थोड़े दिनों के अन्दर, बड़ी मशीनों और बड़े पैमाने पर और कम से कम मज़दूर लगा कर अधिक से अधिक माल पैदा करने का चसका हम में इतना बढ़ जावे कि देश की परिस्थिति और जनता के असली हित की तरफ़ हमारी निगाह ही न जा सके. हमें इस सम्बन्ध में महात्मा गांधी के यह शब्द याद आ रहे हैं :—"लोग मज़दूरों और मज़दूरी की बचत करते चले जाते हैं, यहां तक कि हज़ारों आदमी भूखे मरने के लिये खुली गलियों में जा पड़ते हैं."

मालूम होता है कि भारत सरकार इस तहक़ीक़ाती कमेटी की सिफ़ारिशों से बहुत कुछ सहमत है. यह ऐलान हो चुका है कि तहक़ीक़ाती कमेटी का चेयरमैन 'तिजारत और उद्योग धन्दों का डिप्टी मिनिस्टर' बनाया जायगा, इसलिये ताकि वह इस "सोचे समझे बदलाव" (planned conversion) को अमल में लाने में मदद दे सके.

इस सबका निचोड़ यह है कि हमारे गांव, हमारे ग़रीबों के झोंपड़ों, उनकी दस्तकारियों, उनके उद्योग धन्दों, और देश के लाखों बल्कि करोड़ों बेकारों को सब्र के साथ उस दिन का इन्तज़ार करना चाहिये जिस दिन हमारे चोटी के आदमी इस बात को समझ सकें कि भारत की जनता का भला इस में है कि लोगों के हाथ पैरों की शक्ति और मशीनों की शक्ति दोनों का अपनी अपनी जगह उपयोग किया जावे और स्वतन्त्र कारीगर और दूसरे के लिये मेहनत करने वाला मज़दूर दोनों के बीच एक ऐसा उचित, समझदारी का, देश के हालात से मिलता हुआ और अमली सामंजस्य क़ायम किया जावे, जिससे सब को रोज़ी मिल सके, आज़ाद कारीगर के लिये दुनिया में जगह रहे और साइन्स को भी उन्नति का पूरा मैदान मिले. मिल मालिकों की बची खुची जूठन पर हमें लाखों बुनकरों को नहीं पालना, बल्कि हमारे लाखों आज़ाद बुनकरों के करघों से जो मैदान बचे वह मिलों को देना है. हम यदि शान्ति और नम्रता से समझने की कोशिश करें तो गांधी जी यही चाहते थे और इसी में देश की जनता का भला है.

26. 10. '54 —सुन्दरलाल

ادھک ہوں اور اُن کی شکتی سچ مچ بڑھ سکتی ہو تو اُس میں مشینوں اور ملوں پر اِس طرح کا زور ارتھ شاستر کی نگاہ سے سمجھداری کی بات نہیں مانی جا سکتی۔ نہ یہ وگیان یعنی سائنس ہے اور نہ اِس میں جنتا کا بھلا (welfare) ہے۔ یہ ہے ننگا پونجی واد، تھوڑے سے لوگوں کو بڑے بڑے منافعے کمانے کا موقع دینا اور عام غریب جنتا کو اُن منافعوں کے لئے چُسنے دینا۔

یہ دیکھ کر دل دُکھتا ہے کہ آزاد بھارت میں، پہلی آزاد سرکار کے نیچے، اور مہاتما گاندھی کے مرنے کے اِتنے تھوڑے دنوں کے اندر، بڑی مشینوں اور بڑے پیمانے پر اور کم سے کم مزدور لگا کر ادھک سے ادھک مال پیدا کرنے کا چسکا ہم میں اتنا بڑھ جاوے کہ دیش کی پرستھتی اور جنتا کے اصلی ہت کی طرف ہماری نگاہ ہی نہ جا سکے۔ ہمیں اس سمبندھ میں مہاتما گاندھی کے یہ شبد یاد آ رہے ہیں :—"لوگ مزدوروں اور مزدوری کی بچت کرتے چلے جاتے ہیں، یہاں تک کہ ہزاروں آدمی بھوکے مرنے کے لئے کھلی گلیوں میں جا پڑتے ہیں۔"

معلوم ہوتا ہے کہ بھارت سرکار اس تحقیقاتی کمیٹی کی سفارشوں سے بہت کچھ سہمت ہے۔ یہ اعلان ہو چکا ہے کہ تحقیقاتی کمیٹی کا چیرمین 'تجارت اور اُدیوگ دھندوں کا ڈپٹی منسٹر' بنایا جائیگا، اِس لئے تاکہ وہ "اِس سوچے سمجھے بدلاؤ" (planned conversion) کو عمل میں لانے میں مدد دے سکے۔

اِس سب کا نچوڑ یہ ہے کہ ہمارے گاؤں، ہمارے غریبوں کے جھونپڑوں، اُن کی دستکاریوں، اُن کے اُدیوگ دھندوں اور دیش کے لاکھوں بلکہ کروڑوں بیکاروں کو صبر کے ساتھ اُس دن کا انتظار کرنا چاہئے جس دن ہمارے چوٹی کے آدمی اس بات کو سمجھ سکیں کہ بھارت کی جنتا کا بھلا اِسی میں ہے کہ لوگوں کے ہاتھ پیروں کی شکتی اور مشینوں کی شکتی دونوں کا اپنی اپنی جگہ اُپیوگ کیا جاوے اور سوتنتر کاریگر اور دوسروں کے لئے محنت کرنے والا مزدور دونوں کے بیچ ایک ایسا اُچت، سمجھداری کا، دیش کے حالات سے ملتا ہوا اور عملی سامنجسیہ قائم کیا جاوے، جس سے سب کو روزی مل سکے، آزاد کاریگر کے لئے دنیا میں جگہ رہے اور سائنس کو بھی اُنتی کا پورا میدان ملے۔ مل مالکوں کی بچی کھچی جوٹھن پر ہمیں لاکھوں بنکروں کو نہیں پالنا، بلکہ ہمارے لاکھوں آزاد بنکروں کے کرگھوں سے جو میدان بچے وہ ملوں کو دینا ہے۔ ہم یدی شانتی اور نمرتا سے سمجھنے کی کوشش کریں تو گاندھی جی یہی چاہتے تھے اور اِسی میں دیش کی جنتا کا بھلا ہے۔

—سندر لال 26. 10. '54

तक और दूसरा उसके बाद. हाथ करघों को जो थोड़ी सी खास रियायतें इस समय मिली हुई हैं उन्हें पहले काल में "और अधिक नहीं बढ़ाया जायगा." इसके अलावा कमेटी ने सरकार से सिफ़ारिश की है कि "एक खास एजन्सी इस बात के लिये क़ायम की जाय कि वह इस बात को देखे कि इस बदलाव में जो खर्च करना पड़ेगा उसे कैसे और किस ढंग से किया जाय." सीधी सादी भाषा में इस सिफ़ारिश का मतलब यह है कि वह धन्धा जिसे हम हाथ करघों का धन्दा कहते हैं देश की आर्थिक व्यवस्था से "दरजे दरजे" (by stages) बिलकुल खत्म कर दिया जावे. फ़िलहाल थोड़े से ऐसे करघे रहने दिये जायेंगे जो ऐसा "नफ़ीस और बहुत नफ़ीस माल तैयार करते हैं" जिसे विदेशों में बेच कर बदले में "विदेशी सिक्के" मिल सकते हैं.

यह "बदलाव" का काम पूरी योजना के साथ कुछ दिनों से बराबर चल रहा है. इसी का नतीजा है कि हाथ बुनकरों की बहुत बड़ी तादाद बिलकुल बेरोज़गार हो चुकी है, और जो रह गए हैं उनमें से अधिकांश, जो चन्द साल पहले तक स्वतंत्र कारीगर थे, अब उन थोड़े से लोगों के लिये रोज़ की मज़दूरी करते हैं जिनके पास थोड़ा बहुत पैसा जमा था और जो आसानी से पहले दरजे से निकलकर दूसरे दरजे में पहुंच गए हैं और अब तीसरे दरजे में मिलकर अपना स्वतन्त्र अस्तित्व खत्म कर देने के लिये तैयार बैठे हैं.

इस सारी समस्या में जो सब से बड़ा पहलू बेरोज़गारी का है उस पर कमेटी ने ध्यान तक नहीं दिया. मालूम होता है कमेटी को सब से बड़ी चिन्ता इसी बात की थी कि किसी तरह कपड़ा मिलों के रास्ते से हाथ करघों की इस निकम्मी अड़चन को दूर किया जावे. उसकी निगाह में हाथ करघों की अगर कोई थोड़ी बहुत उपयोगिता है तो वह इतनी ही कि उनके ज़रिये कुछ "विदेशी सिक्के" मिल सकें. इसीलिये "बदलाव" के ज़माने में हाथ करघों में तैयार हुए "मोटे और दरमियाने माल के मुक़ाबले में नफ़ीस और बहुत नफ़ीस माल को" और "मामूली खाकी माल के मुक़ाबले में रंगे छपे बढ़िया माल को" दूसरे दरजे में बने रहने की इजाज़त दी जायगी, और सरकार बड़ी दया करके उन्हें इस बीच के ज़माने में "ज़िन्दा रखने का फ़ैसला कर सकती है."

अब रहा खद्दर, तो उसके बारे में कमेटी की सिफ़ारिश है कि एक और "खास तहक़ीक़ात की जानी चाहिये और चारों तरफ़ के जितने हालात खद्दर के धन्धे से सम्बन्ध रखते हैं (या उस पर असर रखते हैं) उन सब को निगाह में रखते हुए खद्दर के धन्दे के बारे में आखरी फ़ैसला होना चाहिये."

जिस देश में आदमियों की कमी हो उसमें यदि हर काम के लिये मशीनों और मिलों पर इस तरह ज़ोर दिया जावे तो कुछ समझ में आ सकता है. पर जिस देश में आदमी इतने

تک اور دوسرا اُس کے بعد. ہاتھ کرگھوں کو جو تھوڑی سی خاص رعایتیں اِس سمے ملی ہوئی ہیں اُنہیں پہلے کال میں "اور اَدھک نہیں بڑھایا جائیگا". اِس کے علاوہ کمیٹی نے سرکار سے سفارش کی ہے کہ "ایک خاص ایجنسی اِس بات کے لئے قائم کی جائے کہ وہ اِس بات کو دیکھے کہ اِس بدلاؤ میں جو خرچ کرنا پڑیگا اُسے کیسے اور کس ڈھنگ سے کیا جائے". سیدھی سادی بھاشا میں اِس سفارش کا مطلب یہ ہے کہ وہ دھندا جسے ہم ہاتھ کرگھوں کا دھندا کہتے ہیں دیش کی آرتھک ویوستھا سے "درجہ بدرجہ" (by stages) بالکل ختم کر دیا جاوے۔ فی الحال تھوڑے سے ایسے کرگھے رہنے دئے جائینگے جو ایسا "نفیس اور بہت نفیس مال تیار کرتے ہیں" جسے ودیشوں میں بیچ کر بدلے میں "ودیشی سکے" مل سکتے ہیں۔

یہ "بدلاؤ" کا کام پوری یوجنا کے ساتھ کچھ دنوں سے برابر چل رہا ہے۔ اِسی کا نتیجہ ہے کہ ہاتھ بنکروں کی بہت بڑی تعداد بالکل بیروزگار ہو چکی ہے، اور جو رہ گئے ہیں اُن میں سے ادھیکانش، جو چند سال پہلے تک سوتنتر کاریگر تھے، اب تھوڑے سے اُن لوگوں کے لئے روز کی مزدوری کرتے ہیں جن کے پاس تھوڑا بہت پیسہ جمع تھا اور جو آسانی سے پہلے درجے سے نکل کر دوسرے درجے میں پہونچ گئے ہیں اور اب تیسرے درجے میں مل کر اپنا سوتنتر استتو ختم کر دینے کے لئے تیار بیٹھے ہیں۔

اِس ساری سمسیا میں جو سب سے بڑا پہلو بیروزگاری کا ہے اُس پر کمیٹی نے دھیان تک نہیں دیا۔ معلوم ہوتا ہے کمیٹی کو سب سے بڑی چنتا اِسی بات کی تھی کہ کسی طرح کپڑا ملوں کے راستے سے ہاتھ کرگھوں کی اِس نکمی اڑچن کو دور کیا جاوے۔ اُس کی نگاہ میں ہاتھ کرگھوں کی اگر کوئی تھوڑی بہت اُپیوگتا ہے تو وہ اتنی ہی ہے کہ اُن کے ذریعہ کچھ "ودیشی سکے" مل سکیں۔ اِسی لئے "بدلاؤ" کے زمانے میں ہاتھ کرگھوں میں تیار ہوئے "موٹے اور درمیانے مال کے مقابلے میں نفیس اور بہت نفیس مال کو" اور "معمولی خاکی مال کے مقابلے میں رنگے چھپے بڑھیا مال کو" دوسرے درجے میں بنے رہنے کی اجازت دی جائیگی، اور سرکار بڑی دیا کر کے انہیں اِس بیچ کے زمانے میں "زندہ رکھنے کا فیصلہ کر سکتی ہے۔"

اب رہا کھدر، سو اُس کے بارے میں کمیٹی کی سفارش ہے کہ ایک اور "خاص تحقیقات کی جانی چاہئے اور چاروں طرف کے جتنے حالات کھدر کے دھندے سے سمبندھ رکھتے ہیں (یا اُس پر اثر رکھتے ہیں) اُن سب کو نگاہ میں رکھتے ہوئے کھدر کے دھندے کے بارے میں آخری فیصلہ ہونا چاہئے۔"

جس دیش میں آدمیوں کی کمی ہو اُس میں یدی ہر کام کے لئے مشینوں اور ملوں پر اِس طرح زور دیا جاوے تو کچھ سمجھ میں آ سکتا ہے۔ پر جس دیش میں آدمی اتنے

कर दूना होता है. कमेटी से जो आशाएं की गई थीं वह सब ग़लत साबित हुईं.

कमेटी की रिपोर्ट के अनुसार इस समय भारत में कुल इक्कीस लाख नब्बे हज़ार करघे हैं जिन में केवल बारह लाख ऐसे हैं जो "व्यापारी ढंग से सफलता के साथ चल रहे हैं." रिपोर्ट के यह आंकड़े ठीक नहीं माने जा सकते. कमेटी ने ख़ुद अपनी रिपोर्ट में लिखा है कि उसने "कहीं कहीं जहां तहां नमूने के तौर पर कुछ करघे गिनवा कर उनके आधार पर सारे भारत के लिये यह आंकड़े तैयार कर लिये." पर यदि इन आंकड़ों को ठीक भी मान लिया जावे तब भी एक बात स्पष्ट है कि कमेटी ने केवल उन करघों को लिया है जो "कमेटी की तहक़ीक़ात के समय" चल रहे थे. हमें मालूम है कि इस से कहीं अधिक तादाद उन करघों की है जो कुछ साल पहले तक चल रहे थे और जो अब चीथड़े हुए या जलासे की तीलियां बने हुए कोनों में पड़े हैं, और जिन पर काम करने वाले कारीगरों के पास अब सिवा इसके कोई चारा नहीं कि या तो कहीं काई और राज़ी ढूंढें या भूखे मरें. यू० पी० बुनकर फ़ेडरेशन के सद्र की हैसियत से दौरा करते हुए उत्तर प्रदेश के कई ज़िलों के बहुत से गांव में इस तरह के हज़ारों अभागे बुनकरों, उनके बाल बच्चों और उनके करघों की इस दुर्दशा को हमने अपनी आंखों से देखा है. इस तरह के करघों की ओर ध्यान न देने में ही कमेटी को अपने काम में सुविधा दिखाई दी. जो करघे कमेटी की तहक़ीक़ात के समय तक चल रहे थे उनमें से भी कमेटी ने जो कुछ सुझाव दिये हैं वह केवल उन करघों के बारे में हैं जो उस समय तक कमेटी की निगाह में "व्यापारी ढंग से सफलता के साथ चल रहे थे," यानी जो मिलों के ज़बरदस्त मुक़ाबले और चारों तरफ़ की विरोधी परिस्थिति के होते हुए भी किसी तरह थोड़ा बहुत मुनाफ़ा कमा रहे हैं. बाक़ी सब लगभग पिछत्तर फ़ीसदी करघों के लिये, जो हमारे आज़ाद होने के दिन तक चल रहे थे और कुछ अब भी चल रहे हैं, कमेटी के अनुसार अब दुनिया में कोई जगह नहीं रही और न रहनी चाहिये.

अब हमें यह देखना है कि जो करघे अभी तक "व्यापारी ढंग से मुनाफ़ा कमा रहे हैं" उनके बारे में कमेटी का क्या सुझाव है. कमेटी ने हमारे सारे कपड़े और बुनाई के धन्धे को तीन हिस्सों या तीन दरजों में बांटा है :—एक हाथ करघे, दूसरे छोटे पैमाने पर बिजली आदि की शक्ति से चलने वाले करघे और तीसरे कपड़ा मिलें. इसके बाद कमेटी का सुझाव है कि "हाथ करघों के धन्धे को दरजे दरजे बदल कर पहले छोटे पैमाने पर बिजली आदि की शक्ति से चलने वाले करघों के धन्धे में बदल दिया जाय और फिर कपड़ा मिलों में बदल दिया जाय." इस "बदलाव (Conversion," के समय को दो कालों में बांटा गया है, पहला सन 1960

کر دگنا ہوتا ھے ۔ کمیٹی سے جو آشائیں کی گئی تھیں وہ سب غلط ثابت ہوئیں ۔

کمیٹی کی رپورٹ کے انوسار اِس سمئے بھارت میں کل اکیس لاکھ نوے ہزار کرگھے ھیں جن میں کیول بارہ لاکھ ایسے ھیں جو "ویاپاری ڈھنگ سے سپھلتا کے ساتھ چل رھے ھیں ." رپورٹ کے یہ آنکڑے ٹھیک نہیں مانے جاسکتے ۔ کمیٹی نے خود اپنی رپورٹ میں لکھا ھے کہ اُس نے "کہیں کہیں جہاں تہاں نمونے کے طور پر کچھ کرگھے گنوا کر اُن کے آدھار پر سارے بھارت کے لئے یہ آنکڑے تیار کرلئے ." پر یدی اِن آنکڑوں کو ٹھیک بھی مان لیا جاوے تب بھی ایک بات اسپشٹ ھے کہ کمیٹی نے کیول اُن کرگھوں کو لیا ھے جو "کمیٹی کی تحقیقات کے سمئے" چل رھے تھے ۔ ھمیں معلوم ھے کہ اِس سے کہیں ادھک تعداد اُن کرگھوں کی ھے جو کچھ سال پہلے تک چل رھے تھے اور جو اب چیتھڑے ھوئے یا جلانے کی تیلیاں بنے ھوئے کونوں میں پڑے ھیں' اور جن پر کام کرنے والے کاریگروں کے پاس اب سوا اِس کے کوئی چارہ نہیں کہ یا تو کہیں کوئی اور روزی ڈھونڈیں یا بھوکے مریں ۔ یو ۔ پی ۔ بنکر فیڈریشن کے صدر کی حیثیت سے دورہ کرتے ھوئے اُتر پردیش کے کئی ضلعوں کے بہت سے گاؤں میں اِس طرح کے ہزاروں ابھاگے بنکروں' اُن کے بال بچوں اور اُن کے کرگھوں کی اِس درگتی کو ھم نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ھے ۔ اِس طرح کے کرگھوں کی اور دھیان نہ دینے میں ھی کمیٹی کو اپنے کام میں سودھا دکھائی دی ۔ جو کرگھے کمیٹی کی تحقیقات کے سمئے تک چل رھے تھے اُن میں سے بھی کمیٹی نے جو کچھ سجھاؤ دئے ھیں وہ کیول اُن کرگھوں کے بارے میں ھیں جو اُس سمئے تک کمیٹی کی نگاہ میں "ویاپاری ڈھنگ سے سپھلتا کے ساتھ چل رھے تھے" یعنی جو ملوں کے زبردست مقابلے اور چاروں طرف کی ورودھی پرستھتی کے ھوتے ھوئے بھی کسی طرح تھوڑا بہت منافع کما رھے ھیں ۔۔ باقی سب لگ بھگ پچھتر فیصدی کرگھوں کے لئے' جو ھمارے آزاد ھونے کے دن تک چل رھے تھے اور کچھ اب بھی چل رھے ھیں' کمیٹی کے انوسار اب دنیا میں کوئی جگہ نہیں رھی اور نہ رھنی چاھئے ۔

اب ھمیں یہ دیکھنا ھے کہ جو کرگھے ابھی تک "ویاپاری ڈھنگ سے منافع کما رھے ھیں" اُن کے بارے میں کمیٹی کا کیا سجھاؤ ھے ۔ کمیٹی نے ھمارے سارے کپڑے اور بنائی کے دھندے کو تین حصوں یا تین درجوں میں بانٹا ھے :—ایک ھاتھ کرگھے' دوسرے چھوٹے پیمانے پر بجلی آدی کی شکتی سے چلنے والے کرگھے اور تیسرے کپڑا ملیں ۔ اِس کے بعد کمیٹی کا سجھاؤ ھے کہ "ہاتھ کرگھوں کے دھندے کو درجے درجے بدل کر پہلے چھوٹے پیمانے پر بجلی آدی کی شکتی سے چلنے والے کرگھوں کے دھندے میں بدل دیا جائے اور پھر کپڑا ملوں میں بدل دیا جائے ۔" اِس "بدلاؤ (Conversion)" کے سمئے کو دو کالوں میں بانٹا گیا ھے' پہلا سن 1960

जनता ने दिल्ली में, लखनऊ में, बाराबङ्की में और देश भर में श्री रफ़ी अहमद के लिये जो गहरा प्रेम दरसाया और उनके चले जाने पर जो शोक मनाया वह जनता के दिल की चीज़ थी. एक जवाहर लाल जी को छोड़ कर देश भर में शायद ही कोई मिनिस्टर आज आम जनता में इतना सबको प्यारा हो जितना श्री रफ़ी अहमद थे. हमारा उनका भी पच्चीस बरस से ऊपर का गहरा और घनिष्ट सम्बन्ध था. साम्प्रदायिक मामले में श्री रफ़ी अहमद उतने ही पाक साफ़ और बेलाग थे जितना कोई भी इन्सान हो सकता है. वह अद्भुत आदमी थे जिन्हें कांग्रेसी और ग़ैर कांग्रेसी, हिन्दू सभाई और जन संघी, सोशलिस्ट और कम्युनिस्ट सब एक बराबर प्यार करते थे और जिन पर सब को एक बराबर भरोसा था, क्योंकि एक पार्टी विशेश के होते हुए भी उनके बड़े दिल के अन्दर सब के लिये जगह थी, वह किसी के साथ ग़ैरियत बरतना न जानते थे, सब को ज़रूरत के वक़्त मदद देते थे, आड़े वक़्त में सब के काम आते थे. जनता के सामने इस की सैकड़ों मिसालें हैं. छोटे से छोटे काम करने वालों और जनता के मामूली से मामूली लोगों से वह जिस खुले दिल से मिलते थे उससे मालूम होता था कि हुकूमत का घमन्ड उन्हें छू भी नहीं गया था. जिस तरह से उन्होंने कन्ट्रोलों को हटाया और चीज़ों के भाव कम किये उससे पता चलता था कि वह जनता के आदमी थे, और जनता का हित करने की उनमें सूझ और साहस दोनों मौजूद थे. बड़े दरजे तक वह एक आदर्श शासक और शासकों के लिये एक आदर्श थे. प्रेम, उदारता, सरलता, निस्स्वार्थता और सेवा भाव की वह मूर्ति थे. लाखों और करोड़ों हिन्दुस्तानियों के दिलों में उनकी याद बरसों बनी रहेगी. हमारी यही ईश्वर से प्रार्थना है कि वह उनकी आत्मा को शान्ति और उनके प्यारे कुटुम्बियों को धीरज दें.

28. 10. '54 — सुन्दरलाल

भारत सरकार और हमारे ग़रीब बुनकर

हमारा देश जब से आज़ाद हुआ है तब से हमारी हाथ के कपड़े की दस्तकारी तेज़ी से मिटती चली जा रही है, जिससे हमारे लाखों बुनकरों और उससे मिलते जुलते धन्धों में लगे हुए दूसरे कारीगरों में बेकारी बढ़ती जा रही है. भारत सरकार ने हाल में एक बुनकरी तहक़ीक़ाती कमेटी (टैक्सटाइल इन्क्वायरी कमेटी) नियुक्त की थी. लोगों को आशा हुई थी कि यह कमेटी सरकार को कुछ ऐसी बातें सुझाएगी जिनसे हमारा हाथ करघों का धन्धा फिर से चमक सके और गांवों और शहरों दोनों में बेकारी घट सके. कमेटी ने अपनी रिपोर्ट सरकार को दे दी. रिपोर्ट को पढ़

جنتا نے دِلّی میں، لکھنو میں، بارہ بنکی میں اور دیش بھر میں شری رفیع احمد کے لئے جو گہرا پریم درشایا اور اُن کے چلے جانے پر جو شوک منایا وہ جنتا کے دل کی چیز تھی ۔ ایک جواہر لال جی کو چھوڑ کر دیش بھر میں شاید ہی کوئی منسٹر آج عام جنتا میں اتنا سب کو پیارا ہو جتنا شری رفیع احمد تھے ۔ ہمارا اُن کا بھی پچیس برس سے اوپر کا گہرا اور گھنشٹ سمبندھ تھا ۔ سامپردایک معاملہ میں شری رفیع احمد اتنے ہی پاک صاف اور بے لاگ تھے جتنا کوئی بھی انسان ہو سکتا ہے ۔ وہ ادبھت آدمی تھے جنہیں کانگریسی اور غیر کانگریسی، ہندو سبھائی اور جن سنگھی، سوشلسٹ اور کمیونسٹ سب ایک برابر پیار کرتے تھے اور جن پر سب کو ایک برابر بھروسہ تھا، کیونکہ ایک پارٹی وشیش کے ہوتے ہوئے بھی اُن کے بڑے دل کے اندر سب کے لئے جگہ تھی، وہ کسی کے ساتھ غیریت برتنا نہ جانتے تھے، سب کو ضرورت کے وقت مدد دیتے تھے، آڑے وقت میں سب کے کام آتے تھے ۔ جنتا کے سامنے اِس کی سیکڑوں مثالیں ہیں ۔ چھوٹے سے چھوٹے کام کرنے والوں اور جنتا کے معمولی سے معمولی لوگوں سے وہ جس کھلے دل سے ملتے تھے اُس سے معلوم ہوتا تھا کہ حکومت کا گھمنڈ اُنہیں چھو بھی نہیں گیا تھا ۔ جس طرح سے اُنہوں نے کنٹرولوں کو ہٹایا اور چیزوں کے بھاؤ کم کئے اُس سے پتہ چلتا تھا کہ وہ جنتا کے آدمی تھے، اور جنتا کا ہت کرنے کی اُن میں سوجھ اور ساہس دونوں موجود تھے ۔ بڑے درجے تک وہ ایک آدرش شاسک اور شاسکوں کے لئے ایک آدرش تھے ۔ پریم، اُدارتا، سرلتا، نسوارتھتا اور سیوا بھاؤ کی وہ مورتی تھے ۔ لاکھوں اور کروڑوں ہندستانیوں کے دلوں میں اُن کی یاد برسوں بنی رہیگی ۔ ہماری یہی ایشور سے پرارتھنا ہے کہ وہ اُن کی آتما کو شانتی اور اُن کے پیارے کٹمبیوں کو دھیرج دیں ۔

—سندر لال 28 . 10 . '54

بھارت سرکار اور ہمارے غریب بنکر

ہمارا دیش جب سے آزاد ہوا ہے تب سے ہماری ہاتھ کے کپڑے کی دستکاری تیزی سے مٹتی چلی جا رہی ہے، جس سے ہمارے لاکھوں بنکروں اور اُن سے ملتے جلتے دھندوں میں لگے ہوئے دوسرے کاریگروں میں بیکاری بڑھتی جا رہی ہے ۔ بھارت سرکار نے حال میں ایک بنکری تحقیقاتی کمیٹی (ٹیکسٹائل انکوائری کمیٹی) نیُکت کی تھی ۔ لوگوں کو آشا ہوئی تھی کہ یہ کمیٹی سرکار کو کچھ ایسی باتیں سجھائیگی جن سے ہمارا ہاتھ کرگھوں کا دھندا پھر سے چمک سکے اور گاؤں اور شہروں دونوں میں بیکاری گھٹ سکے ۔ کمیٹی نے اپنی رپورٹ سرکار کو دے دی ۔ رپورٹ کو پڑھ

तक अपने ईश्वर भक्त थे. पर वह सब धर्मों की एकता में भी पूरा विश्वास रखते थे. किसी तरह की साम्प्रदायिक या प्रान्तीय या कोई और तंग नजरी या छुआ छूत उनमें छू भी नहीं गई थी. हिन्दू, मुसलमान, ईसाई, बंगाली और हिन्दुस्तानी उनके लिये सब बराबर थे. गीता और क़ुरान उनके लिये एक से आदर की पुस्तकें थीं. उनकी आखरी बीमारी में जब मौत उनके सामने नाच रही थी हमें एक दिन कई घंटे उनके पास बैठने का सौभाग्य मिला. बार बार उनकी लड़खड़ाती हुई ज़बान से महात्मा गांधी की प्रार्थना के मशहूर भजन की यही लाइन निकल रही थी :—

"ईश्वर अल्लाह तेरे नाम—सब को सम्मति दे भगवान."

बाबू नित्यानन्द चैटरजी एक ग़रीब गृहस्थ थे. पर उनकी ग़रीबी ख़ुद अपनी मोल ली हुई थी. जवानी में धन कमाने के उनके लिये बहुत से रास्ते खुले हुए थे. वह चाहते तो ख़ूब कमा सकते थे. पर उन्होंने अपना जीवन देश को आज़ाद कराने की कोशिशों में खपा देना अधिक पसन्द किया. वह हद दरजे के नेक, सच्चे, ईमानदार, कुनबापरवर, मेहमां नवाज़ और प्रेम की साक्षात मूर्ति थे. राजकाज से बाहर किसी अपने साथ बुराई करने वाले का एक पल के लिये भी बुरा चेतना उनके लिये नामुमकिन था. अख़बारों में चमकने की न उनमें कभी इच्छा हुई और न इसकी शायद उनमें योग्यता ही थी. हमारी क़ौमी आज़ादी की इमारत में वह सजावट के पत्थर बनकर कभी न चमके. पर इसमें ज़रा भी शक नहीं कि वह उन मुबारिक और ख़ुशक़िस्मत लोगों में से थे जिनकी लाशों पर यह इमारत ऊंची की गई है और आज खड़ी दिखाई दे रही है. हमें यह भी मालूम है कि दुनिया की बड़ी से बड़ी और सुन्दर से सुन्दर इमारतें सजावट के पत्थरों के सहारे नहीं खड़ी रहतीं. वह उन पत्थरों और कंकड़ों के सहारे खड़ी रहती हैं जो बुनियादों में पड़े होते हैं और जिनकी तरफ़ कभी किसी यात्री या दर्शक की निगाह तक नहीं जा सकती. जिन नौजवानों के दिलों में सच्ची देश सेवा और मानव सेवा की लगन है उनके लिये ऐसी ज़िन्दगियां काफ़ी सबक़ देने वाली हैं.

20. 10. '54 —सुन्दरलाल

श्री रफ़ी अहमद किदवाई

28 अक्तूबर सन 1954 की शाम को दिल्ली में श्री रफ़ी अहमद किदवाई की अचानक मृत्यु सारे देश के लिये एक अत्यन्त शोक भरी घटना थी.

इस व्यक्ति की फ़ौजी सलामियों और सरकारी टीपटाप से हमें कोई वास्ता नहीं. दुनिया की सरकारें अपनी शक्ति और अपनी धाक को और मज़बूत करने के लिये ऐसे सब अवसरों से फ़ायदा उठाती ही हैं. यहां हमें मतलब केवल स्वर्गीय श्री रफ़ी अहमद किदवाई के व्यक्तित्व से है.

تک پکے ایشور بھگت تھے ۔ پر وہ سب دھرموں کی ایکتا میں بھی پورا وشواس رکھتے تھے ۔ کسی طرح کی سامپرداٹک یا پرانتیہ یا کوئی اور تنگ نظری یا چھوا چھوت اُن میں چھو بھی نہیں گئی تھی ۔ ہندو، مسلمان، عیسائی، بنگالی اور ہندستانی اُن کے لئے سب برابر تھے ۔ گیتا اور قرآن اُن کے لئے ایک سے آدر کی پستکیں تھیں ۔ اُن کی آخری بیماری میں جب موت اُن کے سامنے ناچ رہی تھی ہمیں ایک دن کئی گھنٹے اُن کے پاس بیٹھنے کا سوبھاگیہ ملا ۔ بار بار اُن کی لڑکھڑاتی ہوئی زبان سے مہاتما گاندھی کی پرارتھنا کے مشہور بھجن کی یہی لائن نکل رہی تھی :—

" ایشور اللہ تیرے نام—سب کو سمتی دے بھگوان ۔"

بابو نتیا نند چیٹر جی ایک غریب گرہستھ تھے ۔ پر اُن کی غریبی خود اپنی مول لی ہوئی تھی ۔ جوانی میں دھن کمانے کے اُن کے لئے بہت سے راستے کھلے ہوئے تھے ۔ وہ چاہتے تو خوب کما سکتے تھے ۔ پر اُنھوں نے اپنا جیون دیش کو آزاد کرانے کی کوششوں میں کھپا دینا ادھک پسند کیا ۔ وہ حد درجے کے نیک، سچے، ایماندار، کنبہ پرور، مہماں نواز اور پریم کی ساکشات مورتی تھے ۔ راج کاج سے باہر کسی اپنے ساتھ برائی کرنے والے کا ایک پل کے لئے بھی برا چیتنا اُن کے لئے نا ممکن تھا ۔ اخباروں میں چمکنے کی نہ اُن میں کبھی اِچھا ہوئی اور نہ اِس کی شاید اُن میں یوگتا ہی تھی ۔ ہماری قومی آزادی کی عمارت میں وہ سجاوٹ کے پتھر بن کر کبھی نہ چمکے ۔ پر اِس میں ذرا بھی شک نہیں کہ وہ اُن مبارک اور خوش قسمت لوگوں میں سے تھے جن کی لاشوں پر یہ عمارت اونچی کی گئی ہے اور آج کھڑی دکھائی دے رہی ہے ۔ ہمیں یہ بھی معلوم ہے کہ دنیا کی بڑی سے بڑی اور سندر سے سندر عمارتیں سجاوٹ کے پتھروں کے سہارے نہیں کھڑی رہتیں ۔ وہ اُن پتھروں اور کنکروں کے سہارے کھڑی رہتی ہیں جو بنیادوں میں پڑے ہوتے ہیں اور جن کی طرف کبھی کسی یاتری یا درشک کی نگاہ تک نہیں جا سکتی ۔ جن نوجوانوں کے دلوں میں سچی دیش سیوا اور مانو سیوا کی لگن ہے اُن کے لئے ایسی زندگیاں کافی سبق دینے والی ہیں ۔

20 . 10 . '54 —سندر لال

شری رفیع احمد کدوائی

28 اکتوبر سن 1954 کی شام کو دلی میں شری رفیع احمد کدوائی کی اچانک مرتیو سارے دیش کے لئے ایک اتیہنت شوک بھری گھٹنا تھی ۔

اِس ویکتی کی فوجی سلامیوں اور سرکاری ٹیپ ٹاپ سے ہمیں کوئی واسطہ نہیں ۔ دنیا کی سرکاریں اپنی شکتی اور اپنی دھاک کو اور مضبوط کرنے کے لئے ایسے سب اوسروں سے فائدہ اٹھاتی ہی ہیں ۔ یہاں ہمیں مطلب کیول سورگیہ شری رفیع احمد کدوائی کے ویکتتو سے ہے ۔

के पीछे बाथरूम से मिली हुई कीचड़ में पड़ी एक गोल सी अजीब चीज़ दिखाई दी. उसे इम्तहान के लिये भेजा गया. पता चला कि बम बहुत खतरनाक था. इत्तफ़ाक़ से रात को फेंकने वाले का निशाना चूक गया. बम बजाय कमरे के अंदर गिरने के बाथरूम के पीछे की नरम मिट्टी में गिरा और वहीं फंसकर रह गया. खानसामां की पोशाक में कमरे के पीछे से उस बम को फेंकने वाला नौजवान यही नित्यानन्द चैटर जी था. पुलीस फेंकने वाले या उसके किसी साथी का सुराग़ न लगा सकी.

इसी तरह की और भी घटनाएं इस समय हमारी याद के सामने हैं. पर हम यहां बाबू नित्यानन्द की जीवनी लिखने नहीं बैठे. श्री अरविन्द घोश जिस ज़माने में कलकत्ते से बैठे हुए देश के क्रान्तिकारी आन्दोलन की रहनुमाई कर रहे थे उस ज़माने में अरविन्द बाबू के और इस प्रान्त के बीच में जो इने गिने लोग सन्देश लाने लेजाने का काम करते थे उनमें से एक बाबू नित्यानन्द चैटरजी थे. लोकमान्य तिलक और लाला लाजपत राय दोनों से उनके गहरे सम्बन्ध थे. यह थी बाबू नित्यानन्द की शुरू की ज़िन्दगी.

तब से लेकर मौत के दिन तक बाबू नित्यानन्द चैटरजी का सारा जीवन अपनी छोटी सी शक्ति के अनुसार देश की सेवा में ही बीता. सन 1908 के उस उर्दू अख़बार "स्वराज्य" के साथ, जिसने भारत भर में शायद सबसे ज़ियादा एडिटर जेल और काले पानी भेजे, बाबू नित्यानन्द का पूरा सम्बन्ध था. हिन्दी अख़बार "कर्मयोगी" के जो सन 1909 में निकल कर सन 1910 में बन्द हो गया नित्यानन्द जी मैनेजर थे. प्रयाग पबलिशिंग कम्पनी के जो 'कर्म योगी' निकालती थी नित्यानन्द जी मैनेजिंग डाइरेक्टर थे. सन 1918 के साप्ताहिक "भविष्य" और सन 1919 के दैनिक "भविष्य" दोनों के वह मैनेजर थे. "नया हिन्द" के वह मैनेजर थे ही. अख़बारों, ख़ासकर क़ौमी अख़बारों और प्रेस के काम का उन्हें बहुत गहरा तजुर्बा था.

जन सेवा की भी बाबू नित्यानन्द में गहरी लगन थी. सन 1908 के अवध के भयंकर अकाल से लेकर सन 1934 के बिहार भूकम्प तक जगह जगह उन्होंने जान लड़ा कर और डट कर दुखियों की सेवा की. सन 1919 में इलाहाबाद होमरूल लीग के दफ़्तर को वही संभाले हुए थे. सन 1919 के बाद से वह महात्मा गांधी के सच्चे प्रशंसकों में से थे.

सन 1930 और सन 1932 के सत्याग्रह आन्दोलनों में उनका घर सब देश भक्तों और काम करने वालों के लिये आश्रय की जगह थी. सन 1930 में बहुत दिनों तक प्रान्तीय कांग्रेस का और आन्दोलन का दोनों का दफ़्तर उन्हीं के घर में रहा.

बाबू नित्यानन्द चैटरजी शुरू उमर से लेकर आख़ीर

کے پیچھے باتھ روم سے ملی ہوئی کیچڑ میں پڑی ایک گول سی عجیب چیز دکھائی دی ۔ اُسے امتحان کے لئے بھیجا گیا ۔ پتہ چلا کہ بم بہت خطرناک تھا ۔ اتفاق سے رات کو پھینکنے والے کا نشانا چوک گیا ۔ بم بجائے کمرے کے اندر گرنے کے باتھ روم کے پیچھے کی نرم مٹی میں گرا اور وہیں پھنسکر رہ گیا ۔ خانساماں کی پوشاک میں کمرے کے پیچھے سے اُس بم کو پھینکنے والا نوجوان یہی نتیانند چیٹر جی تھا ۔ پولیس پھینکنے والے یا اُس کے کسی ساتھی کا سراغ نہ لگا سکی ۔

اِسی طرح کی اور بھی گھٹنائیں اِس سمے ہماری یاد کے سامنے ہیں ۔ پر ہم یہاں بابو نتیانند کی جیونی لکھنے نہیں بیٹھے ۔ شری اروند گھوش جس زمانے میں کلکتے سے بیٹھے ہوئے دیش کے کرانتی کاری آندولن کی رہنمائی کررہے تھے ۔ اُس زمانے میں اروند بابو کے اور اِس پرانت کے بیچ میں جو اِنے گِنے لوگ سندیش لانے لیجانے کا کام کرتے تھے اُن میں سے ایک بابو نتیانند چیٹر جی تھے ۔ لوکمانیہ تلک اور لالہ لاجپت رائے دونوں سے اُن کے گہرے سمبندھ تھے ۔ یہ تھی بابو نتیانند کی شروع کی زندگی ۔

تب سے لیکر موت کے دن تک بابو نتیا نند چیٹر جی کا سارا جیون اپنی چھوٹی سی شکتی کے انوسار دیش کی سیوا میں ہی بیتا ۔ سن 1908 کے اُس اُردو اخبار "سوراجیہ" کے ساتھ' جس نے بھارت بھر میں شاید سب سے زیادہ ایڈیٹر جیل اور کالے پانی بھیجے' بابو نتیا نند کا پورا سمبندھ تھا ۔ ہندی اخبار "کرم یوگی" کے جو سن 1909 میں نکل کر سن 1910 میں بند ہوگیا نتیا نند جی منیجر تھے ۔ پریاگ پبلشنگ کمپنی کے جو 'کرم یوگی' نکالتی تھی نتیا نند جی مینیجنگ ڈائرکٹر تھے ۔ سن 1918 کے ساپتاہک "بھوشیہ" اور سن 1919 کے دینک "بھوشیہ" دونوں کے وہ مینیجر تھے ۔ "نیا ہند" کے وہ مینیجر تھے ہی ۔ اخباروں' خاص کر قومی اخباروں اور پریس کے کام کا اُنھیں بہت گہرا تجربہ تھا ۔

جن سیوا کی بھی بابو نتیا نند میں گہری لگن تھی ۔ سن 1908 کے اودھ کے بھینکر اکال سے لے کر سن 1934 کے بہار بھوکمپ تک جگہ جگہ اُنھوں نے جان لڑا کر اور ڈٹ کر دکھیوں کی سیوا کی ۔ سن 1919 میں الہ آباد ہوم رول لیگ کے دفتر کو وہی سنبھالے ہوئے تھے ۔ سن 1919 کے بعد سے وہ مہاتما گاندھی کے سچے پرشنسکوں میں سے تھے ۔

سن 1930 اور سن 1932 کے ستیاگرہ آندولنوں میں اُن کا گھر سب دیش بھکتوں اور کام کرنے والوں کے لئے آشرم کی جگہ تھی ۔ سن 1930 میں بہت دنوں تک پرانتیہ کانگریس کا اور آندولن کا [illegible] اُنہی کے گھر میں رہا ۔

بابو نتیا نند [illegible] لے کر آخیر

हमारी राय — ہماری رائے

बाबू नित्यानन्द चैटरजी

सोलह अक्तूबर सन 1954 को दिन के दो बजकर बीस मिनट पर "नया हिन्द" के मैनेजर बाबू नित्यानन्द चैटरजी का इलाहाबाद में स्वर्गवास हो गया. बाबू नित्यानन्द नया हिन्द परिवार में सब से बड़े थे. परिवार के दूसरे लोग अपनी अपनी उमर के अनुसार उन्हें 'दादा' या 'बाबा' कहा करते थे. उनकी उमर लगभग तिहत्तर बरस की थी. कई महीने से वह बीमार चले आते थे. बीमारी की हालत में भी "नया हिन्द" परिवार के दूसरे लोगों को आए दिन हर छोटे बड़े काम में उनसे जो नेक और क़ीमती सलाह मिलती रहती थी, उसका मिलना अब हमेशा के लिये बन्द हो गया. पर आजकल के जमाने में उमर के लिहाज से उनकी मृत्यु कोई अचरज की बात नहीं थी. उनके लिये वह मानसिक और शारीरिक कष्टों से छुटकारा थी. हम भगवान से प्रार्थना करते हैं कि वह उनकी आत्मा को शान्ति और उनके कुटुम्बियों को धीरज दें.

बाबू नित्यानन्द उन पुराने त्यागी देश भक्तों में से थे जिन्होंने सन 1905 में बंगाल के दो टुकड़े किये जाने के बाद इस देश को अंगरेजी राज के पंजों से आजाद करने का बीड़ा उठाया था और जिनका सारा जीवन इसी धुन में बीता. इन पंक्तियों के लेखक का बाबू नित्यानन्द के साथ पूरे अड़तालीस साल का गहरा सम्बन्ध था. इस देश की आजादी के इतिहास के बहुत से पन्ने ऐसे हैं जो आगे की नसलों की निगाह से हमेशा ओझल ही रहेंगे. शायद यही अच्छा भी है. आगे की नसलों पर सब बातों को याद रखने का बोझ क्यों डाला जाय. फिर भी इस अवसर पर हम बाबू नित्यानन्द के शुरू के जीवन की एक छोटी सी घटना बयान करते हैं.

आज से लगभग छियालीस बरस पहले एक दिन सुबह को कुछ अखबारों में यह खबर छपी कि पिछली रात इलाहाबाद के अंगरेज़ी क्लब के एक कमरे में इस प्रान्त के कुछ बड़े बड़े अंगरेज़ हाकिमों की एक बैठक हुई थी. नए आन्दोलन को दबाने की तरकीबें सोची जा रही थीं. बैठक शान्ति से हो गई. पर अगले दिन सुबह को बैठक वाले कमरे

بابو نتیانند چیٹرجی

سولہ اکتوبر سن 1954 کو دن کے دو بجکر بیس منٹ پر "نیا ہند" کے مینیجر بابو نتیانند چیٹر جی کا الہ آباد میں سورگ واس ہوگیا۔ بابو نتیانند "نیا ہند" پریوار میں سب سے بڑے تھے۔ پریوار کے دوسرے لوگ اپنی اپنی عمر کے انوسار انہیں "دادا" یا "بابا" کہا کرتے تھے۔ ان کی عمر لگ بھگ تہتر برس کی تھی۔ کئی مہینے سے وہ بیمار چلے آتے تھے۔ بیماری کی حالت میں بھی "نیا ہند" پریوار کے دوسرے لوگوں کو آئے دن ہر چھوٹے بڑے کام میں ان سے جو نیک اور قیمتی صلاح ملتی رہتی تھی اس کا ملنا اب ہمیشہ کے لئے بند ہوگیا۔ پر آج کل کے زمانے میں عمر کے لحاظ سے ان کی مرتیو کوئی اچرج کی بات نہیں تھی۔ ان کے لئے وہ مانسک اور شاریرک کشٹوں سے چھٹکارا تھی۔ ہم بھگوان سے پرارتھنا کرتے ہیں کہ وہ ان کی آتما کو شانتی اور ان کے کٹمبیوں کو دھیرج دیں۔

بابو نتیانند ان پرانے تیاگی دیش بھکتوں میں سے تھے جنہوں نے سن 1905 میں بنگال کے دو ٹکڑے کئے جانے کے بعد اس دیش کو انگریزی راج کے پنجوں سے آزاد کرنے کا بیڑا اٹھایا تھا اور جن کا سارا جیون اسی دھن میں بیتا۔ ان پنکتیوں کے لیکھک کا بابو نتیانند کے ساتھ پورے اڑتالیس سال کا گہرا سمبندھ تھا۔ اس دیش کی آزادی کے اتہاس کے بہت سے پنے ایسے ہیں جو آگے کی نسلوں کی نگاہ سے ہمیشہ اوجھل ہی رہینگے۔ شاید یہی اچھا بھی ہے۔ آگے کی نسلوں پر سب باتوں کو یاد رکھنے کا بوجھ کیوں ڈالا جائے۔ پھر بھی اس اوسر پر ہم بابو نتیانند کے شروع کے جیون کی ایک چھوٹی سی گھٹنا بیان کرتے ہیں۔

آج سے لگ بھگ چھیالیس برس پہلے ایک دن صبح کو کچھ اخباروں میں یہ خبر چھپی کہ پچھلی رات الہ آباد کے انگریزی کلب کے ایک کمرے میں اس پرانت کے کچھ بڑے بڑے انگریز حاکموں کی ایک بیٹھک ہوئی تھی۔ نئے آندولن کو دبانے کی ترکیبیں سوچی جارہی تھیں۔ بیٹھک شانتی سے ہوگئی۔ پر اگلے دن صبح کو بیٹھک والے کمرے

लारोंग की गर्दन पर मां येह की आंखों के गरम गरम आंसू टपकने लगे. वह खड़ा हो गया और दोनों बाहों में बूढ़ी मां को समेट लिया.

वह बोला—"मां, यह सच है. मैं तुम्हारा ही बेटा हूं."

मां यह को इतनी बातें करनी थीं कि वह कहां से शुरू करें, समझ नहीं पा रही थीं. सिसकियां लेते हुये वह बोली—"मेरा मन यह सोचकर ही घृना से भर जाता है. जमींदार जेंग का अत्याचार तो आकाश की ऊंचाई और समुद्र की गहराई से भी ज्यादा था. उसकी तो बोटी बोटी काटकर कुत्तों को खिला देनी चाहिये. तुम्हें मुझसे बीस बरस तक अलग रक्खा गया. सारा परिवार इधर उधर छिन्न भिन्न रहा. यदि चेयरमैन माओ का राज न आता तो मैं शायद तुम्हें देख भी न पाती. तुम्हारे पिता, तुम्हारे बड़े भाई, तुम्हारी बहिन जेब,....जेब इतनी प्यारी लड़की है. बीस साल तक मेरे साथ तकलीफ़ उठाती रही."

شینگ کی گردن پر ماں یہہ کی آنکھوں کے گرم گرم آنسو ٹپکنے لگے. وہ کھڑا ہوگیا اور دونوں ہاتھوں میں بوڑھی ماں کو سمیٹ لیا.

وہ بولا—"ماں یہ سچ ہے. میں تمہارا ہی بیٹا ہوں."

ماں یہ کو اتنی باتیں کرنی تھیں کہ وہ کہاں سے شروع کریں، سمجھ نہیں پا رہی تھیں. سسکیاں لیتے ہوئے وہ بولی—"میرا من یہ سوچ کر ہی گھرنا سے بھر جاتا ہے. زمیندار جینگ کا اتیاچار تو آکاش کی اونچائی اور سمندر کی گہرائی سے بھی زیادہ تھا. اس کی تو بوٹی کاٹ کر کتوں کو کھلا دینی چاہئیے. تمہیں مجھ سے بیس برس تک الگ رکھا گیا. سارا پریوار ادھر ادھر چھن بھن رہا. یدی چیرمین ماؤ کا راج نہ آتا تو میں شاید تمہیں دیکھ بھی نہ پاتی. تمہارے پتا، تمہارے بڑے بھائی، تمہاری بہن جیت'.....'جیت اتنی پیاری لڑکی ہے. بیس سال تک وہ میرے ساتھ تکلیف اٹھاتی رہی."

[illegible] दिखाना चाहती थी कि उसका [illegible] गया है.

[illegible]—"मां, यह बिल्कुल सच है. एक हज़ार बार [illegible] है, [illegible] सच है. जिस दिन तुमने मुझे बताया [illegible] उसी के दूसरे दिन मैंने इस विषय पर जे-पिंग से बातें [illegible] थीं. जब वह [illegible] पहुंचाने गया था, समय निकाल कर [illegible] शेंग्या [illegible] भी गया. जे-पिंग ने उसे ढूंढ निकाला. [illegible] उनसे गांव के सरकारी दफ़्तर में मिल कर आ रही हूं. [illegible]ांव के चेयरमैन उन्हें यहां आने से पहले नाश्ता करा रहे हैं."

[illegible] के कारन मां येह को अपना शरीर हल्का होकर [illegible] हुआ मालूम होने लगा. वह आनन्द से विभोर हो उठीं. [illegible] के सामने धुंधलापन छा गया और सारी दुनिया [illegible] दिखाई देने लगी. छन भर के लिये वह यह भी भूल [illegible] कि वह कहां बैठी हैं. जब तक उसे होश आये जेह जा [illegible] थी. बूढ़ी मां आंखें मल मल कर देखने लगीं कि कहीं [illegible] तक सपना तो नहीं देख रही थीं. ज़मीन पर कपड़ा [illegible] था, सुई और डोरा भी वैसे ही रक्खा था. उसे सामने [illegible] सड़क पर आदमियों की एक टोली उसी की तरफ़ आती [illegible] दिखलाई पड़ी.

मां येह आंख फाड़ फाड़ कर देखने लगीं. जितना ही वह [illegible] का प्रयत्न करतीं, उनकी परेशानी उतनी ही बढ़ जाती. [illegible] अपने मन में निश्चय कर लिया कि उस टोली में उनका [illegible] लड़का नहीं है, वह अवश्य ही कोई दूसरा व्यक्ति होगा. [illegible] उसके घर के नज़दीक आ गई थी, पर उसे अब भी [illegible] नहीं दिखलाई पड़ता था. अब सब लोग उसके क़रीब [illegible] गये थे. भावावेग में उसका शरीर हिलने लगा,

जेह दौड़ती हुई ऊपर आई और मां को संभालते हुये [illegible]—"मां, यह देखो, भाई लाशेंग आ गये !"

धुंधली नज़रों से मां येह ने देखा कि उसके सामने एक [illegible] आदमी सिर झुकाये खड़ा है. वह बोला—"मां !" [illegible] गला भर आया था. वह आगे बढ़ कर अपने हाथों [illegible] उसका मुंह ऊंचा करना चाहती थी लेकिन वह हिल भी [illegible] सकी. तब तक सब आदमी इकट्ठा हो गये थे और वह [illegible] बीच घिर गई.

जेह ने लैम्प जला कर रोशनी की और सब लोगों को [illegible]. मां येह धीरे धीरे अपने को पूरी तौर से संभाल चुकी [illegible] और अब उनकी समझ में आया कि उनके सामने क्या [illegible] है. वह [illegible] हुईं और हाथ में लैम्प लेकर [illegible] के नज़दीक गईं. उसका सिर थोड़ा सा झुका कर [illegible] गर्दन के पास एक निशान ढूंढने का प्रयत्न [illegible] की पैदाइश की निशानी—गर्दन पर काला [illegible] व्यक्ति की गर्दन पर था.

[illegible] ही हो", वह बोली.

کے انگ انگ کو وشواس دلانا چاہتی تھی کہ اس کا بھائی آ گیا ہے۔

وہ بولی—"ماں، یہ بالکل سچ ہے۔ ایک ہزار بار سچ ہے، ایک لاکھ بار سچ ہے۔

جس دن تم نے مجھے بتایا تھا اسی کے دوسرے دن میں نے اِس وشے پر زے-پنگ سے باتیں کی تھیں۔ جب وہ غلہ پہونچانے گیا تھا، سمے نکال کر وہ شینگیا فیلڈ گاؤں بھی گیا۔ زے۔پنگ نے اُسے ڈھونڈھ نکالا۔ میں اُن سے گاؤں کے سرکاری دفتر میں ملکر آ رہی ہوں۔ گاؤں کے میئر انھیں یہاں آنے سے پہلے ناشتہ کرا رہے ہیں۔"

خوشی کے کارن ماں یہہ کو اپنا شریر ہلکا ہو کر اُڑتا ہوا معلوم ہونے لگا۔ وہ آنند سے وبھور ہو اُٹھیں۔ آنکھوں کے سامنے دھندھلاپن چھا گیا اور ساری دنیا ناچتی دکھائی دینے لگی۔ چھن بھر کے لئے وہ یہ بھی بھول گئیں کہ وہ کہاں بیٹھی ہیں۔ جب تک اُسے ہوش آئے جیہ جا چکی تھی۔ بوڑھی ماں آنکھیں مل مل کر دیکھنے لگیں کہ کہیں اب تک سپنا تو نہیں دیکھ رہی تھیں۔ زمین پر کپڑا رکھا تھا، سوئی اور ڈورا بھی ویسے ہی رکھا تھا۔ اُسے سامنے کی سڑک پر آدمیوں کی ایک ٹولی اُسی کی طرف آتی دکھائی پڑی۔

ماں یہہ آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھنے لگیں۔ جتنا ہی وہ دیکھنے کا پریتن کرتیں، اُن کی پریشانی اُتنی ہی بڑھ جاتی۔ اُس نے اپنے من میں نشچے کر لیا کہ اُس ٹولی میں اُن کا لڑکا نہیں ہے، وہ اوشیہ ہی کوئی دوسرا ویکتی ہوگا۔ ٹولی اُس کے گھر کے نزدیک آ گئی تھی، پر اُسے اب بھی صاف نہیں دکھائی پڑتا تھا۔ اب سب لوگ اس کے قریب آ گئے تھے۔ بھاوآویگ میں اس کا شریر ہلنے لگا۔

جیہ دوڑتی ہوئی اُوپر آئی اور ماں کو سنبھالتے ہوئے بولی—"ماں، یہ دیکھو، بھائی لاشینگ آ گئے!"

دھندھلی نظروں سے ماں یہہ نے دیکھا کہ اس کے سامنے ایک لمبا آدمی سر جھکائے کھڑا ہے۔ وہ بولا—"ماں!" اُس کا گلا بھر آیا تھا۔ وہ آگے بڑھکر اپنے ہاتھوں سے اُس کا منھ اونچا کرنا چاہتی تھی لیکن وہ ہل بھی نہ سکی۔ تب تک سب آدمی اکٹھا ہو گئے تھے اور وہ اُن کے بیچ گھر گئی۔

جیہ نے لیمپ جلا کر روشنی کی اور سب لوگوں کو بیٹھایا۔ ماں یہہ دھیرے دھیرے اپنے کو پوری طور سے سنبھال چکی تھیں اور اب اُن کی سمجھ میں آیا کہ اُن کے سامنے کیا ہو رہا ہے۔ وہ اُٹھ کھڑی ہوئیں اور ہاتھ میں لیمپ لیکر اجنبی کے نزدیک گئیں۔ اُس کا سر تھوڑا سا جھکا کر اُس نے اُس کی گردن کے پاس ایک نشان ڈھونڈھنے کا پریتن کیا۔ اس کے لڑکے کی پیدائش کی نشانی—گردن پر کالا نشان—اس ویکتی کی گردن پر تھا۔

"میرے بیٹے!... تم واقعی میں لاشینگ ہی ہو" وہ بولی۔

रुकता है. पहिले वह खुद वहां जाकर देखे कि क्या हाल है और फिर बाद में तय किया जायेगा कि आगे क्या हो."

उसने जेड को चेतावनी दी कि मां येह को अभी कुछ न बताये क्योंकि उनकी उम्मीदों को बढ़ा देने से और उन्हें ज़्यादा आतुर बनाने से कोई लाभ नहीं है.

जिस दिन गांव वालों की टोली शहर को जाने वाली थी जेड ने चुपके से वह समझौता पत्र जिससे बच्चों की अदला बदली हुई थी चे-पिंग को दे दिया. गांव के अधिकारियों से उसने जाने के पहले ही एक परिचय पत्र भी प्राप्त कर लिया.

एक के बाद दूसरा दिन गुज़रता गया. गांव की टोली वापस आई और दूसरी बार ग़ल्ला देने के लिये फिर वापस चली गयी. जब भी जेड दूसरी तरफ़ के ढाल को जाती वह खड़ी होकर चे-पिंग के आने का इन्तज़ार करती. अब वह आशा लिये हुए आतुर खड़ी रहती थी.

मां येह ने देखा कि आजकल उसकी लड़की जेड ज़्यादा चिन्तित रहती है. यदि घर में जेड के पास काम नहीं रहता था तो वह खाना खाते ही भाग निकलती थी.

मां येह एक दिन उस पर नाराज़ हुई और कहा—"तुम्हारा विवाह होने जा रहा है, पर तुम तैयारियां क्यों नहीं करतीं ? गांव का आवश्यक काम फिर भी हो सकता है."

एक दिन शाम के वक़्त कमरे के कोने में बैठी हुई मां येह लड़की के लिये कुछ अच्छे कपड़े सी रही थीं. सूरज डूबने ही वाला था. थक कर मां येह चूर हो चुकी थीं. वह उठ खड़ी हुई और आंख मलने लगीं. सोचा कि शाम की ठंडक में फ़सल को पानी ही दे आएं. घर से बाहर निकलते ही देखा कि गांव के सरकारी दफ़्तर से जेड दौड़ती हुई चली आ रही है. बूढ़ी मां येह खड़ी, चिन्ता से भरी नज़रों से जेड का दौड़ कर आना देखती रहीं.

हांफती हुई जेड आई और मां के गले में हाथ डाल कर लटकते हुये बोली—"मां, बहुत अच्छी खबर है, बहुत बड़ी बात मुझे कहना है."

"क्या बात है ? तुम हमेशा ऐसा ही कहती हो" मां बोलीं.

जेड ने पहले माथे पर से पसीना पोंछा और बोली—"मां, क्या मेरी बातों पर विश्वास करोगी ? भाई आया है ! वही भाई जिसके बारे में तुम उस दिन रात में बतला रही थीं !"

"कौन भाई ?"

"वही भाई जिसके बदले में तुमने मुझे लिया था, लारोंग !"

मां येह आश्चर्य चकित रह गईं. एक क्षण रुक कर वह बोली—"जेड, अब तुम बड़ी हो गई हो. बेवकूफ़ी की बातें तुम्हें शोभा नहीं देतीं."

जेड तो खुशी से पागल हो रही थी. मां के कन्धों को दोनों हाथों से पकड़ कर उन्हें हिलाने लगी. वह मां के शरीर

پڑتا ہے ۔ پہلے وہ خود وہاں جا کر دیکھے کہ کیا حال ہے اور پھر بعد میں طے کیا جائے گا کہ آگے کیا ہو۔"

اُس نے جیڈ کو چیتاونی دی کہ ماں یہہ کو ابھی کچھ نہ بتائے کیونکہ اُن کی اُمیدوں کو بڑھا دینے سے اور اُنہیں زیادہ آتور بنانے سے کوئی لابھ نہیں ہے ۔

جس دن گاؤں والوں کی ٹولی شہر کو جانے والی تھی جیڈ نے چپکے سے وہ سمجھوتہ پتر جس سے بچوں کی ادلا بدلی ہوئی تھی چے-پنگ کو دے دیا ۔ گاؤں کے ادھیکاریوں سے اُس نے جانے کے پہلے ہی ایک پریچے پتر بھی پراپت کر لیا ۔

ایک کے بعد دوسرا دن گذرتا گیا ۔ گاؤں کی ٹولی واپس آئی اور دوسری بار غلہ دینے کے لئے پھر واپس چلی گئی ۔ جب بھی جیڈ دوسری طرف کے ڈھال کو جاتی وہ کھڑی ہو کر چے-پنگ کے آنے کا انتظار کرتی ۔ اب وہ آشا لئے ہوئے آتور کھڑی رہتی تھی ۔

ماں یہہ نے دیکھا کہ آجکل اُس کی لڑکی جیڈ زیادہ چنتت رہتی ہے ۔ یدی گھر میں جیڈ کے پاس کام نہیں رہتا تھا تو وہ کھانا کھاتے ہی بھاگ نکلتی تھی ۔

ماں یہہ ایک دن اُس پر ناراض ہوئیں اور کہا—"تمہارا وواہ ہونے جا رہا ہے پر تم تیاریاں کیوں نہیں کرتیں ؟ گاؤں کا آوشیک کام پھر بھی ہو سکتا ہے ۔"

ایک دن شام کے وقت کمرے کے کونے میں بیٹھی ہوئی ماں یہہ لڑکی کے لئے کچھ اچھے کپڑے سی رہی تھیں ۔ سورج ڈوبنے ہی والا تھا ۔ تھک کر ماں یہہ چور ہو چکی تھیں ۔ وہ اُٹھ کھڑی ہوئیں اور آنکھ ملنے لگیں ۔ سوچا کہ شام کی ٹھنڈک میں فصل کو پانی ہی دے آئیں ۔ گھر سے باہر نکلتے ہی دیکھا کہ گاؤں کے سرکاری دفتر سے جیڈ دوڑتی ہوئی چلی آ رہی ہے ۔ بوڑھی ماں یہہ کھڑی، چنتا سے بھری نظروں سے جیڈ کا دوڑ کر آنا دیکھتی رہیں ۔

ہانپتی ہوئی جیڈ آئی اور ماں کے گلے میں ہاتھ ڈال کر لٹکتے ہوئے بولی—"ماں، بہت اچھی خبر ہے، بہت بڑی بات مجھے کہنا ہے ۔"

"کیا بات ہے ؟ تم ہمیشہ ایسا ہی کہتی ہو" ماں بولیں ۔

جیڈ نے پہلے ماتھے پر سے پسینہ پونچھا اور بولی—"ماں، کیا میری باتوں پر وشواس کروگی ؟ بھائی آیا ہے ! وہی بھائی جس کے بارے میں تم اُس دن رات میں بتلا رہی تھیں !"

"کون بھائی ؟"

"وہی بھائی جس کے بدلے میں تم نے مجھے لیا تھا، لارونگ !"

ماں یہہ آشچریہ چکت رہ گئیں ۔ ایک چھن رک کر وہ بولیں—"جیڈ، اب تم بڑی ہو گئی ہو ۔ بیوقوفی کی باتیں تمہیں شوبھا نہیں دیتیں ۔"

جیڈ تو [illegible] سے پاگل ہو رہی تھی ۔ ماں کے کندھوں کو دونوں ہاتھوں سے پکڑ کر اُنہیں ہلانے لگی ۔ وہ ماں کے شریر

बड़ी बड़ी मूंछें बार बार उभर आती थीं. हालांकि उसे पापा येह की सभी बातें याद नहीं थीं, फिर भी अब वह उसे पहिले से भी कहीं ज़्यादा प्यारे थे, पहिले से भी ज़्यादा बड़े और हज़ार गुना ज़्यादा समीप मालूम देते थे. जेड की बातें सुन कर मां येह टुकुर टुकुर जेड को ताकने लगीं. उसका मन भर आया......वह न मालूम कितनी बातें कहना चाहती थी. जेड के बोलने के पहिले ही मां येह ने पूछा—"जेड, क्या सोच रही हो ? मुझसे घृना तो नहीं करतीं ? हम लोगों के संग रहकर तुम्हें इतना दुख उठाना पड़ा......"

जेड ज़्यादा बरदाश्त न कर सकी. उसकी आंखों से आसुओं की धारा बह चली. मां के वक्षस्थल पर सिर रखकर वह फूट फूट कर रोने लगी.

वह बोली—"मां, तुम ऐसा क्यों कहती हो ? ज़मींदार वर्ग लड़कियों की कोई क़ीमत ही नहीं समझता. जेंग परिवार मुझे पाल पोस कर बड़ा ही नहीं करना चाहता था. मेरी जगह पर ज़मींदार के घर में मेरे भाई को व्यर्थ ही दुख उठाना पड़ा. मेरे ही कारन आज परिवार इधर उधर बिखरा पड़ा है. कैसी परिस्थितियों में पापा की मृत्यु हुई ! मेरा बस चले तो मैं जेंग की हड्डियां चबा डालूं."

मां येह लड़की के चेहरे को धीरे धीरे सहलाने लगीं. वह बोलीं—"प्यारी बच्ची, तुम बहुत अच्छी लड़की हो. तुम जानती हो कि उचित क्या है. अब तो चेयरमैन माओ आ गये हैं और मैं शान के साथ कह सकती हूं कि तुम्हारा पालन पोसन उचित ढंग से किया है. तुम्हारी शादी का दिन क़रीब आते देख कर ही मुझे तुम्हारे भाई की याद हो आई. कौन जानता है कि वह आज जीवित भी है या नहीं !"

× × ×

उस रात जेड घन्टों जागती रही. सरपत की बनी दीवार के छेदों से चांदनी की लम्बी तिरछी लकीरें बन कर कमरे में आ रही थीं, फिर भी वह सो न सकी.

दूसरे ही दिन उसने कुल बातें ज़े-पिंग को बतलाईं. जेड ने स्वयं ज़ेचुआन जाने की इच्छा प्रगट की. कुछ सोचकर ज़े-पिंग बोला—"यह आवश्यक नहीं है. यदि ज़मींदार जेंग की पोल पूरी तरह न खुल गयी होती तब जेड की बातें आवश्यक होतीं. ज़ेचुआन में तो कितने पहिले कृषि सुधार हो चुका है और जेंग को सज़ा भी मिल चुकी है. जहां तक उसके ज़ेचुआन जाने का प्रश्न है, उसे तो यही मालूम करना है कि उसका भाई जीवित भी है या नहीं ? यदि वह जीवित हो तो कितनी आनन्द की बात होगी. लेकिन यदि वह मर गया हो, तब तो मां येह का दुख और भी बढ़ जायेगा. "ज़े-पिंग ने जेड के सामने अपने विचार रक्खे—कुछ ही दिनों में उसे अपने गांव वालों के साथ पुहो नगर में गल्ला पहुंचाने जाना है. वहां से शेंग्या फील्ड गांव क़रीब 60 ली

بڑی بڑی مونچھیں بارہا ابھر آتی تھیں ۔ حالانکہ اسے پاپا یہہ کی سبھی باتیں یاد نہیں تھیں ۔ پھر بھی اب وہ اسے پہلے سے بھی کہیں زیادہ پیارے تھے' پہلے سے بھی زیادہ بڑے اور ہزار گنا زیادہ سمیپ معلوم دیتے تھے ۔ جیڈ کی باتیں سن کر ماں یہہ ٹکر ٹکر جیڈ کو تاکنے لگیں ۔ اس کا من بھر آیا.... وہ نہ معلوم کتنی باتیں کہنا چاہتی تھیں ۔ جیڈ کے بولنے کے پہلے ہی ماں یہہ نے پوچھا—" جیڈ' کیا سوچ رہی ہو ؟ مجھ سے گھرنا تو نہیں کرتیں ؟ ہم لوگوں کے سنگ رہ کر تمہیں اتنا دکھ اٹھانا پڑا......"

جیڈ زیادہ برداشت نہ کر سکی ۔ اس کی آنکھوں سے آنسوؤں کی دھارا بہ چلی ۔ ماں کے وکش استھل پر سر رکھکر وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی ۔

وہ بولی—" ماں' تم ایسا کیوں کہتی ہو ؟ زمیندار ورگ لڑکیوں کی کوئی قیمت ہی نہیں سمجھتا ۔ جینگ پریوار مجھے پال پوس کر بڑا ہی نہیں کرنا چاہتا تھا ۔ میری جگہ پر زمیندار کے گھر میں میرے بھائی کو ویرتھ ہی دکھ اٹھانا پڑا ۔ میرے ہی کارن آج پریوار ادھر ادھر بکھرا پڑا ہے ۔ کیسی پرستھتیوں میں پاپا کی مرتیو ہوئی ! میرا بس چلے تو میں جینگ کی ہڈیاں چبا ڈالوں ۔"

ماں یہہ لڑکی کے چہرے کو دھیرے دھیرے سہلانے لگیں ۔ وہ بولیں—" پیاری بچی' تم بہت اچھی لڑکی ہو ۔ تم جانتی ہو کہ اچت کیا ہے ۔ اب تو چیرمین ماؤ آگئے ہیں اور میں شان کے ساتھ کہہ سکتی ہوں کہ تمہارا پالن پوسن اچت ڈھنگ سے کیا ہے ۔ تمہاری شادی کا دن قریب آتے دیکھ کر ہی مجھے تمہارے بھائی کی یاد ہو آئی ۔ کون جانتا ہے کہ وہ آج جیوت بھی ہے یا نہیں !"

× × ×

اس رات جیڈ گھنٹوں جاگتی رہی ۔ سرپت کی بنی دیوار کے چھیدوں سے چاندنی کی لمبی ترچھی لکیریں بن کر کمرے میں آ رہی تھیں' پھر بھی وہ سو نہ سکی ۔

دوسرے ہی دن اس نے کل باتیں زے - پنگ کو بتلائیں ۔ جیڈ نے سویم زیچوان جانے کی اچھا پرگٹ کی' کچھ سوچ کر زے - پنگ بولا—" یہ آوشیک نہیں ہے ۔ یدی زمیندار جینگ کی پول پوری طرح نہ کھل گئی ہوتی تب جیڈ کی باتیں آوشیک ہوتیں ۔ زیچوان میں تو کتنے پہلے کرشی سدھار ہو چکا ہے اور جینگ کو سزا بھی مل چکی ہے ۔ جہاں تک اسکے زیچوان جانے کا پرشن ہے' اسے تو یہی معلوم کرنا ہے کہ اس کا بھائی جیوت بھی ہے یا نہیں ؟ یدی وہ جیوت ہو تو کتنی آنند کی بات ہوگی ۔ لیکن یدی وہ مر گیا ہو' تب تو ماں یہہ کا دکھ اور بھی بڑھ جائے گا ۔ زے - پنگ نے جیڈ کے سامنے اپنے وچار رکھے—کچھ ہی دنوں میں اسے اپنے گاؤں والوں کے ساتھ پرہو نگر میں غلہ پہونچانے جانا ہے ۔ وہاں سے شینچیا فیلڈ گاؤں قریب 60 لی

गांव में आने के तीसरे साल ही पापा येह छुप कर शेंञ्या फ़ील्ड गांव में अपने बच्चे को देखने के लिये गये. जब वह लौट कर घर आये तो गुस्से से कांप रहे थे. शेंञ्या फ़ील्ड में उसे मालूम हुआ कि उन लोगों के गांव छोड़ देने के बाद ज़मींदार के घर दो बच्चे पैदा हुये थे. यह दोनों ही लड़के थे. इसलिये अब येह का लड़का गुलाम जैसा माना जाता था. उसके कपड़े फटे पुराने होते थे. बार-बार मार खाते रहने से उसके बदन पर नीले दाग़ की धारियां सी पड़ गई थीं. पापा येह छुप कर अपने बेटे से मिले थे और कुछ देर बातें भी की थीं. बातें करने के लिये बहुत थोड़ा समय मिल पाया था, फिर भी पापा येह ने देख लिया था कि उनका बेटा बड़ा ही होनहार और नटखट था.

मां येह ने घर की पुरानी कहानी जेड को सुनाते हुये कहा कि शेंञ्या फ़ील्ड से लौट कर आने के बाद पापा येह इतने क्रुद्ध थे कि दिन भर उन्होंने खाना ही नहीं खाया. घर में क़दम रखते ही चिल्लाकर उन्होंने कहा था—"क्या तुम लोग जानते हो अमीर आदमियों का हृदय किस धातु का बना होता है ?"

जेड मां येह की बात शुरू से ही बड़े ध्यान पूर्वक सुन रही थी. जब उसे अपने पिता की बातें मालूम हुई तो वह बहुत ज़्यादा परेशान हो उठी और उसका मन अस्थिर हो उठा. उसने सपने में भी ऐसी बातें नहीं सोची थीं. अपने जीवन में तो जेड ने सदा दरिद्रता, अभाव, परेशानी ही देखी थी. उसे इसका गुमान भी कैसे हो सकता था कि वह एक जमींदार की बेटी है. उसने हमेशा ज़मींदारों को, कुमिन्तांग अधिकारियों को, जन-साधारन पर अन्याय ही करते देखा था. उसकी अपनी समझ में ज़मींदार और उस वर्ग के लोगों में मनुश्यता नाम-मात्र को भी नहीं होती थी, पर फिर भी वह स्वयं उसी वर्ग में पैदा हुई थी. उसका दिमाग़ चक्कर खाने लगा.

पर धीरे धीरे जेड ने अपने को संभाल लिया. वह मां से बोली—"मां, ज़मींदार वर्ग के लोगों में दिल नहीं होता, उनमें दिल की जगह पत्थर होता है. यदि कोई ज़मींदार है तो यह लाज़मी है कि वह नृशंस और अत्याचारी होगा. पापा येह वहां गये ही क्यों ? क्या उन्हें ज़मींदारों की यह विशेषता नहीं मालूम थी ?

मां येह ने धीरे से सिर हिलाया और कहा—"चिन्तित मत हो. तुम्हारे पिता येह तुम्हें बहुत प्यार करते थे. वह कहा करते थे कि बच्चा बच्चा ही है, चाहे वह लड़का हो या लड़की. प्यारी जेड के भाग्य में तकलीफ़ उठाना ही लिखा था, तभी तो वह हमारे परिवार में आ पड़ी. यदि तुम्हारा भाई तुम्हें परेशान करता था तो पापा येह उसे बहुत डांटते थे. यही कारन था कि वह तुम से बहुत डरता था."

जेड की आंखें लाल हो रही थीं. पापा येह की उसे धुंधली सी याद थी. उसकी याद में पापा के ऊपरी होंठों पर

گاؤں میں آنے کے تیسرے سال ہی پاپا یہ چھپ کر شینجیا فیلڈ گاؤں میں اپنے بچے کو دیکھنے کے لئے گئے۔ جب وہ لوٹ کر گھر آئے تو غصہ سے کانپ رہے تھے۔ شینجیا فیلڈ میں اُسے معلوم ہوا کہ اُن لوگوں کے گاؤں چھوڑ دینے کے بعد زمیندار کے گھر دو بچے پیدا ہوئے تھے۔ یہ دونوں ہی لڑکے تھے۔ اِس لئے اب یہ کا لڑکا غلام جیسا مانا جاتا تھا۔ اُس کے کپڑے پھٹے پرانے ہوتے تھے۔ بار بار مار کھاتے رہنے سے اُس کے بدن پر نیلے داغ کی دھاریاں سی پڑ گئی تھیں۔ پاپا یہ چھپ کر اپنے بیٹے سے ملے تھے اور کچھ دیر باتیں بھی کی تھیں۔ باتیں کرنے کے لئے بہت تھوڑا سے مل پایا تھا، پھر بھی پاپا یہ نے دیکھ لیا تھا کہ اُن کا بیٹا بڑا ہی ہونہار اور نٹ کھٹ تھا۔

ماں یہ نے گھر کی پرانی کہانی جیڈ کو سناتے ہوئے کہا کہ شینجیا فیلڈ لوٹ کر آنے کے بعد پاپا یہ اتنے کرودھ تھے کہ دن بھر اُنھوں نے کھانا ہی نہیں کھایا۔ گھر میں قدم رکھتے ہی چلا کر اُنھوں نے کہا تھا—"کیا تم لوگ جانتے ہو امیر آدمیوں کا ہردے کس دھاتو کا بنا ہوتا ہے ؟"

جیڈ ماں یہ کی بات شروع سے ہی بڑے دھیان پوروک سن رہی تھی۔ جب اُسے اپنے پتا کی باتیں معلوم ہوئیں تو وہ بہت زیادہ پریشان ہو اُٹھی اور اس کا من اَستھِر ہو اُٹھا۔ اس نے سپنے میں بھی ایسی باتیں نہیں سوچی تھیں۔ اپنے جیون میں تو جیڈ نے سدا دردرتا، ابھاؤ، پریشانی ہی دیکھی تھی، اُسے اُس کا گمان بھی کیسے ہو سکتا تھا کہ وہ ایک زمیندار کی بیٹی ہے۔ اُس نے ہمیشہ زمینداروں کو، کومنتانگ ادھیکاریوں کو، جن سادھارن پر انیائے ہی کرتے دیکھا تھا۔ اُس کی اپنی سمجھ میں زمیندار اور اُس ورگ کے لوگوں میں منشیتا نام ماتر کو بھی نہیں ہوتی تھی، اور پھر بھی وہ سویم اُسی ورگ میں پیدا ہوئی تھی۔ اُس کا دماغ چکر کھانے لگا۔

پر دھیرے دھیرے جیڈ نے اپنے کو سنبھال لیا۔ وہ ماں سے بولی—"ماں، زمیندار ورگ کے لوگوں میں دل نہیں ہوتا، اُن میں دل کی جگہ پتھر ہوتا ہے۔ یدی کوئی زمیندار ہے تو یہ لازمی ہے کہ نرشنس اور اتیاچاری ہوگا۔ پاپا یہ وہاں گئے ہی کیوں ؟ کیا اُنھیں زمینداروں کی یہ وشیشتا نہیں معلوم تھی ؟"

ماں یہ نے دھیرے سے سر ہلایا اور کہا—"چنتت مت ہو۔ تمہارے پتا یہ تمہیں بہت پیار کرتے تھے۔ وہ کہا کرتے تھے کہ بچہ بچہ ہی ہے، چاہے وہ لڑکا ہو یا لڑکی۔ پیاری جیڈ کے بھاگیہ میں تکلیف اُٹھانا ہی لکھا تھا، تبھی تو وہ ہمارے پریوار میں آ پڑی۔ یدی تمہارا بھائی تمہیں پریشان کرتا تھا تو پاپا یہ اُسے بہت ڈانٹتے تھے۔ یہی کارن تھا کہ وہ تم سے بہت ڈرتا تھا۔"

جیڈ کی آنکھیں لال ہو رہی تھیں۔ پاپا یہ کی اُسے دھندلی سی یاد تھی۔ اُس کی یاد میں پاپا کے اوپری ہونٹوں پر

के यहां से चले जाने के समय तक का खर्च चलाने के लिये वह उन्हें पांच यूनिट चावल देगा.

इस प्रकार मां येह के लड़का पैदा होने के एक माह के अन्दर ही येह परिवार को शॉव्या फील्ड खेत छोड़ देना पड़ा. बहुत दिनों तक वह इधर उधर भटकते रहे और अन्त में येचुआन के सीमान्त इलाके कीचाऊ की सीमा के क़रीब दाया घाटी में ठहर गये. वहां पापा येह कोयला खोदते थे, नमक की चट्टानें काटते थे या फिर जलाने की लकड़ी काट कर बेचते थे. उनका जीवन बहुत मुश्किल से चल पाता था. 1936 में भयंकर अकाल पड़ा.

येह अपने दोनों बच्चों को लेकर घर से निकल पड़े और भीख मांगने लगे. भीख मांगते मांगते वह येचुआन के चीड़ के पेड़ वाले गांव में पहुंचे. यहां जमींदार लियू ने उन्हें कुछ काम दिया. मां येह खाना पकाया करती थी और पापा येह खेत में काम करते थे. यूचिंग, जो अब नौ साल का हो गया था, जमींदार की भेड़ बकरियां चराने जाया करता था, पर उसे तनख्वाह नहीं मिलती थी. उनको कुल इतना ही मिल पाता था जिसमें वह अपना और अपनी छोटी बच्ची का पेट भर सकते थे. जमींदार लियू कहा करता था कि उसने येह दम्पति पर बड़ी दया की थी. ऐसी ही दया की नौकरी वह क़रीब एक साल करते रहे. फिर पापा येह ने पहाड़ पर थोड़ी जमीन साफ़ कर खेती करने की आज्ञा मांगी. लियू ने उन्हें थोड़ी जमीन दे दी और उसका लगान भी तय हो गया, यद्यपि यह किसी को भी पता नहीं था कि उस जमीन का असली मालिक कौन है.

उस पहाड़ी जमीन की मिट्टी पथरीली थी और उसकी तह बहुत पतली थी. वह कितनी भी मेहनत करते पर अनाज की बालियां लम्बी न होती थीं और फलियां भी बहुत ही छोटी होती थीं. इस मामूली से भी रद्दी फ़सल की रक्षा करने के लिये उन्हें जंगली सूअरों, चूहों, पहाड़ी बकरियों आदि से बराबर लोहा लेते रहना पड़ता था. इसके बाद भी उन्हें जमींदार लियू और कुमिन्तांग अधिकारी ली का अन्याय सहना पड़ता था और उनकी मांग पूरी करनी पड़ती थी. पापा येह को बहुत मेहनत करनी पड़ती थी. जब वे थक कर चूर हो जाते थे तो बहुधा झल्लाकर कहा करते थे कि मैं अपना सब कुछ खेती में लगा देता हूं पर घर ले जाने के लिये उपज में नहीं के बराबर मिलता है. भाग्यवश पास पड़ोस के अन्य किसान बड़े मिलनसार थे. वे एक दूसरे की मदद करने में सदैव तत्पर रहते थे. एक दूसरे को बड़ी आसानी से उधार दे दिया करते थे और हर प्रकार सहायता करते थे. ऐसी परिस्थितियों में दिक्कतों से संघर्ष करते हुए येह दम्पति फिर से अपना घर बसाने में सफल हुये.

येह दम्पती अपने उस बच्चे के बारे में सदा चिंतित रहते थे जिसे उन्हें जमींदार चांग को दे देना पड़ा था. नये

کے یہاں سے چلے جانے کے سمے تک کا خرچ چلانے کے لئے وہ انہیں پانچ یونٹ چاول دیگا۔

اس پرکار ماں یہ کے لڑکا پیدا ہونے کے ایک ماہ کے اندر ہی یہ پریوار کو شینچیا فیلڈ کھیت چھوڑ دینا پڑا۔ بہت دنوں تک وہ اِدھر اُدھر بھٹکتے رہے اور انت میں زیچوان کے سیمانت علاقے کیچاؤ کی سیما کے قریب دایا گھاٹی میں ٹھہر گئے۔ وہاں پاپا یہ کوئلہ کھودتے تھے، نمک کی چٹانیں کاٹتے تھے یا پھر جلانے کی لکڑی کاٹ کر بیچتے تھے۔ اُن کا جیون بہت مشکل سے چل پاتا تھا۔ 1936 میں بھینکر اکال پڑا۔

یہ اپنے دونوں بچوں کو لیکر گھر سے نکل پڑے اور بھیکھ مانگنے لگے۔ بھیکھ مانگتے مانگتے وہ زیچوان کے چیڑ کے پیڑ والے گاؤں میں پہونچے۔ یہاں زمیندار لیو نے انہیں کچھ کام دیا۔ ماں یہ کھانا پکایا کرتی تھی اور پاپا یہ کھیت میں کام کرتے تھے۔ یوچنگ، جو اب نو سال کا ہوگیا تھا، زمیندار کی بھیڑ بکریاں چرانے جایا کرتا تھا، پر اُسے تنخواہ نہیں ملتی تھی۔ اُن کو کل اتنا ہی مل پاتا تھا جس میں وہ اپنا اور اپنی چھوٹی بچی کا پیٹ بھرسکتے تھے۔ زمیندار لیو کہا کرتا تھا کہ اس نے یہ دمپتی پر بڑی دیا کی تھی۔ ایسی ہی دیا کی نوکری وہ قریب ایک سال کرتے رہے۔ پھر پاپا یہ نے پہاڑ پر تھوڑی زمین صاف کر کھیتی کرنے کی آگیاں مانگی۔ لیو نے انہیں تھوڑی زمین دے دی اور اُس کا لگان بھی طے ہوگیا، یدی یہ کسی کو بھی پتہ نہیں تھا کہ اُس زمین کا اصلی مالک کون ہے۔

اُس پہاڑی زمین کی مٹی پتھریلی تھی اور اُس کی تہ بہت پتلی تھی۔ وہ کتنی بھی محنت کرنے پر اناج کی بالیاں لمبی نہ ہوتی تھیں اور پھلیاں بھی بہت ہی چھوٹی ہوتی تھیں۔ اِس معمولی سے بھی ردی فصل کی رکشا کرنے کے لئے انہیں جنگلی سوروں، چوہوں، پہاڑی بکریوں آدی سے برابر لوہا لیتے رہنا پڑتا تھا۔ اُس کے بعد بھی انہیں زمیندار لیو اور کومنتانگ ادھیکاری لی کا انیائے سہنا پڑتا تھا اور اُن کی مانگ پوری کرنی پڑتی تھی۔ پاپا یہ کو بہت محنت کرنی پڑتی تھی۔ جب وہ تھک کر چور ہو جاتے تھے تو بہودھا جھلا کر کہا کرتے تھے کہ میں اپنا سب کچھ کھیتی میں لگا دیتا ہوں پر گھر لے جانے کے لئے اُپج میں نہیں کے برابر ملتا ہے۔ بھاگیہ وش پاس پڑوس کے انیہ کسان بڑے ملنسار تھے۔ وہ ایک دوسرے کی مدد کرنے میں سدیو تتپر رہتے تھے۔ ایک دوسرے کو بڑی آسانی سے اُدھار دے دیا کرتے تھے اور ہر پرکار سہائتا کرتے تھے۔ ایسی پرستھتیوں میں دقتوں سے سنگھرش کرتے ہوئے یہ دمپتی پھر سے اپنا گھر بسانے میں سپھل ہوئے۔

یہ دمپتی اپنے اُس بچے کے بارے میں سدا چنتت رہتے تھے جسے انہیں زمیندار جانگ کو دے دینا پڑا تھا۔ نئے

इक्कीस वर्ष पहिले मां येह और उसके पति जेपुकान के शेंज्या खेत में जमींदार जांग की जमींदारी में रह कर खेती करते थे. उसकी कोठी के पास ही उनकी फूस की एक मड़ैया थी. चांद के बारहवें महीने की चौबीसवीं तारीख को रात में जब ठंडी बरफीली हवा चल रही थी मां येह के दूसरा बच्चा हुआ. वह लड़का था. तीन दिन बाद जमींदार की पत्नी के लड़की पैदा हुई. जमींदार जांग के परिवार में पिछली तीन पीढ़ी से एक लड़का बराबर होता आया था जिससे उनका वंश चलता रहता था. जमींदार जांग भी यही चाहता था कि उसे पुत्र की प्राप्ति हो ताकि वह अपना वंश चला सके और जो उसकी सम्पत्ति का अधिकारी हो सके. जब उसके यहां बेटी ही पैदा हुई तो वह बहुत भुनभुनाया. पर वह अपना असन्तोष प्रगट करने में घबराता था क्योंकि उसकी पत्नी धनी और प्रभावशाली परिवार की थी. वह अत्यन्त सुन्दर भी थी. इसलिये जांग उसे प्यार भी करता था और उससे डरता भी बहुत था. उसकी पत्नी उसकी मनोदशा से भली भांति परिचित थी. यद्यपि वह जानती थी कि उसका पति शीघ्र ही कोई उपपत्नी नहीं ले आयेगा पर इसकी सम्भावना तो हमेशा ही थी.

उसने पति से कहा—"तुम तो समझदार और योग्य व्यक्ति हो. कोई ऐसी तरकीब क्यों नहीं सोचते कि घर में एक पुत्र आ जाय."

× × ×

नया साल शुरू होने पर जमींदार जांग ने अपने कारिन्दे को येह परिवार से पिछला क़र्ज़ वसूल करने के लिये भेजा. इस बार उन्होंने येह परिवार को बहुत तंग किया और जब येह परिवार बहुत ही ज्यादा लाचार हो गया तो यह प्रस्ताव रक्खा कि यदि वह अपने नवजात बालक शिशु को उनकी लड़की से बदलने को तैयार हो जायें तो वह लगान के बारे में उनसे कोई समझौता कर लेंगे. नहीं तो उनका (येह परिवार वालों का) नया साल बड़ा ही भयंकर बीतेगा. जमींदार के ही हाथों में उन दिनों किसानों का जीवन रहता था. मजबूर होकर, आंखों में आंसू भर कर और मन पर हजारों मन का बोझ लाद कर येह दम्पति ने इसे मंजूर किया. अन्त समय में भी जमींदार ने कुछ नयी और कठोर शर्तें जोड़ दीं. उसी रात शर्तनामा लिखा गया और उस पर हस्ताक्षर किये गये. येह दम्पति ने मंजूर किया कि इस समझौते को वे हमेशा गुप्त रक्खेंगे, जमींदार की कोठी से 50 ली के क्षेत्र के अन्दर वे नहीं रहेंगे और येह परिवार का कोई भी व्यक्ति जमींदार जांग की ज़मीन पर कभी क़दम नहीं रक्खेगा. जांग ने यह वादा किया कि वह ज़मीन का लगान दो पिकल अनाज की जगह एक पिकल अनाज कर देगा जिसके बदले में वह उनका बैल लेगा. येह परिवार

اکیس ورش پہلے ماں یہ اور اُن کے پتی زینجوکان کے شینجیا کھیت میں زمیندار جانگ کی زمینداری میں رہکر کھیتی کرتے تھے۔ اُس کی کوٹھی کے پاس ہی اُن کی پھوس کی ایک مڑیا تھی۔ چاند کے بارھویں مہینے کی چوبیسویں تاریخ کو رات میں جب ٹھنڈی برفیلی ہوا چل رہی تھی ماں یہ کے دوسرا بچہ ہوا۔ وہ لڑکا تھا۔ تین دن بعد زمیندار کی پتنی کے لڑکی پیدا ہوئی۔ زمیندار جانگ کے پریوار میں پچھلی تین پیڑھی سے ایک لڑکا برابر ہوتا آیا تھا جس سے ان کا ونش چلتا رہتا تھا۔ زمیندار جانگ بھی یہی چاہتا تھا کہ اُسے پتر کی پراپتی ہوتا کہ وہ اپنا ونش چلا سکے اور جو اُس کی سمپتی کا ادھیکاری ہوسکے۔ جب اُس کے یہاں بیٹی ہی پیدا ہوئی تو وہ بہت بھنبھنایا۔ پر وہ اپنا اسنتوش پرگٹ کرنے میں گھبراتا تھا کیونکہ اس کی پتنی دھنی اور پربھاؤ شالی پریوار کی تھی۔ وہ اتینت سندر بھی تھی۔ اِس لئے جانگ اُسے پیار بھی کرتا تھا اور اُس سے ڈرتا بھی بہت تھا۔ اُس کی پتنی اُس کی منو دشا سے بھلی بھانت پریچت تھی۔ یدیپی وہ جانتی تھی کہ اُس کا پتی شیگھرہ ہی کوئی اُپپتنی نہیں لے آئیگا پر اُس کی سمبھاونا تو ہمیشہ ہی تھی۔

اس نے پتی سے کہا—"تم تو سمجھدار اور یوگیہ ویکتی ہو۔ کوئی ایسی ترکیب کیوں نہیں سوچتے کہ گھر میں ایک پتر آجائے"

× × ×

اس لئے میرے نزدیک تو زندگی بسر کرنے کا بہترین سلیقہ صرف اُسے حاصل ھے جو اِس دنیا میں عقلی زندگی بسر کرتا ھے . جو دوسروں کو اور اپنے کو تکلیف پہونچائے بغیر اِس زندگی کو تمام ذھنی و جسمانی لذتوں سے اِس طرح لطف اُٹھاتا ھے جیسے بھیگے ھوئے کپڑے کو سختی سے نچوڑ دیا جاتا ھے . ایسا آدمی دوسروں کے بھی کام آتا ھے اور اپنے کام بھی آتا ھے . دوسروں کو بھی جہاں تک ممکن ھوسکے خوش رکھتا ھے . سوسائٹی کو بھی آگے بڑھاتا ھے اور خود بھی آگے بڑھتا ھے . خود بھی جیتا ھے اور دوسروں کو بھی جینے میں سہارا دیتا ھے . اور اس کے ساتھ ساتھ نہ خدا سے ڈرتا ھے اور نہ بندے سے' بلکہ اِس کے نزدیک جو چیز عقلاً درست ھوتی ھے' ڈنکے کی چوٹ اس کا اعلان کرتا ھے اور پرواہ نہیں کرتا کہ دنیا اس کی دشمن ھوجائیگی . بیشک ایسا انسان اِس زمین کی ایسی دولت ھے کہ اس کے قدموں کی خاک پر اسمان کے ستاروں کو بھی نچھاور کیا جاسکتا ھے' اور اُس کے وجود کے دروازے پر چاند سورج روشنی کی بھیک مانگنے جاسکتے ھیں .

لگے ھاتھوں کچھ اپنے متعلق بھی کہدوں ! یہ صحیح ھے کہ میں بھٹک کر جلد راہ راست پر آجاتا یا جلد آجانے کی کوشش ضرور کرتا ھوں' لیکن تجربہ و عقل کے باوجود اب بھی بار بار بھٹک جاتا ھوں .

کون کہہ سکتا ھے کہ اُس قبیلے کے حق میں جس میں کہ میں ایک فرد ھوں شاید یہ بار بار بھٹک جانا ھی مناسب و مفید ھو ! کسے معلوم ھے کہ جب ھم بھٹک جاتے ھیں' اُس وقت راہ راست پر ھوتے ھیں یا جس وقت ھم راہ راست پر ھوتے ھیں اُس وقت بھٹکے ھوئے ھوتے ھیں .

مختصر یہ کہ ھم لوگوں پر بڑے افسوس یا بڑی خوشی کے ساتھ یہ چسپاں کیا جاسکتا ھے—

اب بھی اک عمر پہ جینے کا نہ انداز آیا
زندگی چھوڑ دے پیچھا میرا' میں باز آیا

एक तबक़ा है - इन्क़लाबी. यह तबक़ा माज़ी (भूत) से मुकम्मिल तौर पर मुंह फेर कर सोसाइटी को मुस्तक़बिल (भविष्य) के सांचे में ढालने की कोशिश करता रहता है.

एक तबक़ा है फ़लसफ़ियों और साइन्सदानों का—यह तबक़ा हर शै को फ़लसफ़े और साइन्स की ऐनक से देखता है और अक़्ली ज़िन्दगी बसर करने का शौक़ करता है.

इस तबक़े के नज़दीक ख़ुदा एक फ़र्ज़ी चीज़ है. इख़लाक़ सिर्फ़ इज़ाफ़ी और अहद बदलती हुई सोसाइटी के साथ बदलता और नेकी बदी के जदीद तसव्वरात (आधुनिक मान्यताएं) पैदा करता है. इस तबक़े की इन्तहाई कोशिश यह है कि इन्सान एक मुकम्मिल अक़्ली ज़िन्दगी बसर करके एक ऐसी दिमाग़ी कैफ़ियत पैदा कर ले जो जिस्मानी सेहत, क़ल्बी राहत, और ज़हनी आसूदगी (आराम) के साज़ो सामान पैदा कर दे.

मुख़्तसर यह कि इल्लते ज़िन्दगी (ज़िन्दगी का लक्ष) मक़सदे ज़िन्दगी और सलीक़ाए ज़िन्दगी का मसला इस क़दर हैरतनाक तौर पर पेचीदा और इस क़दर बेअन्त फैलाव रखता है कि इन्सान, जो अभी तक तिफ़ले मकतब से ज़्यादा हैसियत हासिल नहीं कर सकता है, सरेदस्त ज़िन्दगी की कोई मुकम्मिल शरीयत पेश करने से क़तई माज़ूर (असहाय) है.

लेकिन यह भी कोई आक़िलाना बात न होगी कि अपनी इस मजबूरी के सामने हम हाथ पांव ढीले कर दें और ख़ामोश होकर बैठ जाएं.

बहरहाल मुनासिब यह मालूम होता है कि वह जिस्मानी और ज़ेहनी तौर पर तन्दुरुस्त और क़वी (मज़बूत) रहे. जिस्मानी सेहत को बरक़रार बनाने के जो उसूल हैं उनसे हर पढ़ा लिखा आदमी वाक़िफ़ है, लेकिन ज़ेहनी तन्दुरुस्ती के उसूल अच्छे अच्छे तालीमयाफ़्ता लोगों को भी मालूम नहीं हैं.

फ़ासिद ख़्यालात, नस्ली, मज़हबी और क़ौमी तास्सुबात और इसके साथ ही ख़ौफ़, ग़ुस्सा, ग़म और नफ़रत, इन्सान के ज़ेहन को बीमार कर देते हैं. इसलिये हर साहिबे नज़र का फ़र्ज़ है कि वह ठंडे दिल से अपने बातिन का जायज़ा ले और देखे कि इन अमराज़ में से कोई मर्ज़ इसके ज़ेहन को दबाये तो नहीं हुए है.

बीमार जिस्म आसानी से दुरुस्त हो जाता है लेकिन बीमार ज़ेहन का इलाज मुश्किल है और ज़ेहनी अमराज़ से सिर्फ़ वही लोग नजात हासिल कर सकते हैं जिन्हें इल्मे हिक्मत की दौलत हासिल है. और इसके साथ साथ इनका दिल इस क़दर मसर्रतों से भर जाता है कि उसमें ग़म दाख़िल ही नहीं हो सकता. मिर्ज़ा ग़ालिब ने कहा है :—

ग़म नहीं होता है आज़ादों को बेश अज़ यक नफ़स
बर्क़ से करते हैं रोशन शमए मातमख़ाना हम

ایک طبقہ ھے اِنقلابی . یہ طبقہ ماضی (بھوت) سے مکمل طور پر منھ پھیر کر سوسائٹی کو مستقبل (بھوشیہ) کے سانچے میں ڈھالنے کی کوشش کرتا رہتا ھے .

ایک طبقہ ھے فلسفیوں اور سائنسدانوں کا — یہ طبقہ ہر شے کو فلسفے اور سائنس کی عینک سے دیکھتا ھے اور عقلی زندگی بسر کرنے کا شوق کرتا ھے .

اِس طبقہ کے نزدیک خدا ایک فرضی چیز ھے . اخلاق صرف ایک عزاتی اور عہد بدلتی ھوئی سوسائٹی کے ساتھ بدلتا اور نیکی بدی کے جدید تصورات (آدھونک مانیتائیں) پیدا کرتا ھے . اِس طبقہ کی انتہائی کوشش یہ ھے کہ انسان ایک مکمل عقلی زندگی بسر کرکے ایسی دماغی کیفیت پیدا کر لے جو جسمانی صحت، قلبی راحت، اور ذھنی آسودگی (آرام) کے سازو سامان پیدا کر دے .

مختصر یہ کہ علت زندگی (زندگی کا لکش) مقصد زندگی اور سلیقۂ زندگی کا مثلہ اِس قدر حیرت ناک طور پر پیچیدہ اور اس قدر بے انت پھیلاؤ رکھتا ھےکہ اِنسان، جو ابھی تک طفل مکتب سے زیادہ حیثیت حاصل نہیں کر سکتا ھے، سردست زندگی کی کوئی مکمل شریعت پیش کرنے سے قطعی معذور (اسہائے) ھے .

لیکن یہ بھی کوئی عاقلانہ بات نہ ھوگی کہ اپنی اس مجبوری کے سامنے ھم ھاتھ پاؤں ڈھیلے کردیں اور خاموش ھوکر بیٹھ جائیں .

بہرحال مناسب یہ معلوم ہوتا ھے کہ وہ جسمانی اور ذھنی طور پر تندرست اور قوی (مضبوط) رھے . جسمانی صحت کو برقرار بنانے کے جو اصول ھیں اُن سے ہر پڑھا لکھا آدمی واقف ھے، لیکن ذہنی تندرستی کے اصول اچھے اچھے تعلیم یافتہ لوگوں کو بھی معلوم نہیں ھیں .

فاسد خیالات، نسلی، مذھبی اور قومی تعصبات اور اِس کے ساتھ ھی- خوف، غصہ، غم اور نفرت انسان کے ذھن کو بیمار کردیتے ھیں . اِس لئے ہر صاحب نظر کا فرض ھے کہ وہ ٹھنڈے دل سے اپنے باتن کا جائزہ لے اور دیکھے کہ اِن امراض میں سے کوئی مرض اِس کے ذھن کو دبائے تو نہیں ھوئے ھیں .

بیمار جسم آسانی سے درست ھوجاتا ھے لیکن بیمار ذھن کا علاج مشکل ھے اور ذھنی امراض سے صرف وھی لوگ نجات حاصل کرسکتے ھیں جنھیں علم حکمت کی دولت حاصل ھے . اور اس کے ساتھ ساتھ اُن کا دل اِسقدر مسرتوں سے بھر جاتا ھے کہ اس میں غم داخل ھی نہیں ھوسکتا . مرزا غالب نے کہا ھے :—

غم نہیں ھوتا ھے آزادوں کو بیش از یک نفس
برق سے کرتے ھیں روشن شمع ماتم خانہ ھم

जीने का सलीक़ा

(जोश मलीहाबादी)

ज़िन्दगी क्योंकर बसर की जाय, यह उन लोगों से नहीं पूछा जा सकता जिन्हें जीने के लाले पड़े हों. वह लोग, फ़ाक़ों से जिनका जिस्म दुबला और जहालत से जिनकी अक़्ल मोटी हो, ज़िन्दगी बसर करने के सलीक़े से क्योंकर वाक़िफ़ हो सकते हैं. अलबत्ता यह मसला उन लोगों का है जिन्हें मुआशी फ़राग़त (आर्थिक निश्चिन्तता) और ज़ेहनी बेदारी (मानसिक विकास) हासिल है.

इन्सान दौड़ता, धूपता, सर खपाता और पसीना बहाता है, महज़ इसलिये कि ज़िन्दा रहने के वास्ते जिन चीज़ों की ज़रूरत है उन्हें मुहय्या कर ले. लेकिन कोई अल्लाह का बन्दा एक लमहे के वास्ते भी इस बात पर ग़ौर नहीं करता कि मैं यह जो कुछ ख़ून पसीना एक कर रहा हूं वह तो महज़ इसलिये है कि मैं ज़िन्दा रह सकूं. लेकिन ज़िन्दा रहने का मक़सद क्या है, किसी को ख़्वाब में भी उसका ख़्याल नहीं आता.

एक तबक़ा ज़िन्दगी के बाब (बारे में) इस तरह सोचता है कि अपनी तमाम तमन्नाओं, तमाम ख़्वाहिशों, ग़रज़े कि अपनी तमाम हस्ती को, अपने पैदा करने वाले की मर्ज़ी के सुपुर्द कर देना ही ज़िन्दगी का वाहिद मक़सद है.

लेकिन एक तबक़ा ऐसा है, और यह बहुत ही बड़ा तबक़ा है, जो ख़्याल करता है कि भाड़ में जाय नेकी बदी और अच्छाई बुराई, यारों को तो अपने हलवे मांडे से काम. आप भले तो जग भला. जिस तरह और जिस ज़रिये से बन पड़े कमाओ, कमाओ, नौकरी करके कमाओ—चोरी डकैती करके कमाओ—मिलें और कारख़ाने खोल कर कमाओ, अमीर बन कर कमाओ, औरत फ़रोश बन कर कमाओ, ठेके ले कर कमाओ—पैग़म्बर बन कर कमाओ—अलग़रज़ हर तरह और हर तरीक़े से कमाओ, ख़ूब जी भर कर पूरे ख़ुलूस के साथ कमाओ—कमाते कमाते मर जाओ और अगर आवागमन हो तो पैदा हो फिर कमाओ, फिर कमाओ.

यह तबक़ा समझता है कि इस कायनात की उम्र को देखते हुए, जो शायद करोड़ों अरबों साल से भी ज़ायद हो, हमारी यह बूंद भर साठ सत्तर साल की ज़िन्दगी भी कोई ऐसी चीज़ है जिस पर निगाह पड़ सके. इस हक़ीर, पोच और लचर वाहिमों पर ग़ौर करना एक अहमक़ाना वक़्त की बरबादी के सिवा और कुछ नहीं. इसलिये बस खाओ पिओ, मज़े उड़ाओ और मर जाओ.

جینے کا سلیقہ

(جوش ملیحآبادی)

زندگی کیونکر بسر کی جائے' یہ اُن لوگوں سے نہیں پوچھا جا سکتا جنہیں جینے کے لالے پڑے ہوں . وہ لوگ' فاقوں سے جن کا جسم دبلا اور جہالت سے جن کی عقل موٹی ہو' زندگی بسر کرنے کے سلیقے سے کیونکر واقف ہو سکتے ہیں . البتہ یہ مثلہ اُن لوگوں کا ہے جنہیں معاشی فراغت (آرتھک نشچنتتا) اور ذہنی بیداری (مانسک وکاس) حاصل ہے .

اِنسان دوڑتا' دھوپتا' سرکھپاتا اور پسینہ بہاتا ہے' محض اِس لئے کہ زندہ رہنے کے واسطے جن چیزوں کی ضرورت ہے اُنہیں مہیا کرلے . لیکن کوئی اللہ کا بندہ ایک لمحے کے واسطے بھی اس بات پر غور نہیں کرتا کہ میں یہ جو کچھ خون پسینہ ایک کر رہا ہوں وہ تو محض اِس لئے ہے کہ میں زندہ رہ سکوں . لیکن زندہ رہنے کا مقصد کیا ہے' کسی کو خواب میں بھی اِس کا خیال نہیں آتا .

ایک طبقہ زندگی کے باب (بارے میں) اِس طرح سوچتا ہے کہ اپنی تمام تمناؤں' تمام خواہشوں' غرضیکہ اپنی تمام ہستی کو' اپنے پیدا کرنے والے کی مرضی کے سپرد کر دینا ہی زندگی کا واحد مقصد ہے .

لیکن ایک طبقہ ایسا ہے' اور یہ بہت ہی بڑا طبقہ ہے' جو خیال کرتا ہے کہ بھاڑ میں جائے نیکی بدی اور اچھائی برائی' یاروں کو تو اپنے حلوے مانڈے سے کام . آپ بھلے تو جگ بھلا. جس طرح اور جس ذریعہ سے بن پڑے کماؤ' کماؤ' نوکری کرکے کماؤ—چوری ڈکیتی کرکے کماؤ—ملیں اور کارخانے کھول کر کماؤ' امیر بن کر کماؤ' عورت فروش بن کر کماؤ' ٹھیکے لے کر کماؤ—پیغمبر بن کر کماؤ—الغرض ہر طرح اور ہر طریقہ سے کماؤ , خوب جی بھر کر پورے خلوص کے ساتھ کماؤ—کماتے کماتے مر جاؤ اور اگر آوا گمن ہو تو پیدا ہو پھر کماؤ' پھر کماؤ .

یہ طبقہ سمجھتا ہے کہ اِس کائنات کی عمر کو دیکھتے ہوئے' جو شاید کروڑوں' اربوں سال سے بھی زائد ہو' ہماری یہ بوند بھر ساٹھ ستر سال کی زندگی بھی کوئی ایسی چیز ہے جس پر نگاہ پڑ سکے . اس حقیر' پوچ اور لچر واہموں پر غور کرنا ایک احمقانہ وقت کی بربادی کے سوا اور کچھ نہیں . اس لئے بس کھاؤ پیو' مزے اڑاؤ اور مر جاؤ .

इनसे मिलते जुलते सब में अलग अलग सन्यासी, यति, ...डलेश, साधू, बैरागी, उदासी, मठाधीश, संत, महन्त, ...क़ीर, दरवेश, औलिया, सज्जादा नशीन, शेख़, पीर, ...रशिद, तकियादार, मिस्कीन, भिक्षु, स्थानकवासी, श्रमन, ...ीर, महावीर, मांक, नन, वग़ैरा वग़ैरा सब धर्मों में होते ..., जिनकी तादाद बहुत पर जिनमें सच्चे साधू या तपस्वी ...ोई बिरले ही मिलते हैं.

सबके अपने अपने मठ, अखाड़े, धर्मशाला, विहार, ...ामासरी, दरगाह, तकिया, ख़ानक़ाह वग़ैरा हैं, जिनमें से ...धिकतर का इन्तज़ाम बहुत ही ख़राब होता है और बहुत ...े तो पाप के अड्डे होते हैं.

मशहूर जर्मन विद्वान मैक्समूलर ने अपनी किताब ...hips from a German Workshop में बड़ी ...फ़सील और सुन्दरता के साथ दिखाया है कि तिब्बत के ...ौद्ध मठों और योरप के ईसाई रोमन कैथलिक गिरजों में ...क एक चीज़ और एक एक रिवाज कितने ग़ज़ब के मिलते ...ुलते हैं.

सब धर्म वालों ने अपने अपने अनगिनत टुकड़े कर ...क्खे हैं. एक एक की बहुत सी अलग अलग सम्प्रदाएं हैं. ...हुत से पंथ हैं. बहुत से फ़िर्क़े हैं. हिन्दुओं में इनकी तादाद ...ैकड़ों है. ईसाइयों में भी सैकड़ों है और इसलाम में कम ...े कम कोड़ियों. यह बात यूं तो बड़े दुख की बात है पर ...ससे एक अच्छी बात का पता चलता है कि लोग अपने ...र्म के असली रूप को अपनी सूझ बूझ के अनुसार बदल ...ेते हैं. इसका मतलब यह है कि वह धर्म के मालिक हैं, ...र्म उनका मालिक नहीं. इसका यह भी अच्छा सबूत है कि ...ोग एक मज़हब से दूसरे मज़हब में भी चले जाते हैं.

हिन्दू धर्म में एक और ख़ास चीज़ है जो मोटे तौर ...र कहा जा सकता है कि दूसरे किसी धर्म में नहीं है. वह ...ै हिन्दुओं की जात पात. पर हिन्दू जात पात का मामला ...ितना पेचीदा और बड़ा है कि उसके लिये अलग लेख की ...ावश्यकता है.

اِن سے ملتے جلتے سب میں الگ الگ سنیاسی، یتی، منڈلیش، سادھو، بیراگی، اُداسی، متھا دھیش، سنت، مہنت، فقیر، درویش، اَولیا، سجادہ نشین، شیخ، پیر، مرشد، تکیہ‌دار، مسکین، بھکشو، استھانک واسی، شرمن، تھیر، مہاتھیر، مانک، نن وغیرہ وغیرہ سب دھرموں میں ہوتے ہیں، جن کی تعداد بہت پر جن میں سچے سادھو یا تپسوی کوئی برلے ہی ملتے ہیں ۔

سب کے اپنے اپنے متھ، اکھاڑے، دھرم شالا، وہار، لاماسری، درگاہ، تکیہ، خانقاہ وغیرہ ہیں، جن میں سے اَدھکتر کا انتظام بہت ہی خراب ہوتا ہے اور بہت سے تو پاپ کے اڈے ہوتے ہیں ۔

مشہور جرمن ودوان میکس مولر نے اپنی کتاب Chips from a German Workshop میں بڑی تفصیل اور سندرتا کے ساتھ دکھایا ہے کہ تبت کے بودھ متھوں اور یورپ کے عیسائی رومن کیتھلک گرجوں میں ایک ایک چیز اور ایک ایک رواج کتنے غضب کے ملتے جلتے ہیں ۔

سب دھرم والوں نے اپنے اپنے اَنگنت ٹکڑے کر رکھے ہیں ۔ ایک ایک کی بہت سی الگ الگ سمپردائیں ہیں ۔ بہت سے پنتھ ہیں ۔ بہت سے فرقے ہیں ۔ ہندوؤں میں اِن کی تعداد سیکڑوں ہے ۔ عیسائیوں میں بھی سیکڑوں ہے اور اسلام میں کم سے کم کوڑیوں ۔ یہ بات یوں تو بڑے دکھ کی بات ہے پر اِس سے ایک اچھی بات کا پتہ چلتا ہے کہ لوگ اپنے دھرم کے اصلی روپ کو اپنی سوجھ بوجھ کے انوسار بدل لیتے ہیں ۔ اِس کا مطلب یہ ہے کہ وہ دھرم کے مالک ہیں، دھرم اُن کا مالک نہیں۔ اِس کا یہ بھی اچھا ثبوت ہے کہ لوگ ایک مذہب سے دوسرے مذہب میں بھی چلے جاتے ہیں ۔

ہندو دھرم میں ایک اور خاص چیز ہے جو موٹے طور پر کہا جاسکتا ہے کہ دوسرے کسی دھرم میں نہیں ہے ۔ وہ ہے ہندوؤں کی جات پات ۔ پر ہندو جات پات کا معاملہ اتنا پیچیدہ اور بڑا ہے کہ اُس کے لئے الگ لیکھ کی آوشیکتا ہے ۔

जीवन और अधिक दिलचस्प और ख़ुश करने वाला होता. पर इस की जगह आजकल अधिकतर इन्हें देख कर एक दूसरे से चिढ़ और नफ़रत बढ़ती है. कारन यह है कि हमारे धार्मिक नेता जो रहनुमाई करने की जगह लोगों को और गुमराह करते हैं, अपने लोगों में समझ और प्रेम की जगह नफ़रतें और गुस्से अधिक पैदा करते हैं. वह अपने अपने लोगों को यही बताते रहते हैं कि जो लोग उनकी तरह चोटी नहीं रखते, डाढ़ी रखते हैं, या डाढ़ी नहीं रखते, चोटी रखते हैं, या दूसरी तरह के कपड़े पहनते हैं, या दूसरी चीज़ें खाते पीते हैं, या दूसरी बोली बोलते हैं, या किसी दूसरी बोली में दुआ प्रार्थना करते हैं वह सब ग़ैर हैं जिनसे बचना चाहिये, बल्कि दुश्मन हैं जिन्हें दबाना चाहिये.

सब मज़हबों वाले अपनी पूजा के स्थानों को अलग अलग नामों से पुकारते हैं. इन नामों का अर्थ अकसर एकसा होता है. गिरजा को 'ख़ुदा का घर' भी कहते हैं. मन्दिर को 'देवालय' भी कहते हैं. उसके भी वही मानी हैं. मस्जिद को 'बैतुल्लाह' कहते हैं. इसके मानी भी ख़ुदा का घर है. गिरजा, मस्जिद या मन्दिर बनाने में सब ऊँची ऊँची आसमान को छूने की कोशिश करने वाली शिखर, कलश, गोपुर, मिनारा, गुम्बद, डोम, स्टीपल वग़ैरा बनाते हैं. लोगों को पूजा इबादत के लिये बुलाने के सबके कोई न कोई ढंग हैं. कोई अज़ान देते हैं, कोई घंटा बजाते हैं, कोई घड़ियाल. मरे हुओं का कोई श्राद्ध करते हैं, कोई फ़ातहा पढ़ते हैं, कोई दुआएं पढ़ते हैं. मरने के बाद कोई भोज खिलाते हैं, कोई कन्दूरी और कोई और और तरह की दावतें देते हैं. सब के कोई न कोई धार्मिक गुरु होते हैं. हिन्दू गुरु के शिष्य होते हैं, मुसलमान पीर के मुरीद कहलाते हैं और ईसाइ सेन्ट के डिसाइपल होते हैं. कोई आसन पर बैठता है, कोई सज्जादे पर. कोई घुटने टेक कर नमाज़ पढ़ता है, कोई पलौथी मार कर संध्या करता है. कोई साश्टांग दंडवत करता है, कोई परिक्रमा या तवाफ़ करता है. कोई पूजा करने में शरीर के अलग अलग भागों को बार बार हाथ लगाता है और अलग अलग मंत्र पढ़ता जाता है. कोई घुटनों के बल खड़ा हो जाता है, कोई अपनी एड़ियों के बल घूमता है—ढंग अलग अलग, मतलब सबका एक.

हिन्दुओं में पंडे, पुरोहित, पुजारी, याजक, धर्माधिकारी, और आचार्य होते हैं. मुसलमानों में मुअज़्ज़न, मुजाविर, मुतवल्ली, मुल्ला, मुफ़्ती, आलिम, मुजतहिद, इमाम और ख़लीफ़ा होते हैं. पारसियों में दस्तूर और मोबिद होते हैं. यहूदियों में स्काइब, फ़ैरीसी और रब्बी होते हैं. बौद्धों में फुंगी, लामा, बोन्ज़ होते हैं. इसी तरह के दरजनों नाम ईसाइयों में हैं वग़ैरा, वग़ैरा.

جیون اور ادھک دلچسپ اور خوش کرنے والا ہوتا۔ پر اِس کی جگہ آجکل ادھک‌تر اِنہیں دیکھ کر ایک دوسرے سے چڑھ اور نفرت بڑھتی ہے۔ کارن یہ ہے کہ ہمارے دھارمک نیتا جو رہنمائی کرنے کی جگہ لوگوں کو اور گمراہ کرتے ہیں' اپنے لوگوں میں سمجھ اور پریم کی جگہ نفرتیں اور غصے ادھک پیدا کرتے ہیں۔ وہ اپنے اپنے لوگوں کو یہی بتاتے رہتے ہیں کہ جو لوگ اُن کی طرح چوٹی نہیں رکھتے' ڈاڑھی رکھتے ہیں' یا ڈاڑھی نہیں رکھتے' چوٹی رکھتے ہیں' یا دوسری طرح کے کپڑے پہنتے ہیں' یا دوسری چیزیں کھاتے پیتے ہیں' یا دوسری بولی بولتے ہیں' یا کسی دوسری بولی میں دعا' پرارتھنا کرتے ہیں' وہ سب غیر ہیں جن سے بچنا چاہئے' بلکہ دشمن ہیں جنہیں دبانا چاہئے۔

سب مذہبوں والے اپنی پوجا کے استھانوں کو الگ الگ ناموں سے پکارتے ہیں۔ اِن ناموں کا ارتھ اکثر ایک سا ہوتا ہے۔ گرجا کو 'خدا کا گھر' بھی کہتے ہیں۔ مندر کو 'دیوالیہ' بھی کہتے ہیں۔ اُس کے بھی وہی معنی ہیں۔ مسجد کو 'بیت‌اللہ' کہتے ہیں۔ اِس کے معنی بھی خدا کا گھر ہے۔ گرجا' مسجد یا مندر بنانے میں سب اُونچی اُونچی آسمان کو چھونے کی کوشش کرنے والی شکھر' کلش' گوپر' منارا' گنبد' ڈوم' اسٹیپل وغیرہ بناتے ہیں۔ لوگوں کو پوجا عبادت کے لئے بلانے کے سب کے کوئی نہ کوئی ڈھنگ ہیں۔ کوئی اذان دیتے ہیں' کوئی گھنٹا بجاتے ہیں' کوئی گھڑیال۔ مرے ہوؤں کا کوئی شرادھ کرتے ہیں' کوئی فاتحہ پڑھتے ہیں' کوئی دعائیں پڑھتے ہیں۔ مرنے کے بعد کوئی بھوج کھلاتے ہیں' کوئی کندوری اور کوئی اور اور طرح کی دعوتیں دیتے ہیں۔ سب کے کوئی نہ کوئی دھارمک گرو ہوتے ہیں۔ ہندو گرو کے شِشیہ ہوتے ہیں' مسلمان پیر کے مرید کہلاتے ہیں' اور عیسائی سینٹ کے ڈسائپل ہوتے ہیں۔ کوئی آسن پر بیٹھتا ہے' کوئی سجادہ پر۔ کوئی گھٹنے ٹیک کر نماز پڑھتا ہے' کوئی پلوتھی مارکر سندھیا کرتا ہے۔ کوئی ساشٹانگ ڈنڈوت کرتا ہے' کوئی پرکرما یا طواف کرتا ہے۔ کوئی پوجا کرنے میں شریر کے الگ الگ بھاگوں کو بار بار ہاتھ لگاتا ہے اور الگ الگ منتر پڑھتا جاتا ہے۔ کوئی گھٹنوں کے بل کھڑا ہوجاتا ہے' کوئی اپنی ایڑیوں کے بل گھومتا ہے—ڈھنگ الگ الگ' مطلب سب کا ایک۔

ہندوؤں میں پنڈے' پروہت' پجاری' یاجک' دھرم‌ادھیکاری اور آچاریہ ہوتے ہیں۔ مسلمانوں میں موذن' مجاور' متولی' ملا' مفتی' عالم' مجتہد' امام اور خلیفہ ہوتے ہیں۔ پارسیوں میں دستور اور موبد ہوتے ہیں۔ یہودیوں میں اسکرائبس' فیریسی اور ربی ہوتے ہیں۔ بودھوں میں پھنگی' لامہ' بونز ہوتے ہیں۔ اِسی طرح کے درجنوں نام عیسائیوں میں ہیں وغیرہ وغیرہ۔

रूह यानी आत्मा की दरजे बदरजे तरक़्क़ी के लिये हिन्दू 'योग' और सूफ़ी 'सलूक' दोनों में हर तरह के गोश्त से परहेज़ जरूरी बताया गया है. हज़रत अली जो सबसे पहले सूफ़ी माने जाते हैं कहा करते थे कि :—"अपने पेटों को जानवरों की क़बरें मत बनाओ."

आदमी की कुदरती ख्वाहिशों और कमज़ोरियों को जहां एक तरफ़ क़ाबू में करना जरूरी है वहां कभी कभी और एक दरजे तक उन्हें खुले मौक़ा देना भी जरूरी हो जाता है. इसीलिये सब धर्मों में किसी न किसी रूप में जानवरों की बलि और क़ुरबानी जैसी चीजें रक्खी गई हैं. यह चीजें सब धर्मों में ऐसी ही हैं जैसी हर आदमी के शरीर के अन्दर और सुन्दर से सुन्दर आदमी के अन्दर मैले से भरी हुई अंतड़ियां होती हैं. केवल ईसाइयों, बौद्धों और जैनियों में क़ुरबानी का रिवाज नहीं है. हर मज़हब ने इन चीजों पर रोक थाम भी लगाई है और रोक थाम के रास्ते बताए हैं.

भागवत में लिखा है :—

"लोगों में स्त्री पुरुश का एक दूसरे की तरफ़ झुकाव और गोश्त और शराब की इच्छा होती ही है. उसे जगाने की आवश्यकता नहीं पड़ती. इन चीजों पर रोक थाम रखने के लिये शादी का रिवाज और यज्ञों का रिवाज डाला गया है. इन से बचे रहना बहुत ज्यादा अच्छा है."

इन्जील में लिखा है :—

"जो लोग अपने को रोक नहीं सकते उन्हें चाहिये कि शादी कर लें. क्योंकि अन्दर अन्दर जलते रहने से शादी कर लेना ज्यादा अच्छा है."

हर धर्म के मानने वाले किसी न किसी तरह का अपना बाहरी निशान भी रखते हैं. कोई सर पर पीछे की तरफ़ चोटी रखते हैं, कोई दाढ़ी रखते हैं, कोई सब बाल बढ़ाते हैं और कोई कुछ ईसाई पादरियों की तरह ख़ास तरह सर मुंडवाते हैं. कोई बाएं कन्धे के ऊपर से जनेऊ डालते हैं, और माथे पर तरह तरह के तिलक लगाते हैं. कोई कमर के चारों तरफ़ ज़ुन्नार बांधते हैं. कोई टोपियों पर हेलाल और सितारा लगाते हैं, और कोई अपनी गरदनों में क्रास लटकाते हैं. लगभग सब जन्तर मन्तर या गंडे तावीज़ जैसी चीजों में भी विश्वास रखते हैं और उन्हें पहनते हैं. गहरे विश्वास के कारन इन चीजों का उनके ऊपर असर भी होता है. सब धर्म वालों की ख़ास ख़ास पाशाकें हैं. यह पाशाकें कहीं क़ौमी या राष्ट्री मानी जाती हैं और कहीं धार्मिक. यह सब अलग अलग चीजें अगर केवल कला या सुन्दरता की निगाह से पहनी जातीं ताकि एक दूसरे को अच्छी लगें, या अगर इनके साथ थोड़ा बहुत सच्चा भक्ति भाव भी होता, तो इन सब रंग बिरंगी चीजों से आदमी की सुन्दरता बढ़ती, नई नई चीजें सबको अच्छी लगतीं, और हमारा समाजी

روح یعنی آتما کی درجہ بدرجہ ترقی کے لئے ھندو 'یوگ' اور صوفی 'سلوک' دونوں میں ہر طرح کے گوشت سے پرھیز ضروری بتایا گیا ھے۔ حضرت علی جو سب سے پہلے صوفی مانے جاتے ھیں کہا کرتے تھے کہ :—"اپنے پیٹوں کو جانوروں کی قبریں مت بناؤ۔"

آدمی کی قدرتی خواہشوں اور کمزوریوں کو جہاں ایک طرف قابو میں کرنا ضروری ھے وہاں کبھی کبھی اور ایک درجہ تک انہیں کھلے موقع دینا بھی ضروری ھوجاتا ھے۔ اِسی لئے سب دھرموں میں کسی نہ کسی روپ میں جانوروں کی بلی اور قربانی جیسی چیزیں رکھی گئی ھیں یہ چیزیں سب دھرموں میں ایسی ہی ھیں جیسی ہر آدمی کے شریر کے اندر اور سندر سے سندر آدمی کے اندر میلے سے بھری ہوئی انتڑیاں ھوتی ھیں۔ کیول عیسائیوں' بودھوں اور جینیوں میں قربانی کا رواج نہیں ھے۔ ھر مذھب نے اِن چیزوں پر روک تھام بھی لگائی ھے اور روک تھام کے راستے بتائے ھیں۔

بھاگوت میں لکھا ھے :—

"لوگوں میں اِستری پورش کا ایک دوسرے کی طرف جھکاؤ اور گوشت اور شراب کی اِچھا ھوتی ہی ھے۔ اُسے جگانے کی آوشیکتا نہیں پڑتی۔ اِن چیزوں پر روک تھام رکھنے کے لئے شادی کا رواج اور یگیوں کا رواج ڈالا گیا ھے۔ اِن سے بچے رہنا بہت زیادہ اچھا ھے۔"

انجیل میں لکھا ھے :—

"جو لوگ اپنے کو روک نہیں سکتے اُنہیں چاھئے کہ شادی کرلیں۔ کیونکہ اندر اندر جلتے رہنے سے شادی کرلینا زیادہ اچھا ھے۔"

ھر دھرم کے ماننے والے کسی نہ کسی طرح کا اپنا باھری نشان بھی رکھتے ھیں۔ کوئی سر پر پیچھے کی طرف چوٹی رکھتے ھیں' کوئی داڑھی رکھتے ھیں' کوئی سب بال بڑھاتے ھیں اور کوئی کچھ عیسائی پادریوں کی طرح خاص طرح سرمنڈواتے ھیں۔ کوئی بائیں کندھے کے اوپر سے جنیو ڈالتے ھیں' اور ماتھے پر طرح طرح کے تلک لگاتے ھیں۔ کوئی کمر کے چاروں طرف زنار باندھتے ھیں۔ کوئی ٹوپیوں پر ھلال اور ستارا لگاتے ھیں' اور کوئی اپنی گردنوں میں کراس لٹکاتے ھیں۔ لگ بھگ سب جنتر منتر یا گنڈے تعویز جیسی چیزوں میں بھی وشواس رکھتے ھیں اور انہیں پہنتے ھیں۔ گہرے وشواس کے کارن اِن چیزوں کا ان کے اُوپر اثر بھی ھوتا ھے۔ سب دھرم والوں کی خاص خاص پوشاکیں ھیں۔ یہ پوشاکیں کہیں قومی یا راشٹری مانی جاتی ھیں اور کہیں دھارمک۔ یہ سب الگ الگ چیزیں اگر کیول کلا یا سندرتا کی نگاہ سے پہنی جاتیں تاکہ ایک دوسرے کو اچھی لگیں' یا اگر اِن کے ساتھ تھوڑا بہت سچا بھکتی بھاؤ بھی ھوتا' تو اِن سب رنگ برنگی چیزوں سے آدمی کی سندرتا بڑھتی' نئی نئی چیزیں سب کو اچھی لگتیں' اور ھمارا سماجی

रास्ता दिखा दिया है. ईश्वर हम से और कुछ नहीं चाहता सिवाय इसके कि हम सबके साथ इन्साफ़ करें, सब से प्रेम करें, सब पर दया करें, नम्रता के साथ झुक कर चलें."
(माइका)

"जो कोई किसी बैल की हत्या करता है उसने मानो एक आदमी की हत्या की." (इसाया)

"ऐ ईश्वर तूने हम से क़ुरबानी करने के लिये और चढ़ावे चढ़ाने के लिये नहीं कहा. तू ने हमारे कान खोल दिये हैं. तुझे आग में आहुतियों और पाप के चढ़ावों की ज़रूरत नहीं है. मैं अपने ईश्वर के भजन गाऊंगा और उसे धन्यवाद दूंगा. ईश्वर इससे ख़ुश होगा. सींगों और खुरों वाले बैलों और सांडों की हत्या से ख़ुश नहीं होगा."
(साम्स, अध्याय 40 और 69)

"जो कोई अपनी ख़ुदी को पाएगा वह अपने असल जीवन को खोवेगा और जो कोई अपनी ख़ुदी को मिटा देगा वह असली जीवन को हासिल करेगा." (इन्जील)

यहां ख़ुदी से मतलब आदमी का छोटा आपा है और असल जीवन से मतलब सबके साथ मिल कर सबका मिला जुला आपा है. वही अल्लाह है.

सूफ़ी कहता है :—

"बेख़ुदी की तरफ़ कोशिश करके बढ़, तब तू अपने असली आपे को पा सकेगा. अल्लाह सब ठीक जानता है. तू अपनी ख़ुदी का ग़ुलाम कब तक बना रहेगा? इस ख़ुदी से बाहर निकल. रीत रिवाज के नापाक जूतों को बाहर उतार कर ईश्वर के मन्दिर में जा और उसके चमत्कार देख."

कबीर साहब ने कहा है :—

"जब मैं था तब हरि नहीं, अब हरि हैं मैं नाहिं"
प्रेम गली अति सांकरी, या में दो न समाहिं"

इसी ख़याल को सूफ़ी ने इन शब्दों में ज़ाहिर किया है :—

"हम मोतक़िदे दावए बातिल नहीं होते
सीने में किसी शख़्स के दो दिल नहीं होते"

एक और सूफ़ी ने कहा है :—

"मेरे जुब्बे यानी कुरते के अन्दर सिवा ख़ुदा के कोई और है ही नहीं."

यही ख़याल सूफ़ियों ने फ़ारसी और अरबी के शेरों में जगह जगह और तरह तरह से ज़ाहिर किया है.

क़ुरान में लिखा है :—

"लंय्यनालल्लह लोहूमोहा वला देमाओहा व लाकिय्यनालोहुत्तक़वा मिनकुम." (क़ुरान, 22—37)

यानी—"क़ुरबानी के जानवरों का ख़ून या गोश्त अल्लाह को नहीं पहुंचता. अल्लाह को सिर्फ़ तुम्हारे दिल का तक़्वा पहुंचता है यानी यह कि तुम बुरे कामों से बचे रहो."

راستہ دکھا دیا ھے ۔ ایشور ہم سے اور کچھ نہیں چاھتا سوائے اِس کے کہ ہم سب کے ساتھ اِنصاف کریں، سب سے پریم کریں، سب پر دیا کریں اور نمرتا کے ساتھ جھک کر چلیں ۔" (مائیکا)

"جو کوئی کسی بیل کی ھتیا کرتا ھے اُس نے مانو ایک آدمی کی ھتیا کی ۔" (اِسایا)

"اے ایشور تونے ہم سے قربانی کرنے کے لئے اور چڑھاوے چڑھانے کے لئے نہیں کہا ۔ تونے ھمارے کان کھول دیئے ھیں ۔ تجھے آگ میں آھوتیوں اور پاپ کے چڑھاؤں کی ضرورت نہیں ھے ۔ میں اپنے ایشور کے بھجن گاؤنگا اور اُسے دھنیہ باد دونگا ۔ ایشور اِس سے خوش ھوگا ۔ سینگوں اور کھروں والے بیلوں اور سانڈوں کی ھتیا سے خوش نہیں ھوگا ۔"
(سامس، ادھیائے 40 اور 69)

"جو کوئی اپنی خودی کو پائیگا وہ اپنے اصل جیون کو کھودیگا اور جو کوئی اپنی خودی کو مٹادیگا وہ اصلی جیون کو حاصل کریگا ۔" (انجیل)

یہاں خودی سے مطلب آدمی کا چھوٹا آپا ھے اور اصل جیون سے مطلب سب کے ساتھ ملکر سب کا ملا جلا آپا ھے ۔ وھی اللہ ھے ۔

صوفی کہتا ھے :—

"بےخودی کی طرف کوشش کرکے بڑھ، تب تو اپنے اصلی آپے کو پاسکیگا ۔ اللہ سب ٹھیک جانتا ھے ۔ تو اپنی خودی کا غلام کب تک بنا رھیگا ؟ اِس خودی سے باھر نکل ۔ ریت رواج کے ناپاک جوتوں کو باھر اُتارکر ایشور کے مندر میں جا اور اُس کے چمتکار دیکھ ۔"

کبیر صاحب نے کہا ھے :—

"جب میں تھا تب ھری نہیں، اب ھری ھیں میں ناھیں
"پریم گلی آتی سانکری، وامیں دو نہ سماھیں ۔"

اِسی خیال کو صوفی نے اِن شبدوں میں ظاھر کیا ھے :—

"ہم معتقد دعوئ باطل نہیں ھوتے
سینے میں کسی شخص کے دو دل نہیں ھوتے"

ایک اور صوفی نے کہا ھے :—

"میرے جبہ یعنی کرتے کے اندر سوا خدا کے کوئی اور ھے ھی نہیں ۔"

یہی خیال صوفیوں نے فارسی اور عربی کے شعروں میں جگہ جگہ اور طرح طرح سے ظاھر کیا ھے ۔

قرآن میں لکھا ھے :—

"لن ینال اللہ لحومہا ولا دماؤھا ولکن ینالہ التقوی منکم"
(قرآن 22—37)

یعنی "قربانی کے جانوروں کا خون یا گوشت اللہ کو نہیں پہونچتا ۔ اللہ کو صرف تمہارے دل کا تقویٰ پہونچتا ھے یعنی یہ کہ تم بُرے کاموں سے بچے رھو ۔"

है. तुम ग़लत समझते हो. अज का अर्थ वह दाने हैं जिन में अभी अंकुर नहीं फूटे. तुम्हें यज्ञ में बेगुनाह बकरों को नहीं मारना चाहिये. यह भले लोगों का धर्म नहीं है. यह ज़माना नेक काम करने का ज़माना है. तुम्हें जानवरों की हत्या बन्द कर देनी चाहिये."

(महाभारत शान्ति पर्व अध्याय 345)

महात्मा बुद्ध ने इस देश में जो बड़े बड़े धार्मिक सुधार किये उन में एक यह था कि उन्होंने जानवरों की क़ुरबानी को क़रीब क़रीब बन्द करा दिया. मांस का खाना इस देश में वह पूरी तरह बन्द नहीं कर पाए, पर उन्होंने उसे बहुत कम कर दिया और लाखों के जीवन में से बिलकुल मिटा दिया. राजा बिम्बसार के यहां जाकर उन्होंने जानवरों की क़ुरबानी को रोका. जैन धर्म के मानने वालों में भी जानवरों की हिन्सा से और मांस खाने से परहेज़ किया जाता है.

हज़रत ईसा से पहले यहूदियों में भी जानवरों की क़ुरबानी का रिवाज था. यहूदी ईश्वर के नाम पर आग में आहुतियां दिया करते थे और उसी में जानवरों को मार कर डाला करते थे. इन्जील में बार बार और जगह जगह इस रिवाज को बन्द करने का उपदेश दिया गया है. लिखा है :–

"जाओ और बात का असली मतलब समझो. मैं (ईश्वर) दया यानी रहम चाहता हूं, क़ुरबानी नहीं." (मैथ्यु)

"मैं चाहता था तुम्हें ईश्वर का ज्ञान हो. यह नहीं चाहता था कि तुम जानवरों को काट कर आग में उनकी आहुती दो." (होसिया)

"ईश्वर की आज्ञा मानना जानवरों की क़ुरबानी करने से अच्छा है और सच्चाई पर ध्यान देना मेंढे की चरबी से बेहतर है." (साम)

"अल्लाह कहता है—"अगर मुझे भूक लगती तब भी मैं तुम से न कहता क्योंकि दुनिया और दुनिया की सब चीज़ें मेरी हैं. क्या मैं बकरों का गोश्त खाऊंगा या सांडों का ख़ून पियूंगा ? ईश्वर को धन्यवाद दो और नेक काम करने की अपनी प्रतिज्ञाओं को पूरा करो." (साम्स)

"मैं (अल्लाह) बैलों, मेमनों या बकरों के ख़ून से ख़ुश नहीं होता. फ़िज़ूल के चढ़ावे मुझे मत चढ़ाओ. नहीं तो जब तुम मुझसे प्रार्थनाएं करोगे, मैं नहीं सुनूंगा, क्योंकि तुम्हारे हाथ ख़ून में रंगे हुए हैं." (इसाया)

"ईश्वर के सामने अपना टूटा हुआ दिल और अपनी ग़लतियों के लिये पछतावा ले कर जाओ. यही सच्ची क़ुर्बानी है. जो ऐसा करता है ईश्वर उसी को अपनाता है. (साम्स)

"क्या मैं ईश्वर के सामने जले हुए गोश्त की आहुतियां लेकर जाऊंगा ? क्या मैं साल भर के छोटे छोटे बछड़ों का गोश्त लेकर जाऊंगा ? क्या हमारा मालिक सैकड़ों भेड़ों और तेल के दरयाओं से ख़ुश होगा ? उसने हमें नेकी का

ہ ۔ تم غلط سمجھتے ہو ۔ اج کا ارتھ وہ دانے ہیں جن میں ابھی
نکر نہیں پھوٹے ۔ تمہیں یگیہ میں بے گناہ بکروں کو نہیں مارنا
چاہئیے ۔ یہ بھلے لوگوں کا دھرم نہیں ہے ۔ یہ زمانہ نیک کام کرنے
ا زمانہ ہے ۔ تمہیں جانوروں کی ہتیا بند کر دینی چاہئیے ۔"
(مہابھارت شانتی پرو ادھیائے 345)

مہاتما بدھ نے اس دیش میں جو بڑے دھارمک سدھار
ئے اُن میں ایک یہ تھا کہ اُنھوں نے جانوروں کی قربانی کو
ریب قریب بند کرا دیا ۔ مانس کا کھانا اِس دیش میں وہ
وری طرح بند نہیں کر پائے، پر اُنھوں نے اُسے بہت کم کر دیا
ور لاکھوں کے جیون میں سے بالکل مٹا دیا ۔ راجا بمبسار کے یہاں
جا کر اُنھوں نے جانوروں کی قربانی کو روکا ۔ جین دھرم کے
ماننے والوں میں بھی جانوروں کی ہنسا سے اور مانس کھانے
ے پرہیز کیا جاتا ہے ۔

حضرت عیسیٰ سے پہلے یہودیوں میں بھی جانوروں کی
ربانی کا رواج تھا ۔ یہودی ایشور کے نام پر آگ میں آھوتیاں دیا
رتے تھے اور اُسی میں جانوروں کو مار کر ڈالا کرتے تھے ۔ انجیل
میں بار بار اور جگہ جگہ اِس رواج کو بند کرنے کا اُپدیش دیا
یا ہے ۔ لکھا ہے :—

" جاؤ اور بات کا اصلی مطلب سمجھو ۔ میں (ایشور)
یا یعنی رحم چاہتا ہوں، قربانی نہیں ۔" (میتھیئو)

" میں چاہتا تھا تمہیں ایشور کا گیان ہو ۔ یہ نہیں چاہتا
ھا کہ تم جانوروں کو کاٹ کو آگ میں اُن کی آھوتی دو ۔"
(ھوسیا)

" ایشور کی آگیاں ماننا جانوروں کی قربانی کرنے سے اچھا
ہے اور سچائی پر دھیان دینا مینڈھے کی چربی سے بہتر ہے ۔"
(سام)

اللہ کہتا ہے "—اگر مجھے بھوک لگتی تب بھی میں تم سے
نہ کہتا کیونکہ دنیا اور دنیا کی سب چیزیں میری ہیں ۔ کیا میں
بکروں کا گوشت کھاؤنگا یا سانڈوں کا خون پیونگا ؟ ایشور کو
دھنیہ واد دو اور نیک کام کرنے کی اپنی پرتگیاؤں کو پورا کرو ۔"
(سامس)

"میں (اللہ) بیلوں، میمنوں یا بکروں کے خون سے
خوش نہیں ہوتا ۔ فضول کے چڑھاوے مجھے مت چڑھاؤ ۔ نہیں
تو جب تم مجھ سے پرارتھنائیں کروگے، میں نہیں سنونگا، کیونکہ
تمہارے ہاتھ خون میں رنگے ہوئے ہیں ۔" (اِسایا)

"ایشور کے سامنے اپنا ٹوٹا ہوا دل اور اپنی غلطیوں کے لئے
پچھتاوا لیکر جاؤ ۔ یہی سچی قربانی ہے ۔ جو ایسا کرتا ہے
ایشور اُسی کو اپناتا ہے ۔" (سامس)

"کیا میں ایشور کے سامنے جلے ہوئے گوشت کی آھوتیاں
لیکر جاؤنگا، کیا میں سال بھر کے چھوٹے چھوٹے بچھڑوں
کا گوشت لیکر جاونگا؟ کیا ہمارا مالک سیکڑوں بھیڑوں
اور تیل کے دریاؤں سے خوش ہوگا؟ اس نے ہمیں نیکی کا

करते हैं. हिन्दू जप करते है. मुसलमान अज़कार, ईसाई लितानी. हिन्दू उपवास रखते हैं, मुसलमान रोज़ा, और ईसाई फ़ास्ट. हिन्दू रतजगा या जागरन करते हैं, मुसलमान शब-बेदारी और ईसाई विजिल. सबका मतलब यही है कि दिल अल्लाह पर जमे और अल्लाह दिल में आकर बैठे.

हिन्दू, मुसलमान और यहूदी सब आजकल यह भी मानते हैं कि ख़ास ख़ास मौक़ों पर जानवरों की बलि देने या उनकी क़ुरबानी करने से ईश्वर अल्लाह को खुश किया जा सकता है. सब में जानवरों की क़ुरबानी का रिवाज है. ख़ुशक़िस्मती से सब यह भी मानते हैं कि मान्स खाना कभी कभी छोड़ देने से रूहानी तरक़्क़ी में मदद मिलती है. मुसलमान सूफ़ी इसे 'तर्के हैवानात' कहते हैं और कभी कभी चालीस दिन तक और कोई कोई ज़िन्दगी भर के लिये गोश्त खाना छोड़ देते हैं. सब यह भी मानते हैं कि अपनी ख़्वाहिश को रोकना, नफ़्सकुशी यानी तृश्ना त्याग बड़े ऊंचे असूल हैं.

जानवर की क़ुरबानी का असली मतलब यह है कि हमारे अन्दर जो जानवर या दरिन्दा बैठा हुआ है यानी हमारी ख़ुदी, हमारा काम, क्रोध, लोभ, मोह और अहंकार उन्हें मार कर ख़त्म किया जाय. बकरा, भैंसा, घोड़ा, ऊंट, गाय और आदमी तक की क़ुरबानी इन ही अर्थों में करनी चाहिए. पर उलटा होता यह है कि हमारे अन्दर की वही ख़ुदी अपने को बचाने के लिये क़ुरबानी के असल मतलब को भुला कर शब्दों को चिपट जाती है और अपनी जगह बेगुनाह जानवरों की बलि चढ़ाकर अपनी तसल्ली कर लेती है. सच यह है कि उस ईश्वर अल्लाह को, जो रहमान और रहीम है, जो शिव-शंकर है, सिवाय आदमी की ख़ुदी की क़ुरबानी के और कोई क़ुरबानी क़बूल नहीं हो सकती.

वैदिक धर्म में जिसे 'गोमेध' कहते थे उसी को पार्सी धर्म की किताब 'ज़िन्दावस्ता' में 'गोमेज़' कहा गया है. विद्वान लोग इनके दूसरे दूसरे और अच्छे अच्छे अर्थ भी लगाते हैं. पर जो तफ़सील गोमेध की किताबों में दी हुई है वह काफ़ी दर्दनाक है. हिन्दू मन्दिरों में ख़ासकर देवी की मूर्तियों के सामने बकरे, भैंसे, मुरग़े, कबूतर सब की क़ुरबानियां आज भी होती हैं. सब धर्म वालों ने हमें यह समझाने की कोशिश की है कि हमें जल्दी से जल्दी इन रिवाजों से बाहर निकल आना चाहिये.

महाभारत के शान्ति पर्व में लिखा है कि एक बार ऋशियों और देवों में इस बात पर बहस हुई कि यज्ञ में जानवरों को मारना चाहिये या नहीं. आख़ीर में ऋशियों ने फ़ैसला किया कि यज्ञ में जानवरों का ख़ून नहीं बहाना चाहिये. लिखा है कि :—

"वेदों का कहना यह है कि बीजों यानी नाज के दानों से यज्ञ करना चाहिये. 'अज' शब्द के मानी यहां बकरा नहीं

کرتے هیں ۔ هندو جپ کرتے هیں' مسلمان اذکار' عیسائی لتانی ۔ هندو اُپواس رکھتے هیں' مسلمان روزہ اور عیسائی فاسٹ ۔ هندو رتجگا یا جاگرن کرتے هیں' مسلمان شب بیداری اور عیسائی وجل ۔ سب کا مطلب یہی هے کہ دل اللہ پر جمے اور اللہ دل میں آکر بیٹھے ۔

هندو' مسلمان اور یہودی سب آجکل یہ بھی مانتے هیں کہ خاص خاص موقعوں پر جانوروں کی بلی دینے یا اُن کی قربانی کرنے سے ایشور اللہ کو خوش کیا جا سکتا هے ۔ سب میں جانوروں کی قربانی کا رواج هے ۔ خوش قسمتی سے سب یہ بھی مانتے هیں کہ مانس کھانا کبھی کبھی چھوڑ دینے سے روحانی ترقی میں مدد ملتی هے ۔ مسلمان صوفی اِسے ' ترک حیوانات ' کہتے هیں اور کبھی کبھی چالیس دن تک اور کوئی کوئی زندگی بھر کے لئے گوشت کھانا چھوڑ دیتے هیں ۔ سب یہ بھی مانتے هیں کہ اپنی خواهش کو روکنا' نفس‌کشی یعنی ترشنا تیاگ بڑے اونچے اصول هیں ۔

جانور کی قربانی کا اصلی مطلب یہ هے کہ همارے اندر جو جانور یا درندہ بیٹھا هوا هے یعنی هماری خودی' همارا کام' کرودھ' لوبھ' موہ اور اهنکار اِنھیں مار کر ختم کیا جائے ۔ بکرا' بھینسا' گھوڑا' اونٹ' گائے اور آدمی تک کی قربانی اِن هی ارتھوں میں کرنی چاهئے ۔ پر الٹا هوتا یہ هے کہ همارے اندر کی وهی خودی اپنے کو بچانے کے لئے قربانی کے اصل مطلب کو بھلا کر شبدوں کو چپٹ جاتی هے اور اپنی جگہ بے گناہ جانوروں کی بلی چڑھا کر اپنی تسلی کر لیتی هے ۔ سچ یہ هے کہ اُس ایشور اللہ کو جو رحمان اور رحیم هے' جو شیو شنکر هے سوائے آدمی کی خودی کی قربانی کے اور کوئی قربانی قبول نہیں هوسکتی ۔

ویدک دھرم میں جسے' گومیدھ' کہتے تھے اُسی کو پارسی دھرم کی کتاب ' ژنداوستا ' میں ' گومیز ' کہا گیا هے ۔ ودوان لوگ اِن کے دوسرے دوسرے اور اچھے اچھے ارتھ بھی لگاتے هیں۔ پر جو تفصیل گومیدھ کی کتابوں میں دی هوئی هے وہ کافی دردناک هے ۔ هندو مندروں میں خاصکر دیوی کی مورتیوں کے سامنے بکرے' بھینسے' مرغے' کبوتر سب کی قربانیاں آج بھی هوتی هیں ۔ سب دھرم والوں نے همیں یہ سمجھانے کی کوشش کی هے کہ همیں جلدی سے جلدی اِن رواجوں سے باهر نکل آنا چاهئے ۔

مہابھارت کے شانتی پرو میں لکھا هے کہ ایک بار رشیوں اور دیوں میں اِس بات پر بحث هوئی کہ یگیہ میں جانوروں کو مارنا چاهئے یا نہیں ۔ آخیر میں رشیوں نے فیصلہ کیا کہ یگیہ میں جانوروں کا خون نہیں بہانا چاهئے ۔ لکھا هے کہ :—

" ویدوں کا کہنا یہ هے کہ بیجوں یعنی اناج کے دانوں سے یگیہ کرنا چاهئے ۔ ' اج ' شبد کے معنی یہاں بکرا نہیں

सुख को दुगना, चौगुना कर देंगे और सब को सब की अच्छी अच्छी बातों से सीख मिल सकेगी. आज की दुनिया में अलग अलग मुल्कों के शासकों और राजकाजी नेताओं का मिलना जितना जरूरी है उतना ही धार्मिक नेताओं का मिलना जरूरी है. दुनिया एक होती जा रही है. मिलना हमें है ही, फिर चाहे नफ़रतों, दंगों और जंगों के लिये अलग अलग संगठन, तनजीमें और पैक्ट करके एक दूसरे से टकराएं और एक दूसरे को मिटाएं और चाहे प्रेम, एकता, अमन और शान्ति के नाम पर एक दूसरे को गले लगाएं. पहला रास्ता बरबादी और मौत का रास्ता है और पाप है, दूसरा रास्ता खुशहाली और ज़िन्दगी का रास्ता है और यही सच्चा धर्म है. सबके भले का और सब को बराबर बराबर जिस्मानी और रूहानी ख़ूराक पहुंचाने का यही एक रास्ता है.

सब धर्मों में अपने अपने ढंग से संस्कार, सुन्नत, दीक्षा, और बपतिस्मा भी होते हैं. मुसलमान इन्हें 'तक़दीस' कहते हैं, हिन्दू 'उपनयन', और पारसी 'नवजोत'. मतलब सबका एक है, दिल को साफ़ करना और ऊंचा ले जाना. हिन्दू धर्म की किताबों में लिखा है कि संस्कार के जरिये आदमी एक तरह फिर से पैदा होता है. हजरत ईसा इसीलिये कहा करते थे—"फिर से बच्चों की तरह हो जाओ." इनमें से कुछ तरीक़े अभी तक बहुत अच्छे तरीक़े हैं. नहाने, धोने, वजू और पाकी पर इन में बहुत जोर दिया जाता है. पाकी या सफ़ाई पर सबसे ज्यादा जोर शायद पारसी धर्म में दिया गया है. पारसी किताब वेन्देदाद में लिखा है :—

"ज़िन्दगी से उतर कर पाकीज़गी आदमी के लिये सबसे अधिक भलाई की चीज है. यह पाकीज़गी उसमें आती है जो अपने को पाक विचारों, पाक शब्दों, और पाक कामों से लगातार पाक करता रहता है."

ईसाइयों में एक कहावत है—"ख़ुदा की अच्छाइयों को अपने अन्दर लाने की कोशिश से उतर कर अगर कोई चीज है तो वह पाकीज़गी यानी शुद्धता है."

कहा जाता है कि किसी नौजवान ईसाई को पादरी बनाते वक़्त उससे पूछा गया कि—"पाकीज़गी ख़ुदा की अच्छाइयों को अपने अन्दर लाने की कोशिश के ठीक पहले आनी चाहिये या ठीक बाद में ?" उसने जवाब दिया—"पहले भी और बाद में भी." उसकी बात बिलकुल ठीक थी. पाकीज़गी यानी शुद्धता के इसी ऊंचे असूल को पिछले जमाने के हिन्दू इस बुरी हद तक खींच कर ले गए कि उस से अपने में हजारों जातें और उपजातें बना डालीं और छुआछूत जैसी बुरी चीज चला दी.

भगवान को याद करते वक़्त मन को एक तरफ़ लगाने के लिये सब धर्मों वाले माला या तसबीह या रोजरी इस्तेमाल

سکھ کو دوگنا چوگنا کر دینگے اور سب کو سب کی اچھی اچھی باتوں سے سیکھ مل سکے گی. آج کی دنیا میں الگ الگ ملکوں کے شاسکوں اور راج کاجی نیتاؤں کا ملنا جتنا ضروری ہے اتنا ہی دھارمک نیتاؤں کا ملنا ضروری ہے. دنیا ایک ہوتی جا رہی ہے. ملنا ہمیں ہے ہی' پھر چاہے نفرتوں' دنگوں اور جنگوں کے لئے الگ الگ سنگٹھن' تنظیمیں اور پیکٹ کر کے ایک دوسرے سے ٹکرائیں اور ایک دوسرے کو مٹائیں اور چاہے پریم' ایکتا' امن اور شانتی کے نام پر ایک دوسرے کو گلے لگائیں. پہلا راستہ بربادی اور موت کا راستہ ہے اور پاپ ہے' دوسرا راستہ خوشحالی اور زندگی کا راستہ ہے اور یہی سچا دھرم ہے. سب کے بھلے کا اور سب کو برابر برابر جسمانی اور روحانی خوراک پہونچانے کا یہی ایک راستہ ہے.

سب دھرموں میں اپنے اپنے ڈھنگ سے سنسکار' سنت' دیکشا اور بپتسمہ بھی ہوتے ہیں. مسلمان انہیں 'تقدیس' کہتے ہیں' ہندو 'اپ نین' اور پارسی 'نوجوت'. مطلب سب کا ایک ہے' دل کو صاف کرنا اور اونچا لے جانا. ہندو دھرم کی کتابوں میں لکھا ہے کہ سنسکار کے ذریعہ آدمی ایک طرح پھر سے پیدا ہوتا ہے. حضرت عیسی اسی لئے کہا کرتے تھے—" پھر سے بچوں کی طرح ہو جاؤ." ان میں سے کچھ طریقے ابھی تک بہت اچھے طریقے ہیں. نہانے' دھونے' وضو اور پاکی پر ان میں بہت زور دیا جاتا ہے. پاکی یا صفائی پر سب سے زیادہ زور شاید پارسی دھرم میں دیا گیا ہے. پارسی کتاب 'وینڈیداد' میں لکھا ہے :—

" زندگی سے اتر کر پاکیزگی آدمی کے لئے سب سے ادھک بھلائی کی چیز ہے. یہ پاکیزگی اس میں آتی ہے جو اپنے کو پاک وچاروں' پاک شبدوں اور پاک کاموں سے لگاتار پاک کرتا رہتا ہے."

عیسائیوں میں ایک کہاوت ہے—" خدا کی اچھائیوں کو اپنے اندر لانے کی کوشش سے اتر کر اگر کوئی چیز ہے تو وہ پاکیزگی یعنی شدھتا ہے."

کہا جاتا ہے کہ کسی نوجوان عیسائی کو پادری بناتے وقت اس سے پوچھا گیا کہ—" پاکیزگی خدا کی اچھائیوں کو اپنے اندر لانے کی کوشش کے ٹھیک پہلے آنی چاہئے یا ٹھیک بعد میں؟" اس نے جواب دیا—" پہلے بھی اور بعد میں بھی." اس کی بات بالکل ٹھیک تھی. پاکیزگی یعنی شدھتا کے اسی اونچے اصول کو پچھلے زمانے کے ہندو اس بری حد تک کھینچ کر لے گئے کہ اس سے اپنے میں ہزاروں جاتیں اور اپ جاتیں بنا ڈالیں اور چھوا چھوت جیسی بری چیز چلا دی.

بھگوان کو یاد کرتے وقت من کو ایک طرف لگانے کے لئے سب دھرموں والے مالا یا تسبیح یا روزری استعمال

भी बहुत दूर चले जाते हैं और प्रेम और मेल मिलाप की जगह नफ़रत और लड़ाई का कारन बन जाते हैं. जमाने के साथ साथ इन त्योहारों का रंग रूप भी कभी कभी इतना बदल जाता है कि त्योहार की असलियत में और उसके आजकल के मनाने के ढंग में कोई नाता ही नहीं रह जाता.

यहां एक और बात की तरफ़ ध्यान देना ज़रूरी है. लगभग हर ज़माने और हर देश में शायरी, नाटक, ड्रामा, नाचना, गाना, बजाना, चित्रकारी, पच्चीकारी, मीनाकारी, मकान बनाना, बाग़ लगाना, कपड़े बनाना, शहर बसाना, जैसी कलाओं और कारीगरियों की जितनी उन्नति मज़हब से हुई है उतनी और किसी चीज़ से नहीं हुई. दुनिया के बड़े से बड़े हुनरमंदों और कलावन्तों ने अधिकतर मज़हब से ही नई नई सूझ बूझ पाई है और शक्ति हासिल की है. दुनिया भर में कला और हुनर के अच्छे से अच्छे नमूने मज़हब के मैदान में ही मिलते हैं. यह बात है भी क़ुदरती. सच्चा मज़हब वही है जो आदमी के अन्दर की ऊंची से ऊंची भावनाओं और उमंगों को जगावे, उजागर करे और पूरा करे. अच्छे से अच्छे हुनर और कला इन्हीं भावनाओं से पैदा होती हैं. सबके भले की भावना इन्हीं भावनाओं में से एक और शायद सबसे ऊंची भावना है. इस भावना ने दुनिया के कलावंतों को सबसे अधिक आगे बढ़ाया है. मज़हब का भी यही निचोड़ है. इस तरह मज़हब लोगों को इन्द्रिय सुख देने का भी बड़ा साधन होता है. इसी तस्वीर का दूसरा रुख़ यह है कि जब जब पंडे, पुरोहितों, मुल्ला, पादरियों की नासमझी या नालायक़ी की वजह से मज़हब में गिरावट आई है या लोगों की माद्दा-परस्ती और ऐशपरस्ती ने धर्म को नीचे घसीटा है तब तब कला और हुनर में भी भद्दापन, भोंडापन, जंगलीपन, ग़ैरियत, नफ़रत और अन्याय दिखाई देने लगे हैं. जो चीज़ आदमी के दिल के अन्दर झाड़ू देकर उसे साफ़ करेगी वही उस घर को रोशन करेगी और वही आदमी की भावनाओं, कला और दस्तकारियों को ऊंचा ले जाएगी.

आजकल हमारे अधिकतर त्योहार और उनको मनाने के ढंग हम में एक दूसरे से अलहदगी और नफ़रत पैदा करते हैं. यहां तक कि यह त्योहार मारकाट, ख़ून ख़राबियों और बदले की भावनाओं की जड़ बन रहे हैं. तमाम योरप में पिछले हज़ार बरस तक अधिकतर यही हाल रहा है. हिन्दुस्तान में आज भी बहुत दर्जे तक यही हाल है. अगर अलग अलग मज़हबों के अगुआ अपने अपने दिमाग़ों को साफ़ कर सकें और अपने दिलों को ऊंचा ले जा सकें तो उन्हें चाहिये कि एक साथ मिल बैठकर प्रेम के साथ सब धर्मों के त्योहारों में से ख़ास ख़ास को चुन लें और फिर अपने अपने धर्म के मानने वालों को सलाह दें कि उन त्योहारों को सब मिलकर मनाएं. इस तरह हर धर्म वाले अपने और दूसरों के सबके

بہی بہت دور چلے جاتے ہیں اور پریم اور میل ملاپ کی جگہ نفرت اور لڑائی کا کارن بن جاتے ہیں۔ زمانے کے ساتھ ساتھ اِن تیوہاروں کا رنگ روپ بھی کبھی بھی اتنا بدل جاتا ہے کہ تیوہار کی اصلیت میں اور اُس کے آجکل کے منانے کے ڈھنگ میں کوئی ناتا ہی نہیں رہ جاتا۔

یہاں ایک اور بات کی طرف دھیان دینا ضروری ہے۔ لگ بھگ ہر زمانے اور ہر دیش میں شاعری، ناٹک، ڈراما، ناچنا، گانا، بجانا، چترکاری، پچی کاری، مینا کاری، مکان بنانا، باغ لگانا، کپڑے بنانا، شہر بسانا، جیسی کلاؤں اور کاریگریوں کی جتنی اُنتی مذہب سے ہوئی ہے اُتنی اور کسی چیز سے نہیں ہوئی۔ دنیا کے بڑے سے بڑے ہنرمندوں اور کلاونتوں نے ادھک‌تر مذہب سے ہی نئی نئی سوجھ بوجھ پائی ہے اور شکتی حاصل کی ہے۔ دنیا بھر میں کلا اور ہنر کے اچھے سے اچھے نمونے مذہب کے میدان میں ہی ملتے ہیں۔ یہ بات ہے بھی قدرتی۔ سچا مذہب وہی ہے جو آدمی کے اندر کی اونچی سے اونچی بھاوناؤں اور اُمنگوں کو جگاوے، اُجاگر کرے اور پورا کرے۔ اچھے سے اچھے ہنر اور کلا انھیں بھاوناؤں سے پیدا ہوتی ہیں۔ سب کے بھلے کی بھاونا اِنھیں بھاوناؤں میں سے ایک اور شاید سب سے اونچی بھاونا ہے۔ اِس بھاونا نے دنیا کے کلاونتوں کو سب کے ادھک آگے بڑھایا ہے۔ مذہب کا بھی یہی نچوڑ ہے۔ اِس طرح مذہب لوگوں کو اندریہ سکھ دینے کا بھی بڑا سادھن ہوتا ہے۔ اِسی تصویر کا دوسرا رخ یہ ہے کہ جب جب پنڈے، پروہتوں، ملا، پادریوں کی ناسمجھی یا نالائقی کی وجہ سے مذہب میں گراوٹ آئی ہے یا لوگوں کی مادہ‌پرستی اور عیش‌پرستی نے دھرم کو نیچے گھسیٹا ہے تب تب کلا اور ہنر میں بھی بھدا پن، غیریت، نفرت اور انیائے دکھائی دینے لگے ہیں۔ جو چیز آدمی کے دل کے اندر جھاڑو دے کر اُسے صاف کرے گی وہی اُس گھر کو روشن کرے گی اور وہی آدمی کی بھاوناؤں، کلا اور دستکاریوں کو اونچا لے جائے گی۔

آجکل ہمارے ادھک‌تر تیوہار اور اُن کو منانے کے ڈھنگ ہم میں ایک دوسرے سے علیحدگی اور نفرت پیدا کرتے ہیں۔ یہاں تک کہ یہ تیوہار مار کاٹ، خون خرابیوں اور بدلے کی بھاوناؤں کی جڑ بن رہے ہیں۔ تمام یورپ میں پچھلے ہزار برس تک ادھک تر یہی حال رہا ہے۔ ہندستان میں آج بھی بہت درجہ تک یہی حال ہے۔ اگر الگ الگ مذہبوں کے اگوا اپنے اپنے دماغوں کو صاف کر سکیں اور اپنے دلوں کو اونچا لے جا سکیں تو اُنھیں چاہئے کہ ایک ساتھ مل بیٹھکر پریم کے ساتھ سب دھرموں کے تیوہاروں میں سے خاص خاص کو چن لیں اور پھر اپنے اپنے دھرم کے ماننے والوں کو صلاح دیں کہ اُن تیوہاروں کو سب ملکر منائیں۔ اِس طرح ہر دھرم والے اپنے اور دوسروں کے سب کے

नया हिन्द — نیا ہند

जिल्द 18 | नवम्बर सन '54 | नम्बर 5

نمبر 5 | نومبر سن '54 | جلد 18

जात आदमी, प्रेम धर्म है, हिन्दुस्तानी बोली,
'नया हिन्द' पहुंचेगा घर-घर लिये प्रेम की झोली.

جات آدمی' پریم دھرم ھے' ھندستانی بولی'
'نیا ھند' پہنچے گا گھر - گھر لئے پریم کی جھولی .

धर्मों के अलग अलग रीत रिवाज

(डाक्टर भगवान दास)

दुनिया के सब धर्मों में जिस तरह बुनियादी सच्चाइयां या सदाचार के नियम एक से हैं उसी तरह ऊपर के रीत रिवाज, खेल तमाशे, खुशी और रंज के त्योहार भी लगभग एक से होते हैं. हिन्दुओं में सत्यनारायन की कथा होती है तो मुसलमानों में मौलूद शरीफ़. मुसलमान मुहर्रम में अपने ख़ास महापुरुषों को याद करते हैं तो हिन्दू पितृपक्ष में अपने पुरखों को याद करते हैं. वह इकादशी का व्रत रखते हैं तो यह रमज़ान में रोज़े रखते हैं. हिन्दुओं का चांद्रायन व्रत तो बिलकुल रमज़ान से मिलता हुआ है. उनका रामलीला का जुलूस निकलता है तो उनके दुलदुल और ताज़िया निकलते हैं. ईसाइयों और दूसरे धर्म वालों के भी इसी तरह के ख़ास ख़ास त्योहार हैं. अठवारे के दिनों में भी किसी ने किसी को पाक मान रखा है तो किसी ने किसी को वैदिक धर्म वाले आम तौर पर चांद की हर पहली, आठवीं और ग्यारहवीं तारीख़ को पाक मानते हैं. यहूदी सनीचर को, मुसलमान जुमा को, ईसाई इतवार को. कहीं कहीं हिन्दू मंगल को ख़ास दिन मानते हैं. यही इनके अलग अलग आराम करने के दिन समझे जाते हैं.

आदमी के दिल की मांग सब जगह क़ुदरती तौर पर एक ही सी होती है. वह कभी खेल तमाशा चाहता है, कभी हंसना, कभी रोना और कभी अपने ईश्वर अल्लाह की याद में खाने पीने को भी भूल जाना चाहता है. अन्दर की इस मांग को पूरा करने के लिये तरीक़े अलग अलग हैं, पर बात वही है. अफ़सोस केवल इतना है कि यह खेल तमाशे और रीत रिवाज अधिकतर अपने धर्म के बुनियादी असूलों से

دھرموں کے الگ الگ ریت رواج

(ڈاکٹر بھگوان داس)

دنیا کے سب دھرموں میں جس طرح بنیادی سچائیاں یا سداچار کے نیم ایک سے ھیں اُسی طرح اُوپر کے ریت رواج' کھیل تماشے' خوشی اور رنج کے تیوھار بھی لگ بھگ ایک سے ھوتے ھیں . ھندوؤں میں ستیہ‌نارائن کی کتھا' ھوتی ھے تو مسلمانوں میں مولود شریف . مسلمان محرم میں اپنے خاص مہاپرشوں کو یاد کرتے ھیں تو ھندو پتر پکش میں اپنے پرکھوں کو یاد کرتے ھیں. وہ اِکادشی کو برت رکھتے ھیں تو یہ رمضان میں روزے رکھتے ھیں . ھندوؤں کا چاندرائن برت تو بالکل رمضان سے ملتا ھوا ھے . اُن کا رام لیلا کا جلوس نکلتا ھے تو اُن کے دلدل اور تازیہ نکلتے ھیں . عیسائیوں اور دوسرے دھرم والوں کے بھی اِسی طرح کے خاص خاص تیوھار ھیں . اٹھوارے کے دنوں میں بھی کسی نے کسی کو پاک مان رکھا ھے تو کسی نے کسی کو . ویدک دھرم والے عام طور پر چاند کی ھر پہلی' آٹھویں اور گیارھویں تاریخ کو پاک مانتے ھیں . یہودی سنیچر کو' مسلمان جمعہ کو' عیسائی اتوار کو . کہیں کہیں ھندو منگل کو خاص دن مانتے ھیں . یہی اِن کے الگ الگ آرام کرنے کے دن سمجھے جاتے ھیں .

آدمی کے دل کی مانگ سب جگہ قدرتی طور پر ایک ھی سی ھوتی ھے. وہ کبھی کھیل تماشا چاھتا ھے' کبھی ھنسنا' کبھی رونا اور کبھی اپنے ایشور اللہ کی یاد میں کھانے پینے کو بھی بھول جانا چاھتا ھے . اندر کی اس مانگ کو پورا کرنے کے لئے طریقے الگ الگ ھیں' پر بات وھی ھے . افسوس کیول اتنا ھے کہ یہ کھیل تماشے اور ریت رواج اکثر اپنے دھرم کے بنیادی اصولوں

हिन्दुस्तानी कलचर सोसाइटी

का

माहवारी परचा

هندستانی کلچر سوسائٹی

کا

ماهواری پرچا

नवम्बर 1954 نومبر

क़ीमत—हिन्दुस्तान में छै रुपया साल, बाहर दस रुपया साल, एक परचा—दस आने.

قیمت—ہندستان میں چھ روپیہ سال، باہر دس روپیہ سال، ایک پرچہ—دس آنے ۔

मैनेजर
'नया हिन्द'
145, मुट्ठीगंज, इलाहाबाद–3

مینیجر
'نیا ہند'
145، مٹھی گنج، الہ آباد-3

नया हिन्द

सम्पादक — [illegible], सुन्दरलाल

सहायक सम्पादक — सुरेशराम भाई, [illegible]

इस नम्बर के ख़ास मज़्मून

हमारी राय

हिन्दुस्तानी कलचर सोसाइटी, इलाहाबाद

नवम्बर 1954 نومبر

क़ीमत दस आना

नई किताब

गंगा से गोमती तक

……' मुजीब की कहानियों की विशेषता उनकी शैली भी है. मामूली पढ़ा लिखा आदमी इन्हें बिना किसी की मदद के समझ सकता है सरलता के साथ भाषा में व्यंग और जिन्दादिली इस तरह है जिस तरह ऊँचे पाए के लेखकों में मिलती है.

इन कहानियों में हास्य भी है, करुणा भी है. कहीं हंसते हंसते पेट में बल पड़ेंगे, तो कहीं पढ़ते-पढ़ते आप दुःख से स्तंभित रह जाएंगे. मुजीब की कहानियाँ हमारी कोमल भावनाएँ जगाती हैं, हमें अच्छा इनसान बनाती हैं."

—डाक्टर राम विलास शर्मा

……..'वह (मुजीब) मार्ग साफ़ करना चाहते हैं, समाज को सम्भालना चाहते हैं. इसलिये वह कला को कामकाजी चाहते हैं और ऐसी नुकीली कि धार करती चली जाए…यह कहानियाँ जगह जगह हमारा ध्यान समाज में होने वाले अन्यायों और अत्याचारों की तरफ़ खींचती हैं…संग्रह की कहानियों में एक सीधी अकृत्रिमता है, जो अच्छी लगती है."

—जैनेन्द्र कुमार

लगभग हिन्दी के सभी बड़े लेखकों ने "गंगा से गोमती" को सराहा है.

"गंगा से गोमती तक" में १८० सफ़े हैं, तिरंगा सुन्दर कवर, बढ़िया जिल्द. दाम केवल दो रुपया. जल्दी आर्डर भेजिये.

— मैनेजर नया हिन्द

मिलने का पता—

मैनेजर 'नया हिन्द' 145, मुट्ठीगंज, इलाहाबाद.

ی کتاب

گنگا سے گومتی تک

……"مجیب کی کہانیوں کی وشیشتا اُنکی شیلی
ی ہے . معمولی پڑھا لکھا آدمی اِنہیں بنا کسی کی
د کے سمجھ سکتا ہے . سرلتا کے ساتھ بھاشا میں ویَنگ
زندہدلی اس طرح ہے جس طرح اُونچے پائے کے
یکوں میں ملتی ہے .

اِن کہانیوں میں ہاسیہ بھی ہے' کرونا بھی ہے. کہیں
سنتے ہنستے پیٹ میں بل پڑینگے' تو کہیں پڑھتے
تے آپ دکھ سے استمبھت رہ جائینگے . مجیب کی
نیاں ہماری کومل بھاؤنائیں جگاتی ہیں' ہمیں اچھا
سان بناتی ہیں."

—ڈاکٹر رام بلاس شرما

. . ." وہ (مجیب) مارگ صاف کرنا چاہتے ہیں'
اج کو سنبھالنا چاہتے ہیں. اِس لئے وہ کلا کو کامکاجی
ہتے ہیں. اور ایسی نوکیلی کہ دھار کرتی چلی جائے
یہ کہانیاں جگہ جگہ ہمارا دھیان سماج میں ہونے والے
یوں اور اتیاچاروں کی طرف کھینچتی ہیں…سنگرہ
کہانیوں میں ایک سیدھی اکرترمتا ہے' جو اچھی
تی ہے."

—جینندر کمار

لگ بھگ ہندی کے سبھی بڑے لیکھکوں نے "گنگا سے
متی" کو سراہا ہے .

"گنگا سے گومتی تک" میں 180 صفحے ہیں' ترنگا
، کور' بڑھیا جلد' دام کیول دو روپیہ . جلدی آرڈر
جئے .

—مینیجر نیا ہند

نے کا پتہ—

مینیجر 'نیا ہند' 145' مٹھی گنج الہ آباد

Printed and Published by Suresh Ramabhai, at the Naya Hind Press, 145, Muthiganj, Allahabad.

हिन्दुस्तानी कलचर सोसाइटी

मक़सद—

(1) एक ऐसी हिन्दुस्तानी कलचर का बढ़ाना, फैलाना और प्रचार करना जिसमें सब हिन्दुस्तानी शामिल हों.

(2) एकता फैलाने के लिये किताबों, अखबारों, रिसालों वग़ैरा का छापना.

(3) पढ़ाई घरों, किताब घरों, सभाओं, कानफ़रेन्सों, लेक्चरों से सब धर्मों, जातों बिरादरियों और फ़िर्क़ों में आपस का मेल बढ़ाना

—:०:—

सोसाइटी के प्रेसीडेन्ट—मि० अब्दुल मजीद ख्वाजा; वाइस प्रेसीडेन्ट—डा० भगवानदास और डा० अब्दुल हक़. गवरनिंग बाडी के प्रेसीडेन्ट—डा० भगवानदास; सेक्रेटरी—पं० सुन्दरलाल.

गवरनिंग बाडी के और मेम्बर—

डा० सैयद महमूद, डा० ताराचन्द, मौलवी सैयद सुलैमान नदवी, मि० मंज़र अली सोख्ता, श्री बी० जी० खेर, पं० बिशम्भर नाथ, महात्मा भगवानदीन, सेठ पूनम चन्द रांका, क़ाज़ी मोहम्मद अब्दुल ग़फ़्फ़ार और श्री ओम प्रकाश पालीवाल.

मेम्बरी के क़ायदों के लिये लिखिये—

सुन्दरलाल

सेक्रेटरी, हिन्दुस्तानी कलचर सोसाइटी,
145, मुट्ठीगंज, इलाहाबाद.

नोट—सोसाइटी के नए क़ायदे के अनुसार मेम्बरी की फ़ीस सिर्फ़ एक रुपया कर दी गई है. "नया हिन्द" के जो गाहक मेम्बर बनना चाहें उनको सिर्फ़ छै रुपया चन्दा देने पर ही मेम्बर बना लिया जायेगा. अलग से मेम्बरी की फ़ीस देने वाले सोसाइटी की निकली हुई कोई किताब जो एक रुपया दाम की होगी मुफ़्त ले सकेंगे या ज़्यादा दाम की किताबें लेने पर एक बार एक रुपया कम करा सकेंगे.

ہندستانی کلچر سوسائٹی

مقصد—

(1) ایک ایسی ہندستانی کلچر کا بڑھانا، پھیلانا اور پرچار کرنا جس میں سب ہندستانی شامل ہوں۔

(2) ایکتا پھیلانے کے لئے کتابوں، اخباروں، رسالوں وغیرہ کا چھاپنا۔

(3) پڑھائی گھروں، کتاب گھروں، سبھاؤں، کانفرنسوں، لکچروں سے سب دھرموں، جاتوں، برادریوں اور فرقوں میں آپس کا میل بڑھانا۔

—:०:—

سوسائٹی کے پریسیڈنٹ—مسٹر عبدالمجید خواجہ؛ وائس پریسیڈنٹ—ڈاکٹر بھگوان داس اور ڈاکٹر عبدالحق۔ گورننگ باڈی کے پریسیڈنٹ—ڈاکٹر بھگوان داس؛ سکریٹری—پنڈت سندرلال۔

گورننگ باڈی کے اور ممبر—

ڈاکٹر سید محمود، ڈاکٹر تارا چند، مولوی سید سلیمان ندوی، مسٹر منظر علی سوختہ، شری بی جی کھیر، پنڈت بشمبھر ناتھ، مہاتما بھگوان دین، سیٹھ پونم چند رانکا، قاضی محمد عبدالغفار اور شری اوم پرکاش پالیوال۔

ممبری کے قاعدوں کے لئے لکھئے—

سندرلال

سکریٹری، ہندستانی کلچر سوسائٹی،
145، مٹھی گنج، الہ آباد۔

نوٹ—سوسائٹی کے نئے قاعدے کے انوسار ممبری کی فیس صرف ایک روپیہ کردی گئی ہے۔ "نیا ہند" کے جو گاہک ممبر بننا چاہیں اُن کو صرف چھ روپیہ چندہ دینے پر ہی ممبر بنا لیا جائیگا۔ الگ سے ممبری کی فیس دینے والے سوسائٹی کی نکلی ہوئی کوئی کتاب جو ایک روپیہ دام کی ہوگی مفت لے سکیں گے یا زیادہ دام کی کتابیں لینے پر ایک بار ایک روپیہ کم کرا سکیں گے۔

गीता और क़ुरान

लेखक–पंडित सुन्दरलाल

इस किताब में हिन्दू धर्म और इस्लाम दोनों के मेल की बातें है. गीता का बड़प्पन, गीता के एक एक अध्याय का निचोड़, क़ुरान का बड़प्पन, लगभग 15 खास खास मज़मूनों पर क़ुरान की क़रीब 500 आयतों का लफ़्ज़ी तर्जुमा वग़ैरा दिया गया है.

जो लोग सब धर्मों की बुनियादी एकता को जानना और समझना चाहें उनके लिये यह किताब अनमोल है.

पौने तीन सौ सफ़े की सुन्दर जिल्द बंधी किताब की क़ीमत सिर्फ़ ढाई रुपया, डाक खर्च अलग.

हिन्दू मुसलिम एकता

इस किताब में वह चार लेक्चर जमा किये गए हैं जो पंडित जी ने कन्सीलियेटरी बोर्ड ग्वालियर की दावत पर ग्वालियर में दिये थे.

सौ सफ़े की किताब. क़ीमत सिर्फ़ बारह आने.

महात्मा गांधी के बलिदान से सबक़

साम्प्रदायिकता यानी फ़िरक़ापरस्ती की बीमारी पर राजकाजी, मज़हबी और इतिहासी पहलू से विचार और उसका इलाज. इसी ने आख़िर में देश पिता महात्मा गांधी तक को हमारे बीच में न रहने दिया.

क़ीमत बारह आने.

पंजाब हमें क्या सिखाता है

अक्तूबर सन् 1947 में पच्छिमी और पूरबी पंजाब के बटवारे के बाद वहां की भयंकर बरबादी और आपसी मार काट के कारन लोगों पर जो जो मुसीबतें आई उन का दर्दनाक आंखों देखा बनन. इस छोटी सी किताब में आजकल की मुसीबतों को हल करने के लिए कुछ सुझाव भी पेश किये गए हैं. क़ीमत चार आने.

बंगाल और उससे सबक़

इस छोटी सी किताब में 1949-50 में पूरबी और पच्छिमी बंगाल के फ़िरक़ेवाराना झगड़ों पर रोशनी डाली गई है और ऐसे झगड़ों को हमेशा के लिए ख़त्म करने की तरकीब भी सुझाई गई है. क़ीमत सिर्फ़ दो आने.

मिलने का पता—

मैनेजर, 'नया हिन्द' 145, मुट्ठीगंज, इलाहाबाद.

گیتا اور قران

لیکھک — پنڈت سندر لال

اِس کتاب میں ہندو دھرم اور اِسلام دونوں کے میل کی باتیں ہیں. گیتا کا بڑپن' گیتا کے ایک ایک ادھیاے کا نچوڑ' قرآن کا بڑپن' لگ بھگ 15 خاص خاص مضمونوں پر قرآن کی قریب 500 آیتوں کا لفظی ترجمہ وغیرہ دیا گیا ہے .

इस तरह जिस पहलू से भी देखें वैलफ़ेअर स्टेट का ख़्याल व नक़्शा हमारे देश के लिये नुक़सानदेह ही नहीं तबाहकुन है. हमें इस वक़्त राष्ट्रपति डाक्टर राजेन्द्र प्रसाद के वह लफ़्ज़ याद आ रहे हैं जो उन्होंने गत 20 अप्रैल को बौद्ध गया में एक ज़ाहिर सभा में कहे थे. उन्होंने क़ुबूल किया था कि आज़ादी के बाद जनता को हम आज़ाद बनाने की तरफ़ क़दम बढ़ाने की बजाय उसे नये नये क़ानूनों में बांधते जा रहे हैं जिसका नतीजा अच्छा ही होगा ऐसा नहीं कहा जा सकता. हाल ही में किसी सूबे के चीफ़ जस्टिस ने भी इसी तरह के ख़्याल ज़ाहिर किये हैं.

ख़ुलासा यह है कि वैलफ़ेअर स्टेट का ख़्याल महज़ विदेशी ही नहीं उसका नमूना भी हमारे लिये मौज़ूं नहीं है. इसके ख़िलाफ़ हमको बज़ाहिर एक ऐसा समाज बनाना है जिसमें दर्जा न हो, जो पानी की मानिन्द एक रस या समरस हो, जहां हुकूमत का हाथ कम से कम हो, यानी जो शासन मुक्त हो और जहां कोई किसी को नोचता या लूटता न हो, यानी जो शोशन रहित हो. इसी को हम दूसरे लफ़्ज़ों में ग्रामराज कह सकते हैं, गांव गांव ख़ुदमुख़्तार हो और सब मिलकर हिन्दुस्तान के इस तरह के जुज़ या हिस्से हों जैसे एक जिस्म के जुज़ हाथ, नाक, कान, सर वग़ैरा होते हैं. एक की ख़ुशी में दूसरे की ख़ुशी हो और एक के दुख में दूसरे का दुख हो. ग्रामराज में कोई फ़सल आए न आए

بنتے چلے جاتے ہیں ۔ پھر جو اس لوٹ کھسوٹ میں ناکامیاب رہتے ہیں ان کے لئے سرکار پنشن دیتی ہے ۔ آج ہندستان میں کافی بھیدبھاو اور درجے بنے ہوئے ہیں ۔ ویلفیئراسٹیٹ بنانے کے معنی ہوتے ہیں کہ سماج کے اس ڈھانچہ میں اور بھی دراریں پیدا کرنا اور ملک کو کمزور بنانا ۔

تیسرا اور سب سے اہم خطرہ یہ ہے کہ باہر سے اگر کسی ملک کا ہمارے ملک پر حملہ ہوتا ہے تو جو مرکز یا کیندر سے حکم آئیگا وہی لوگ کرینگے ۔ مان لیجئے کہ دشمن کے ڈر میں آکر یا کسی اور کمزوری سے مرکز نے ہتھیار ڈالنا طے کردیا تو اس کے معنی ہوئے سارے ملک نے ہار قبول کرلی اور اپنی آزادی ختم ۔ یا اسی طرح مرکز نے کسی باہری ملک سے کوئی خاص فوجی سمجھوتہ کرلیا جیسے پاکستان نے امریکہ سے کیا، تو ہمارا ملک دوسرے کے ہاتھوں میں چلا گیا ۔ جب جنتا سے صلاح مشورہ کرنے کا کوئی سوال ہی نہیں ہے تو جو ناچ دہلی والوں کو ناچنا منظور ہو وہی سارے ملک کو ناچنا ہوگا ۔

اور یہ تو ظاہر ہی ہے کہ ویلفئراسٹیٹ میں ملک کے سارے روزگار و کاروبار مرکز کے ہاتھ میں آجاتے ہیں ۔ تو لازمی طور پر ہمارے ہندستان جیسے ملک میں جہاں آج اتنی دردناک بیکاری ہے وہاں وہ اور بھی سنگین ہوجائیگی ۔

اس طرح جس پہلو بھی دیکھیں ویلفیئراسٹیٹ کا خیال و نقشہ ہمارے دیش کے لئے نقصان‌دہ ہی نہیں تباہ کن ہے ۔ ہمیں اس وقت راشٹرپتی ڈاکٹر راجیندر پرشاد کے وہ لفظ یاد آرہے ہیں جو انہوں نے گت 20 اپریل کو بودھ گیا میں ایک ظاہر سبھا میں کہے تھے ۔ انہوں نے قبول کیا تھا کہ آزادی کے بعد جنتا کو ہم آزاد بنانے کی طرف قدم بڑھانے کی بجائے اسے نئے نئے قانونوں میں باندھتے جا رہے ہیں جس کا نتیجہ اچھا ہی ہوگا ایسا نہیں کہا جاسکتا ۔ حال ہی میں کسی صوبہ کے چیف جسٹس نے بھی اس طرح کے خیال ظاہر کئے ہیں ۔

خلاصہ یہ ہے کہ ویلفیئراسٹیٹ کا خیال محض ودیشی ہی نہیں اس کا نمونہ بھی ہمارے لئے موزوں نہیں ہے ۔ اس کے خلاف ہم کو بظاہر ایک ایسا سماج بنانا ہے جس میں درجہ نہ ہو، جو پانی کی مانند ایک رس یا سمرس ہو، جہاں حکومت کا ہاتھ کم سے کم ہو، یعنی جو شاسن مکت ہو اور جہاں کوئی کسی کو نوچتا یا لوٹتا نہ ہو یعنی جو شوشن رہت ہو ۔ اسی کو ہم دوسرے لفظوں میں گرام راج کہہ سکتے ہیں، گاؤں گاؤں خود مختار ہو اور سب مل کر ہندستان کے اس طرح کے جز یا حصے ہوں جیسے ایک جسم کے جز ہاتھ، ناک، کان، سر وغیرہ ہوتے ہیں ۔ ایک کی خوشی میں دوسرے کی خوشی ہو اور ایک کے دکھ میں دوسرے کا دکھ ہو ۔ گرام راج میں کوئی فصل آئے نہ آئے

यहां वैलफ़ेअर स्टेट बनाने के मानी होंगे कि हमारा खाना पीना, कपड़ा लत्ता, तालीम, दवा दारू, हर चीज़ में हम सरकार के मोहताज बन जायें और हमारी हर हरकत या चहलपहल सरकार के कन्ट्रोल में रहे. इसका नतीजा यह होगा कि मान लीजिये, जैसा आज है भी, उत्तर बिहार में बाढ़ आई तो उसके मुआयने के लिये नई दिल्ली से वफ़द या कमीशन आएगा, वह मौक़ा महल की जांच करेगा, देहली वापिस लौट कर अपनी रिपोर्ट पेश करेगा, तब देहली के दफ़्तर से पटना के दफ़्तर को हुक्म जारी होंगे, फिर पटना के दफ़्तर से कलक्टरों के दफ़्तरों में काग़ज़ दौड़ेंगे, फिर वहां से सबडिविज़न या थानों में और तब कहीं काम का नम्बर आयेगा. इस बीच जो जनता बाढ़ से परेशान हो रही है वह तो तबाह ही हो जायेगी, क्योंकि वैलफ़ेअर स्टेट है, एक दूसरे की मदद कोई करेगा नहीं, जो कुछ करे सरकार करे. और इसके साथ साथ मान लीजिये कि गोदावरी नदी में भी बाढ़ आ गई. तब देहली वाले सोचेंगे कि आंध्र का मसला ज्यादा भयानक है या उत्तर बिहार का और वह किसे मदद करे या न करें या किसको मदद कम करें और किसको ज्यादा. इतना लम्बा चौड़ा मुल्क, और उसकी सारी ताक़त देहली में लाकर समेट दी गई तो इधर जनता हाय हाय करेगी, उधर देहली के हुक्काम तार और फ़ोन की टन टन से घबरा जायेंगे कि कहां जायें कहां न जायें, क्या करें क्या न करें. यह बात एक दूसरी मिसाल से ज्यादा साफ़ हो सकेगी. मान लीजिये इस जहान के बनाने वाले ने यहां वैलफ़ेअर स्टेट बनाने का तय किया होता तो वह अपने सब बन्दों के दिल, दिमाग़, नाक, कान, आंख सब अपने पास रक्खे होते और महज़ धड़ व हड्डियां आदमी को दे दी होती. अब किसी को कुछ देखने की ज़रूरत पड़ी तो आंख के लिये तार भेज रहा है, किसी को चलने की ज़रूरत पड़ी तो टांग की मांग करता. नतीजा यह होता कि वह इतना परेशान हो जाता, इतना परेशान हो जाता कि उसे दम मारने की भी फ़ुर्सत नहीं मिलती. लेकिन उसने यह न करके हर आदमी को स्वावलम्बी बनाया, हर एक को सब साधन दे दिये और आज़ाद छोड़ दिया. उस का फल यह हुआ कि आज वह क्षीर सागर में ऐसे आराम से सोता है कि बहुत से लोग उसकी हस्ती तक को मानने से इन्कार करते हैं !

वैलफ़ेअर स्टेट का दूसरा ख़तरनाक पहलू यह है इसमें समाज में भेद भाव शिद्दत से होता है. हर एक कोई एक दूसरे को लूटने व नोचने की कोशिश में रहता है. जो इस फ़न में ज्यादा माहिर हो गया उसने ज्यादा कमाई कर ली, उसे ज्यादा सहूलियत हासिल हो गई और वह उतना ही बड़ा आदमी हो गया, चाहे वह ब्योपार में हो या सरकारी मुलाज़िमत में. इस तरह ऊपर से नीचे तक दर्जे पर दर्जे

یہاں ویل فیئر اسٹیٹ بنانے کے معنی ہونگے کہ ہمارا کھانا پینا، کپڑا لتا، تعلیم، دوا دارو، ہر چیز میں ہم سرکار کے محتاج بن جائیں اور ہماری ہر حرکت یا چہل پہل سرکار کے کنٹرول میں رہے۔ اِس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ مان لیجئے، جیسا آج ہے بھی، اُتر بہار میں باڑھ آئی، تو اس کے معائنے کے لئے نئی دلی سے وفد یا کمیشن آئے گا، وہ موقع محل کی جانچ کرے گا، دہلی واپس لوٹ کر اپنی رپورٹ پیش کرے گا، تب دہلی کے دفتر سے پٹنہ کے دفتر کو حکم جاری ہونگے، پھر پٹنہ کے دفتر سے کلکٹروں کے دفتروں میں کاغذ دوڑینگے، پھر وہاں سے سب ڈویژن یا تھانوں میں اور تب کہیں کام کا نمبر آئے گا۔ اس بیچ جو جنتا باڑھ سے پریشان ہو رہی ہے وہ تو تباہ ہی ہو جائے گی، کیونکہ ویل فیئر اسٹیٹ ہے، ایک دوسرے کی مدد کوئی کریگا نہیں، جو کچھ کرے سرکار کرے۔ اور اِس کے ساتھ ساتھ مان لیجئے کہ گوداوری ندی میں بھی باڑھ آ گئی۔ تب دہلی والے سوچینگے کہ آندھر کا مسئلہ زیادہ بھیانک ہے یا اُتر بہار کا اور وہ کسے مدد کرے یا نہ کرے یا کس کو مدد کم کرے اور کسی کو زیادہ۔ اتنا لمبا چوڑا ملک، اور اس کی ساری طاقت دہلی میں لاکر سمیٹ دی گئی تو اِدھر جنتا ہائے ہائے کرے گی، اُدھر دہلی کے حکام، تار اور فون کی ٹن ٹن سے گھبرا جائینگے کہ کہاں جائیں کہاں نہ جائیں، کیا کریں کیا نہ کریں۔ یہ بات ایک دوسری مثال سے زیادہ صاف ہو سکے گی۔ مان لیجئے اس جہان کے بنانے والے نے یہاں ویل فیئر اسٹیٹ بنانے کا طے کیا ہوتا تو اپنے سب بندوں کے دل، دماغ، ناک، کان، آنکھ سب اپنے پاس رکھے ہوتے اور محض دھڑ و ہڈیاں آدمی کو دے دی ہوتیں۔ اب کسی کو کچھ دیکھنے کی ضرورت پڑی تو آنکھ کے لئے تار بھیج رہا ہے، کسی کو چلنے کی ضرورت پڑی تو ٹانگ کی مانگ کرتا نتیجہ یہ ہوتا کہ وہ اتنا پریشان ہو جاتا، اتنا پریشان ہوجاتا کہ اسے دم مارنے کی بھی فرصت نہیں ملتی۔ لیکن اس نے یہ نہ کرکے ہر آدمی کو سواولمبی بنایا، ہر ایک کو سب سادھن دے دئے اور آزاد چھوڑ دیا۔ اس کا پھل یہ ہوا کہ آج وہ شیر ساگر میں ایسے آرام سے سوتا ہے کہ بہت سے لوگ اس کی ہستی تک کو ماننے سے انکار کرتے ہیں !

ویل فیئر اسٹیٹ کا دوسرا خطرناک پہلو یہ ہے کہ اس میں سماج میں بھیدبھاو شدت سے ہوتا ہے۔ ہر ایک کوئی ایک دوسرے کو لوٹنے و نوچنے کی کوشش میں رہتا ہے۔ جو اس فن میں زیادہ ماہر ہوگیا اس نے زیادہ کمائی کرلی، اسے زیادہ سہولیت حاصل ہوگئی اور وہ اتنا ہی بڑا آدمی ہوگیا، چاہے وہ بیوپار میں ہو یا سرکاری ملازمت میں۔ اس طرح اوپر سے نیچے تک درجے پر درجے

यहां पर तीसरे ठैहराव पर विचार करेंगे. उसका नाम है "Planned development" (प्लांड डिवैलपमेन्ट) यानी योजना बन्द विकास. इस ठैहराव का पहला जुमला यह है—

"The objective of the Congress is the establishment of a co-operative Commonwealth and a Welfare State."

(कांग्रेस का मक़सद है कि एक कोआप्रेटिव कामनवैल्थ और एक वैलफ़ेअर हुकूमत क़ायम की जाये)

पाठक देखेंगे कि "कोआप्रेटिव कामनवैल्थ" और "वैलफ़ेअर" इन दो ख़्यालों के लिये हम कोई देसी लफ़्ज़ नहीं दे सके और हमारा ख़्याल है कि ऐसा करना नामुमकिन नहीं तो मुश्किल ज़रूर है क्योंकि उनके पीछे जो विचार है वह क़तई अंग्रेजी या मग़रिबी है. यों "वैलफ़ेअर" स्टेट की जगह "कल्यान राज" लफ़्ज़ लिखे जाने लगे हैं लेकिन "वैलफ़ेअर" और "कल्यान" में बहुत भारी फ़र्क़ है, शायद उसी तरह का फ़र्क़ है जैसा "Stateless" और "शासन मुक्त" में. कैसी बदक़िस्मती की बात है कि हिन्दुस्तान जैसे आज़ाद मुल्क की कांग्रेस जैसी बड़ी और पुरानी संस्था या पार्टी का मक़सद ऐसे लफ़्ज़ों में ज़ाहिर किया जाये जिसको बाहर वाले तो समझ सकें पर ख़ुद हिन्दुस्तान के लोग नहीं. इससे इस संस्था की ग़रीब ख़्याली का पता चलता है और यह भी साफ़ मालूम हो जाता है कि उसके सोचने का ढंग किस क़दर प्रदेसी है. जहां विचार या ख़्याल की मोहताजगी है वहां किस तरह लोगों के अन्दर नई जान फूंकी जा सकती है हम नहीं समझ सकते.

मामूली तौर से "वैलफ़ेअर" के मानी हैं "बेहतरी." कहते भी हैं कि मैं आपका "वैलफ़ेअर" यानी "बेहतरी" चाहता हूं. इधर चन्द बरसों से ही इंगलैन्ड और अमरीका में "वैलफ़ेअर स्टेट" का ख़्याल बुलन्द हुआ है और आम जनता की तरफ़ से न उठकर हुकूमती दायरों की तरफ़ से उठा है. उसकी तह में यह जज़बा है कि रिआया की बेहतरी का ज़िम्मा सरकार का है. चुनांचे ज़िन्दगी के ज़्यादा से ज़्यादा पहलुओं पर सरकार को हावी होना चाहिये. यही वजह है कि आज इंगलैन्ड और अमरीका में, बूढ़े लोग हों या बेरोज़गार जवान हों, उनकी परवरिश हुकूमत करती है और बतौर पैन्शन के उन्हें कुछ देती है. वहां आये दिन हर चीज़ के लिये क़ानून बनते चले जा रहे हैं, मानो जनता दिन दिन अपाहिज होती जा रही हो. मगर ख़ैर इंगलैन्ड और अमरीका के पास दौलत, दूसरे मुल्कों पर उनका गुप्त या ज़ाहिर असर है और दुनिया के वह साहूकार भी ठैहरे, जिस वजह से वह इस तरह पैन्शन दे सकते और अपना काम चला सकते हैं. लेकिन हमारे देस की तो हालत ही दूसरी है.

یہاں پر تیسرے ٹھہراؤ پر وچار کرینگے ۔ اس کا نام ہے "Planned development" پلانڈ ڈیولپمنٹ یعنی یوجنا بند وکاس ۔ اس ٹھہراؤ کا پہلا جملہ یہ ہے—

"The objective of the Congress is the establishment of a co-operative common-wealth and a Welfare State"

(کانگریس کا مقصد ہے کہ ایک کوآپریٹو کامن ویلتھ اور ایک ویل فیئر حکومت قائم کی جائے)

پاٹھک دیکھیں گے کہ "کوآپریٹو کامن ویلتھ" اور "ویل فیئر" اِن دو خیالوں کے لئے ہم کوئی دیسی لفظ نہیں دے سکے اور ہمارا خیال ہے کہ ایسا کرنا ناممکن نہیں تو مشکل ضرور ہے کیونکہ اُن کے پیچھے جو وچار ہے وہ قطعی انگریزی یا مغربی ہے ۔ یوں "ویل فیئر اسٹیٹ" کی جگہ "کلیان راج" لفظ لکھے جانے لگے ہیں لیکن "ویل فیئر" اور "کلیان" میں بہت بھاری فرق ہے' شاید اِسی طرح کا فرق ہے جیسا "Stateless" اور "شاسن مکت" میں ۔ کیسی بدقسمتی کی بات ہے کہ ہندستان جیسے آزاد ملک کی کانگریس جیسی بڑی اور پرانی سنستھا یا پارٹی کا مقصد ایسے لفظوں میں ظاہر کیا جائے جس کو باہر والے تو سمجھ سکیں پر خود ہندستان کے لوگ نہیں ۔ اِس سے اس سنستھا کی غریب خیالی کا پتہ چلتا ہے اور یہ بھی صاف معلوم ہو جاتا ہے کہ اس کے سوچنے کا ڈھنگ کس قدر پردیسی ہے ۔ جہاں وچار یا خیال کی محتاجگی ہے وہاں کس طرح لوگوں کے اندر نئی جان پھونکی جا سکتی ہے ہم نہیں سمجھ سکتے ۔

معمولی طور سے "ویل فیئر" کے معنی ہیں "بہتری ۔" کہتے بھی ہیں کہ میں آپ کا "ویل فیئر" یعنی "بہتری" چاہتا ہوں ۔ ادھر چند برسوں سے ہی انگلینڈ اور امریکہ میں "ویل فیئر اسٹیٹ" کا خیال بلند ہوا ہے اور عام جنتا کی طرف سے نہ اُٹھ کر حکومتی دائروں کی طرف سے اُٹھا ہے ۔ اس کی تہ میں یہ جذبہ ہے کہ رعایا کی بہتری کا ذمہ سرکار کا ہے ۔ چنانچہ زندگی کے زیادہ سے زیادہ پہلوؤں پر سرکار کو حاوی ہونا چاہئے ۔ یہی وجہ ہے کہ آج انگلینڈ و امریکہ میں' بوڑھے لوگ ہوں یا بے روزگار جوان ہوں' ان کی پرورش حکومت کرتی ہے اور بطور پنشن کے انہیں کچھ دیتی ہے ۔ وہاں آئے دن ہر چیز کے لئے قانون بنتے چلے جا رہے ہیں' مانو جنتا دن دن اپاہج ہوتی جا رہی ہو' ۔ مگر خیر انگلینڈ اور امریکہ کے پاس دولت' دوسرے ملکوں پر ان کا گپت یا ظاہر اثر ہے اور دنیا کے وہ ساہوکار بھی ٹھہرے' جس وجہ سے وہ اس طرح پنشن دے سکتے اور اپنا کام چلا سکتے ہیں ۔ لیکن ہمارے دیس کی تو حالت ہی دوسری ہے ۔

"रत्न" मानी "राज-रत्न" और "पद्म-विभूशन" मानी "सरकार विभूशन." तो जैसा राज वैसा उनका रत्न और वैसा उनका विभूशन. इसका नतीजा होगा कि आदमी की असली क़ाबलियत या हुनर की उतनी क़दर नहीं होगी जितनी इस बात की कि हुकूमत की निगाह में वह कहां तक और कितना उपयोगी है और आड़े वक़्त काम आनेवाला है. यही वजह है कि आम जनता की निगाह में मैडिल की इज़्ज़त नहीं रहती और शायद इसी वजह से पुराने ज़माने में हमारे रिशी, मुनी और विद्वानों ने मैडिल या ख़िताब की कोई परवाह नहीं की.

इस सिलसिले में एक ख़्याल और भी आता है. वह यह कि श्री राजा जी और डाक्टर राधा कृशनन को "भारत-रत्न" के मैडिल से क्या नई इज़्ज़त या नई प्रेरना हासिल होने वाली है? शायद इसमें पाने वाले की इतनी इज़्ज़त नहीं जितनी कि देने वाले की. मगर दिल में एक और भी ख़्याल आये बिना नहीं रहता कि जब डाक्टर राधा कृशनन उप-राश्ट्रपति हैं तो उन्हीं को मैडिल देना कहां तक शोभा की बात है. हम डाक्टर राधा कृशनन को अपने मुल्क की बहुत आला हस्तियों में शुमार करते हैं और मानते हैं कि वह हिन्दुस्तान के उन चन्द ख़िदमतगारों में से हैं जिन्होंने मुल्क की इज़्ज़त को चार चांद लगाये हैं और दुनिया में उसकी शान बढ़ाई है. लेकिन इस वक़्त तो वह सिर्फ़ एक को, राश्ट्रपति को छोड़ कर, हुकूमत के सब से बड़े ओहदेदार हैं. राश्ट्रपति की ग़ैरहाज़िरी में वही उनका सब काम अंजाम देते हैं. इस तरह यह मैडिल अपने द्वारा ही अपने को देना जैसा लगता है. ईश्वर न करे कि आगे चलकर मौजूदा सरकार या दूसरी सरकारें ख़ुद अपने हाकिमों को इस तरह मैडिल देना शुरू कर दें. तब तो क्या सरकार और क्या पब्लिक, दोनों के लिये शर्म की बात होगी.

हम बड़े अदब के साथ कहना चाहते हैं कि इन मैडिलों से कुल मिलाकर हमें ख़ुशी नहीं हुई और सरकार के इस कारनामे पर हम उसे मुबारकबाद नहीं दे सकते. हम सिफ़ारिश करेंगे कि सरकार इस तरह के नाहक़ बोझ अपने ऊपर न ले और जो ख़िताब या मैडिल जिसे मिलना है वह जनता की तरफ़ से आप से मिलने दे. जैसी जिसकी ख़िदमत होगी जनता ख़ुद उसे वैसे नाम से पुकारेगी, जैसे उसने तिलक को लोकमान्य और गांधी को महात्मा कहा और कहती रहेगी.

22. 8. '54 —सुरेशराम भाई

"वैलफ़ेअर स्टेट" बनाम ग्राम राज

जुलाई के महीने में कुल हिन्द कांग्रेस कमेटी की एक बैठक अजमेर में हुई. उसमें कुल मिलाकर 13 ठैहराव पास हुए. उनमें से कई महत्वपून हैं. लेकिन हम इस वक़्त

رتن " معنی " راج رتن " اور " پدم وبھوشن " بمعنی " سرکار وبھوشن ." تو جیسا راج ویسا ان کا رتن اور ویسا ان کا وبھوشن . اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ آدمی کی اصلی قابلیت یا ہنر کی اتنی قدر نہیں ہوگی جتنی اس بات کی کہ حکومت کی نگاہ میں وہ کہاں تک اور کتنا اُپیوگی ہے اور آڑے وقت کام آنے والا ہے . یہی وجہ ہے کہ عام جنتا کی نگاہ میں میڈل کی عزت نہیں رہتی اور شاید اِسی وجہ سے پرانے زمانے میں ہمارے رشی' منی اور ودوانوں نے میڈل یا خطاب کی کوئی پرواہ نہیں کی .

اِس سلسلہ میں ایک خیال اور بھی آتا ہے . وہ یہ کہ شری راجا جی اور ڈاکٹر رادھا کرشنن کو " بھارت رتن " کے میڈل سے کیا نئی عزت یا نئی پریرنا حاصل ہونے والی ہے ؟ شاید اِسمیں پانے والے کی اتنی عزت نہیں جتنی کہ دینے والے کی . مگر دل میں ایک اور بھی خیال آئے بنا نہیں رہتا کہ جب ڈاکٹر رادھا کرشنن اُپ راشٹر پتی ہیں تو اُنہیں کو میڈل دینا کہاں تک شوبھا کی بات ہے . ہم ڈاکٹر رادھا کرشنن کو اپنے ملک کی بہت اعلیٰ ہستیوں میں شمار کرتے ہیں اور مانتے ہیں کہ وہ ہندستان کے ان چند خدمتگاروں میں سے ہیں جنھوں نے ملک کی عزت کو چار چاند لگائے ہیں اور دنیا میں اس کی شان بڑھائی ہے . لیکن اس وقت تو وہ صرف ایک کو' راشٹر پتی کو چھوڑ کر' حکومت کے سب سے بڑے عہدےدار ہیں . راشٹر پتی کی غیر حاضری میں وہی اُن کا سب کام انجام دیتے ہیں . اِس طرح یہ میڈل اپنے دوارا ہی اپنے کو دینا جیسا لگتا ہے . ایشور نہ کرے کہ آگے چل کر موجودہ سرکار یا دوسری سرکاریں خود اپنے حاکموں کو اس طرح میڈل دینا شروع کر دیں. تب تو کیا سرکار اور کیا پبلک' دونوں کے لئے شرم کی بات ہوگی .

ہم بڑے ادب کے ساتھ کہنا چاہتے ہیں کہ اِن میڈلوں سے کل ملا کر ہمیں خوشی نہیں ہوئی اور سرکار کے اِس کارنامے پر ہم اِسے مبارکباد نہیں دے سکتے . ہم سفارش کرینگے کہ سرکار اِس طرح کے ناحق بوجھ اپنےاوپر نہ لے اور جو خطاب یا میڈل جسے ملنا ہے وہ جنتا کی طرف سے آپ سے ملنے دے . جیسی جس کی خدمت ہوگی جنتا خود اِسے ویسے نام سے پکارے گی' جیسے اس نے تلک کو لوکمانیہ اور گاندھی کو مہاتما کہا اور کہتی رہے گی .

22 . 8 . '54 سریش رام بھائی

" ویل فیئر اسٹیٹ " بنام گرام راج

جولائی مہینے میں کل ہند کانگریس کمیٹی کی ایک بیٹھک اجمیر میں ہوئی . اس میں کل ملا کر 13 ٹھہراؤ پاس ہوئے . ان میں سے کئی مہتوپورن ہیں . لیکن ہم اس وقت

चार मैडिल !

तारीख़ 15 अगस्त को नई दिल्ली से राष्ट्रपति की तरफ़ से एक अजीब व ग़रीब ऐलान निकला. इस ऐलान में दो तरह के, या कहना चाहिये चार तरह के, मैडिलों की तक़सीम का इज़हार किया गया :—"भारत-रत्न" मैडिल और "पद्म-विभूशन" मैडिल में तीन दर्जे या वर्ग किये गये—पहला वर्ग, दूसरा वर्ग और तीसरा वर्ग. इस ऐलान में बताया गया है कि भारत के विधान की धारा 18 के मुताबिक़ ख़िताब नहीं बांटे जा सकते लेकिन देश के बड़े बड़े साइन्सदां, इन्जीनियर, कलाकार वग़ैरा को उनके काम के सिलसिले में यह मैडिल दिये जा रहे हैं.

अंग्रेज़ी दस्तूर के मुताबिक़ मैडिल छाती पर लटकाए जाते हैं और दरबार या ख़ुशी या जल्से के मौक़े पर लोग उन्हें लगा कर आते हैं. हमें नहीं मालूम कि सर, ख़ान-बहादुर या रायबहादुर की तरह लोग अपने नाम के आगे "भारत-रत्न" या "पद्म-विभूशन" लिख सकेंगे या नहीं. लिखें न लिखें, यह कोई अहमियत की चीज़ नहीं है. असल बात यह है कि इन मैडिलों की ज़रूरत क्या पड़ी ? जवाब होगा कि सेवाओं के एवज़ में दिये गये हैं ताकि दूसरे लोगों का भी उत्साह बढ़े. तो क्या हम उसके यह मानी लगायें कि आज़ाद हिन्दुस्तान में बड़े या ऊंचे काम की तरफ़ लोगों के अन्दर प्रेरना पैदा करने के लिये इस वक़्त तक जहां ऊंची तनख़्वाहें दी जाती हैं अब (आज़ादी के सात साल बाद) मैडिल की भी दरकार महसूस होने लगी ? कोई कहेगा कि यह इन्सानी कमज़ोरी (Human weakness) है लेकिन हम इसे अपने मुल्क की बदक़िस्मती समझते हैं कि ख़िदमत करने या नेकी के काम करने के लिये सोने या चांदी के मैडिल से हमें बहलावा दिया जाये. अंग्रेज़ों ने ऊंची तनख़्वाह का क़ायदा जारी किया क्योंकि उन्हें ख़ुद ऊंची तनख़्वाहें लेनी थीं और चाहिये भी थीं. हमने इस क़ायदे को जारी रखा है जिसकी वजह से जिस्मानी काम को या हाथ से मेहनत करने को जिस नफ़रत के साथ पहले देखा जाता था आज भी उसी तरह देखा जाता है. बजाय इसके कि हम इस दस्तूर को ख़तम करते, मैडिल बांटने का सिलसिला और जारी कर दिया. आगे चलकर उन मैडिल वालों या उनके चाहने वालों की एक जात ही खड़ी हो जाने वाली है जो हुकूमत की ख़ुशनूदी के फ़न में अपने को माहिर कर लेती है. कल नतीजा यह होगा कि अच्छी प्रेरनाएं पैदा होने की बजाय नामुनासिब प्रेरनाएं पैदा होंगी और लोगों के आपस के फ़र्क़ और भी बढ़ेंगे.

ज़ाहिर है कि हर सरकार इनाम, इकराम या मैडिल अपनी मर्ज़ी के मुताबिक़ तक़सीम करती है. यानी "भारत

چار میڈل !

تاریخ 15 اگست کو نئی دلی سے راشٹرپتی کی طرف سے ایک عجیب و غریب اعلان نکلا . اس اعلان میں دو طرح کے' یا کہنا چاہئے چار طرح کے' میڈلوں کی تقسیم کا اظہار کیا گیا :— "بھارت رتن" میڈل اور "پدم وبھوشن" میڈل . پدم وبھوشن میڈل میں تین درجے یا ورگ کئے گئے—پہلا ورگ' دوسرا ورگ اور تیسرا ورگ . اس اعلان میں یہ بتایا گیا ھے کہ بھارت کے ودھان کی دھارا 18 کے مطابق خطاب نہیں بانٹے جاسکتے لیکن دیش کے بڑے بڑے سائنس داں' انجینیر' کلاکار وغیرہ کو ان کے کام کے صلے میں یہ میڈل دئے جارھے ھیں .

انگریزی دستور کے مطابق میڈل چھاتی پر لٹکائے جاتے ھیں اور دربار یا خوشی یا جلسہ کے موقع پر لوگ انہیں لگا کر آتے ھیں . ھمیں نہیں معلوم کہ سر' خان بہادر' یا رائے بہادر کی طرح لوگ اپنے نام کے آگے "بھارت رتن" یا "پدم وبھوشن" لکھ سکینگے یا نہیں . لکھیں نہ لکھیں' یہ کوئی اھمیت کی چیز نہیں ھے . اصل بات یہ ھے کہ ان میڈلوں کی ضرورت کیا پڑی؟ جواب ھوگا کہ سیواؤں کے عیوض میں دئے گئے ھیں تاکہ دوسرے لوگوں کا بھی اُتساہ بڑھے . تو کیا ھم اس کے یہ معنی لگائیں کہ آزاد ھندستان میں بڑے یا اُونچے کام کی طرف لوگوں کے اندر پریرنا پیدا کرنے کے لئے اس وقت تک جہاں اُونچی تنخواھیں دی جاتی ھیں اب (آزادی کے سات سال بعد) میڈل کی بھی درکار محسوس ھونے لگی . کوئی کہیگا کہ یہ انسانی کمزوری (Human weakness) ھے لیکن ھم اسے اپنے ملک کی بدقسمتی سمجھتے ھیں کہ خدمت کرنے یا نیکی کے کام کرنے کے لئے سونے یا چاندی کے میڈلوں سے ھمیں بہلوا دیا جائے . انگریزوں نے اُونچی تنخواہ کا قاعدہ جاری کیا کیونکہ انہیں خود اُونچی تنخواھیں لینی تھیں اور چاھئیں بھی تھیں . ھم نے اس قاعدہ کو جاری رکھا ھے جس کی وجہ سے جسمانی کام کو یا ھاتھ سے محنت کرنے کو جس نفرت کے ساتھ پہلے دیکھا جاتا تھا آج بھی اس طرح دیکھا جاتا ھے . بجائے اس کے کہ ھم اس دستور کو ختم کرتے' میڈل بانٹنے کا سلسلہ اور جاری کردیا . آگے چل کر ان میڈل والوں یا اُن کے چاھنے والوں کی ایک جات ھی کھڑی ھو جانے والی ھے جو حکومت کی خوشنودی کے فن میں اپنے کو ماھر کر لیتی ھے . کل نتیجہ یہ ھوگا کہ اچھی پریرنائیں پیدا ھونے کے بجائے نامناسب پریرنائیں پیدا ھونگی اور لوگوں کے آپس کے فرق اور بھی بڑھینگے .

ظاھر ھے کہ ھر سرکار انعام' اکرام یا میڈل اپنی مرضی کے مطابق تقسیم کرتی ھے . یعنی "بھارت

लोगों की जान के मुक़ाबले अपनी शान को ज्यादा ऊंचा समझे. इस ठैहराव से भी यह नहीं साफ़ साफ़ पता चलता कि क्या समाजवादी सरकार किसी मौक़े पर गोली चलाने की छूट देगी या नहीं ? इस तरह कांग्रेस प्रधान का ख़त और प्रजा समाजवादी पार्टी के ठैहराव, दोनों इस बात में चुप हैं कि सरकार की तरफ़ से गोली चलनी चाहिये या नहीं. और अगर चले तो कब ? लेकिन इससे इनकार नहीं किया जा सकता कि इन दोनों के पीछे एक ही जज़्बा काम कर रहा है—वह यह कि अपने घरेलू मामले में हमको अहिंसा और शान्ति के रास्ते से तय कर लेने चाहिये.

लेकिन सब मामलों में, ख़ासकर आर्थिक मामलों में, दो फ़रीक़ों में से एक फ़रीक़ सरकार जरूर रहती है. इसलिये हमारा ख़याल है कि हमारे देश में शान्ति या अमन का वातावरन तब तक क़ायम नहीं हो सकता जब तक सरकार अपने पर कुछ पाबन्दी न करे और पुलिस या मिलिटरी का सहारा न ले. इस वास्ते हिन्दुस्तान में लोकशाही राज्य के ख़ूबसूरती और शान्ति के साथ चलने के लिये यह जरूरी है कि सरकार की तरफ़ से यह साफ़ साफ़ जाहिर हो जाये कि देश के भीतरी मामलों में वह गोली या हिंसा का रास्ता नहीं अख़्तियार करेगी.

इस सिलसिले में, पाठकों को यह जानकर ख़ुशी होगी कि तारीख़ 22 जुलाई को, बैरिया (मुज़फ़्फ़रपुर ज़िला) गांव में प्रार्थना प्रवचन में श्री विनोबा जी ने क्या कहा था ? उनकी राय है :

> सार्वजनिक कार्यकर्ता भिन्न भिन्न सवालों को लेकर अपने आन्दोलन या तहरीक चलाते रहें. लेकिन वह इस बात का ध्यान रखें कि किसी मौक़े पर भी हिंसा का रास्ता न लिया जाये. इसी तरह से सरकार को भी यह ऐलान कर देना चाहिये कि देश के मामलों में वह कभी बन्दूक़ का इस्तेमाल नहीं करेगी.

यह मसला ऐसा गम्भीर है कि जिस पर क्या सरकारी अहलकार और क्या राजनीतिक या सामाजिक कार्यकर्ता, सबको इसपर गहराई से ग़ौर करना चाहिये. क्या हम यह उम्मीद करें कि कांग्रेस और प्रजा समाजवादी पार्टियों के लोग—अपनी निजी सार्वजनिक हैसियत में, और सरकारी शासन के अलमबर्दार की हैसियत में—यह जाहिर करेंगे कि अपनी जिम्मेदारियों और फ़र्ज़ को निभाने में वह हिंसा की ताक़तों का आश्रय अब नहीं लेंगे. अगर वह ऐसा करते हैं तो इससे मुल्क को एक बड़ी अच्छी रहनुमाई हासिल होगी. इससे लोगों के अन्दर एक जबरदस्त आत्म विश्वास पैदा होगा. इससे हमारी शान्ति और तरक़्क़ी का रास्ता खुल जायेगा और हम दुनिया की निगाह में भी, सही माने में, ऊंचा उठेंगे.

30. 9. '54 —सुरेशराम भाई

لوگوں کی جان کے مقابلے اپنی شان کو زیادہ اُونچا سمجھے۔ اِس ٹھہراؤ سے بھی یہ نہیں صاف صاف پتہ چلتا کہ کیا سماج وادی سرکار کسی موقعے پر گولی چلانے کی چھوٹ دیگی یا نہیں ؟ اِس طرح کانگریس پردھان کا خط اور پرجا سماج‌وادی پارٹی کے ٹھہراؤ' دونوں اِس بات میں چپ ہیں کہ سرکار کی طرف سے گولی چلنی چاہئیے یا نہیں ۔ اور اگر چلے تو کب؟ لیکن اِس سے اِنکار نہیں کیا جاسکتا کہ اِن دونوں کے پیچھے ایک ہی جزبہ کام کررہا ہے—وہ یہ کہ اپنے گھریلو معاملے میں ہم کو اہنسا اور شانتی کے راستے سے طے کرلینے چاہئیے ۔

لیکن سب معاملوں میں' خاص کر آرتھک معاملوں میں' دو فریقوں میں سے ایک فریق سرکار ضرور رہتی ہے۔ اِس لئے ہمارا خیال ہے کہ ہمارے دیش میں شانتی یا امن کا واتاورن تب تک قائم نہیں ہو سکتا جب تک سرکار اپنے پر کچھ پابندی نہ کرے اور پولس یا میلٹری کی گولی کا سہارا نہ لے ۔ اِس واسطے ہندستان میں لوک شاہی راجیہ کے خوبصورتی اور شانتی کے ساتھ چلنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ سرکار کی طرف سے یہ صاف ظاہر ہو جائے کہ دیش کے بھیتری معاملوں میں وہ گولی یا ہنسا کا راستہ' نہیں اختیار کرے گی ۔

اِس سلسلے میں' پاٹھکوں کو یہ جان کر خوشی ہوگی کہ تاریخ 22 جولائی کو' بیریا (مظفرپور ضلع) گاؤں میں پرارتھنا پرورچن میں شری ونوبا جی نے کیا کہا تھا ؟ اُن کی رائے ہے :

> ساروجنک کاریہ‌کرتا بھن بھن سوالوں کو لے کر اپنے آندولن یا تحریک چلاتے رہیں ۔ لیکن وہ اس بات کا دھیان رکھیں کہ کسی موقع پر بھی ہنسا کا راستہ نہ لیا جائے ۔ اِسی طرح سے سرکار کو بھی یہ اعلان کر دینا چاہئیے کہ دیش کے معاملوں میں وہ کبھی بندوق کا اِستعمال نہیں کرے گی ۔

یہ مسئلہ ایسا گمبھیر ہے کہ جس پر کیا سرکاری اہلکار اور کیا راجنتک یا ساماجک کاریہ‌کرتا' سب کو اِس پر گہرائی سے غور کرنا چاہئیے ۔ کیا ہم یہ اُمید کریں کہ کانگریس اور پرجا سماج‌واد پارٹیوں کے لوگ—اپنی نجی ساورجنک حیثیت میں اور سرکاری شاسن کے المبردار کی حیثیت میں—یہ ظاہر کرینگے کہ اپنی ذمہ‌داریوں اور فرض کو نبھانے میں وہ ہنسا کی طاقتوں کا آشرئے اب نہیں لینگے ۔ اگر وہ ایسا کرتے ہیں تو اِس سے ملک کو ایک بڑی اچھی رہنمائی حاصل ہوگی ۔ اِس سے لوگوں کے اندر ایک زبردست آتم وشواس پیدا ہوگا ۔ اِس سے ہماری شانتی اور ترقی کا راستہ کھل جائے گا اور ہم دنیا کی نگاہ میں بھی' صحیح معنی میں' اُونچا اُٹھینگے ۔

—سریش رام‌بھائی 30 . 9 . '54

हमारी राय

ہماری رائے

देश की मांग

हाल ही में पंडित जवाहर लाल नेहरू ने प्रदेश कांग्रेस कमेटियों के सभापति के नाम एक चिट्ठी भेजी है. उसमें उन्होंने इस बात पर बड़ा दुख जाहिर किया है कि हमारे सार्वजनिक जीवन में लोगों का झुकाव किसी न किसी तरह की हिंसात्मक कार्रवाई की तरफ़ बढ़ता जा रहा है. इस ढंग को उन्होंने खतरनाक कहा है और लोकशाही राज्य की जड़ के खिलाफ़ बताया है. उनका यह भी कहना है :

> जब हम अपनी आजादी की लड़ाई लड़ रहे थे तो हिंसा के खिलाफ़ थे. ऐसी सूरत में आज जब हमने आजादी हासिल कर ली है, तब हमें हिंसा के और भी खिलाफ़ होना चाहिये. आजकल तो अपने सवालों को हल करने के लिये हमारे पास लोकशाही साधन और मशीनरी भी मौजूद है.

कांग्रेस प्रधान की इस सूचना का हम दिल से स्वागत करते हैं. उनका यह सलाह देना कि अब हमको अपने सवाल हल करने में बन्दूक़ या डंडे की मदद नहीं लेनी चाहिये, बहुत ही सुहावनी सलाह है. लेकिन उनकी चिट्ठी से यह नहीं पता चलता कि क्या वह यह भी चाहेंगे कि हिन्दुस्तान के सभी प्रान्तीय और केन्द्रीय सरकारें घरेलू मामलों में हिंसा का सहारा लेना छोड़ दें और उनकी पुलिस आदि केवल शान्तिमय तरीक़ों पर जनता की सेवा करें. थोड़े दिन हुए ट्रावनकोर-कोचीन प्रदेश में गोली चली थी. उस घटना पर प्रजा समाजवादी पार्टी ने अपना बहुत अफ़सोस प्रकट किया और थोड़े दिन हुए जब दिल्ली में उसकी कार्य समिति की बैठक हुई तो एक प्रस्ताव भी प्रजा समाजवादी पार्टी ने पास किया. उसमें कहा गया है कि जब यह डर हो कि जनता की तरफ़ से ईंट पत्थर फेंके जायेंगे, या यह समझा जावे कि भीड़ कोई और खतरनाक रूप ले लेगी, या उससे शान्ति को खतरा पैदा होगा, तो ऐसी हालतों में पुलिस का गोली चलाना या लोगों को मारना इन्साफ़ से दूर है. और कोई भी लोकशाही सरकार यह नहीं बर्दाश्त करेगी कि

دیش کی مانگ

حال ہی میں پنڈت جواہر لال نہرو نے پردیش کانگریس کمیٹیوں کے سبھاپتی کے نام ایک چٹھی بھیجی ھے . اُس میں اُنہوں نے اِس بات پر بڑا دکھ ظاھر کیا ھے کہ ھمارے سارو جنک جیون میں لوگوں کا جھکاؤ کسی نہ کسی طرح کی ھنساتمک کارروائی کی طرف بڑھتا جارھا ھے . اِس ڈھنگ کو اُنہوں نے خطرناک کہا ھے اور لوک شاھی راجیہ کی جڑ کے خلاف بتایا ھے . اُن کا یہ بھی کہنا ھے :

> جب ھم اپنی آزادی کی لڑائی لڑ رھے تھے تو ھنسا کے خلاف تھے . ایسی صورت میں آج جب ھم نے آزادی حاصل کرلی ھے، تب ھمیں ھنسا کے اور بھی خلاف ھونا چاھئے . آجکل تو اپنے سوالوں کو حل کرنے کے لئے ھمارے پاس لوک شاھی سادھن اور مشینری بھی موجود ھے .

کانگریس پردھان کی اِس سوچنا کا ھم دل سے سواگت کرتے ھیں . اُن کا یہ صلاح دینا کہ اب ھم کو اپنے سوال حل کرنے میں بندوق یا ڈنڈے کی مدد نہیں لینی چاھئے، بہت ھی سہاونی صلاح ھے . لیکن اُن کی چٹھی سے یہ نہیں پتہ چلتا کہ کیا وہ یہ بھی چاھینگے کہ ھندستان کے سبھی پرانتیہ اور کیندریہ سرکاریں گھریلو معاملوں میں ھنسا کا سہارا لینا چھوڑ دیں اور اُن کی پولیس آدی کیول شانتی مئے طریقوں پر جنتا کی سیوا کریں . تھوڑے دن ھوئے ٹراونکور- کوچین پردیش میں گولی چلی تھی . اُس گھٹنا پر پرجا سماجوادی پارٹی نے اپنا بہت افسوس پرکٹ کیا اور تھوڑے دن ھوئے جب دلی میں اُس کی کاریہ سمتی کی بیٹھک ھوئی، تو ایک پرستاؤ بھی پرجا سماجوادی پارٹی نے پاس کیا . اُس میں کہا گیا ھے کہ جب یہ ڈر ھو کہ جنتا کی طرف سے اینٹ پتھر پھینکے جائینگے، یا یہ سمجھا جائے کہ بھیڑ کوئی اور خطرناک روپ لے لیگی یا اُس سے شانتی کو خطرہ پیدا ھوگا، تو ایسی حالتوں میں پولس کا گولی چلانا یا لوگوں کو مارنا اِنصاف سے دور ھے . اور کوئی بھی لوک شاھی سرکار یہ نہیں برداشت کریگی کہ

सुनिये काका साहब !

लिखने वाली—रेहाना तैयब जी; निकालने वाले—हिन्दुस्तानी प्रचार सभा; लिखावट—हिन्दी; सफ़ा—270; दाम—दो रुपया चार आना.

तैयब जी ख़ानदान से आज़ादी के आन्दोलन से दिलचस्पी रखने वाले सभी वाक़िफ़ हैं. रेहाना जी उसी बाग़ की एक फूल हैं. काका साहब ने इच्छा ज़ाहिर की कि रेहाना जी अपने ख़ानदान के बारे में उन्हें कुछ सुनायें और उन्होंने कहा—सुनिये काका साहब ! यह नाम रेहाना जी की शैली से मेल खाता है. उनकी क़लम ऐसी चलती है जैसी उनकी ज़बान चलती हो. कहीं बनावट नहीं, सीधी सपाट बात ! जैसे दो आदमी बातें कर रहे हों.

रेहाना जी पारसी हैं, अंग्रेज़ी वातावरन में रहीं, गुजराती अंग्रेज़ी के बाद उनकी भाशा बनी. पर हिन्दी वह इतनी अच्छी लिख लेती हैं कि देखकर आश्चर्य होता है.

यह किताब ऐसे तो एक बड़े ख़ानदान का स्मरन है. पर इस के आगे इस किताब का विस्तार है. यह एक समय का एक संक्षिप्त समाजी इतिहास है. इसमें बड़े अच्छे क़िस्सों का ज़िकर है, उनसे सबक़ मिलते हैं, उन्होंने हमारे जीवन पर क्या असर डाला, इसकी झांकी मिलती है.

एक बार जो इस पुस्तक को उठा लेगा वह इसे बिना पूरा किये न छोड़ेगा, यह मुझे विश्वास है. इतनी अच्छी पुस्तक और ख़राब छपाई, यह देखकर मन कुढ़ जाता है. आशा है प्रकाशक दोबारा अच्छे टाइप में इस अनमोल रत्न को छापेंगे. —मुस्तफ़ा हैदर नक़वी

भूदान तहरीक का ख़ाका

लिखने वाले—मुहम्मद हुसैन अन्सारी त्यागी; निकालने वाले—अन्सारी मंज़िल भदाइ (बनारस); लिखावट—उर्दू; सफ़हा—23; दाम—चार आने.

मुहम्मद हुसैन साहब अन्सारी ने गांधी जी की बहुत सेवा की है. महात्मा जी ने अपने ख़त में उन्हें लिखा है—"जिस तरह तुमने हमारी सेवा की है वैसे ही देश की सेवा करते रहो, मैं तुमको अब भी अपना बेटा ही मानता हूं." अन्सारी साहब गांधी भक्त हैं और गांधी जी के उसूलों पर चलना चाहते हैं. आजकल विनोबा जी के भूदान पर अपनी सारी ताक़त लगाए हैं. सर्वोदय साहित्य उर्दू में बहुत कम है. अन्सारी साहब ने यह किताब लिखकर भूदान का परिचय उर्दू प्रेमी जनता से कराया है.

इस किताब में भूदान की तहरीक, उसकी शुरूआत, उसके दर्शन, उसकी तरक़्क़ी, सब पर थोड़ी थोड़ी रोशनी पड़ती है और गांववाला जो शब्दों के बवन्डर में नहीं फंसता इस किताब को पढ़कर भूदान को मोटे तौर पर अच्छी तरह समझ सकता है. —मुस्तफ़ा हैदर नक़वी

سنیئے کاکا صاحب !

لکھنے والی—ریحانہ طیبب جی؛ نکالنے والے—ھندستانی پرچار سبھا؛ لکھاوٹ ھندی؛ صفحہ—270 دام—دو روپیہ چار آنہ .

طیبب جی خاندان سے آزادی کے آندولن سے دلچسپی رکھنے والے سبھی واقف ھیں . ریحانہ جی اُسی باغ کی ایک پھول ھیں . کاکا صاحب نے اچھا ظاھر کی کہ ریحانہ جی اپنے خاندان کے بارے میں اُنھیں کچھ سنائیں اور اُنھوں نے کہا—سنیئے کاکا صاحب ! یہ نام ریحانہ جی کی شیلی سے میل کھاتا ھے . اُن کی قلم ایسی چلتی ھے جیسی اُن کی زبان چلتی ھو . کہیں بناوٹ نہیں' سیدھی سپاٹ بات ! جیسے دو آدمی باتیں کر رھے ھوں .

ریحانہ جی پارسی ھیں' انگریزی واتاورن میں رھیں' گجراتی انگریزی کے بعد ان کی بھاشا بنی . پر ھندی وہ اتنی اچھی لکھ لیتی ھیں کہ دیکھکر آشچریہ ھوتا ھے .

یہ کتاب ایسے تو ایک بڑے خاندان کا اسمرن ھے . پر اِس کے آگے اِس کتاب کا وستار ھے . یہ ایک سمئے کا ایک سنکچھپت سماجی اِتہاس ھے . اِس میں بڑے اچھے قصوں کا ذکر ھے' اُن سے سبق ملتے ھیں' اُنھوں نے ھمارے جیون پر کیا اثر ڈالا' اس کی جھانکی ملتی ھے .

ایک بار جو اِس پستک کو اُٹھالے گا وہ اِسے بنا پورا کئے نہ چھوڑے گا' یہ مجھے وشواس ھے . اتنی اچھی پستک اور خراب چھپائی' یہ دیکھکر من کڑھ جاتا ھے . آشا ھے پرکاشک دوبارا اچھے ٹائپ میں اِس انمول رتن کو چھاپیں گے .

—مصطفیٰ حیدر نقوی

بھودان تحریک کا خاکہ


لکھنے والے—محمد حسین انصاری تیاگی؛ نکالنے والے—انصاری منزل بھدرھی (بنارس)؛ لکھاوٹ—اُردو؛ صفحہ—23؛ دام—چار آنہ .

محمد حسین صاحب انصاری نے گاندھی جی کی بہت سیوا کی ھے . مہاتما جی نے اپنے خط میں اُنھیں لکھا ھے—"جس طرح تم نے ھماری سیوا کی ھے ویسے ھی دیش کی کرتے رھو' میں تم کو اب بھی اپنا بیٹا ھی مانتا ھوں ." انصاری صاحب گاندھی بھکت ھیں اور گاندھی جی کے اصولوں پر چلنا چاھتے ھیں . آجکل ونوباجی کے بھودان پر اپنی ساری طاقت لگائے ھیں . سرو ودے ساھتیہ اُردو میں بہت کم ھے . انصاری صاحب نے یہ کتاب لکھکر بھودان کا پریچے اُردو پریمی جنتا سے کرایا ھے .

اس کتاب میں بھودان کی تحریک' اُس کی شروعات' اُس کے درشن' اُس کی ترقی' سب پر تھوڑی تھوڑی روشنی پڑتی ھے اور گاؤں والا جو شبدوں کے بونڈر میں نہیں پھنستا اِس کتاب کو پڑھکر بھودان کو موٹے طور پر اچھی طرح سمجھ سکتا ھے .

—مصطفیٰ حیدر نقوی

कुछ किताबें



کچھ کتابیں

हिन्दी पाठावली—दूसरी किताब

संपादक—गिरिराज किशोर, नरेन्द्र अंजरिया; निकालने वाले—गुजराती विद्यापीठ, अहमदाबाद; लिखावट—हिन्दी; सफ़े—178; दाम—एक रुपया चार आना.

यह पुस्तक विद्यापीठ ने अपनी तीसरी परीक्षा के लिये तैयार की है. इसमें गद्य और पद्य दोनों हैं. इस संग्रह में पाठों और काव्यों के चुनने में भाशा की सरलता और उसके बहाव का ख़्याल रखा गया है.

यह पुस्तक हमारी पाठावलियों से बिल्कुल अलग है. हमारी पुस्तकें कठिन, ठस, नीरस और बेमतलब सी इसके मुक़ाबिले में दीख पड़ती हैं. इस पुस्तक से हमें प्रेरना लेनी चाहिये.

हिन्दी के विकास में अहिन्दी भाशियों ने शायद अधिक सहयोग दिया है, हम तो केवल रोड़े ही अटकाते रहे हैं. हमारी परम्परा रही है कि यदि कोई थोड़ा करे तो हम अधिक आभार मानते हैं. पर हम यह सब कुछ भूल गए हैं. आज अहिन्दी भाशी लेखकों की रचनाएं हमारे कोर्स में कहां हैं ? दक्खिन में बहुत से हिन्दी प्रचारक हिन्दी में रचनाएं करते हैं, पर हम अपने घमन्ड में उन्हें कोई स्थान नहीं देते.

विद्यापीठ ने यह पुस्तक तैयार करके हमें रास्ता दिखाया है. इसमें हिन्दी के लेखक और अहिन्दी भाशी हिन्दी लेखकों की रचनाएं एक साथ रखी गई हैं, इसमें उर्दू के साथ भी भेद भाव नहीं बरता गया. यह है वह हिन्दी जो सबकी हिन्दी होगी, जो राश्ट्र भाशा होगी. हमारी पुस्तकों की हिन्दी अप्रगतिशील और 'कूप जल' के समान है, बहता नीर इस पुस्तक की हिन्दी है.

आशा है विद्यापीठ दूसरे संग्रह भी शीघ्र निकालेगी और सारे देश में इन संग्रहों का स्वागत होगा.

—मुस्तफ़ा हैदर नक़वी

ھندی پاٹھا ولی—دوسری کتاب

سمپادک—گری راج کشور، نریندر انجریا؛ نکالنے والے—گجراتی ودیاپیٹھ، لکھاوٹ—ھندی؛ صفحے 178؛ دام—اک روپیہ چار آنہ۔

یہ پستک ودیاپیٹھ نے اپنی تیسری پریکشا کے لئے تیار کی ھے. اِس میں گدیہ اور پدیہ دونوں ھیں. اِس سنگرہ میں پاٹھوں اور کاویوں کے چننے میں بھاشا کی سرلتا اور اُس کے بہاؤ کا خیال رکھا گیا ھے .

یہ پستک ھماری پاٹھاولیوں سے بالکل الگ ھے . ھماری پستکیں کٹھن، ٹھس، نیرس اور بے مطلب سی اِس کے مقابلے میں دکھ پڑتی ھیں. اِس پستک سے ھمیں پریرنا لینی چاھئے .

ھندی کے وکاس میں اھندی بھاشیوں نے شاید ادھک سہیوگ دیا ھے، ھم تو کیول روڑے ھی اٹکاتے رھے ھیں . ھماری پرمپرا رھی ھے کہ یدی کوئی تھوڑا کرے تو ھم ادھک آبھار مانتے ھیں . پر ھم یہ سب کچھ بھول گئے ھیں . آج اھندی بھاشی لیکھکوں کی رچنائیں ھمارے کورس میں کہاں ھیں؟ دکھن میں بہت سے ھندی پرچارک ھندی میں رچنائیں کرتے ھیں، پر ھم اپنے گھمنڈ میں اُنھیں کوئی استھان نہیں دیتے .

ودیاپیٹھ نے یہ پستک تیار کرکے ھمیں راستہ دکھایا ھے . اِس میں ھندی کے لیکھک اور اھندی بھاشی ھندی لیکھکوں کی رچنائیں ایک ساتھ رکھی گئی ھیں، اِس میں اُردو کے ساتھ بھی بھیدبھاؤ نہیں برتا گیا . یہ ھے وہ ھندی جو سب کی ھندی ھوگی، جو راشٹر بھاشا ھوگی . ھماری پستکوں کی ھندی اپرگتی‌شیل اور 'کوپ جل' کے سمان ھے، بہتا نیر اِس پستک کی ھندی ھے .

آشا ھے ودیاپیٹھ دوسرے سنگرہ بھی شیگھر نکالیگی اور سارے دیش میں اِن سنگرھوں کا سواگت ھوگا .

—مصطفیٰ حیدر نقوی

बोली में पचास साठ फ़ी सदी द्राविड़ी लफ़्ज़ हैं, चालीस फ़ी सदी तुर्की, अर्बी, फ़ार्सी, अंग्रेज़ी वग़ैरा के. आर्य भाशा के मुश्किल से पांच फ़ी सदी लफ़्ज़ होंगे और वह भी ज़्यादातर पूजा पाठ के जिनका हमारे जीवन से, हमारे काम धन्दों से, बहुत ही कम वास्ता है.

जो कुछ मैं ऊपर लिख आया हूं उसका वास्ता बोली से है, लिखी से नहीं. लिखी को पंडित साहित्य भाशा भी कहते हैं जो असल में साहत (मरी हुई) ज़बान है. लिखी में आजकल जो धांधली मचाई जा रही है वह सब पर राशन है और ख़ूबी यह कि धांधली मचाने वाले बड़े विद्वान और महावीर गिने जाते हैं, क्योंकि न उन्होंने अपनी बोली कभी पढ़ी और न कोई किताब इल्म बोली की पढ़ी.

तीसरा दृश्य इससे भी अनोखा है. खेती बाड़ी और कपड़ा बुनने को छोड़कर जितने लफ़्ज़ हाथ के काम की बाबत हैं वह लगभग सब तुर्की, फ़ार्सी और दूसरी बिदेसी बोलियों के हैं, रोटी और तवा ही नहीं, पकाना, उबालना, भूनना और शायद तलना भी तुर्की है. येही हाल सीने पिरोने का है. सीना पिरोना ही नहीं, तुरपना, बखिया, संजाफ़, गोट, कुर्ता, पाजामा, क़मीज़, कोट वग़ैरा तक़रीबन सभी बिदेसी. तुरखान, लोहार, राज, मज़दूर के जितने औज़ार हैं उनका नाम बिदेसी, यहां तक कि मेख़, कील, बिरन्जी तीनों लफ़्ज़ तुर्की के. समझ में नहीं आता यह हमारी कोरी भारती सभ्यता जिसपर हम सब नाज़ करते हैं कितने पानी में थी. और तो और, पढ़ने लिखने में भी क़लम, दवात, काग़ज़, स्याही पेंसिल वग़ैरा सब बिदेसी. संस्कृत का भी यही हाल है. लफ़्ज़ लिपि फ़ार्सी में से लिया गया. मेला स्याही और मेलानधिक दवात यूनानी में से.

चौथा दृश्य तो इल्म बोली का एक अनटूट क़ानून है जो सब ज़बानों पर लागू है, लेकिन जो हमारी बोली में आसानी से परखा जा सकता है. क़ानून यह है कि बोली का बोली पर असर पड़ता है, लिखी का नहीं या नहीं के बराबर. इन दो हज़ार बरसों में संस्कृत का हमारी बोली पर बराय नाम ही साया पड़ा. इसी तरह मुसलमानों की लिखी भाशा फ़ार्सी थी या अर्बी. लेकिन बोली उन मुसलमानों की जो यहां आये तुर्की थी, इसलिये बिदेसी लफ़्ज़ों में अक्सर लफ़्ज़ तुर्की के हैं. उसकी सबसे अच्छी मिसाल शायद तम्बाकू की है. तम्बाकू लफ़्ज़ तो आया अमरीका से जहां से तम्बाकू आया, लेकिन उसके बारे में और जितने लफ़्ज़ हमारी बोली में आए तक़रीबन सब तुर्की के है—जैसे हुक्क़ा, क़लई, कुल्फ़ी, नै, नैचा, गट्टा, चिलम, तवा, सुल्फ़ा, पेचवान, शायद हुक़्क़ा पीना भी किसी लफ़्ज़ का तरजुमा हो. साफ़ है कि हमारे हिन्दी वालों को इस क़ानून से अपनी जानकारी बढ़ानी चाहिये.

بولی میں پچاس ساٹھ فی صدی دراوڑی لفظ ھیں' چالیس فی‌صدی ترکی' عربی' فارسی' انگریزی وغیرہ کے . آریہ بھاشا کے مشکل سے پانچ فی‌صدی لفظ ھونگے اور وہ بھی زیادہ تر پوجا پاٹھ کے جن کا ھمارے جیون سے' ھمارے کام دھندوں سے' بہت ھی کم واسطا ھے .

جو کچھ میں اوپر لکھ آیا ھوں اس کا واسطا بولی سے ھے' لکھی سے نہیں . لکھی کو پنڈت ساھتیہ بھاشا بھی کہتے ھیں جو اصل میں ساھت (مری ھوئی) زبان ھے . لکھی میں آجکل جو دھاندھلی مچائی جا رھی ھے وہ سب پر روشن ھے اور خوبی یہ کہ یہ دھاندھلی مچانے والے بڑے ودوان اور مہاویر گنے جاتے ھیں' کیونکہ نہ انھوں نے اپنی بولی کبھی پڑھی اور نہ کوئی کتاب علم بولی کی پڑھی .

تیسرا درشیہ اس سے بھی انوکھا ھے . کھیتی باڑی اور کپڑا بننے کو چھوڑ کر جتنے لفظ ھاتھ کے کام کی بابت ھیں وہ لگ بھگ سب ترکی' فارسی اور دوسری بدیسی بولیوں کے ھیں' روٹی اور توا ھی نہیں' پکانا' ابالنا' بھوننا اور شاید تلنا بھی ترکی ھے . یہی حال سینے پرونے کا ھے . سینا پرونا ھی نہیں' ترپنا' بخیہ' سنجاف' گوٹ' کرتا' پاجامہ' قمیض' کوٹ وغیرہ تقریباً سبھی بدیسی . ترکھان' لوھار' راج' مزدور کے جتنے اوزار ھیں ان کا نام بدیسی' یہاں تک کہ میخ' کیل' برنجی تینوں لفظ ترکی کے . سمجھ میں نہیں آتا یہ ھماری کوری بھارتی سبھیتا جس پر ھم سب ناز کرتے ھیں کتنے پانی میں تھی . اور تو اور' پڑھنے لکھنے میں بھی قلم' دوات' کاغذ' سیاھی' پنسل وغیرہ سب بدیسی' سنسکرت کا بھی یہی حال ھے . لفظ لپی فارسی میں سے لیا گیا میلا' سیاھی اور میلا ندھک دوات یونانی میں سے .

چوتھا درشیہ تو علم بولی کا ایک ان ٹوٹ قانون ھے جو سب زبانوں پر لاگو ھے' لیکن جو ھماری بولی میں آسانی سے پرکھا جا سکتا ھے . قانون یہ ھے کہ بولی کا بولی پر اثر پڑتا ھے' لکھی کا نہیں یا نہیں کے برابر . ان دو ھزار برسوں میں سنسکرت کا ھماری بولی پر برائے نام ھی سایہ پڑا . اسی طرح مسلمانوں کی لکھی بھاشا فارسی تھی یا عربی . لیکن بولی ان مسلمانوں کی جو یہاں آئے ترکی تھی' اس لئے بدیسی لفظوں میں اکثر لفظ ترکی کے ھیں . اس کی سب سے اچھی مثال شاید تمباکو کی ھے . تمباکو لفظ تو آیا امریکہ سے جہاں سے تمباکو آیا' لیکن اس کے بارے میں اور جتنے لفظ ھماری بولی میں آئے تقریباً سب ترکی کے ھیں جیسے حقہ' قلعی' کلفی' نے' نیچہ' گٹا' چلم' توا' سلفہ' پیچوان' شاید حقہ پینا بھی کسی ترکی لفظ کا ترجمہ ھو . صاف ھے کہ ھمارے ھندی والوں کو اس قانون سے اپنی جانکاری بڑھانی چاھئے .

स्वरों को वह कैसे बोलते थे. द्रावड़ी बोली की वह आवाज़ें जो आर्य भाषा में बिल्कुल नहीं थीं—जैसे मोरधन्य ट, ठ, ड, ढ, ड़े और ण वग़ैरा—इस भाषा और प्राकृत में ज़ोर पकड़ गईं. ग्रामर भी बदली. और अगरचे कुछ लफ़्ज़ आर्य भाषा के और ख़ासकर वह जिनका वास्ता पूजा पाठ से था इस प्राकृत में लिये गये. देसी भाषा के लफ़्फ़ जो प्राकृत में आये सत्तर, अस्सी फ़ीसदी से कम न थे. फ़र्क़ सिर्फ़ इतना रहा कि देशी भाषा के लफ़्ज़ जो प्राकृत में लिये गये ज्यों के त्यों लिये गये और आर्य भाषा के जो लिये गये उन्हें छोटा करके और देसी गलों के म्वाफ़िक़ बनाकर लिया गया.

इस प्राकृत में से निकलीं हमारी सारी हिन्दुस्तान की बोलियां और इस प्राकृत में से ही गढ़ी गई वह लिखी भाषा जिसे लोग संस्कृत कहते हैं. लिखी और बोली में बड़ा फ़र्क़ यह है कि लिखी के लफ़्ज़ लम्बे होते रहते हैं और बोली के छोटे. बड़ी कोशिशों से इस लिखी में आर्य भाषा के कुछ लफ़्ज़ और ठूंसे गये, लेकिन फिर भी बहुत से लफ़्ज़ देसी बोली के ही इसमें लिये गये लेकिन ज़रा उनकी शकल बिगाड़ कर यानी लम्बी करके. संस्कृत में कितने लफ़्ज़ आर्य भाषा के और कितने देसी बोली के, इसकी अभी तक किसी ने पूरी जांच नहीं की. लेकिन मेरा अनुमान यह है कि इसमें कम से कम 50 फ़ी सदी लफ़्ज़ द्रावड़ी के, 20 फ़ी सदी तुर्की, अर्बी वग़ैरा के हैं जो यहां की प्राकृत में रम गये थे. इन लफ़्ज़ों को आर्य भाषा का जताने के लिये इन लफ़्ज़ों की झूटी आर्य धातु (जड़ें) बनाई गयीं और उसपर ऐसा मुलम्मा चढ़ाया गया कि हमारे अक्सर लोग, अनपढ़ ही नहीं विद्वान भी, संस्कृत को शुद्ध आर्य भाषा समझते हैं. जिसे देखो वह यही कहता है कि हिन्दुस्तान की बोलियां संस्कृत में से निकलीं और तमाशा यह है कि इसके सबूत में अक्सर वही शब्द पेश करता है जो संस्कृत ने हमारी देसी बोली से लिये. चुनांचे हाल ही में मैंने पंडित सुन्दर लाल जैसे आज़ाद दिमाग़ का एक आर्टिकिल पढ़ा जिसमें उन्होंने यह साबित करने की कोशिश की थी कि मद्रास की जो द्रावड़ी ज़बानें कहलाती हैं उनमें बहुत से संस्कृत के लफ़्ज़ लिये गये हैं और इसलिये मद्रास वालों को हिन्दी सीखने में मुश्किल नहीं होनी चाहिये. मुझे अब याद नहीं कि मिसाल के तौर पर कौन से लफ़्ज़ पंडित जी ने संस्कृत के बताये थे, लेकिन वह सब नीर, पाप, चोर, बैर, चूमना, माला की क़िस्म के थे जो संस्कृत ने द्रावड़ी से लिये हैं. यहां इतना और जता देने की ज़रूरत है कि हमारी हिन्दुस्तानी, पंजाबी, राजस्थानी, ब्रज वग़ैरा पुरानी द्रावड़ी यानी प्राकृत के बहुत ज़्यादा नज़दीक हैं बनिस्बत तामिल, तैलेगू या मल्यालम के. डाक्टर एच. हेरास (H. Heras) की यह राय सची मालूम होती है कि हिन्दुस्तानी और पंजाबी बोलियां ही द्रावड़ी से नहीं निकलीं, उनके बोलने वाले भी असली द्रावड़ी हैं. आज हमारी

سوروں کو وہ کیسے بولتے تھے . دراوڑی بولی کی وہ آوازیں جو آریہ بھاشا میں بالکل نہیں تھیں—جیسے موردھینہ ٹ، ٹھ، ڈ، ڈھ، ڑ اور ڑاں وغیرہ—اس بھاشا اور پراکرت میں زور پکڑ گئیں . گرامر بھی بدلی . اور اگرچہ کچھ لفظ آریہ بھاشا کے اور خاصکر وہ جن کا واسطا پوجا پاٹھ سے تھا اس پراکرت میں لئے گئے . دیسی بھاشا کے لفظ جو پراکرت میں آئے ستر، اسی فی‌صدی سے کم نہ تھے . فرق صرف اتنا رہا کہ دیسی بھاشا کے لفظ جو پراکرت میں لئے گئے جیوں کے تیوں لئے گئے اور آریہ بھاشا کے جو لئے گئے انہیں چھوٹا کر کے اور دیسی گلوں کے موافق بنا کر لیا گیا .

اس پراکرت میں سے نکلیں ہماری ساری ہندستان کی بولیاں اور اس پراکرت میں سے ہی گڑھی گئی وہ لکھی بھاشا جسے لوگ سنسکرت کہتے ہیں . لکھی اور بولی میں بڑا فرق یہ ہے کہ لکھی کے لفظ لمبے ہوتے رہتے ہیں اور بولی کے چھوٹے . بڑی کوششوں سے اس لکھی میں آریہ بھاشا کے کچھ لفظ اور ٹھونسے گئے لیکن پھر بھی بہت سے لفظ دیسی بولی کے ہی اس میں لئے گئے، لیکن ذرا ان کی شکل بگاڑ کر یعنے لمبی کر کے . سنسکرت میں کتنے لفظ آریہ بھاشا کے اور کتنے دیسی بولی کے، اس کی ابھی تک کسی نے پوری جانچ نہیں کی . لیکن میرا انومان یہ ہے کہ اس میں کم سے کم 50 فی‌صدی لفظ دراوڑی کے، 20 فی‌صدی ترکی، عربی وغیرہ کے ہیں جو یہاں کی پراکرت میں رم گئے تھے . ان لفظوں کو آریہ بھاشا کا جتانے کے لئے ان لفظوں کی جھوٹی آریہ دھاتو (جڑیں) بنائی گئیں اور اس پر ایسا ملمع چڑھایا گیا کہ ہمارے اکثر لوگ، انپڑھ ہی نہیں ودوان بھی، سنسکرت کو شدھ آریہ بھاشا سمجھتے ہیں . جسے دیکھو وہ یہی کہتا ہے کہ ہندستان کی بولیاں سنسکرت میں سے نکلیں اور تماشا یہ ہے کہ اس کے ثبوت میں اکثر وہی شبد پیش کرتا ہے جو سنسکرت نے ہماری دیسی بولی سے لئے . چنانچہ حال ہی میں میں نے پنڈت سندر لال جیسے آزاد دماغ کا ایک آرٹیکل پڑھا جس میں انہوں نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی تھی کہ مدراس کی جو دراوڑی زبانیں کہلاتی ہیں ان میں بہت سے سنسکرت کے لفظ لئے گئے ہیں اور اس لئے مدراس والوں کو ہندی سیکھنے میں مشکل نہیں ہونی چاہئے . مجھے اب یاد نہیں کہ مثال کے طور پر کون سے لفظ پنڈت جی نے سنسکرت کے بتائے تھے لیکن وہ سب نیر، پاپ، چور، بیر، چومنا، مالا کی قسم کے تھے جو سنسکرت نے دراوڑی سے لئے ہیں . یہاں اتنا اور جتادینے کی ضرورت ہے کہ ہماری ہندستانی، پنجابی، راجستھانی، برج وغیرہ پرانی دراوڑی یعنی پراکرت کے بہت زیادہ نزدیک ہیں بنسبت تامل، تیلیگو یا ملیالم کے . ڈاکٹر ایچ. ہیراس (H. Heras) کی یہ رائے سچی معلوم ہوتی ہے کہ ہندستانی اور پنجابی بولیاں ہی دراوڑی سے نہیں نکلیں، ان کے بولنے والے بھی اصلی دراوڑی ہیں . آج ہماری

चाची, ताऊ, ताई, बाबा, दादा, दादी, नाना, नानी, मामा, मामी, मौसी, मौसा वग़ैरा. लेकिन शादी ब्याह को रिश्तेदारियों में अक्सर आर्य भाशा आ धमकी है—जैसे सास, ससुर, नन्दोई, नन्द, साला, साली, देवर, देवरानी जेट, जेठानी, बहू, विधवा, सुहागिन वग़ैरा. यहां देसी बोली से मुराद है उस बोली की जो आर्यों के आने से पहले यहां बोली जाती थी. यह द्रावड़ी जबान थी जिसमें मिस्री, तुर्की और दूसरी पच्छिमी जबानों की काफ़ी पुट थी. आर्य भाशा से मुराद है उस बोली की जो आर्य हिन्दुस्तान में आने से पहले बोलते थे.

निज की रिश्तेदारियों और ब्याह की रिश्तेदारियों में यह अन्तर क्यों? यह फ़र्क़ उस जमाने की यादगार है जब आर्यों ने हिन्दुस्तान में आकर यहां के आदमियों को तो मार भगाया और उनकी औरतों को जबरदस्ती घर में रख लिया. बावजूद हमारे पुरानों की कहानियों के इसमें तो आजकल शक की गुंजाइश नहीं कि जब आर्य क़ौम यहां आई थी वह चरवाहा थी और इधर उधर घूमती फिरती थी. न उन्हें खेती बाड़ी का काम अच्छी तरह से आता था, न वह मकान वग़ैरा बनाना जानते थे. उनसे यहां के लोग बहुत ज्यादा सुलझे हुए थे. जो बच्चे हुए उन्होंने अपनी माओं की बोली सीखी. क़ुदरती तौर पर जो निजी रिश्तेदारियां थीं वह बराबर देसी बोली की रहीं और जो आर्यों से ब्याह की सी रिश्तेदारियां क़ायम हुईं उन पर आर्य भाशा का असर पड़ा.

दूसरा दृश्य भी इससे मिला जुला है. जैसा कि ऊपर लिख आया हूं, आर्य जब यहां आए तो ख़ासे उजड्ड थे. यहां के द्रावड़ी ख़ासे सुसंस्कृत थे. जब दो क़ौमें मिलती हैं, एक उजड्ड और एक सुसंस्कृत, तो चाहे मुल्की फ़तह उजड्डों की ही हो, जो कलचर पैदा होता है वह सारा नहीं तो बहुत कुछ सुसंस्कृत फ़रीक़ का ही होता है. चुनांचे यहां भी ऐसा ही हुआ. आर्य अपने देवताओं—अग्नि, इन्द्र, मृत्यु वग़ैरा—को छोड़ कर शिव जी के पांव पड़े और पीपल को पूजने लगे जो दोनों द्रावड़ों के देवता थे. चूंकि बोली कलचर का सब से बड़ा अंग है इसलिये यहां एक ऐसी बोली पैदा हुई जिसे वेदों के जमाने में भाशा कहते थे और जो बाद में प्राकृत कहलाने लगी. इसमें द्रावड़ी 95 फ़ीसदी नहीं तो 90 फ़ी सदी घुस गई और आर्य भाशा पीछे रह गई. सब से ज्यादा असर तो उनकी आवाजों में हुआ. आर्य भाशा की जितनी आवाजें ऐसी थीं जो देसी बोली में नहीं पाई जाती थीं वह ऐसी ग़ायब हुईं जैसे गधे के सर से सींग, मसलन भाशा की ग़ैन, ख़े, क़ाफ़, फ़े जाती रहीं और अगर मुसलमान उन आवाजों को फिर यहां पर न लाते तो हमें उनका ज्ञान ही न होता, जैसे हमें उनके स्वरों ऋ, ॠ, लृ, ॡ का अब तक ज्ञान नहीं कि इन

چاچی، تاؤ، تائی، بابا، دادا، دادی، نانا، نانی، ماما، مامی، موسی، موسا وغیرہ. لیکن شادی بیاہ کی رشتہداریوں میں اکثر آریہ بھاشا آدھمکی ہے—جیسے ساس، سسر، نندوئی، نند، سالا، سالی، دیور، دیورانی، جیٹھ، جیٹھانی، بہو، ودھوا، سہاگن، وغیرہ. یہاں دیسی بولی سے مراد ہے اس بولی کی جو آریوں کے آنے سے پہلے یہاں بولی جاتی تھی. یہ دراوڑی زبان تھی جس میں مصری، ترکی اور دوسری پچھمی زبانوں کی کافی پٹ تھی. آریہ بھاشا سے مراد ہے اس بولی کی جو آریہ ہندستان میں آنے سے پہلے بولتے تھے.

نج کی رشتہداریوں اور بیاہ کی رشتہداریوں میں یہ انتر کیوں؟ یہ فرق اُس زمانہ کی یادگار ہے جب آریوں نے ہندستان میں آکر یہاں کے آدمیوں کو تو مار بھگایا اور اُن کی عورتوں کو زبردستی گھر میں رکھ لیا. باوجود ہمارے پرانوں کی کہانیوں کے اِس میں تو آجکل شک کی گنجائش نہیں کہ جب آریہ قوم یہاں آئی تھی وہ چرواہا تھی اور اِدھر اُدھر گھومتی پھرتی تھی. نہ انہیں کھیتی باڑی کا کام اچھی طرح سے آتا تھا، نہ وہ مکان وغیرہ بنانا جانتے تھے. اُن سے یہاں کے لوگ بہت زیادہ سلجھے ہوئے تھے. جو بچے ہوئے انہوں نے اپنی ماؤں کی بولی سیکھی. قدرتی طور پر جو نجی رشتہداریاں تھیں وہ برابر دیسی بولی کی رہیں اور جو آریوں سے بیاہ کی سی رشتہداریاں قائم ہوئیں اُن پر آریہ بھاشا کا اثر پڑا.

دوسرا درشیہ بھی اس سے ملا جلا ہے. جیسا کہ اُوپر لکھ آیا ہوں، آریہ جب یہاں آئے تو خاصے اُجڈ تھے. یہاں کے دراوڑی خاصے سوسنسکرت تھے. جب دو قومیں ملتی ہیں، ایک اُجڈ اور ایک سوسنسکرت، تو چاہے ملکی فتح اُجڈوں کی ہو، جو کلچر پیدا ہوتا ہے وہ سارا نہیں تو بہت کچھ سوسنسکرت فریق کا ہی ہوتا ہے. چنانچہ یہاں بھی ایسا ہی ہوا. آریہ اپنے دیوتاؤں—اگنی، اندر، مرتیو وغیرہ—کو چھوڑکر شوجی کے پاؤں پڑے اور پیپل کو پوجنے لگے جو دونوں دراوڑوں کے دیوتا تھے. چونکہ بولی کلچر کا سب سے بڑا انگ ہے اِسلئے یہاں ایک ایسی بولی پیدا ہوئی جسے ویدوں کے زمانہ میں بھاشا کہتے تھے اور جو بعد میں پراکرت کہلانے لگی. اس میں دراوڑی 95 فیصدی نہیں تو 90 فیصدی گھس گئی اور آریہ بھاشا پیچھے رہ گئی. سب سے زیادہ اثر تو ان کی آوازوں میں ہوا. آریہ بھاشا کی جتنی آوازیں ایسی تھیں جو دیسی بولی میں نہیں پائی جاتی تھیں وہ ایسی غائب ہوئیں جیسے گدھے کے سر سے سینگ، مثلاً آریہ بھاشا کی غ، خ، ف، ق، ز جاتی رہیں اور اگر مسلمان ان آوازوں کو پھر یہاں پر نہ لاتے تو ہمیں اُن کا گیان ہی نہ ہوتا، جیسے ہمیں اُن کے سوروں رِ، رِی، لِر، لری کا اب تک گیان نہیں کہ اُن

बोली—एक इतिहास (तवारीख़)

(मदन गोपाल)

इल्म बोली के माहिर कहते हैं कि हर देस की बोली उस देस की पुराने सामाजिक जीवन का सच्चा इतिहास होती है. किताबें झूटी हो सकती हैं और अगर वह एक फ़रीक़ या एक फ़रीक़ के ढिंढोरचियों ने लिखी हों तो अक्सर झूटी होती हैं, लेकिन बोली कभी झूट नहीं बोलती और न बोल सकती है.

बोली के इस एतिहासिक रूप की मिसाल जो आम तौर पर हिन्दुस्तान में मशहूर है वह अंग्रेज़ी की है. जहां तक मुझे जानकारी है हमने अपनी किसी बोली के एतिहासिक रूप को परखा ही नहीं, इसलिये मैं पहले अंग्रेज़ी मिसाल दर्ज करता हूं. ग्यारहवीं सदी में जब विलियम अव्वल ने इंग्लिस्तान फ़तह किया तो इंग्लिस्तान में जो बोली बोली जाती थी वह सेक्सन (Saxon) कहलाती थी. विलियम और उसके साथी नार्मन (Norman) एक क़िस्म की फ़्रांसीसी बोलते थे. उस ज़माने में सोना चांदी तो कम होता था मगर आदमी का धन उसके डंगर (जानवर) हुआ करते थे. हमारे इस शब्द 'धन' के असली माने हैं ही डंगर. जब नार्मनों की हकूमत जम गई तो वह सारे डंगरों के मालिक बन बैठे. जीते डंगरों की रखवाली सेक्सन लोग करते थे, इसलिये जीते डंगरों का नाम भी सेक्सन ही रहा. लेकिन चूंकि उन डंगरों का गोश्त खाते थे नार्मन, इसलिये उनके गोश्त का नाम नार्मन हुआ. मसलन Cow (गाय) सेक्सन और उसका गोश्त Beef नार्मन लफ़्ज़ है. इसी तरह से Sheep (भेड़), Pig (सूअर) और Deer (हिरन) सेक्सन ज़बान के लफ़्ज़ हैं, लेकिन उनके गोश्त के लिये Mutton, Pork और Venison तीनों नाम नार्मन बोली के हो गये. जीते और मरे हुए जानवरों के नाम का यह फ़र्क़ ग्यारहवीं बारहवीं सदी की धांधली का एक ऐसा सच्चा नक़्शा खींचता है जो जबतक अंग्रेज़ी ज़बान ज़िन्दा है क़ायम रहेगा.

हमारी बोली में भी हमारे पुराने सामाजिक जीवन की काफ़ी यादगारें क़ायम हैं, लेकिन चूंकि हमारे देस में हमें अपनी बोली सिखाने का दस्तूर आम नहीं इसलिये वह यादगारें हमारे ध्यान में नहीं लाई जातीं. दो चार नमूने अपनी समझ के अनुसार मैं नीचे दे रहा हूं.

हमारी बोली में जितनी निज की (पेट की) रिश्तेदारियां हैं वह सब ठेठ देसी बोली की हैं—जैसे मां, बाप, बेटा, बेटी, बहन, भाई, भाभी या भावज, जीजा, जीजी, चाचा,

بولی—ایک اِتہاس (تواریخ)

(مدن گوپال)

علم بولی کے ماہر کہتے ہیں کہ ہر دیس کی بولی اس دیس کی پرانے ساماجک جیون کا سچا اتہاس ہوتی ہے. کتابیں جھوٹی ہوسکتی ہیں اور اگر وہ ایک فریق کے ڈھنڈورچیوں نے لکھی ہوں تو اکثر جھوٹی ہوتی ہیں لیکن بولی کبھی جھوٹ نہیں بولتی اور نہ بول سکتی ہے.

इसके अलावा इन प्रदेशों के मिनिस्टरों ने उस सादगी का नमूना भी नहीं पेश किया जो उनसे उम्मीद की जा सकती थी. न वहां के दूसरे सरकारी ख़र्चों में कोई ऐसी कमी दिखलाई पड़ती है जिसकी वजह से यह समझा जा सके कि किफ़ायत के लिहाज़ से छोटे प्रदेश रखना बेहतर होगा.

کے میدان میں اِن پردیشوں نے دوسرے بڑے پردیشوں کے مقابلے اب تک کہیں زیادہ ترقی کی ہے حالانکہ ہند سرکار سے فائدے کی منظوری وغیرہ ملنے میں اکثر دیر بھی لگی ۔

ہم (C) پردیشوں کے چیف منسٹروں کی داد دیتے ہیں ۔ جس خوبی کے ساتھ اُنہوں نے اپنا میمورنڈم تیار کیا اُس کے لئے ہمارا دلی مبارک باد ۔ لیکن ایک کسر باقی رہ گئی ۔ وہ یہ کہ جب چھ (C) پردیشوں نے اس بہترین ڈھنگ سے کام کیا اور وہاں کی حکومت نے جنتا میں جوش پیدا کر دکھایا تو یہ چیف منسٹر مانگ کریں کہ کوئی وجہ نہیں ہے کہ (A) اور (B) پردیشوں میں سے چھوٹے چھوٹے حصے نکال کر (C) کی تعداد بڑھا دی جائے تاکہ سارا ملک زیادہ جوش سے آگے بڑھے ! ہم یہ بھی سفارش ضرور کرتے مگر دیکھتے کیا ہیں کہ دہلی پردیش میں آئے دن جھگڑے اور تو تو میں میں چل رہی ہے ۔ ادھر اجمیر میں کہیں سنگین حالت ہے اور اسمبلی کیا ہے داؤ پیچ کی شطرنج بن گئی ہے ۔ پھر وندھیہ پردیش میں بھی ویسا ہی نظارہ ہے ۔ اس کے علاوہ وہاں کے گورنر صاحب کو ایک نیا شوق پیدا ہوا ہے—ایک ٹھنڈی راجدھانی کھڑی کرنا ۔ اس کے لئے انہوں نے امرکنٹک کا مقام پسند کیا ہے ۔ کچھ دن وہ اور ان کے منسٹر وہاں جا کر رہے بھی ۔ ہمیں ڈر ہے کہ جلدی ہی لاکھوں روپیہ کی اسکیم سے وہاں اینٹوں کے محل چننا شروع ہو جائینگے ۔ کہنے کا مطلب یہ ہے کہ جو بیماریاں (A) اور (B) پردیش کے حاکموں یا اسمبلی والوں کو ہیں اس کے شکار (C) والے بھی بہت زیادہ ہیں ۔ شاید فیشن میں شمار کئے جانے کی وجہ سے وہاں ایسا ہوتا ہو ۔ مگر یہ صاف ہے کہ (C) پردیشوں نے کوئی ایسا ٹھوس قدم نہیں اُٹھایا جس سے وہاں کی جنتا کو کوئی کارگر فائدہ پہونچا ہو ۔ ہمیں بڑے افسوس کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے کہ (C) پردیش میں شامل ہونے کا نتیجہ یہ ہوا کہ ریوا' اورچھا' ٹیکم گڑھ اور ٹیہری گڑھوال، وغیرہ میں اب ونسپتی گھی کثرت سے پہونچنے لگا اور کیا دودھ' کیا گھی' سبھی اچھی چیزوں کو ناپید کر رہا ہے ۔ اس طرح جیوں (C) پردیشوں میں دیہاتی دستکاریاں مٹ رہی ہیں اور بیکاری بڑھ رہی ہے ۔

اس کے علاوہ اِن پردیشوں کے منسٹروں نے اس سادگی کا نمونہ بھی نہیں پیش کیا جو اُن سے امید کی جا سکتی تھی ۔ نہ وہاں کے دوسرے سرکاری خرچوں میں کوئی ایسی کمی دکھائی پڑتی ہے جس کی وجہ سے یہ سمجھا جا سکے کہ کفایت کے لحاظ سے چھوٹے پردیش رکھنا بہتر ہوگا ۔

मई महीने की 11-12 तारीख को इन छोटे प्रदेशों के चीफ मिनिस्टरों की कान्फ्रेंस शिमले से 12 मील दूर 'सामो' नाम के एक ठंडे मुक़ाम पर हुई जो हिमांचल प्रदेश में पड़ता है. उस कान्फ्रेंस के सदर अजमेर के चीफ मिनिस्टर श्री हरी भाऊ उपाध्याय जी थे. उस कान्फ्रेंस ने पांच सफ़े का लम्बा एक बयान प्रेस को दिया जो एक मेमोरेन्डम की शकल में उस कमीशन के सामने पेश किया जायेगा जिसके सिपुर्द हिन्दुस्तान के नये नक़्शे की तैयारी का काम किया गया है.

इस बयान को देखने पर पता चलता है कि इन प्रदेशों के चीफ मिनिस्टरों पर नेस्त नाबूद होने का हौवा छाया हुआ है और उन्हें काफ़ी डर इस बात का है कि अगर मुल्क के नक़्शे में कुछ भी तबदीली की गई है तो पहले हम ही शहीद किये जाने वाले हैं. उनका कहना है कि मुल्क की बहतरी के लिहाज़ से यह मुनासिब है कि मौजूदा सियासी निज़ाम को नहीं बदला जावे. पर अगर कुछ थोड़ी बहुत रद्दोबदल ज़रूरी समझी जावे भी तो कम से कम (C) दर्जे के प्रदेशों को बदस्तूर बने रहने दिया जाय. इसकी उन्होंने कई वजह गिनाई हैं :—

(1) उनका जन्म किसी इत्तफ़ाक़ से नहीं बल्कि तारीख़ी सिलसिले से है.

(2) यहां के लोग चाहते हैं कि यह बनी रहें. इसलिये उनकी राय को ठुकराना लोकशाही के ख़िलाफ़ होगा और विधान के उसूलों को नज़रअन्दाज़ करना होगा.

(3) यह ग़लत ख़्याल है कि यह प्रदेश मरकज़ी सरकार पर बोझ हैं. यह ऐतराज़ असलियत से दूर है और सिर्फ़ वही लोग कर सकते हैं जिन्हें हालत की सच्ची जानकारी नहीं है.

(4) हर प्रदेश की आमदनी व ख़र्च की सूरत बहुत अच्छी है और अगर केन्द्र से कुछ मदद आती है तो केवल उन योजनाओं वग़ैरा के लिये जो केन्द्र की सरकार तजवीज़ करती है. ऐसी मदद तो (A) और (B) प्रदेशों को भी दी जा रही है.

(5) केन्द्र में आबकारी और आमदनी पर टैक्स से जो रुपया पहुंचता है उसमें वह (A) और (B) प्रदेशों से तो शिरकत करता है मगर (C) से नहीं. इस चीज़ में हमारा भी हक़ है जिसको कुछ लोग महसूस नहीं करते.

(6) इन प्रदेशों में लोकशाही या प्रजातन्त्र का क़ानून चल रहा है. इसकी वजह से लोगों में एक जोश पैदा हुआ है. इसका नतीजा है कि पंचसाला योजना में जिस हद तक यहां वाले शिरकत कर सकते हैं उस हद तक दूसरे प्रदेश वाले नहीं कर सकते. यही कारन है कि विकास

مئی مہینہ کی 11-12 تاریخ کو ان چھوٹے پردیشوں کے چیف منسٹروں کی کانفرنس شملہ سے 12 میل دور 'سامو' نام کے ایک ٹھنڈے مقام پر ہوئی جو ہماچل پردیش میں پڑتا ہے . اس کانفرنس کے صدر اجمیر کے چیف منسٹر شری ہری بھاؤ اپادھیایہ جی تھے . اس کانفرنس نے پانچ صفحے کا لمبا ایک بیان پریس کو دیا جو ایک میمورنڈم کی شکل میں اس کمیشن کے سامنے پیش کیا جائیگا جس کے سپرد ہندوستان کے نئے نقشہ کی تیاری کا کام کیا گیا ہے .

اس بیان کو دیکھنے پر پتہ چلتا ہے کہ ان پردیشوں کے چیف منسٹروں پر نیست‌نابود ہونے کا ہوا چھایا ہوا ہے اور انہیں کافی ڈر اس بات کا ہے کہ اگر ملک کے نقشہ میں کچھ بھی تبدیلی کی گئی تو پہلے ہم ہی شہید کئے جانے والے ہیں . ان کا کہنا ہے کہ ملک کی بہتری کے لحاظ سے یہ مناسب ہے کہ موجودہ سیاسی نظام کو نہیں بدلا جائے . پر اگر کچھ تھوڑی بہت رد و بدل ضروری سمجھی جائے بھی تو کم سے کم (C) درجہ کے پردیشوں کو بدستور بنے رہنے دیا جائے . اسکی انہوں نے کئی وجہ گنائی ہیں :—

(1 . ان کا جنم کسی اتفاق سے نہیں بلکہ تاریخی سلسلہ سے ہے .

(2). یہاں کے لوگ چاہتے ہیں کہ یہ بنی رہیں. اس لئے انکی رائے کو ٹھکرانا لوک‌شاہی کے خلاف ہوگا اور ودھان کے اصولوں کو نظر انداز کرنا ہوگا .

(3) یہ غلط خیال ہے کہ یہ پردیش مرکزی سرکار پر بوجھ ہیں . یہ اعتراض اصلیت سے دور ہے اور صرف وہی لوگ کرسکتے ہیں جنہیں حالت کی سچی جانکاری نہیں ہے .

(4) ہر پردیش کی آمدنی و خرچ کی صورت بہت اچھی ہے اور اگر کیندر سے کچھ مدد آتی ہے تو کیول ان یوجناؤں وغیرہ کے لئے جو کیندر کی سرکار تجویز کرتی ہے . ایسی مدد تو (A) اور (B) پردیشوں کو بھی دی جارہی ہے .

(5) کیندر میں آبکاری اور آمدنی پر ٹیکس سے جو روپیہ پہونچتا ہے اس میں وہ (A) اور (B) پردیشوں سے تو شرکت کرتا ہے مگر (C) سے نہیں . اس چیز میں ہمارا بھی حق ہے جس کو کچھ لوگ محسوس نہیں کرتے .

(6) ان پردیشوں میں لوک‌شاہی یا پرجاتنتر کا قانون چل رہا ہے. اسکی وجہ سے لوگوں میں ایک جوش پیدا ہوا ہے . اسکا نتیجہ ہے کہ پنچ سالہ یوجنا میں جس حد تک یہاں والے شرکت کرسکتے ہیں اس حد تک دوسرے پردیش والے نہیں کرسکتے . یہی کارن ہے کہ وکاس

जो प्रोजैक्ट चला रही है उनमें है. महज़ खेती की पैदावार बढ़ाने से कोई फ़ायदा नहीं होने वाला है जबतक गांव की ज़रूरत की दीगर चीज़ें भी गांव में नहीं तैयार होतीं. यानी खेती और ग्राम उद्योग एक ही चीज़ के दो पहलू हैं. या यों कहें कि गांव की एक आंख खेती है तो दूसरी ग्राम उद्योग है. उनमें से एक के भी बिगड़ने पर सारी शकल बिगड़ जाती है.

हम चाहते हैं कि क्या प्लानिंग कमीशन वाले और क्या मरकज़ी, क्या सूबे की सब सरकारें सभी इस पहलू पर ज़रा गौर करें और सोचें कि नीलोखेड़ी का सारा काम एक फुलझड़ी जैसा हो कर क्यों रह गया ? हमारा भरोसा है कि अगर नीलोखेड़ी से सरकार ने ठीक सबक़ सही तरीक़े पर सीख लिया और उसके मुताबिक़ सारी स्कीमों और योजनाओं में तबदीली कर दी तो अब तक की गई मेहनत फ़िज़ूल न कही जायेगी, क्योंकि सुबह का भूला अगर शाम को घर लौट आये तो भूला नहीं कहा जाता.

9. 6. '54 —सुरेशराम भाई

جو پروجیکٹ چلا رہی ہے ان میں ہے. محض کھیتی کی پیداوار بڑھانے سے کوئی فائدہ نہیں ہونے والا ہے جب تک گاؤں کی ضرورت کی دیگر چیزیں بھی گاؤں میں نہیں تیار ہوتیں. یعنی کھیتی اور گرام ادیوگ ایک ہی چیز کے دو پہلو ہیں. یا یوں کہیں کہ گاؤں کی ایک آنکھ کھیتی ہے تو دوسری گرام ادیوگ ہے. ان میں سے ایک کے بھی بگڑنے پر ساری شکل بگڑ جاتی ہے.

ہم چاہتے ہیں کہ کیا پلاننگ کمیشن والے اور کیا مرکزی، کیا صوبے کی سب سرکاریں سبھی اس پہلو پر ذرا غور کریں اور سوچیں کہ نیلوکھیڑی کا سارا کام ایک پھل جھڑی جیسا ہو کر کیوں رہ گیا ؟ ہمارا بھروسہ ہے کہ اگر نیلوکھیڑی سے سرکار نے ٹھیک سبق صحیح طریقہ پر سیکھ لیا اور اس کے مطابق ساری اسکیموں اور یوجناؤں میں تبدیلی کر دی تو اب تک کی گئی محنت فضول نہ کہی جائے گی، کیونکہ صبح کا بھولا اگر شام کو گھر لوٹ آئے تو بھولا نہیں کہا جاتا.

9. 6. '54 —سریش رام بھائی

सी-प्रदेशों का भविष्य

भारत के विधान में तीन तरह की स्टेट या प्रदेश मन्ज़ूर किये गये हैं: (A), (B) और (C). दर्जा (A) में ज़्यादातर वह बड़े प्रदेश हैं जो अंग्रेज़ों के ज़माने में गवर्नरों के सूबे कहलाते थे जैसे यूपी, बम्बई, मद्रास वग़ैरा. दर्जा (B) में वह इलाक़े हैं जो अंग्रेज़ों के ज़माने में छोटी बड़ी 600 से ऊपर रियासतें थीं और जिन्हें सरदार पटेल ने मिला मिला कर एक बड़ी शकल दी थी, जैसे सौराष्ट्र, मध्य भारत, त्रिकोची वग़ैरा. दर्जा (C) में वह इलाक़े हैं जो पहले चीफ़ कमिश्नर के सूबे कहे जाते थे या रियासतों की शकल में थे. दर्जा (C) में छै प्रदेश हैं: देहली, अजमेर, कुर्ग, भोपाल, हिमाचल और विंध्य प्रदेश.

जब से यह (C) प्रदेश बने तब से ही यह सवाल अकसर लोगों के सामने पैदा होता है कि आख़िर उनकी ज़रूरत क्या है ? क्या अजमेर को राजस्थान में या भोपाल को मध्य भारत में नहीं शामिल किया जा सकता ? फिर यह भी सुनने में आया कि जब पुराने रजवाड़ों को मिलाया जा रहा था उस वक़्त भी (C) रियासतों को अलग न रखने का सोचा जा रहा था मगर कुछ आला शख़्सियतों की निजी पसंदगी और नापसंदगी भी उनके बनने का एक बाइस बन गई. बहरहाल आज, जैसा हमने ऊपर बयान किया, (C) दरजे में छै प्रदेश हैं.

سی-پردیشوں کا بھوشیہ

بھارت کے ودھان میں تین طرح کی اسٹیٹ یا پردیش منظور کیئے گئے ہیں: (A)، (B) اور (C). درجہ (A) میں زیادہ تر وہ بڑے پردیش ہیں جو انگریزوں کے زمانہ میں گورنروں کے صوبے کہلاتے تھے جیسے یوپی، بمبئی، مدراس وغیرہ. درجہ (B) میں وہ علاقے ہیں جو انگریزوں کے زمانے میں چھوٹی بڑی 600 سے اوپر ریاستیں تھیں اور جنہیں سردار پٹیل نے ملا ملاکر بڑی شکل دی تھی، جیسے سوراشٹر، مدھیہ بھارت، ترو کوچی وغیرہ. درجہ (C) میں وہ علاقے ہیں جو پہلے چیف کمشنر کے صوبے کہے جاتے تھے یا ریاستوں کی شکل میں تھے. درجہ (C) میں چھ پردیش ہیں: دہلی، اجمیر، کرگ، بھوپال، ہماچل اور وندھیہ پردیش.

جب سے یہ (C) پردیش بنے تب سے ہی یہ سوال اکثر لوگوں کے سامنے پیدا ہوتا ہے کہ آخر انکی ضرورت کیا ہے؟ کیا اجمیر کو راجستھان میں یا بھوپال کو مدھیہ بھارت میں نہیں شامل کیا جاسکتا ؟ پھر یہ بھی سننے میں آیا کہ جب پرانے رجواڑوں کو ملایا جا رہا تھا اس وقت بھی (C) ریاستوں کو الگ نہ رکھنے کا سوچا جا رہا تھا مگر کچھ اعلیٰ شخصیتوں کی نجی پسندگی اور ناپسندگی بھی ان کے بننے کا ایک باعث بن گئی. بہرحال جیسا ہم نے اوپر بیان کیا، (C) درجہ میں چھ پردیش ہیں.

[illegible] किया. हम मानते हैं कि इस तरह की बस्तियां बसाने का उन्हें तजुर्बा नहीं था और यह अपने ढंग की पहली कोशिश थी. लिहाज़ा कुछ न कुछ कमी रह जाना तो क़ुदरती बात थी. लेकिन हमारा ख़्याल है कि चाहे कितनी भी ख़ूबी व होशियारी से नीलोखेड़ी का काम क्यों न किया गया होता नतीजा यही या इससे मिलता जुलता होने वाला था. वजह यह है कि गांव या किसी बस्ती की तामीर का जो ढांचा हमारी हुकूमत या प्लानिंग कमीशन के पास है उस ढांचे में इस मुल्क के गांव या बस्तियों को नहीं ढाला जा सकता. हमारा अपना ख़्याल है कि नीलोखेड़ी की नाकामयाबी की बुनियादी वजह सिर्फ़ एक है. वह यह कि उस बस्ती को खाने, कपड़े और दूसरी बुनियादी ज़रूरतों में अपने पांव पर खड़े करने की कोशिश ही नहीं की गई. कपड़ा और ज़रूरी सामान बाहर से ला ला कर तनख़्वाह या पैसे के ज़ोर पर गांव नहीं बसाये जासकते.

ज़रा सोचने की बात है कि आज हमारे गांव क्यों तबाह हैं. अनाज तो वहां होता है. मगर अनाज के अलावा बाक़ी सभी सामान जैसे कपड़ा, जूता, बर्तन, पान, बीड़ी, तम्बाकू, तेल वग़ैरा सभी बाहर से आते हैं. इसका मतलब है कि अनाज तीन सेर की जगह तीन छटांक का भी बिकने लग जाये मगर किसान के पास पैसा रह ही नहीं पायेगा. आज जहां हमारे देहाती भाई बर्बाद हैं शादी ब्याह और गांजा भांग शराब के नशों से, वहां बाज़ार साहूकार, और सरकार मिलकर उनका वजूद मिटा रहे हैं. क़सूर न सरकार का है न साहूकार का, न बाज़ार, वाले व्यापारियों का, बल्कि उस निज़ाम का जो हमको अंग्रेज़ों से विरासत में मिला है. जो ढांचा अंग्रेज़ों ने अपने मतलब के लिये क़ायम किया था वह बदस्तूर चलाया जा रहा है जिसकी वजह से देहातों की हालत दिन दूनी रात चौगुनी ख़राब हो रही है. जब तक देहातों की दौलत बाहर जाती है तब तक देहातों का भला नहीं हो सकता. दूसरे लफ़्ज़ों में देहातों में होने वाला कच्चा माल वहीं काम में आना चाहिये और वहीं उसका पक्का माल बने और वहीं वह ख़र्च हो और ख़र्च से जो बचे वह शहरों में जाये. अंधे बहरे का मेल हमारे देहातों में नहीं ठहर सकता. आंखें एक की और ज़बान कान दूसरे की रखने से काम नहीं चलेगा. जहां का अनाज वहीं का कपड़ा, तेल वग़ैरा हो. इन्सानी जिस्म की तरह गांव की आर्थिक [illegible] भी एक मुकम्मल चीज़ है जिसमें जोड़ की गुंजाइश नहीं है.

नीलोखेड़ी को इस मुकम्मल शक्ल में नहीं बसा[illegible] [illegible] की ज़रूरत थी. [illegible] हमारी सरकार

[illegible] یا انہوں نے اس سے کیا سبق حاصل کیا. ہم مانتے ہیں کہ اس طرح کی بستیاں بسانے کا انہیں تجربہ نہیں تھا اور یہ اپنے ڈھنگ کی پہلی کوشش تھی. لہٰذا کچھ نہ کچھ کمی رہ جانا تو قدرتی بات تھی. لیکن ہمارا خیال ہے کہ چاہے کتنی بھی خوبی و ہوشیاری سے نیلوکھیڑی کا کام کیوں نہ کیا گیا ہوتا نتیجہ یہی یا اس سے ملتا جلتا ہونے والا تھا. وجہ یہ ہے کہ گاؤں یا کسی بستی کی تعمیر کا جو ڈھانچہ ہماری حکومت یا پلاننگ کمیشن کے پاس ہے اس ڈھانچے میں اس ملک کے گاؤں یا بستیوں کو نہیں ڈھالا جا سکتا. ہمارا اپنا خیال ہے کہ نیلوکھیڑی کی ناکامیابی کی بنیادی وجہ صرف ایک ہے. وہ یہ کہ اس بستی کو کھانے، کپڑے اور دوسری بنیادی ضرورتوں میں اپنے پاؤں پر کھڑے کرنے کی کوشش ہی نہیں کی گئی. کپڑا اور ضروری سامان باہر سے لا لا کر تنخواہ یا پیسے کے زور پر گاؤں نہیں بسائے جا سکتے.

ذرا سوچنے کی بات ہے کہ آج ہمارے گاؤں کیوں تباہ ہیں. اناج تو وہاں ہوتا ہے. مگر اناج کے علاوہ باقی سبھی سامان جیسے کپڑا، جوتا، برتن، پان، بیڑی، تمباکو، تیل وغیرہ سبھی باہر سے آتے ہیں. اس کا مطلب ہے کہ اناج تین سیر کی جگہ تین چھٹانک کا بھی بکنے لگ جائے مگر کسان کے پاس پیسہ رہ ہی نہیں پائے گا. آج جہاں ہمارے دیہاتی بھائی برباد ہو رہے ہیں شادی بیاہ اور گانجا بھانگ شراب کے نشوں سے، وہاں بازار، ساہوکار مل کر ان کا وجود مٹا رہے ہیں. قصور نہ سرکار کا ہے نہ ساہوکار کا، نہ بازار والے بیوپاریوں کا، بلکہ اس نظام کا جو ہم کو انگریزوں سے وراثت میں ملا ہے. جو ڈھانچہ انگریزوں نے اپنے مطلب کے لیے قائم کیا تھا وہ بدستور چلایا جا رہا ہے جس کی وجہ سے دیہاتوں کی حالت دن دونی رات چوگنی خراب ہو رہی ہے. جب تک دیہاتوں کی دولت باہر جاتی ہے تب تک دیہاتوں کا بھلا نہیں ہو سکتا. دوسرے لفظوں میں دیہاتوں میں ہونے والا کچا مال وہیں کام میں آنا چاہیے اور وہیں اس کا پکا مال بنے اور وہیں وہ خرچ ہو اور خرچ سے جو بچے وہ شہروں میں جائے. اندھے بہرے کا میل ہمارے دیہاتوں میں نہیں ٹھہر سکتا. آنکھیں ایک کی اور زبان کان دوسرے کی رکھنے سے کام نہیں چلے گا. جہاں کا اناج وہیں کا کپڑا، تیل وغیرہ ہو. انسانی جسم کی طرح گاؤں کی آرتھک بناوٹ بھی ایک مکمل چیز ہے جس میں جوڑ کی گنجائش نہیں ہے.

نیلوکھیڑی کو اس مکمل شکل میں نہیں بسایا گیا جس کی ضرورت تھی. یہی کمی ہماری سرکار

से घट कर 38 की बाक़ी हो गई. वहां के कारख़ाने मानो एक दम बरबाद हो गये.

यह नतीजा है 1948 से लेकर 1953 तक की गई सरकारी कोशिशों का. छै साल की गाढ़ी कमाई ! नीलोखेड़ी बिना गये हम अन्दाज़ा लगा सकते हैं कि वहां के लोगों की क्या दुर्दशा होगी और वह क्या कहते होंगे. सरकारी और अख़बारी हलक़ों का बयान यह है कि पंजाब सरकार ने जो अब वहां का काम हाथ में लिया है तो पहली चीज़ वह यह करने जा रही है कि पहले जो मिली जुली या (Collective) मिलकियत पर ज़ोर दिया जाता था उसकी बजाय अब निजी मिलकियत पर ज़ोर दिया जायेगा. उनका कहना यह है कि वहां के इर्द गिर्द जो आर्थिक हालत है और वहां पर बसने वाले ज़्यादातर लोगों का जो "बहुत ज़्यादा निजी पसन्द की तबियत" है उसकी वजह से यह तबदीली करना ज़रूरी है. वहां पर जो इन्जीनियरिंग का कारख़ाना और प्रेस वग़ैरा चलते हैं उन्हें पंजाब सरकार ने ले लिया है. ज़ाहिर बात है कि सरकारी काम की बदौलत और दूसरे सरकारी महकमों की मांग की वजह से नीलोखेड़ी के यह कारख़ाने दोबारा चलने लग जायेंगे. मगर इससे कौन इन्कार करेगा कि नीलोखेड़ी बसाने का न यह मक़सद था और न हो सकता है.

जैसा हमने ऊपर कहा हम नीलोखेड़ी देखने नहीं जा सके. लेकिन वहां से आने वाली रिपोर्टों के भरोसे पर इतना समझ में आ जाता है कि सरकार की मनशा यह थी कि नीलोखेड़ी एक अच्छा ख़ासा शहर बन जाये जहां तरह तरह के कारख़ाने और मौजूदा तर्ज़ के कारख़ाने चलते हों और सभी लोग रोज़ी से लगे रहें. हम नहीं कह सकते कि वहां जो कोआप्रेटिव चालू किये गये वह कितनी हद तक सच्चे कोआप्रेटिव थे और कितनी हद तक उनमें सरकारी लोगों या उस बस्ती के ही मालदार और असरदार लोगों का ज़्यादा हाथ था. मगर जब वहां के कारख़ाने ख़त्म हो गये तो उनसे इतना साफ़ पता चलता है कि उनमें जो चीज़ें तैयार होती थीं वह ऐसी नहीं थीं जो वहां के लोगों के लिये बहुत ज़रूरी हों और न ऐसी थीं जो देहली या दूसरे बड़े बाज़ारों में विदेश से आने वाले या बड़ी बड़ी मिलों में बने सामान का मुक़ाबिला कर सकें. उनकी खपत न नीलोखेड़ी में हुई और न बाहर बाज़ार में. लिहाज़ा वह बैठ गईं. इस वजह से नीलोखेड़ी का सारा काम ठंडा पड़ गया और बेरोज़गारी का हो जाना ताज्जुब की बात नहीं है.

हमें नहीं मालूम कि नीलोखेड़ी की नाकामयाबी पर शायद कमीशन वाले या केन्द्री सरकार के रहनुमा लोग

سے گھٹ کر 38 کی باقی ہوگئی . وہاں کے کارخانے مانو ایکدم برباد ہوگئے .

یہ نتیجہ ہے 1948 سے لے کر 1953 تک کی گئی سرکاری کوششوں کا . چھ سال کی گاڑھی کمائی! نیلوکھیڑی بنا گئے ہم اندازہ لگا سکتے ہیں کہ وہاں کے لوگوں کی کیا دردشا ہوگی اور وہ کیا کہتے ہونگے . سرکاری اور اخباری حلقوں کا بیان یہ ہے کہ پنجاب سرکار نے جو اب وہاں کا کام ہاتھ میں لیا ہے تو پہلی چیز وہ یہ کرنے جا رہی ہے کہ پہلے جو ملی جلی یا (Collective) ملکیت پر زور دیا جاتا تھا اس کی بجائے اب نجی ملکیت پر زور دیا جائے گا . ان کا کہنا یہ ہے کہ وہاں کے ارد گرد جو آرتھک حالت ہے اور وہاں پر بسنے والے زیادہ تر لوگوں کا جو "بہت زیادہ نجی پسند کی طبیعت" ہے اسکی وجہ سے یہ تبدیلی کرنا ضروری ہے . وہاں پر جو انجینیرنگ کا کارخانہ اور پریس وغیرہ چلتے ہیں انہیں پنجاب سرکار نے لے لیا ہے . ظاہر بات ہے کہ سرکاری کام کی بدولت اور دوسرے سرکاری محکموں کی مانگ کی وجہ سے نیلوکھیڑی کے یہ کارخانے دوبارہ چلنے لگ جائینگے مگر اس سے کون انکار کریگا کہ نیلوکھیڑی بسانے کا نہ یہ مقصد تھا اور نہ ہوسکتا ہے .

جیسا ہم نے اوپر کہا ہم نیلوکھیڑی دیکھنے نہیں جا سکے . لیکن وہاں سے آنے والی رپورٹوں کے بھروسہ پر اتنا سمجھ میں آ جاتا ہے کہ سرکار کی منشا یہ تھی کہ نیلوکھیڑی ایک اچھا خاصہ شہر بن جائے جہاں طرح طرح کے کارخانے اور موجودہ طرز کے کارخانے چلتے ہوں اور سبھی لوگ روزی سے لگے رہیں . ہم نہیں کہہ سکتے کہ وہاں جو کوآپریٹو چالو کئے گئے وہ کتنی حد تک سچے کوآپریٹو تھے اور کتنی حد تک ان میں سرکاری لوگوں یا اس بستی کے ہی مالدار اور اثر دار لوگوں کا زیادہ ہاتھ تھا . مگر جب وہاں کے کارخانے ختم ہوگئے تو ان سے اتنا صاف پتہ چلتا ہے کہ ان میں جو چیزیں تیار ہوتی تھیں وہ ایسی نہیں تھیں جو وہاں کے لوگوں کے لئے بہت ضروری ہوں اور نہ ایسی تھیں جو دہلی یا دوسرے بڑے بازاروں میں ودیش سے آنے والے یا بڑی بڑی ملوں میں بنے سامان کا مقابلہ کر سکیں . ان کی کھپت نہ نیلوکھیڑی میں ہوئی اور نہ باہر بازار میں . لہذا وہ بیٹھ گئیں . اس وجہ سے نیلوکھیڑی کا سارا کام ٹھنڈا پڑ گیا اور بیروزگاری کا ہوجانا تعجب کی بات نہیں ہے .

ہمیں نہیں معلوم کہ نیلوکھیڑی کی ناکامیابی پر شاید کمیشن والے یا کیندری سرکار کے رہنما لوگ

पर एक नज़र डाल सकते थे. मगर हमें ख़याल आया कि "स्टेट्समैन" ऐसा अंग्रेज़ी अख़बार है और हो सकता है कि उसका नुमाइन्दा देहाती काम का तजुर्बा न रखता हो और इसलिये वह ठीक ठीक न समझ सका हो कि नीलोखेड़ी की असलियत क्या है. इसलिये हम अपने पुराने ख़याल पर जमे रहे कि प्लैनिंग कमीशन जब वहां की बाग डोर लिये हुए है तो कोई शिकायत की गुंजाइश हो ही नहीं सकती.

लेकिन पिछले तीन महीनों में नीलोखेड़ी के बारे में एक के बाद एक ख़बरें आना शुरू हुईं जिनसे हम सोचने लगे कि ज़रूर कोई न कोई घबराहट की बात है और फिर हमें "स्टेट्समैन" के नुमाइन्दे की रिपोर्ट की याद हो आई. मालूम यह हुआ कि पहली जनवरी 1954 को नीलोखेड़ी का इन्तज़ाम पंजाब सरकार के सिपुर्द कर दिया गया. वहां पर एक के बाद एक दुश्वारियां खड़ी होने लगीं और प्लैनिंग कमीशन का सेन्ट्रल कम्युनिटी प्रोजेक्ट ऐडमिनिस्ट्रेशन उनका सामना न कर सका और आख़िर वहां की ज़िम्मेदारी तक वह न संभाल सका. यह भी पता चला कि वहां का काम डांवाडोल देखकर नई दिल्ली सरकार ने दिल्ली यूनिवर्सिटी के अर्थशास्त्र महकमे की शाख़ देहली स्कूल आफ़ एकोनामिक्स (Delhi Shool of Economics) से दरख़्वास्त की कि वहां के काम धाम पर एक रिपोर्ट तैयार करे. यह रिपोर्ट तो हमारे देखने में नहीं आई मगर 27 अप्रैल 1954 के "स्टेट्समैन" के एडीटर के लिखे मज़मून में उसके कुछ जुमले लिये गये हैं जो हम यहां देते हैं.

रिपोर्ट तैयार करने के लिये 1519 में से 150 ख़ान्दानों की हालत को ग़ौर से देखा गया. यह 150 ख़ान्दान यों ही बिना किसी ख़ास लिहाज़ के चुन लिये गये. 1952 तक बसाने का काम तो काफ़ी हद तक हो चुका था फिर भी बहुतेरा करने को बाक़ी था. ख़ास बात यह कि जिन लोगों को मुलाज़मत पर लगाया गया उनमें 45 फ़ीसदी तो ग़ैर मुस्तक़िल काम पर थे और 35 फ़ीसदी को अपना काम बहुत ही ज़्यादा नापसन्द था. मई 1952 में आकर आर्थिक हालत ख़राब होना शुरू हो गई. सोचा यह गया था कि नीलोखेड़ी बुनियादी ज़रूरतों के मामले में स्वावलम्बी होगी और जहां तक होगा सहकारी या कोआपरेटिव ढंग पर उसे चलाया जायेगा. लेकिन देहली स्कूल वालों ने जब 1953 में वहां की जांच दोबारा की तो पता चला कि "1947 और 1951 के दर्मियान जो बसाने का काम किया गया था वह सब ख़त्म व नष्ट हो गया और हालत फिर वह हो गई जो 1947 की अगस्त से दिसम्बर तक यानी नीलोखेड़ी की शुरुआत के वक़्त थी. बेरोज़गारी 5 फ़ीसदी

پر ایک نظر ڈال سکتے تھے ۔ مگر ہمیں خیال آیا کہ "اسٹیٹسمین" ایسا انگریزی اخبار ہے اور ہوسکتا ہے کہ اسکا نمائندہ دیہاتی کام کا تجربہ نہ رکھتا ہو اور اسلئے وہ ٹھیک ٹھیک نہ سمجھ سکا ہو کہ نیلوکھیڑی کی اصلیت کیا ہے ۔ اسلئے ہم اپنے پرانے خیال پر جمے رہے کہ پلاننگ کمیشن جب وہاں کی باگ ڈور لئے ہوئے ہے تو کوئی شکایت کی گنجائش ہو ہی نہیں سکتی ۔

لیکن پچھلے تین مہینوں میں نیلوکھیڑی کے بارے میں ایک کے بعد ایک خبریں آنا شروع ہوئیں جن سے ہم سوچنے لگے کہ ضرور کوئی نہ کوئی گھبراہٹ کی بات ہے اور پھر ہمیں "اسٹیٹسمین" کے نمائندہ کی رپورٹ کی یاد ہو آئی ۔ معلوم یہ ہوا کہ پہلی جنوری 1954 کو نیلوکھیڑی کا انتظام پنجاب سرکار کے سپرد کردیا گیا ۔ وہاں پر ایک کے بعد ایک دشواریاں کھڑی ہونے لگیں اور پلاننگ کمیشن کا سینٹرل کمیونٹی پروجیکٹ ایڈمنسٹریشن ان کا سامنا نہ کرسکا اور آخر وہاں کی ذمہ داری تک وہ نہ سنبھال سکا ۔ یہ بھی پتہ چلا کہ وہاں کا کام ڈانواڈول دیکھکر نئی دلی سرکار نے دلی یونیورسٹی کے ارتھ شاستر محکمہ کی شاخ دہلی اسکول آف اکونامکس (Delhi School of Economics) سے درخواست کی کہ وہاں کے کام دھام پر ایک رپورٹ تیار کرے ۔ یہ رپورٹ تو ہمارے دیکھنے میں نہیں آئی مگر 27 اپریل 1954 کے "اسٹیٹسمین" کے ایڈیٹر کے لکھے مضمون میں اس کے کچھ جملے لئے گئے ہیں جو ہم یہاں دیتے ہیں ۔

رپورٹ تیار کرنے کے لئے 1519 میں سے 150 خاندانوں کی حالت کو غور سے دیکھا گیا ۔ یہ 150 خاندان یونہی بلا کسی خاص لحاظ کے چن لئے گئے ۔ 1952 تک بسانے کا کام تو کافی حد تک ہوچکا تھا پھر بھی بہتیرا کرنے کو باقی تھا ۔ خاص بات یہ کہ جن لوگوں کو ملازمت پر لگایا گیا ان میں 45 فیصدی تو غیر مستقل کام پر تھے اور 35 فیصدی کو اپنا کام بہت ہی زیادہ ناپسند تھا ۔ مئی 1952 میں آکر آرتھک حالت خراب ہونا شروع ہوگئی ۔ سوچا یہ گیا تھا کہ نیلوکھیڑی بنیادی ضرورتوں کے معاملہ میں سواولمبی ہوگی اور جہاں تک ہوگا سہکاری یا کوآپریٹو ڈھنگ پر اسے چلایا جائیگا ۔ لیکن دہلی اسکول والوں نے جب 1953 میں وہاں کی جانچ دوبارہ کی تو پتہ چلا کہ "1947 اور 1951 کے درمیان جو بسانے کا کام کیا گیا تھا وہ سب ختم و نشٹ ہوگیا اور حالت پھر وہ ہوگئی جو 1947 کی اگست سے دسمبر تک یعنی نیلوکھیڑی کی شروعات کے وقت تھی ۔ بیروزگاری 5 فیصدی

नीलोखेड़ी की फुलझड़ी

दो बरस पहले की बात है. "नया हिन्द" के प्रेमी पाठक जानते हैं कि वर्धा के प्रोफ़ेसर ठाकुर दास बंग और कई साथियों के साथ हम इटावा गये थे जहां हमने एक अमरीकी माहिर की निगरानी में चलने वाली गांव सुधार योजना को खूब अहत्यात से देखा समझा था. हम इस नतीजे पर पहुंचे थे कि इटावा योजना एक घर फूंक तमाशा है जो हमारी देहाती जनता को और भी ज़्यादा तबाह व बर्बाद करेगी. वक्त ने साबित कर दिया है कि हमारा ख्याल सही था. उन्हीं दिनों हमारा इरादा था कि आगे बढ़ कर देहली तक जायें और वहां से थोड़े से फ़ासिले पर पंजाब के सूबे की हद में नीलोखेड़ी नाम का जो मुक़ाम है उसे भी देख आयें. मगर वक्त की तंगी की वजह से ऐसा न हो सका और हम अब तक नीलो खेड़ी नहीं जा सके.

नीलोखेड़ी एक शहराती बस्ती (Township) है जिसे सन 1947 के बाद से बसाया गया है. उसके सभी बाशिन्दे शरनार्थी हैं जो पाकिस्तान से आये हैं. सन 1952 तक वहां पर 1519 ख़ान्दान बसाये गये थे. यहां का सारा इन्तज़ाम मरकज़ी सरकार की देख रेख में था और सन 1952 के शुरू में उसकी सारी ज़िम्मेदारी प्लानिंग कमीशन की तरफ़ से सेन्ट्रल कम्युनिटी प्रोजेक्स ऐडमिनिस्ट्रेशन Central Community Projects Administration) ने ले ली. इटावा की तरह की तरह नीलखेड़ी की भी बड़ी चर्चा थी और कहा जाता था कि यहां शहराती व देहाती दोनों तरह की स्कीम या कम्युनिटी प्रोजेक्ट चलाया जायेगा और सारे मुल्क के लिये मिसाल पेश करने वाला काम किया जायेगा. इसके साथ साथ यह भी दावे थे कि काश्तकारी बढ़ाने, आने जाने के ज़रिये फैलाने, और स्कूल, अस्पताल वग़ैरा खोलने के अलावा खास ज़ोर "इन्सान बसाने" पर दिया जायेगा. हम उम्मीद करते थे कि चूंकि प्लानिंग कमीशन खुद नीलोखेड़ी की कश्ती खे रहा है इसलिये वाक़ई ज़ोरदार नतीजे निकलेंगे और मुल्क की नई तामीर का नक़शा हमारे सामने आयेगा.

हमारा ख्याल था कि नीलोखेड़ी में ढंग से काम चल रहा है मगर 1953 के शुरू में दिल्ली के "स्टेट्समैन" अख़बार के ख़ास नुमाइन्दे की एक हैरतअंगेज़ रिपोर्ट छपी. उसमें लिखा था कि कोआपरेटिव के सरकारी तरीक़े पर जो योजना वहां चल रही है वह नाकाम साबित हुई है और बेरोज़गारी वग़ैरा शिद्दत से बढ़ रही है. ज़िम्मेदार अख़बार की तरफ़ से रिपोर्ट होने की वजह से हम उस

نیلوکھیڑی کی پھل جھڑی

دو برس پہلے کی بات ہے۔ "نیا ہند" کے پریمی پاٹھک جانتے ہیں کہ وردھا کے پروفیسر ٹھاکر داس بنگ اور کئی ساتھیوں کے ساتھ ہم اٹاوہ گئے تھے جہاں ہم نے ایک امریکی ماہر کی نگرانی میں چلنے والی گاؤں سدھار یوجنا کو خوب احتیاط سے دیکھا سمجھا تھا۔ ہم اس نتیجے پر پہونچے تھے کہ اٹاوہ یوجنا ایک گھر پھونک تماشہ ہے جو ہماری دیہاتی جنتا کو اور بھی زیادہ تباہ و برباد کریگی۔ وقت نے ثابت کردیا ہے کہ ہمارا خیال صحیح تھا۔ انہیں دنوں ہمارا ارادہ تھا کہ آگے بڑھکر دہلی تک جائیں اور وہاں سے تھوڑے سے فاصلہ پر پنجاب کے صوبہ کی حد میں نیلوکھیڑی نام کا جو مقام ہے اسے بھی دیکھ آئیں، مگر وقت کی تنگی کی وجہ سے ایسا نہ ہوسکا اور ہم اب تک نیلوکھیڑی نہیں جاسکے۔

نیلوکھیڑی ایک شہراتی بستی (Township) ہے جسے 1947 کے بعد سے بسایا گیا ہے۔ اس کے سبھی باشندے شرنارتھی ہیں جو پاکستان سے آئے ہیں۔ سن 1952 تک وہاں پر 1519 خاندان بسائے گئے تھے۔ یہاں کا سارا انتظام مرکزی سرکار کی دیکھ ریکھ میں تھا اور سن 1952 کے شروع میں اسکی ساری ذمہ داری پلاننگ کمیشن کی طرف سے سینٹرل کمیونٹی پروجیکٹس ایڈمنسٹریشن (Central Community Projects Administration) نے لے لی۔ اٹاوہ کی طرح نیلوکھیڑی کی بھی بڑی چرچا تھی اور کہا جاتا تھا کہ یہاں شہراتی و دیہاتی دونوں طرح کی اسکیم یا کمیونٹی پروجیکٹ چلایا جائیگا اور سارے ملک کے لئے مثال پیش کرنے والا کام کیا جائیگا۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی دعوے تھے کہ کاشتکاری بڑھانے، آنے جانے کے ذریعے پھیلانے، اور اسکول، اسپتال وغیرہ کھولنے کے علاوہ خاص زور "انسان بسانے" پر دیا جائیگا۔ ہم امید کرتے تھے کہ چونکہ پلاننگ کمیشن خود نیلوکھیڑی کی کشتی کو کھے رہا ہے اسلئے واقعی زوردار نتیجے نکلینگے اور ملک کی نئی تعمیر کا نقشہ ہمارے سامنے آئیگا۔

ہمارا خیال تھا کہ نیلوکھیڑی میں ڈھنگ سے کام چل رہا ہے۔ مگر 1953 کے شروع میں دلی کے "اسٹیٹسمین" اخبار کے خاص نمائندہ کی ایک حیرت انگیز رپورٹ چھپی۔ اسمیں لکھا تھا کہ کوآپریٹو کے سرکاری طریقہ پر جو یوجنا وہاں چل رہی ہے وہ ناکام ثابت ہوئی ہے اور بیروزگاری وغیرہ شدت سے بڑھ رہی ہے۔ ذمہ دار اخبار کی طرف سے رپورٹ ہونے کی وجہ سے ہم اس

लोगों ने इस बात की तसदीक़ कर ली कि अगर मंहगाई की वजह उन्हें ज़्यादा मिलना चाहिये तो इस हिसाब से मुल्क के दूसरे लोगों की आमदनियां ज़्यादा हो गई हैं. नहीं, उन्हें नहीं ख़याल आया. अफ़सोस इस बात का है कि जब आचार्य कृपलानी जैसे उनके बुज़ुर्ग साथी ने कांग्रेस वालों को याद दिलाई तब भी उनके ऊपर कोई असर नहीं हुआ. मसल मशहूर है कि चिकने घड़े पर पानी का कोई असर ही नहीं होता.

शायद हमारे जवाब में कोई कांग्रेसी भाई कहेंगे कि हमने तनख़्वाह वग़ैरा मुक़र्रर की तो कौन नाइन्साफ़ी की, अंग्रेज़ी पार्लियामेन्ट के मेम्बरों ने तो अपनी तनख़्वाह एक हज़ार पौंड सालाना से डेढ़ हज़ार पौंड कर ली. इस दलील पर सिवाय तरस खाने के और क्या किया जा सकता है क्योंकि इंगलिस्तान हिन्दुस्तान नहीं है और न हिन्दुस्तान इंगलिस्तान है. लेकिन इंगलिस्तान की पार्लियामेन्ट वालों की एक ख़ुसूसियत है कि वह एक हद के अन्दर रह कर काम करते हैं और लोक राज का ख़याल रखते हैं. यह बात हिन्दुस्तान की पार्लिया-मेन्ट वालों के बारे में नहीं कही जा सकती है. कैसे दुख की चीज़ है कि हमारी पार्लियामेन्ट के बहुत से मेम्बर लोगों ने अपने रहने के कमरों को किराये पर उठा रक्खा है और जितना किराया ख़ुद नहीं देते उससे ज़्यादा अपने किरायेदारों से वसूल कर लेते हैं. यानी अपने कमरों को भी उन्होंने आमदनी का ज़रिया बना लिया है. अब यह एक ऐसी बात है जिसे जान कर हर हिन्दुस्तानी की आंखें शर्म से डूब जायेंगी. जब मेम्बर लोग इस तरह नाजाइज़ आमदनी के पीछे पड़ेंगे तो उनसे मुल्क की बेहतरी की क्या उम्मीद की जा सकती है. उनको ख़ुदग़र्ज़ी के पुतले कहा जाये तो बेजा न होगा. एक मछली से सारा तालाब ही गंदा हो जाता है.

तिस पर भी कौन जाने कि हमारे हुक्काम और कांग्रेसी भाई हिन्दुस्तान को इंगलिस्तान बनाने के ख़्वाब देखते हों तो हम उनसे यक़ीन व नम्रता के साथ कहना चाहते हैं कि हिन्दुस्तान हरगिज़ इंगलिस्तान नहीं बनेगा, आज अपनी हुकूमत के नशे में चूर हो कर कांग्रेस वाले या उनके हमख़याल जिस तरह चाहें जनता को तकलीफ़ दे लें लेकिन कल, कल नहीं तो परसों, इस मुल्क की जनता अपने पैरों पर खड़ी हो कर गांव गांव "ग्राम राज" क़ायम करेगी और मुल्क के अन्दर इन्साफ़ व ईमान की हुकूमत या इन्सानी हुकूमत क़ायम करेगी जिसमें मौजूदा पार्लियामेन्ट जैसी "बांझ" और "वेश्या" जमाअतों की कोई जगह नहीं होगी.

8. 6. '54 —सुरेशराम भाई

ن نے اس بات کی تصدیق کر لی کہ اگر مہنگائی
وجہ سے انہیں زیادہ ملنا چاہئے تو اس حساب سے
ـک کے دوسرے لوگوں کی آمدنیاں زیادہ ہوگئی ہیں۔
ں' انہیں نہیں خیال آیا۔ افسوس اس بات کا ہے
جب آچاریہ کرپلانی جیسے ان کے بزرگ ساتھی نے
گریس والوں کو یاد دلائی تب بھی ان کے اوپر کوئی اثر
یں ہوا۔ مثل مشہور ہے کہ چکنے گھڑے پر پانی کا کوئی
ہی نہیں ہوتا۔

شاید ہمارے جواب میں کوئی کانگریسی بھائی کہینگے
ہم نے تنخواہ وغیرہ مقرر کی تو کون نا انصافی کی'
گریزی پارلیامنٹ کے ممبروں نے تو اپنی تنخواہ ایک
ر پونڈ سالانہ سے ڈیڑھ ہزار پونڈ کر لی۔ اس دلیل پر
وائے ترس کھانے کے اور کیا کیا جا سکتا ہے کیونکہ
گلستان ہندستان نہیں ہے اور نہ ہندستان انگلستان
۔ لیکن انگلستان کی پارلیامنٹ والوں کی ایک
صوصیت ہے کہ وہ ایک حد کے اندر رہ کر کام کرتے ہیں
ر لوک راج کا خیال رکھتے ہیں۔ یہ بات ہندستان کی
رلیامنٹ والوں کے بارے میں نہیں کہی جا سکتی۔
سے دکھ کی چیز ہے کہ ہماری پارلیامنٹ کے بہت سے
مبر لوگوں نے اپنے رہنے کے کمروں کو کرایہ پر اٹھا رکھا ہے
جتنا کرایہ خود نہیں دیتے اس سے زیادہ اپنے کرایہ
روں سے وصول کر لیتے ہیں۔ یعنی اپنے کمروں کو بھی
وں نے آمدنی کا ذریعہ بنا لیا ہے۔ اب یہ ایک ایسی
ت ہے جسے جان کر ہر ہندستانی کی آنکھیں شرم سے
ب جائیں گی۔ جب ممبر لوگ اس طرح ناجائز آمدنی
پیچھے پڑیں گے تو ان سے ملک کی بہتری کی کیا امید
جا سکتی ہے۔ ان کو خود غرضی کے پتلے کہا جائے
بیجا نہ ہوگا۔ ایک مچھلی سے سارا تالاب ہی گندا
و جاتا ہے۔

س پر بھی کون جانے کہ ہمارے حکام اور کانگریسی
ھائی ہندستان کو انگلستان بنانے کے خواب دیکھتے
وں تو ہم ان سے یقین و نمرتا کے ساتھ کہنا چاہتے ہیں
ہ ہندستان ہرگز انگلستان نہیں بنےگا' آج اپنی حکومت
ے نشہ میں چور ہو کر کانگریس والے یا ان کے ہم خیال
س طرح چاہیں جنتا کو تکلیف دے لیں لیکن کل'
ل نہیں تو پرسوں' اس ملک کی جنتا اپنے پیروں پر
ھڑی ہو کر گاؤں گاؤں "گرام راج" قائم کرے گی اور ملک
ے اندر انصاف و ایمان کی حکومت یا انسانی حکومت
ائم کرے گی جس میں موجودہ پارلیامنٹ جیسی
"بانجھ" اور "ویشیا" جماعتوں کی کوئی جگہ نہیں
وگی۔

—سریش رام بھائی 8. 6. '54

(iii) मौजूदा दस्तूर के मुताबिक़ महज़ चालीस रुपया रोज़ भत्ता.

कांग्रेस की तरफ़ से आने वाली नई तजवीज़ की मुख़ालिफ़त आचार्य कृपलानी ने की और इसी तरह कम्युनिस्ट पार्टी के नाइब लीडर प्रोफ़ेसर मुकर्जी ने भी. मगर जहां अकसरियत पर सारे फ़ैसले होते हों वहां कम तादाद वालों की तरफ़ से अगर कोई अच्छी से अच्छी बात भी पेश की जाये तो वह बेकार सी साबित होती है. ताज्जुब इस बात का है कि जो नई तजवीज़ कांग्रेस मेम्बर ने पार्लियामेन्ट में पेश की वह कांग्रेस की तरफ़ से इस कमेटी में नहीं पेश की गई जिस के हवाले यह काम गया था. हिन्दुस्तान की कैसी बदक़िस्मती है कि इसकी सब से आला कही जाने वाली पार्लियामेन्ट नाम की सभा के मेम्बर अपने खाने पीने और रहने सहने के सवालों पर एक राय नहीं हो पाते. इसमें हम कांग्रेस पार्टी को सब से ज़्यादा क़सूरवार ठैहराये बिना नहीं रह सकते.

ऐसी हालत में जब देश की हाकिम कांग्रेस पार्टी के लोग निजी सवालों पर मिल जुल कर अमल नहीं कर सकते तो भला मुल्क की आम जनता से वास्ता रखने वाले और एक से एक पेचीदा सवालों पर किस तर एक राय हो सकते हैं. शायद यह दोश कांग्रेस पार्टी का इतना नहीं जितना पार्लियामेंट्री निज़ाम का है. जिस अंग्रेज़ी पार्लियामेंट की यह नक़ल है इस पार्लियामेन्ट के बारे में संजीदा अंग्रेज़ों ने 'दुनिया भर की गप का अड्डा", "बच्चा" और "कोई सच्चा ईसाई इसका मेम्बर नहीं हो सकता" वग़ैरा लफ़्ज़ इस्तेमाल किये हैं और महात्मा गांधी जी ने पार्लियामेन्ट की मिसाल "एक बांझ औरत और वैश्या" से दी है. महात्मा गांधी ने यह भी कहा था कि पार्लियामेन्ट के मेम्बरों में "न सच्ची ईमानदारी होती है और न जानदार अन्तःकरन या ज़मीर." हिन्दुस्तान की पार्लियामेन्ट ने साबित कर दिखाया कि महात्मा गांधी के दोनों बयान सोलह आने सही व वाजिब हैं.

इसके अलावा मामूली इन्सानी लिहाज़ से भी देखें तो मानना होगा कि पार्लियामेन्ट वालों ने यह बिल पास कर के ज़्यादती की है. जिस वक़्त उन्होंने ऊपर वाले बिल को पास किया उस वक़्त उन्होंने अपने दिल पर हाथ रख कर देखा होता कि क्या उन्हें अपनी कांस्टी-चुएेन्सी के उन ग़रीबों की याद है जिन्होंने पुश्त दर पुश्त यह भी नहीं जाना कि भर पेट खाना किस चिड़िया का नाम है. जिनको मुल्क की हर तरक़्क़ी तबाही एक से एक गहरे सागर में डुबो देती है और जिनकी आंखों के आगे राज भले कोई आ जाये उजाला नज़र नहीं आता. या जाने हैं उन ग़रीबों को. क्या हमारे हुक्मरां

(iii) موجودہ دستور کے مطابق محض چالیس روپیہ روز بھتہ .

کانگریس کی طرف سے آنے والی نئی تجویز کی مخالفت آچاریہ کرپلانی نے کی اور اسی طرح کمیونسٹ پارٹی کے نائب لیڈر پروفیسر مکرجی نے بھی. مگر جہاں اکثریت پر سارے فیصلے ہوتے ہوں وہاں کم تعداد والوں کی طرف سے اگر کوئی اچھی سے اچھی بات بھی پیش کی جائے تو وہ بیکار سی ثابت ہوتی ہے. تعجب اس بات کا ہے کہ جو نئی تجویز کانگریس ممبر نے پارلیامنٹ میں پیش کی وہ کانگریس کی طرف سے اس کمیٹی میں نہیں پیش کی گئی جس کے حوالے یہ کام کیا گیا تھا . ہندستان کی کیسی بدقسمتی ہے کہ اسکی سب سے اعلیٰ کہی جانے والی پارلیامنٹ نام کی سبھا کے ممبر اپنے کھانے پینے اور رہنے سہنے کے سوالوں پر ایک رائے نہیں ہو پاتے . اس میں ہم کانگریس پارٹی کو سب میں زیادہ قصوروار ٹھہرائے بنا نہیں رہ سکتے .

ایسی حالت میں جب دیش کی حاکم کانگریس پارٹی کے لوگ نجی سوالوں پر مل جلکر عمل نہیں کرسکتے تو بھلا ملک کی عام جنتا سے واسطہ رکھنے والے اور ایک سے ایک پیچیدہ سوالوں پر کس طرح ایک رائے ہوسکتے ہیں. شاید یہ دوش کانگریس پارٹی کا اتنا نہیں جتنا پارلیامنٹری نظام کا ہے . جس انگریزی پارلیامنٹ کی یہ نقل ہے اس پارلیامنٹ کے بارے میں سنجیدہ انگریزوں نے "دنیا بھر کی گپ کا اڈا" "بچہ" اور "کوئی سچا عیسائی ان کا ممبر نہیں ہوسکتا" وغیرہ لفظ استعمال کیئے ہیں اور مہاتما گاندھی جی نے پارلیامنٹ کی مثال " ایک بانجھ عورت اور ویشیا " سے دی ہے . مہاتما گاندھی نے یہ بھی کہا تھا کہ پارلیامنٹ کے ممبروں میں " نہ سچی ایمانداری ہوتی ہے اور نہ جاندار انتہ کرن یا ضمیر ." ہندستان کی پارلیامنٹ نے ثابت کر دکھایا کہ مہاتما گاندھی جی کے دونوں بیان سولہ آنے صحیح و واجب ہیں .

اس کے علاوہ معمولی انسانی لحاظ سے بھی دیکھیں تو ماننا ہوگا کہ پارلیامنٹ والوں نے یہ بل پاس کر کے زیادتی کی ہے . جس وقت انہوں نے اوپر والے بل کو پاس کیا اس وقت انہوں نے اپنے دل پر ہاتھ رکھکر دیکھا ہوتا کہ کیا انہیں اپنی کانسٹی چوینسی کے ان غریبوں کی یاد ہے جنہوں نے پشت درپشت یہ بھی نہیں جانا کہ بھر پیٹ کھانا کس چڑیا کا نام ہے. جن کو ملک کی ہر ترقی تباہی ایک سے ایک گہرے ساگر میں ڈبو دیتی ہے اور جن کی آنکھوں کے آگے راج بھلے کوئی آجائے اجالا نظر نہیں آتا . یا جانے ہیں ان غریبوں کو . کیا ہمارے حکمراں

हमारी राय — ہماری رائے

उनके मन की मौज

नई दिल्ली में जो हमारी पार्लियामेंट (या लोक सभा) है उसके मेम्बरों को अब तक कोई तनख़्वाह नहीं मिलती थी. जिस दिन वह पार्लियामेंट की बैठक में हाज़िर हों उस दिन का वह चालीस रुपया भत्ता लेते थे. मगर पार्लियामेन्ट के पिछले इजलास में 14 मई को एक नया बिल उन्होंने पास किया जिसके मुताबिक़ उन्हें आइन्दा यह चीज़ें मिलेंगी :

(i) तनख़्वाह चार सौ रुपया माहवार.

(ii) पार्लियामेन्ट की बैठक में हाज़िर होने पर इक्कीस (Rs. 21/-) रुपया रोज़.

(iii) हिन्दुस्तान भर में कहीं भी रेल से आने जाने के लिये दूसरे दर्जे के दो मुफ़्त पास.

(iv) उनको और उनके ख़ान्दान वालों को बीमारी में मुफ़्त दवा वग़ैरा.

(v) मकान, टेलीफ़ोन व डाक की सहूलियतें.

(vi) किन्हीं सरकारी कमेटियों के अगर वह मेम्बर हों तो सरकारी क़ायदे के मुताबिक़ रोज़ नया भत्ता, सफ़र ख़र्च वग़ैरा.

पार्लियामेन्ट के मेम्बर ख़ुद ही क़ानून बनाने वाले हैं, जो चाहें वह कर सकते हैं. स्याह या सफ़ेद जो भी करें उनके मन की मौज है. हम जानते हैं कि इस बिल के पास होते वक़्त जो वोट लिये गये उस में पंडित नेहरू व दीगर मिनिस्टरों ने हिस्सा नहीं लिया मगर बिल को यह शकल कांग्रेस पार्टी के एक मेम्बर की तजवीज़ के मुताबिक़ ही हासिल हुई. इसलिये यह मानना पड़ेगा कि कांग्रेसी मिनिस्टरों और कांग्रेस पार्टी की पूरी सलाह से यह काम किया गया. वैसे इस बिल का मसौदा बनाने का काम जिस कमेटी के सिपुर्द हुआ था इसने तो सिर्फ़ यह सिफ़ारिशें की थीं :

(i) तनख़्वाह तीन सौ रुपया माहवार.

(ii) पार्लियामेंट की बैठक में हाज़िर होने पर बीस रुपया रोज़ या इन दोनों की बजाय,

اُنکے من کی موج

نئی دہلی میں جو ہماری پارلیامنٹ (یا لوک سبھا) ے اسکے ممبروں کو اب تک کوئی تنخواہ نہیں ملتی ھی ۔ جس دن وہ پارلیامنٹ کی بیٹھک میں حاضر وں اس دن کا وہ چالیس روپیہ بھتہ لیتے تھے ۔ مگر ارلیامنٹ کے پچھلے اجلاس میں 14 مئی کو ایک نیا ل انہوں نے پاس کیا جس کے مطابق انہیں آئندہ یہ یزیں ملینگی :

(i) تنخواہ چار سو روپیہ ماہوار ۔

(ii) پارلیامنٹ کی بیٹھک میں حاضر ہونے اکیس Rs. 21/- روپیہ روز ۔

(iii) ہندوستان بھر میں کہیں بھی ریل سے ے جانے کے لیئے دوسرے درجہ کے دو مفت پاس۔

(iv) انکو اور انکے خاندان والوں کو بیماری یں مفت دوا وغیرہ ۔

(v) مکان' ٹیلیفون و ڈاک کی سہولیتیں ۔

(vi) کنہیں سرکاری کمیٹیوں کے اگر وہ ممبر وں تو سرکاری قاعدہ کے مطابق روز نیا بھتہ' سفر خرچ غیرہ ۔

پارلیامنٹ کے ممبر خود ہی قانون بنانے والے ہیں' و چاہے وہ کرسکتے ہیں ۔ سیاہ یا سفید جو بھی کریں ن کے من کی موج ہے ۔ ہم جانتے ہیں کہ اس بل کے اس ہوتے وقت جو ووٹ لیئے گئے اس میں پنڈت نہرو و یگر منسٹروں نے حصہ نہیں لیا مگر بل کو یہ شکل انگریس پارٹی کے ایک ممبر کی تجویز کے مطابق ہی حاصل ہوئی۔ اسلئے یہ ماننا پڑیگا کہ کانگریسی منسٹروں ر کانگریس پارٹی کی پوری صلاح سے یہ کام کیا گیا ۔ یسے اس بل کا مسودہ بنانے کا کام جس کمیٹی کے سپرد وا تھا اس نے تو صرف یہ سفارشیں کی تھیں :

(i) تنخواہ تین سو روپیہ ماہوار ۔

(ii) پارلیامنٹ کی بیٹھک میں حاضر ہونے بیس روپیہ روز یا ان دونوں کی بجائے '

"बाप बेटे" का हीरो बज़ारूफ़ है. वह एक नौजवान आदमी है और डाक्टरी का विद्यार्थी है, जीवन से निराश है और किसी चीज़ पर विश्वास नहीं करता. इसी नौजवान के चारों तरफ़ पूरा नाविल घूमता है. जब यह नाविल पहले पहल निकला था तो नौजवानों ने इस की खूब ले दे मचाई. वह लोग इस को नौजवानों पर हमला समझते थे. लेकिन यह यथार्थवादी नाविल है और उस समय नौजवानों की जो असली हालत थी उस का चित्रन इस में मिलता है.

यह नाविल दुनिया के साहित्य में एक नई परम्परा की बुनियाद है. जीवन को परखने, समझने और संवारने का सबक़ इस नाविल से मिलता है.

जामा मिल्लिया उर्दू और हिन्दी को साहित्य के अनमोल रत्न देता रहा है तुरगनेफ़ के "बाप बेटे" को पेश कर के उसने अपनी परम्परा को निभाया है. लेकिन हमें एक शिकायत है. वह यह है कि अनुवाद का स्तर गिरा दिया गया है. जामा मिल्लिया ने बहुत से अनुवाद छापे हैं और वह ऐसे हैं कि पढ़ कर यह कोई नहीं कह सकता कि यह अनुवाद हैं. लेकिन "बाप बेटे" का अनुवाद अनुवाद ही मालूम होता है. छपाई बेहद खराब है. इस से पढ़ने में ध्यान बट जाता है और लुत्फ़ में कमी आ जाती है. दाम भी ज़्यादा रक्खा गया है. उम्मीद है कि दूसरे ऐडीशन में यह कमियां पूरी कर ली जायेंगी.

—मुजीब रिज़वी

शऊर

दो माही रसाला; एडीटर—एस. ए. हुसेनी; मैनेजिंग एडीटर—सर्वर डंडा; मिलने का पता—शऊर पब्लिकेशन्स; 699 उसमान पुरा, हैद्राबाद दकन; सालाना चन्दा—दो रुपया, सफ़ा 112. $\frac{20 \times 30}{16}$ में यह रिसाला निकलता है. एक कापी का दाम छः आना है. कवर पर खूबसूरत कला चित्र है. इस रिसाले का मक़सद जनवादी और तरक़्क़ी पसन्द अदब की सेवा करना है.

इस रिसाले में कई अच्छे चित्र दिये गये हैं. उर्दू के अच्छे लिखने वालों का इस को सहयोग हासिल है. कहानियां, नज़्में, व्यंग और चित्रकला पर लेख, सब अच्छे हैं. उम्मीद है कि दो चार नम्बर निकल कर यह रिसाला बन्द न हो जायेगा.

—मुजीब रिज़वी

"باپ بیٹے" کا هیرو بزاروف هے. وہ ایک نوجوان آدمی هے اور ڈاکٹری کا ودیارتھی هے، جیون سے نراش هے اور کسی چیز پر وشواس نہیں کرتا . اسی نوجوان کے چاروں طرف پورا ناول گھومتا هے . جب یہ ناول پہلے پہل نکلا تھا تو نوجوانوں نے اسکی خوب لے دے مچائی . وہ لوگ اسکو نوجوانوں پر حملہ سمجھتے تھے . لیکن یہ یتھارتھ وادی ناول هے اور اس سمے نوجوانوں کی جو اصلی حالت تھی اس کا چترن اس میں ملتا هے .

یہ ناول دنیا کے ساهتیہ میں ایک نئی پرمپرا کی بنیاد هے . جیون کو پرکھنے، سمجھنے اور سنوارنے کا سبق اس ناول سے ملتا هے .

جامعہ ملیہ اُردو اور هندی کو ساهتیہ کے انمول رتن دیتا رها هے . تورگنیف کے "باپ بیٹے" کو پیش کرکے اس نے اپنی پرمپرا کو نبھایا هے . لیکن هم ایک شکایت هے . وہ یہ هے کہ انوواد کا استر گرا دیا گیا هے . جامعہ ملیہ نے بہت سے انوواد چھاپے هیں اور وہ ایسے هیں کہ پڑھکر یہ کوئی نہیں کہہ سکتا کہ یہ انوواد هیں لیکن "باپ بیٹے" کا انوواد انوواد هی معلوم هوتا هے . چھپائی بےحد خراب هے. اس سے پڑھنے میں دھیان بٹ جاتا هے اور لطف میں کمی آ جاتی هے . دام بھی زیادہ رکھا گیا هے . اُمید هے کہ دوسرے ایڈیشن میں یہ کمیاں پوری کرلی جائیں گی.

—مجیب رضوی

شعور

دو ماهی رسالہ؛ ایڈیٹر—ایس . اے . حسینی؛ مینیجنگ ایڈیٹر—سرور ڈنڈا؛ ملنے کا پتہ—شعور پبلیکیشنز؛ 699 عثمان پورہ، حیدرآباد دکن؛ سالانہ چندہ—دو روپیہ؛ صفحہ—112. $\frac{20 \times 30}{16}$ میں یہ رسالہ نکلتا هے . ایک کاپی کا دام چھ آنہ هے . کور پر خوبصورت کلا چتر هے . اس رسالے کا مقصد جنوادی اور ترقی پسند ادب کی سیوا کرنا هے .

اِس رسالے میں کئی اچھے چتر دئے گئے هیں . اُردو کے اچھے لکھنے والوں کا اِس کو سہیوگ حاصل هے . کہانیاں، نظمیں، ویَنگ اور چترکلا پر لیکھ، سب اچھے هیں . اُمید هے کہ دو چار نمبر نکل کر یہ رسالہ بند نہ هو جائیگا .

—مجیب رضوی

में अनुभव हासिल किया और अब "सेवा ग्राम" नाम का एक हिन्दी साप्ताहिक निकाल रहे हैं. इस अख़बार का लक्ष है—"ग्राम सेवा ही, देश सेवा है."

इस अख़बार में किसानों की मतलब की बातें होती हैं. उन के हित की सूचनायें होती हैं और अपने भाग्य को बदलने के लिये उन्हें नई नई बातें बताई जाती हैं. सच मुच इस अख़बार से किसानों को बहुत फ़ायदा होगा. गांव वालों के लिये बहुत अख़बार निकले हैं लेकिन इस टक्कर का कोई भी मेरी नज़र से नहीं गुज़रा.

इस अख़बार की छपाई बहुत ही सुन्दर होती है और इस की सजावट मन मोहक होती है. यूपी सरकार ने इस अख़बार को मंज़ूरी दी है. अगर जनता भी सहायता दे तो यह अख़बार तरक़्क़ी कर सकता है और देश की कुछ न कुछ सेवा कर सकता है.

—मुजीब रिज़वी

मख़दूम के सौ शेर

संकलन करने वाले—वामिक़ जौनपुरी, वक़ार ख़लील, हफ़ीज़ इक़बाल; निकालने वाले—अदारा मतबुआत मख़ज़न, 235 मुग़लपुरा, हैद्राबाद दकन; लिखावट—उर्दू; दाम चार आना.

मख़दूम का परिचय देना बेकार है. उर्दू के दो चार शायरों का नाम जब भी लिया जाता है मख़दूम उस में ज़रूर आ जाते हैं. उन के बहुत से दीवान हैं. लेकिन इस छोटे से पैम्फ़लेट में संकलन करताओं ने कुल सौ शेर छांट कर रक्खे हैं. शुरू में क़ाज़ी अब्दुल ग़फ़्फ़ार ने "मख़दूम पर एक नज़र" की सुर्ख़ी से दो शब्द लिखे हैं. क़ाज़ी साहब ने मख़दूम की शायरी पर काफ़ी रोशनी डाली है. यह पैम्फ़लेट मख़दूम की शायरी को नमूने के तौर पर पेश करता है और इसे पढ़ कर मुझे यक़ीन है लोग मख़दूम की रचनाओं को ढूंढ कर पढ़ने की कोशिश करेंगे.

—मुजीब रिज़वी

बाप बेटे

लिखने वाले—तुरगनेफ़; अनुवाद करने वाले—अनवर अज़ीम; निकालने वाले—मकतबा जामा लिमिटेड देहली; लिखावट—उर्दू; सफ़ा 399; दाम—पांच रुपये.

तुरगनेफ़ की गिन्ती रूस के महान साहित्यकारों में होती है. यह अपनी रचनाओं में उन्नीसवीं सदी के बीच के युग का चित्रन करते हैं. उस समय की बाहरी घटनाओं और आदमियों के अन्दरूनी भावों को वह अच्छी तरह जानते हैं और उस का चित्रन भी इस तरह करते हैं मानो फ़ोटो सामने रख दें.

میں انوبھو حاصل کیا اور اب "سیوا گرام" نام کا ایک ہندی سابتاہک نکال رہے ہیں. اس اخبار کا لکش ہے— "گرام سیوا ہی، دیش سیوا ہے."

اس اخبار میں کسانوں کی مطلب کی باتیں ہوتی ہیں. اُن کے ہت کی سوچنائیں ہوتی ہیں اور اپنے بھاگیہ کو بدلنے کے لئے انہیں نئی نئی باتیں بتائی جاتی ہیں. سچ مچ اس اخبار سے کسانوں کو بہت فائدہ ہوگا. گاؤں والوں کے لئے بہت سے اخبار نکلے ہیں لیکن اس ٹکر کا کوئی بھی میری نظر سے نہیں گزرا.

اس اخبار کی چھپائی بہت ہی سندر ہوتی ہے اور اسکی سجاوٹ من موہک ہوتی ہے. یوپی سرکار نے اس اخبار کو منظوری دی ہے. اگر جنتا بھی سہائتا دے تو یہ اخبار ترقی کرسکتا ہے اور دیش کی کچھ نہ کچھ سیوا کرسکتا ہے.

—مجیب رضوی

مخدوم کے سو شعر

سنکلن کرنے والے—وامق جونپوری، وقار خلیل، حفیظ اقبال؛ نکالنے والے—ادارہ مطبوعات مخزن، 235 مغلپورہ، حیدرآباد دکن؛ لکھاوٹ—اُردو؛ دام—چار آنے.

مخدوم کا پریچے دینا بیکار ہے. اُردو کے دو چار شاعروں کا نام جب بھی لیا جاتا ہے مخدوم اس میں ضرور آ جاتے ہیں. اُن کے بہت سے دیوان ہیں. لیکن اس چھوٹے سے پمفلٹ میں سنکلن کرتاؤں نے کل سو شعر چھانٹ کر رکھے ہیں. شروع میں قاضی عبدالغفار نے "مخدوم پر ایک نظر" کی سرخی سے دو شبد لکھے ہیں. قاضی صاحب نے مخدوم کی شاعری پر کافی روشنی ڈالی ہے. یہ پمفلٹ مخدوم کی شاعری کو نمونے کے طور پر پیش کرتا ہے اور اسے پڑھکر مجھے یقین ہے لوگ مخدوم کی رچناؤں کو ڈھونڈھ کر پڑھنے کی کوشش کریں گے.

—مجیب رضوی

باپ بیٹے

لکھنے والے—تورگنیف؛ انوواد کرنے والے—انور عظیم؛ نکالنے والے—مکتبہ جامعہ لمیٹڈ دہلی؛ لکھاوٹ—اُردو؛ صفحے 399؛ دام—پانچ روپئے.

تورگنیف کی گنتی روس کے مہان ساہتیہ کاروں میں ہوتی ہے. یہ اپنی رچناؤں میں انیسویں صدی کے بیچ کے یگ کا چترن کرتے ہیں. اس سمے کی باہری گھٹناؤں اور آدمیوں کے اندرونی بھاؤں کو وہ اچھی طرح جانتے ہیں اور اس کا چترن بھی اسطرح کرتے ہیں مانو فوٹو سامنے رکھدیں.

डाक्टर जगदीश ने अपनी पुस्तक में लिखा है कि विद्यार्थियों की आपसी सहयोग कमेटियां बनी हुई हैं. तेज विद्यार्थी, कमज़ोर विद्यार्थियों की पूरी सहायता करते हैं. अध्यापक और विद्यार्थी में बहुत सहयोग है.

होड़बाज़ी के समर्थकों को न जाने यह बात कैसी लगे लेकिन चीन ने जो ढर्रा अपनाया है, वह ही तालीम को आगे बढ़ाने में और आम करने में मदद दे सकता है. होड़बाज़ी की जगह पर आपसी सहायता का भाव पैदा किया जाता है.

जब तक अध्यापक परेशान हाल हैं तब तक लोगों को सच्ची शिक्षा नहीं दी जा सकती है. चीन में अध्यापक की इज्ज़त बेहद बढ़ गई है. सरकार "अपने अध्यापकों की सुख सुविधाओं का ध्यान रखती है. उन्हें कम कराये पर मकान मिलते हैं और बीमार हो जाने पर उनकी मुफ्त चिकित्सा (इलाज) का प्रबन्ध है." महिला अध्यापकों को ज़चा काल की आठ हफ्ते की छुट्टी मिलती है. यह छुट्टी तनख्वाह समेत होती है.

इसी पुस्तक में चीनी आधुनिक साहित्य पर भी रोशनी डाली गई है. वहां के बड़े बड़े लेखकों की जीवनी भी डाक्टर जगदेश ने दी है और साथ में चीनी साहित्य का मुख्तसिर इतिहास भी दे दिया है.

अभी तक किसी पुस्तक में नये चीन के जेलों का हाल पढ़ने को नहीं मिला था. डाक्टर जगदीश चन्द्र ने उस पर भी रोशनी डाली है.

जगह जगह पर इतिहास का पुट मिलता है जो पुस्तक को दिलचस्प बनाता है. आख़ीर में डाक्टर साहब ने कुछ चीनी शब्दों के उच्चारन भी दिये हैं.

इस पुस्तक में चीन के बड़े बड़े शहरों का संक्षिप्त इतिहास मिलता है, साथ में उन शहरों की मशहूर इमारतों का भी इतिहास दिया गया है. यह पुस्तक चीन को समझने में बहुत हद तक सहायता देती है.

किताब हर एक के पढ़ने की है लेकिन दाम इतना है कि बहुत कम लोग पढ़ पायेंगे. अगर प्रकाशक सस्ते दाम का एडीशन निकाल दें तो अच्छा होगा.

—मुजीब रिज़वी

सेवा ग्राम

एडीटर—ज्ञानेन्द्र प्रसाद जैन, लिखावट—हिन्दी, मिलने का पता—दरयागंज, देहली; सालाना चन्दा—पांच रूपया, एक कापी का दाम—दो आना.

श्री ज्ञानेन्द्र प्रसाद जैन हाल में अमरीका से जर्नलिज़्म की शिक्षा लेकर वापस आए हैं. कुछ दिन उन्होंने भारत

ڈاکٹر جگدیش نے اپنی پستک میں لکھا ہے کہ ...تھیوں کی آپسی سہیوگ کمیٹیاں بنی ہوئی ہیں۔ ...دیارتھی کمزور ودیارتھیوں کی پوری سہائتا کرتے ہیں۔ ...ایک اور ودیارتھی میں بہت سہیوگ ہے۔

ہوڑ بازی کے سمرتھکوں کو نہ جانے یہ بات کیسی لگے ... چین نے جو ڈھرا اپنایا ہے وہ ہی تعلیم کو آگے ...نے میں اور عام کرنے میں مدد دے سکتا ہے۔ ہوڑ ...کی جگہ پر آپسی سہائتا کا بھاؤ پیدا کیا جاتا ہے۔

جب تک ادھیاپک پریشان حال ہیں تب تک ...کو سچی شکشا نہیں دی جاسکتی ہے۔ چین میں ...ادھیاپک کی عزت بے حد بڑھ گئی ہے۔ سرکار "اپنے ...ادھیاپکوں کی سکھ سودھاؤں کا دھیان رکھتی ہے۔ انہیں ...کرائے پر مکان ملتے ہیں اور بیمار ہو جانے پر اُن کی ...مفت چکتسا (علاج) کا پربندھ ہے۔" مہلا ادھیاپکوں ...زچہ کال کی آٹھ ہفتے کی چھٹی ملتی ہے۔ یہ چھٹی ...تنخواہ سمیت ہوتی ہے۔

اِس پستک میں چینی آدھونک ساہتیہ پر بھی ...روشنی ڈالی گئی ہے۔ وہاں کے بڑے بڑے لیکھکوں کی ...جیونی بھی ڈاکٹر جگدیش نے دی ہے اور ساتھ میں چینی ...ساہتیہ کا مختصر اتہاس بھی دے دیا ہے۔

ابھی تک کسی پستک میں نئے چین کے جیلوں ...کا حال پڑھنے کو نہیں ملا تھا۔ ڈاکٹر جگدیش چندر نے ...اس پر بھی روشنی ڈالی ہے۔

جگہ جگہ پر اتہاس کا پٹ ملتا ہے جو پستک کو ...دلچسپ بناتا ہے۔ آخیر میں ڈاکٹر صاحب نے کچھ ...چینی شبدوں کے اُچّارن بھی دیئے ہیں۔

اِس پستک میں چین کے بڑے بڑے شہروں کا ...سنچھپت اتہاس ملتا ہے، ساتھ میں اُن شہروں کی ...مشہور عمارتوں کا بھی اتہاس دیا گیا ہے۔ یہ پستک چین ...کو سمجھنے میں بہت حد تک سہائتا دیتی ہے۔

کتاب ہر ایک کے پڑھنے کی ہے لیکن دام اتنا ہے کہ بہت کم لوگ پڑھ پائیں گے۔ اگر پرکاشک سستے دام کا ایڈیشن نکال دیں تو اچھا ہوگا۔

—مجیب رضوی

سیوا گرام

ایڈیٹر—گیانیندر پرساد جین؛ لکھاوٹ ہندی؛ ملنے کا پتہ—1 دریا گنج، دہلی، سالانہ چندہ—پانچ روپیہ؛ ایک کا دام—دو آنہ۔

شری گیانیندر پرساد جین حال میں امریکہ سے جرنلزم کی شکشا لے کر واپس آئے ہیں۔ کچھ دن اُنہوں نے بھارت

कुछ किताबें



کچھ کتابیں

चीनी जनता के बीच

लिखने वाले—डाक्टर जगदीश चन्द्र जैन; निकालने वाले—पीपिल्स पबलिशिंग हाउस लिमिटेड बम्बई 4; लिखावट—हिन्दी; सफ़्हे—256; दाम—चार रुपये.

भारती लेखकों ने नये चीन पर बहुत सी किताबें लिखी हैं. कुछ ने भारत में बैठ कर किताबों की मदद से और कुछ ने वहां जा कर चीज़ों को समझ कर. लेकिन डाक्टर जगदेश चन्द्र की किताब का मूल्य अधिक है क्योंकि वह पीकिंग यूनिवर्सिटी में सालों हिन्दी पढ़ाते रहे हैं. दूसरी किताबें अगर देखी, सुनी और पढ़ी पर निर्भर करती हैं. तो जगदीश जी की पुस्तक अनुभव पर निर्भर करती है. अनुभव ही इस किताब को दिलचस्प बनाता है जहां जहां उन्होंने अपने अनुभव चित्रित किये हैं वहां वहां किताब दिल को छूती है. नया चीन के लिये दिल में प्रेम पैदा होता है और जहां जहां उन्होंने आंकड़े गिनाये हैं और ऐसे विषयों पर लिखा है जिन पर पहले ही बहुत कुछ लिखा जा चुका है वहां वहां पुस्तक नीरस हो गई है.

अगर पुस्तक का नाम "चीनी विद्यार्थियों के बीच" होता तो अच्छा होता. असल में उन्हें विद्यार्थियों और अध्यापकों के सम्बन्ध में ही लिखना चाहिये था. दो तीन अध्याय उन्होंने इस सम्बन्ध में लिखे हैं. उनको पढ़ कर आंख खुल जाती है. चीनी विद्यार्थियों के बारे में वह लिखते हैं:—

> "मैंने काफी नजदीक से चीन के विद्यार्थियों का अध्ययन करने का प्रयत्न (कोशिश) किया और उन्हें सरल, सीधा, परिश्रमी (मेहनती) और अतियन्त (बहुत) सहनशील (रवादार) पाया. परनिन्दा और नरर्थक (बेकार) वाद विवाद (बहस) में अपना समय नष्ट करते हुए उन्हें कभी नहीं देखा. फ़ैशन की ओर उनकी रुचि नहीं है. छात्रों की अपेक्षा (मुक़ाबिले) छात्राएं कुछ अधिक प्रतिभाशाली जान पड़ीं. व्यक्तिवाद के स्थान पर सामुहिकता की स्वस्थ भावना विद्यार्थियों में दिन पर दिन बढ़ रही है."

چینی جنتا کے بیچ

